dynamo, n. ڈائنمو ؛مبراق؛ حرکی برقی
مشین ؛ مکوّنِ برق ؛ وہ مشین جس میں برقی مقناطیسوں کے ذریعے توانائی میکانکی صُورت سے برقی صورت میں تبدیل ہوتی ہے ۔

dynamoelectric, dynamoelectrical, a. حرکی برقی ؛
میکانکی توانائی کی برقی توانائی میں منتقلی سے متعلّق ۔

dynamometer, n. طاقت پیما ؛ برقی قُوّت پیما ؛
تکبیری طاقت پیما ؛ انقباض عُضلہ پیما ؛ دُوربین کی قُوّت تکبیری ناپنے کا آلہ ۔

dynamometric, dynamometrical, a. متعلق بہ طاقت پیمائی ؛
متعلق بہ تکبیری طاقت پیما ؛ متعلق بہ انقباض عُضلہ پیما ۔

dynamotor, n. گردشی مبدل ؛ ڈائینموٹر ؛ برقی موٹر
ومُکوّن برق کا امتزاج جو برقی رو کو ایک قسم سے دُوسری قسم میں تبدیل کرنے یا وولٹیج کی تبدیلی خصوصاً نقل پذیر ریڈیو سازوسامان کی تبدیلی کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

dynast, n. حاکم یا سُلطان خصوصاً موروثی حُکمران ۔

dynasty, n. خاندانِ شاہی ؛ شاہی سلسلہ ؛
سلاطین کا سلسلہ ؛ عہدِ سلسلۂ شاہی ۔

dynastic, dynastical, a. خاندانِ شاہی سے متعلّق ؛
شاہی سلسلے سے متعلّق ۔

dynastically, adv. خاندانِ شاہی کے اعتبار
سے ؛ سلسلہ سلاطین کے لحاظ سے ۔

dyne, (abbr. dyn.), n. (طبیعیات) ڈائن ؛ قُوّت کی ایک
اکائی ؛ ''سینٹی میٹر ، گرام ، ثانیہ'' نظام میں طاقت کا واحدہ ؛ یہ وہ طاقت ہوتی ہے جو ایک گرام کے مواد پر عمل کر کے اسے ایک سینٹی میٹر فی گرام فی سیکنڈ فی سیکنڈ اسراع دیتی ہے ۔

Dynel, n. پارچہ بافی اور مصنوعی بالوں کی تیاری
میں استعمال ہونے والا ایک مضبوط ، جلد خشک ہو جانے والا غیر انفجار پذیر مصنوعی ریشہ ؛ اس مصنوعی ریشے سے بنا ہوا کپڑا یا دھاگا ۔ (تجارتی نشان) ۔

dynode, n. (برقیات) ثانوی برقیرہ ؛ ایسا برقیرہ
جس کا وظیفہ برقیہ نلی میں برقی رو کی افزوں گری کے لیے برقیوں کا ثانوی اخراج ہے ۔

dysbarism, n. ایک بیماری جس کی علامات میں سردرد ، غوصی
تشنّج اور ذہنی اختلالات شامل ہیں ، یہ جسمانی نسیجات ، سیّالات اور جوفوں کے اندر ماحولی ہوا اور حل شدہ آزاد گیسوں کے دباؤ کے مابین دباؤ کے تفرّق سے پیدا ہوتی ہیں ۔

dyscrasia, n. (امراضیات) سوءِ المزاج ؛ فتور خلط ۔

dyscrasic, a. سُوءِالمزاجی ؛ فتور خلط سے متعلّق ۔

dysentery, n. (امراضیات) پیچش ؛ مروڑ ؛ زحیر ۔

dysenteric, a. پیچشی ؛ مروڑ سے متعلّق ؛ زحیری ۔

dysfunction, n. (طِب) کسی عضو بدن وغیرہ کی غیر معمولی
خراب فعلیت ؛ فعلیت کی خرابی/گڑبڑ ۔

dysfunctional, a. کسی عضو بدن وغیرہ کی فعلیت
میں خرابی یا گڑبڑ سے متعلّق ۔

dysgenics, n. (جمع لیکن واحد کے طور پر مستعمل)
علمِ فتور نسل ؛ فتوریات نسلی ۔

dyslogistic, a. شدید تنقید/مذمّت یا ناپسندیدگی
کے اظہار سے متعلّق ۔

dyslogistically, adv. مذمّت یا ناپسندیدگی کے اظہار کے لحاظ سے ۔

dyspepsia, n. سُوءِ ہضم ؛ بدہضمی ؛ تخمہ ؛ ضعفِ معدہ ؛ گرانی ۔

dyspeptic, a. سوءِ ہضم کا ؛ بدہضمی سے
متعلّق ؛ تخمہ سے متعلق ؛ متعلّق بہ ضُعفِ معدہ ۔

dysphagia, n. (امراضیات) عُسرُالبلع ؛ نگلنے میں دقّت ۔

dysphagic, a. عُسرُالبلع سے متعلّق ۔

dysphoria, n اضطراب ؛ گھبراہٹ ؛ بے چینی ۔

dysphoric. اضطراب سے متعلّق ؛ گھبراہٹ کا/بے چینی سے متعلق ۔

dysplasia, n. نموءِ غیر فطری ؛ غیر معمولی نموئے
اعضا ؛ خلیات ، نسیجات یا اعضا کی غیر معمولی نمُو ؛ اس قسم کی نمُو سے جسمانی ساخت کا بے ڈھنگا پن ۔

dysprosium, n. (کیمیا) ڈسپروسیم (عنصر/دھات) ؛
ایک دھاتی نایاب زمینی عُنصر جس سے بہت زیادہ مقناطیسی مرکبات بنتے ہیں ، اسے نیوکلیائی ردّ عمل میں جاذبِ نیوٹرون کے طور پر استعمال کرتے ہیں ، مرکباتی شکل میں اسے بنیادی طور پر بہت زیادہ صفائی کے لیے نیم مُوصل کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

dysteleology, n. (فلسفہ) نظریۂ عدم مقصدیت ؛
نظریۂ عدم مقصدیتِ فطرت/کائنات ۔

dysteleological, a. متعلّق بہ عدم مقصدیت ۔

dysteleologist, n. معتقد عدم مقصدیت ؛
حاملِ نظریۂ عدم مقصدیتِ فطرت/کائنات ۔

dystrophy, dystrophia, n. (طِب) سُوءِ تغذیہ ؛ نقصِ خوراک ۔
(امراضیات) ضُعفِ عضلات ؛ جس سے غذائیت کا نقص پیدا ہوتا ہے ۔

dystrophic, a. متعلّق بہ سُوءِ تغذیہ ۔

dysuria, dysury, n. (امراضیات) عُسر بول ، دُکھنوتا ۔

dysuric, a. عُسربولی ؛ دُکھنوتا سے متعلّق ۔

E

E, e, n. ای ؛ انگریزی حروفِ تہجّی کا دوسرا حرف علّت اور
پانچواں حرف جو لفظوں میں سب حروف سے زیادہ آتا ہے ؛ اس حرف کی شبیہہ یا علامت ؛ یہ حرف بولنے سے پیدا ہونے والی آواز ؛ حرف E کی شکل کی کوئی شے ۔ (امریکا) اسکول کے امتحان میں ملنے والا پانچواں گریڈ یا درجہ جو ناکامی یا بعض اوقات مشروط کامیابی کو ظاہر کرتا ہے ؛ اسکول کا ایک گریڈ جو بہت عمدہ یا نمایاں کامیابی کے برابر سمجھا جاتا ہے ۔ (موسیقی) (بڑے E کے طور پر) قدرتی سرگم کا تیسرا سُر ؛ تحریر موسیقی جو اس سُر کو ظاہر کرتی ہے ۔ (ریاضی) (چھوٹے e کے طور پر) قدرتی لوگارتھم کے نظام کی بُنیاد ۔

each, a. ہر کوئی ؛ ہر ایک ؛ علیحدہ طور پر غور شدہ کسی بھی تعداد کا ایک ایک ؛ فی ؛ انفرادی طور پر جانچے گئے دو یا دو سے زائد میں سے ہر ایک ؛ (ضمیر) ہر ایک ؛ کسی گروپ کے سب ارکان یا فرداً فرداً جانچا گیا ان کا مجموعہ ۔ (متعلق فعل) ہر ایک کو ؛ ہر ایک کے لیے یا ہر ایک سے ؛ جزو ؛ ٹکڑا یا حصّہ ۔

each other, pron. باہم دگر ؛ ایک دُوسرے (کو / کے لیے) ؛ غیر فاعلی حالت میں بطور مرکب ضمیر تفاعلی کے بھی استعمال ہوتا ہے ۔

eager, a. جوشیلا ؛ مشتاق ؛ شائق ؛ شوقین ؛ بیقرار ؛ آرزو مند ؛ خواہشمند ؛ متمنّی ؛ سرگرم ؛ منہمک ۔

eagerly, adv. مشتاقانہ ؛ سرگرمی کے ساتھ ؛ اشتیاق سے ۔

eagerness, n. شوق ؛ تمنّا ؛ جوش ؛ اشتیاق ؛ آرزومندی ۔

eager beaver, n. (عوامی) بے حد جوشیلا یا سرگرم ؛ خصوصاً ایسا شخص جو خصوصی مراعات کے حصول کی خاطر غیر معمولی سرگرمی کا مظاہرہ کرے ۔

eagle, n. عُقاب ؛ شکرا ؛ شاہین ؛ باز کے خاندان (Accipitridae) کے خمیدہ چونچ ، تیز پنجوں ، تیز نظر اور قوّتِ پرواز رکھنے والے طاقتور شکاری پرندوں کا مشترک نام ؛ اس پرندے کی شبیہہ اکثر بطور علامت/نشان استعمال ہوتی ہے ؛ کوئی مُہر یا پرچم جس پر عقاب کی تصویر بنی ہو جیسے کہ قدیم رُوما کے فوجی عَلَم اور ریاستہائے متحدّہ امریکا کی مُہر اور فوجی پرچم پر بنی ہوتی ہے ۔ (عسکری) عہدے کا نشان جو بَرّی فوج کا کرنل یا بحریہ کا کپتان لگاتا ہے ؛ دس ڈالر کی مالیّت کا قدیم امریکی طلائی سِکّہ ؛ پڑھنے کی میز یا گرجوں میں لکھنے/گانے کا ڈیسک جو عُقاب کی شکل کا ، پھیلے ہوئے بازوؤں والا ہوتا ہے ۔ (گالف) ایک اسکور:گالف کے کھیل میں اسکور کی ایک گِنتی ۔ (بڑے E سے) (فلکیات) نسر طائر ؛ ستاروں کا جھمکا جو برجِ قوس کے شمال میں نظر آتا ہے ۔

eaglet, n. بچّۂ عُقاب ؛ شاہین بچّہ ۔

eagle eye, n,a. نظر غائر ؛ جُز رس نگاہ ؛ تیز نظری ؛ احتیاط سے ملاحظہ و مشاہدہ کرنے کی استعداد ؛ غیر معمولی قُوّتِ بینائی ؛ تیز نگاہی ؛ تیز نظر ؛ باریک بیں ؛ تیزبیں ؛ عُقابی نگاہ رکھنے والا ۔

eagre, eager, n. لہر مد ؛ طغیان مد ؛ مدّ کامل کی طُوفانی موج جو کسی دریا کے دہانے کی طرف سے آتی ہے ؛ دریا کے دہانے سے آنے والی بڑی موج ۔

ear, n. کان ؛ گوش ؛ اُذن ؛ انسان یا جانور کا عُضوِ سماعت جو بیرونی کان ، آواز کی لہریں وصول کر کے اُسے اندر پہنچانے والی غُضروفی نالی ، کان کے پردے اور اندرونی چکّر پر مشتمل ہوتا ہے ؛ کان کا خارجی حصّہ ؛ حس سماعت یا قُوّت سامعہ ؛ آوازوں میں تمیز کرنے کی صلاحیّت ، خصوصاً موسیقی میں زیروبم کے درمیان فرق کا شعور ؛ ہمدردانہ سماعت ؛ توجّہ ؛ دھیان ؛ کسی بے جان شے کا گوش نُما حصّہ ؛ کسی شے کے پہلو سے باہر نکلا ہوا حصّہ ، جیسے صُراحی کا دستہ ۔

eared, a. گوش دار ؛ کان والا یا کان جیسے نکلے ہوئے حصّوں کا حامل ؛ بالی والا (پودا) ۔

be all ears, ہمہ تن گوش ہونا ۔

bend one's ears, (عوامی) مغز چاٹنا ؛ کان کھانا ۔

fall on deaf ears, کان نہ دھرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ بے اثر ہونا ۔

in one ear and out the other سُنی ان سُنی کرنا ؛ اِس کان سُنا اُس کان اڑا دینا ۔

pin one's ear back, (عوامی) شِکستِ فاش دینا ؛ خوب پٹائی کرنا ۔

up to the ears,n. (کسی چیز میں) غرق ہونا ؛ مکمّل طور پر شامل ہونا ۔

ear, n. اناج یا کسی اور غلّے کی بالی یا خوشہ ؛ اناج کے پودے کا وہ حصّہ جس میں پھول اور بیج ہوتے ہیں ۔ (فعل لازم) بالیاں نکالنا جیسے اناج کی ۔

eared, a. خوشہ دار ؛ بالی والا ؛ کان والا ۔

ear ache, n. دردِ گوش ؛ کان کا درد ۔

eardrop, n. بُندا ؛ جُھمکا ؛ آویزہ ۔

eardrum, n. کان کا پردہ ؛ طبلِ گوش ؛ کان کے وسطی حِصّے کو بیرونی حصّے سے الگ کرنے والی جھلّی ۔

earful, n. گپ ؛ افواہ ؛ بکواس ؛ زبانی خبروں یا فالتو باتوں کی بھرمار جو خواہ مخواہ سُنائی جائیں ؛ جھڑکی ؛ (بالخصوص) سخت قسم کی زبانی تادیب یا سرزنش ۔

earl, n. (برطانوی) امیر ؛ ارل ؛ طبقۂ اُمرا کا رُکن ؛ تیسرے درجے کا امیر ، مارکوئیس سے کم تر اور وائی کاونٹ سے برتر۔

earldom, n. اَرل کا رُتبہ یا مرتبہ ۔

ear lap, n. کان کی لَو ؛ کان کا پُورا بیرونی حِصّہ ؛ سرد موسم میں کانوں کو ڈھانپنے کے لیے ٹوپی میں لگا ہوا ایک پردہ ۔

earl marshal, n. ارل مارشل ؛ برطانیہ میں ایک سرکاری عُہدہ دار جو کالج آف آرمز کے سربراہ ، سرکاری جلوسوں کے قائد اور تقریبات میں خادمِ شاہی کے فرائض انجام دیتا ہے ۔

earlobe, n. کان کی لَو ؛ بنا گوش ؛ انسانی کان کا نچلا نرم آویزاں حصّہ یا بعض پرندوں کے کان ۔

early, adv. پہلے ؛ قبل ؛ سویرے ؛ وقت کی کسی تقسیم یا کسی سلسلے میں یا اس کے ابتدائی مرحلے کے دوران ؛ ماضئ بعید میں ؛ عہدِ قدیم میں ؛ معمول کے یا مقررّہ وقت سے پہلے ۔ (صفت) وقت کی کسی تقسیم یا کسی سلسلے کے آغاز ہونے سے قریب کا ، اس سے متعلّق یا اس دوران واقع ہونے والا ؛ ابتدائی ؛ اوائل ؛ قدیم ؛ ماضئ بعید کے دور سے متعلّق ؛ قدیم یا عتیق ؛ معمول کے یا معینّہ وقت سے پہلے وقوع پذیر ہونے والا ؛ مستقبل قریب میں رُونما ہونے والا ۔

earliness, n. ابتدائیت ؛ جلدی ۔

early bird, n. (بول چال) سحر خیز ؛ سویرے اٹھنے والا شخص ؛ سب سے پہلے پہنچنے والا شخص ۔

Early Bird, n. اَرلی بَرڈ ؛ مواصلاتی سیّارہ جو شمالی امریکا اور یورپ کے درمیان مائکرو ویو سگنلز کی ترسیل کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ear mark, n. نشانِ مِلکیّت ؛ نشانِ شناخت ؛ پالتو جانوروں کے کان پر لگایا جانے والا شناختی نشان جس سے اُن کے مالک کا پتہ چل سکے ۔ (فعل متعدّی) نشان سے مختص کرنا ؛ کسی

خاص مقصد کے لیے رقم مخصوص کرنا ۔

ear muff, n. کن پوش ؛ کن پوشوں کی جوڑی جو موسم سرما میں کانوں کی حفاظت کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

earn, v.t. حاصل کرنا ؛ کمانا ؛ محنت مزدوری یا ملازمت کے ذریعے کمائی کرنا ؛ نفع یا اُجرت پانا ؛ حسب اِستحقاق حاصل کرنا ؛ معاوضہ لینے کا حقدار ہونا ؛ مستحق ہونا ۔

earnest, a. مُستعد ؛ سنجیدہ ؛ سرگرم ؛ پُرخلوص ؛ ارادے ، مقصد یا کوشش میں متین ؛ نیک نیتی سے پُرجوش ؛ خلوصِ نیّت و احساس سے مُتّصف ؛ نہایت اہم یا بے حد توجہ طلب ۔ (اسم) خلوصِ نیّت ؛ سنجیدگی ؛ مقصد کی لگن ۔

in earnest, سنجیدگی سے ؛مستعدی سے ۔

earnestly, adv. توجّہ سے ۔

earnestness, n. سنجیدہ پن ؛ مستعدی ۔

earnest, n. بیعانہ ؛ زرِپیشگی ؛ سائی ؛ کسی سالم سودے یا شے کے لیے بطور ضمانت ، عہد یا علامت ، پیشگی ادا کی جانے والی رقم ؛ حوالے کی جانے والی چیز یا انجام دیا جانے والا کام ؛ آئندہ کے لیے کوئی یقین دہانی ، عہد یا نشانی کہ کیا ہو گا ؛ علامت ۔

earnest money, n. (قانون) زر بیعانہ ؛ سائی ؛ وہ رقم جو کسی طے پانے والے سودے کو پابند ٹھہرانے یا طے شُدہ معاملۂ فروخت کی توثیق کے لیے ادا کی جائے ۔

earnings, n. اُجرت ؛ صلہ ؛ معاوضہ ؛ منافع ؛ کمائی ؛ محنت ؛ خدمات یا کارگزاری کے عوض حاصل ہونے والی شے یا اُس کا اِستحقاق ۔

ear phone, n. ایئر فون ؛ کان ٹوٹی ؛ اُذنک ؛ ایک آلہ جو کان کے ساتھ یا اندر برقی قُوّت کے ذریعے آواز سننے کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ ٹیلیفون یا وائرلیس کا آلہ جسے کان پر لگا کر سُنتے ہیں ۔

ear ring, n. بُندا ؛ جُھمکا ؛ آویزہ ؛ بالی ؛ ایک زیور جو کان کی لو میں آویزاں کیا جاتا ہے ۔

ear shell, n. گوشِ صدفہ ؛ ایک قسم کی خوردنی صدف دار ، چانے دار مچھلی ۔

ear shot, n. حدِ سماعت ؛ سمعی فاصلہ ؛ اتنا فاصلہ کہ آواز سُنی جا سکے ۔

earsplitting, a. نہایت بلند/کرخت (آواز) ؛ کان کے پردے پھاڑنے والا (شور) ۔

earth, Earth, n. رُبع مسکون ؛ زمین ؛ دھرتی ؛ کرّۂ ارض ؛ دُنیا ؛ جہان ؛ عالَم ۔ (اکثر بڑے E سے) نظام شمسی کی ترتیب میں آفتاب سے تیسرا سیّارہ جس کا قطر ۷،۹۲۶ میل اور قُطبی قطر ۷،۹۰۰ میل ہے ، کمیّت تخمیناً چھ سکسٹیلین ٹن اور اوسط کثافت پانی سے پانچ اعشاریہ چھ گنی ہے ؛ کُرّۂ ارض پر بسنے والے انسان ، (جیسے : The plague of war swept the earth,) ؛ بنی آدم کے مسکن کی حیثیّت سے یہ سیّارہ ، اکثر جنت اور دوزخ کا مقابل ہے ؛ رُوحانی امور کے مقابلے میں دنیاوی امور کا گھر ؛ عام طور پر اس کُرّۂ ارض کی سطح ؛ اس کے ٹوٹے ہوئے حصّے کا مواد جو اس جرمِ فلکی کی سطح پر مشتمل ہے ؛ بالخصوص قابلِ کاشت اراضی یا مٹّی بالمقابل پتھر یا ریت ؛ خُشکی بمقابل سمندر یا ہوا ؛ میدان ؛ بھٹ بنانے والے کسی جانور کے آرام کرنے کی جگہ ۔ (کیمیا) کسی بھی قسم کا فلزّاتی آکسائڈ جسے کم کرنا مُشکل ہے مثلاً : اَیلومینا ، چونا ، میگنیشیا وغیرہ ۔ (برق) زمین جو برقی روکا کچھ حصّہ پیدا کرتی ہے ؛ برقی رَو کا ارضی حصّہ ۔ (فعل متعدی) لومڑی ، بجُو وغیرہ جیسے جانور کو بھٹ میں بھگا دینا ؛ حفاظت کے لیے مٹّی کا ڈھیر لگانا ۔ (فعل لازم) مٹّی میں چُھپنا ؛ کھودنا ؛ کُریدنا ۔

on earth, کئی امکانات میں سے ایک امکان ، (جیسے : Where on earth did you find that dress ?) ۔

earth born, a. خاکی ؛ فانی ؛ بشری ؛ آدم زاد ؛ دھرتی پر جنم لینے والا ؛ حیاتِ ارضی سے وجود میں آنے والا ۔

earth bound, a. بستۂ زمین ؛ زمین کے ساتھ نتھی ؛ زمین یا سطح زمین سے مربوط یا محدود ؛ زمین کی جانب حرکت کرنے والا ، جیسے چھاتہ بردار ؛ صرف مادی یا دنیاوی مفادات سے سروکار رکھنے والا ؛ تخیّل سے عاری ۔

earthen, a. مٹّی کا ؛ گِلی ؛ سفالی ؛ دنیاوی ؛ ارضی ؛ پختہ مٹّی کا بنا ہُوا ۔

earthen ware, n. مٹّی کے برتن ؛ سفالی ظروف ؛ کچّی مٹّی کے ہلکی آنچ پر پختہ کیے ہوئے ظُروف ۔

earth light, n. ضیاء الارض ؛ زمین کا پَرتو ؛ چاند پر پڑنے والا زمین کا عکس یا پَرتو ۔

earthling, n. بَشر ؛ زمین کا باشندہ ؛ فانی مخلوق ؛ دنیادار آدمی ۔

earthly, a. دنیاوی ؛ اس کُرّۂ ارض سے تعلق رکھنے والا ، نیز اس دُنیا کی چیزوں میں شامل ؛ ممکن ؛ قابلِ فہم (جیسے : of no earthly use,) ؛ کسی کام کا نہیں ؛ قطعاً بے مصرف ۔

earthliness, n. دنیاوی ؛ ارضی ۔

earthquake, n. بُھونچال ؛ زلزلہ ؛ زیر زمین چٹان کے پھٹنے ، آتش فشانی عمل یا کسی اور خلل کے سبب زمین کے کسی قشر کی لرزش ۔

earth science, n. عِلم الارض ؛ زمینی علم کی کوئی شاخ ؛ زمین کے کسی حصّے یا پہلو سے متعلق سائنس ، جیسے ارضیات ، جُغرافیہ ، بحریات یا زلزلیات ۔

earth shaking, a. بُنیادی اصول یا مسائل سے متعلّق ؛ کلیدی اہمیّت کا ؛ لازمی ، عقبی یا مابعد ۔

earth shine, earth light, n. (فلکیات) نورالارض ؛ زمیں تاب ؛ پرتو ارض ؛ زمین کی مدھّم روشنی جو چاند کے اُن حصّوں پر منعکس ہوتی ہے جنھیں سُورج کی شعائیں منوّر نہیں کرتیں ، مثلاً جب چاند کی شکل ہلالی ہوتی ہے ۔

earth star, n. فنجی ؛ ایک قسم کی پھپھوندی (گیسٹر جنس سے تعلّق رکھنے والی) جس کا بالائی غلاف ستارے کی شکل میں شق ہو جاتا ہے ۔

earthward, earthwards, adv. زمین کے رُخ ۔ (صفت) زمین کی جانب حرکت کرنے والا ۔

earth work, n. (عسکری) مورچہ ؛ پُشتہ ؛ مٹّی سے تعمیر کیا جانے والا مورچہ/پشتہ ؛ مورچے یا پُشتے کے لیے کھدائی کے کام ، جیسے تعمیرات کے لیے ہوتے ہیں ۔

earthworm, angleworm, n. کیچوا ؛ دودۂ ارض ؛

عام خراطینی (lumbricidae) خاندان کا کوئی حلقوی زمینی کِیڑا جِسے مچھلی کے شکاری چارے کے طور پر کانٹے میں لگاتے ہیں اور جو اپنی کُھدائی کرنے والی حرکت سے زمین کو بُھربھرا کرتا رہتا ہے۔

earthy, a. مٹّی کا ؛ سفالی ؛ گِلی ؛ مٹیالا یا مٹّی کے بعض خواص کا حامل ؛ بھدا ؛ بھونڈا (جیسے : an earthy tale) ؛ سادہ ؛ فطری ؛ حقیقت پسندانہ ۔

earthiness, n. مٹیالا پن ؛ مٹّی کا ہونا ۔

ear trumpet, n. آلۂ سماعت ؛ کان بھونپو ؛ سماعہ ؛ مخروطی شکل کا ایک متروک آلۂ سماعت جو آواز کی لہروں کو وصول کرنے اور ان کا رُخ پھیرنے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔

ear wax, cerumen, n. کان میل ؛ چرکِ گوش ؛ موم کی طرح کا ایک زردی مائل چکنا مادّہ جو کان کی بیرونی سمعی نالی کے بعض غدودوں سے خارج ہوتا ہے اور دھول کو کان میں داخل نہیں ہونے دیتا۔

ear wig, n. کان کا کِیڑا ؛ کن گجر ؛ گجیا ؛ متعدّد قسم کے پتلے ، لمبوترے کیڑے جو مقراضی بھونروں (Forficulidae) کے خاندان سے تعلّق رکھتے ہیں اور جن کے شکم کے عقبی حصّے میں دسپنے جیسے دوہر ہوتے ہیں ، ان کے متعلّق غلطی سے یہ باور کر لیا گیا ہے کہ انسان کے کان میں گُھس کر کان کو زخمی کر دیتے ہیں۔ (فعل متعدّی) خفی اشاروں سے مائل کرنا ؛ گُھس بیٹھنا ۔

ease, n. محنت سے فراغت ؛ جسمانی درد ، بے چینی ، پریشانی یا اضطراب و بدمزگی سے نجات ؛ فکر ، تشویش ، تنہائی یا ہر اس چیز سے آرام جو ذہنی سکون برباد کرنے والی ہو ؛ امن ؛ آسایش ؛ سُکھ چین ؛ بے فکری ؛ بندش ، تکلیف ، جبر یا تصنّع آمیز ماحول سے گُلو خلاصی ؛ مالی عدم احتیاجی ؛ ثروت مندی ؛ خوش حالی ؛ فارغ البالی ۔

at ease, (عسکری) سپاہیوں کا آرام سے چلنا یا خاموشی سے اپنی جگہ پر پاؤں کھول کر کھڑے رہنا ۔

ease, v.t. درد ، دُکھ ، مصیبت ، پریشانی یا کسی تکلیف یا رنج سے نجات دلانا ؛ چارہ سازی یا دستگیری کرنا ؛ غم ہلکا کرنا ؛ آرام پہنچانا ؛ دِلاسا دینا ؛ تسلّی دینا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ؛ تھوڑا تھوڑا کر کے ہٹانا یا کم کرنا ؛ احتیاط سے چلانا ؛ مشکل آسان کرنا ؛ سہولت پیدا کرنا ؛ آرام سے ہٹتے ہوئے دباؤ یا بوجھ کم کرنا ۔ (فعل لازم) جوش یا بے چینی کی شِدّت کا ہلکا ہونا ؛ درد کا کم ہونا ؛ محتاط رہ کر حرکت میں آنا یا حرکت میں ہونا ۔

easeful, a. آرام دِہ ؛ سکون بخش ؛ پُرسکون ؛ کاہل ۔

easefully, adv. سُستی سے ؛ سکون سے ؛ آرام سے ۔

easel, n. نقّاش تپائی ؛ ٹیکن ؛ اِیزل ؛ مصوّر کے کینوس یا تختے وغیرہ کو سہارا دینے والا سہ پایہ اسٹینڈ ۔ تصویروں یا برتنوں کی نمایش کے کام آنے والا ایسا ہی کوئی ڈھانچا یا فریم ۔

easement, n. آسایش ؛ سہولت ؛ قیام کی سہولت ؛ جہاں آرام و سکون ملے ؛ کوئی آرام بخش چیز۔ (قانون) حقِ آسایش ؛ حقِ گُزر ؛ کسی جائیداد کے مالک کا بلا منافع امتیازی حق جس کی بدولت وہ دوسرے مالک کی جائیداد کے محدود استعمال کا بطور خاص مجاز ہو۔

easily, adv. آسانی سے ؛ کسی دشواری کے بغیر ؛ بلا شبہہ/قطعاً ؛ سہولت سے ۔

easiness, n. آسانی ؛ سہولت ؛ آسان ہونے کی حالت اور خوبی ۔

east, n. مشرق ؛ پورب ؛ قطب نُما کی چار اہم سمتوں میں سے ایک ؛ وہ آسمانی بُرج جس میں آفتاب اعتدالین پر طلوع ہوتا ہے ، یا اِس کے مقابل راس زمین ؛ افق کی سمت جو قطب شمالی کی جانب رُخ کرنے والے کی داہنی جانب ہوتی ہے ۔ (بڑے E سے) کسی قطعی یا مُتضمن نُقطے کے مشرق میں واقع علاقے ؛ یورپ کے مشرق میں واقع خطّے یا مُلک ؛ مشرقی ممالک ؛ مشرقی ایشیا ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا مشرقی علاقہ ۔ (کلیسیات) کلیسا کے سرے پر بُلند قربان گاہ کے قریب کی جگہ ۔ (صفت) مشرق رُو یا مطلع آفتاب کی سمت ؛ مشرق سے آنے والا بخلاف مغرب ۔ (متعلق فعل) پُورب کے رُخ ؛ مشرقی جانب ؛ پُورب یا مشرق میں ۔

east bound, a. جانب مشرق ؛ مشرق کی جانب روانہ کیا جانے والا یا سفر کرنے والا ۔

east by north, n. مشرق بہ شمال ۔(جہاز رانی) قطب نما کا نُقطہ جو مشرق کی شُمالی سمت کسی نقطے کو ظاہر کرتا ہو۔

east by south, n. مشرق بہ جنوب ۔ (جہاز رانی) قطب نما کا نُقطہ جو مشرق کی جنوبی سمت کسی نقطے کو ظاہر کرتا ہو۔

Easter, Easter Sunday, n. ایسٹر ؛ عیدالفصح ؛ مسیحیوں کا ایک سالانہ تہوار ؛ حضرت عیسیٰ کے قبر سے اُٹھائے جانے کا دن جو اکیس مارچ کو یا بعد ازاں بدرِ کامل کے ظہور کے بعد آنے والے پہلے اتوار کو منایا جاتا ہے ۔

Easter egg, n. رنگ سے مزیّن اصلی یا مصنوعی انڈا یا بیضوی شکل کی مٹھائی جو عیدُ الفصح پر تُحفے یا آرایش کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Easter lily, n. سفید سوسن کی قسم کا ایک پودا جو بہار کے آغاز میں پُھول لاتا ہے ۔

Easter Monday, n. ایسٹر کے بعد کا سوموار یا دوشنبہ ۔

easterly, n., a. شرقی ؛ مشرق کی جانب سے آنے والا/والی ، خصوصاً پُروا (تیز ہوا) سے متعلّق ؛ پُورب کی طرف روانہ ہونے یا روانہ کیا جانے والا ؛ مشرق میں واقع یا شرق رویہ ۔ (متعلّق فعل) شرقاً ؛ پُورب کی طرف سے ۔(جمع میں) پُروا ؛ بادِ مشرق ۔

eastern, a. مشرقی ؛ پُربیا ؛ شرقی ؛ مشرق رُو یا مشرق میں واقع ؛ مشرقی سمت روانہ ہونے یا کیا جانے والا ؛ مشرق کی طرف سے آنے والا / والی جیسے پُروا ۔(اکثر بڑے E سے) مشرق کا یا مشرق سے متعلّق جیسے یونانی کلیسا یا مشرقی خطّے سے تعلّق رکھنے والا کانگرس کا رُکن ۔ (عموماً بڑے E سے) مشرقی ممالک ۔ (اسم) مشرقی خِطّے یا مُلک کا باشندہ ۔ (بڑے E سے) یونانی کلیسا کا رُکن ۔

Easterner, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کے مشرقی علاقے کا باشندہ ۔

eastern most, a. انتہائے شرق ۔

Eastern Hemisphere, n. نِصف کُرۂ شرقی ؛ بحراوقیانوس کے مشرق میں پھیلا ہوا نصف کُرۂ ارض جو افریقہ ، ایشیا ، آسٹریلیا اور یورپ پر مشتمل ہے ۔

Eastern Orthodox Church, n. مشرقی قدامت پرست کلیسا ؛ ان تمام کلیساؤں کا مذہب ، دستور ، رکنیّت اور نظام حکومت جو قسطنطنیہ کے اسقفِ اعظم کے پیرو تھے اور جن میں رُوس اور یونان کے خود مختار قدامت پرست کلیسا بھی شامل تھے ۔

Eastern Standard Time, n. (بعض اوقات چھوٹے حروف میں) دیکھیے : Standard Time ۔ مُخفف EST, E.S.T. , e.s.t. ۔

Eastertide, n. ایسٹر کا زمانہ ؛ مختلف کلیساؤں میں ایسٹر کے اتوار سے یوم رفعِ مسیح (مبارک پنجشنبہ) ، سفید اتوار یا اس سے اگلے تثلیثی اتوار تک کے ایام ۔

East Indian, a. شرق الہند کا یا اس سے متعلق ؛ ایک غیر واضح نام جو مجموعی طور پر ہندوستان ، انڈونیشیا ، جنوب مشرقی ایشیا کے دوسرے ممالک اور مجمع الجزائر ملایا کے لیے مستعمل ہے ۔ (اسم) شرق الہند کا باشندہ یا جس کی (جائے پیدائش) جنم بُھومی شرقُ الہند ہو ۔

easting, n. (جہاز رانی) مشرقی سمت ؛ جہاز کا مشرق کی طرف طے کردہ فاصلہ ؛ سوئے مشرق ۔

East lake, a. تکونہ ڈیزائن ؛ ایک انگریز نقّاد فن اور مصوّر چارلس ایل اِیسٹ لیک کے نام سے منسوب انیسویں صدی کے طرز کے انگریزی اور امریکی فرنیچر کے ڈیزائن سے متعلق ، جس کی امتیازی خصوصیّت واضح مستطیلی خطوط ہیں ۔

eastward,eastwards, adv. شرقاً ۔ (صفت) مشرقی سمت جانے والا ؛ شرق رُو ؛ مائل بہ مشرق یا مشرق میں واقع ۔ (اسم) مشرقی سمت ؛ مشرقی حصّہ یا نُقطہ ۔

easy, a. آسان ؛ سہل ؛ سہولت سے متّصف ؛ راحت بخش ؛ بے زحمت ؛ آرام دہ ؛ بے فکر ؛ پُرسکون ؛ احتیاج سے مستغنی یا آسودہ ؛ باعث سہولت ؛ سہل الحصول ؛ بے آزار ؛ جو دُوبھر نہ ہو ؛ اثر پذیر ؛ مطیع ؛ فرماں بردار ؛ بھولا یا سادہ لوح ؛ نرم مزاج ؛ حلیم ؛ بے تکلّف ؛ ہموار ؛ معتدل ؛ ڈھیلا ڈھالا ؛ جس کا حصول مشکل نہ ہو ۔

on easy street, خوشحال ؛ فارغ البال ۔ (متعلق فعل) بے تکلّفی سے ؛ آرام سے ۔

easy going, a. تن آسان ؛ سہولت پسند ؛ معاملات یا مسائل کو اطمینان سے قبول کرنے والا ؛ بے فکر ؛ بے تردُّد ؛ آرام طلب ۔

easygoingness, n. آرام طلبی ؛ بے فکری ؛ تن آسانی ۔

easy mark, n. (عوامی) سادہ لوح ؛ سادہ ؛ وہ شخص جسے آسانی سے دھوکا دیا جا سکے ، بیوقوف بنایا جا سکے یا پھانسا جا سکے ۔

easy money, n. سہل الحصول زر ؛ ناجائز کمائی ؛ روپیہ جو کم شرح سُود پر حاصل کیا جائے یا زیادہ محنت کیے بغیر ہاتھ آئے ؛ رقم جو دھوکے سے بٹوری جائے ۔

eat, v.t. کھانا ؛ تناول کرنا ؛ تغذیے کی غرض سے مُنھ میں لیکر نگلنا ؛ چبانا اور نگلنا (خوراک کا) ؛ ہڑپ کر لینا (خوراک وغیرہ کا) ؛ چٹ کر جانا ؛ تباہ کرنا یا غارت کرنا ؛ فرسودہ ہونا یا ضائع جانا ؛ گھن لگنا ؛ چاٹ جانا ؛ چھید ڈالنا یا گُھن کی طرح لگنا ۔ (فعل لازم) کھانا کھانا ، نوش کرنا ؛ گُھن کی طرح کھا جانا ۔

eats, n. (جمع) (عوامی) خوراک ؛ کھانا ۔

be eating some one, کسی کو دُکھ پہنچانا ۔

eat crow, مجبوری میں کوئی ناگوار یا ذلت آمیز کارروائی کرنا ۔

eat humble pie, معافی مانگنا ؛ معذرت کرنا ؛ خِفّت اٹھانا ۔

eat one's words, اپنے الفاظ واپس لینے پر مجبور ہونا ؛ خفیف ہو کر اپنی بات پلٹنا ۔

eater, n. کھانے والا ۔

eatable, a. خوردنی ؛ کھانے کے قابل ۔ (اسم) (بالعموم جمع) خوردنی اشیا ؛ کھانے کی چیزیں ؛ اشیائے خورد و نوش ۔

eating, n. کھانا ؛ کھانے یا نوش کرنے کا عمل ؛ غذا کھانے کا عمل ؛ کھاتے وقت خوراک کے معیار کا تصوُّر (جیسے : This fish is delicious eating) ۔ (صفت) کھانے کے قابل خصوصاً جب کہ ناپُختہ ہو ۔

eau de Cologne, n. یُو ڈِی کلون ؛ ایک خوشبودار عرق جو جرمنی کے شہر کولون میں تیّار ہوا اور اب اِسی نام سے مشہور ہے ۔

eau de vie, n. یُو ڈِی وائی؛برانڈی ، خصوصاً ادنیٰ قسم کی ۔

eaves, n. لبۂ بام ؛ اولتی ؛ چھت کا آگے کو نکلا ہوا نچلا کنارا ؛ چھجّے کا نچلا کنارا ۔

eaves drop, v.i., v.t. کن سوئیاں لینا ؛ چُھپ کر سُن گُن لینا ؛ چھپے ہوئے کسی کی باتیں سُننا ۔

eaves dropper, n. چُھپ کر سُن گُن لینے والا ۔

ebb, n. جزر (مقابل مد) ؛ بھاٹا (مقابل جوار) ؛ انحطاط ؛ تنزل ؛ سمندر کی طرف پانی کی واپسی ۔ (فعل لازم) موج کا اُترنا (مدّوجزر میں) ؛ پیچھے ہٹنا ؛ دُور ہونا ؛ روبہ انحطاط ہونا ؛ گھٹنا ۔

ebb tide, n. بھاٹا ؛ جزر ؛ اُتار ؛ اُترتی ہوئی موج ؛ موجِ آب کی واپسی ۔

ebonite, n. ایبونائٹ ؛ آبنوسی ربڑ ؛ آبنوسہ خصوصاً سیاہ رنگ ۔

ebonize, v.t. آبنوسی بنانا ؛ کالے رنگ یا دھبّوں سے آبنوس کی شکل دینا ۔

ebony, ebon, n. آبنوس ؛ ڈایوس پیروس (Diospyros) جنس سے تعلّق رکھنے والے گرم علاقے کے درختوں کی سخت ، سیاہ ، بھاری اور روغن پذیر لکڑی ، جو عموماً فرنیچر اور الماریاں بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے ؛ درختِ آبنوس ؛ اِسی قِسم کی کوئی اور لکڑی یا درخت ؛ گہرا سیاہ رنگ ۔ (صفت) آبنوسی ؛ آبنوس کی طرح سیاہ ؛ کالا ۔

ebracteate, a. (نباتیات) بے برگہ ۔

ebullience, ebulliency, n. اُبال ؛ جوش کی حالت ؛ احساسات یا خیالات کا اُمنڈنا ؛ انبساط ۔

ebullient, a. جوشندہ ؛ کھولتا ہوا ؛ جوشیلا ؛ مشتعل ؛ جذبات کا مظاہرہ کرنے والا ؛ پُرجوش ؛ آپے سے باہر ہونے والا ۔

ebullition, n. اُبال ؛ جوش ؛ کھولنے کا عمل ؛ جذبات کا اچانک مظاہرہ ، جیسے غصے کا ؛ جوشیلا پن ۔

ecarinate, a. (حیاتیات) بے کارینی ، مثلاً بے کارینی پُھول ۔

eccentric,(Brit.)excentric, a. انوکھا ؛ عام روش سے منحرف ؛ سنکی ؛ نرالا ۔ (ریاضی) ایک دوسرے کے اندر واقع مگر منحرف المرکز ؛ دو خارج المرکز دائروں سے متعلّق جو ایک دوسرے کے اندر واقع ہوں ۔

(مشین) جس کا محور مرکز سے دُور ہو ۔ (فلکیات) دائری شکل سے منحرف ، جیسے بیضوی ۔ (اسم) سنکی آدمی ؛ ایک آلہ/پرزہ جو دَوری حرکت کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کر دیتا ہے ، جیسے ، گھومتے ہوئے دُھرے پر مرکز سے الگ رکھا جانے والا قُرص/طبق ۔

eccentrically, adv. عام روش سے ہٹے ہوئے انداز سے ۔

eccentricity, n. سنک ؛ تلوُّن ؛ عام روش سے انحراف ؛ انوکھا طرز عمل ؛ نرالا پن ۔ (ریاضی) کسی نقطے کے فاصلے کی مقرّرہ نقطے سے ، خط معینہ کے فاصلے تک کی ، اُس کے مخروطی حِصّے پر ، مستقل حسابی نسبت ۔

ecclesiastic,ecclesiastical, a. کلیسائی ؛ کلیسا یا پادری سے متعلق ۔ (اسم) پادری ۔

ecclesiastically, adv. کلیسا یا اہل کلیسا کے انداز میں ۔

ecclesiasticism, n. کلیسیائیت ؛ کلیسیائی اصول یا رسوم کی سختی سے پابندی ۔

ecclesiology, n. علم تعمیر و آرایش کلیسا ؛ بُنیادی کلیسائی نظریّات و عقائد کا مطالعہ ۔

eccrinology, n. (تشریح الاعضا ، فعلیات) افرازیات ؛ مطالعۂ افرازی غدود ۔

ecdysiast, n. وہ عورت جو آہستہ آہستہ لباس اُتار کر برہنہ ہو جائے ؛ کسی تفریح گاہ میں لوگوں کو رجھانے کے لیے بتدریج عُریاں ہونے والی عورت ۔

ecdysis, n. کھال یا غلاف اُتار پھینکنے کا عمل جیسے سانپ ، قشری جانوروں وغیرہ کا پوست ، غلاف یا خول اُتار پھینکنے کا فعل ؛ کینچلی اُتارنے کا عمل ۔

ecesis, n. (ماحولیات) نئے ماحول میں کسی جانور یا پودے کی پرورش/افزایش ۔

ecesic, a. نئے ماحول میں کسی جانور/پودے کی پرورش/ افزایش سے متعلّق ۔

echelon, n. کسی مرتبے ، طبقے یا اختیار کا درجہ (جیسے : Financially he is in the upper echelon) ؛ فوجیوں کی ترتیب متوازی صفوں میں اس طرح کہ ایک صف سامنے کی ہر قطار کے دائیں بائیں ہو اور یوں ساری ترتیب سیڑھیوں کی شکل اختیار کر لے ؛ فوجی کہان کا ایک دستہ جسے اس طرح صف آرا کیا گیا ہو ؛ اسی شکل میں کسی بیڑے کے جہازوں کی ترتیب ۔ (فِعل لازم و متعدّی) ترتیب دینا یا ترتیب پانا ۔

echidna, n. (حیوانیات) مورخور خارپُشت ؛ خار پُشت بے دندان ؛ سخت بالوں والا کرم خور خار پُشت جو ٹیکی گلاسس (Tacky glossus) کی جنس سے تعلّق رکھتا ہے ، اس کا شُمار دودھ پلانے والے حیوانات کی قدیم ترین اقسام میں ہوتا ہے اور یہ آسٹریلیا ، تسمانیہ اور نیوگنی میں پایا جاتا ہے ۔ اس کے ڈانڈے پلاٹی پس (Platypus) سے ملتے ہیں اور ان دونوں حیوانات کو ملانے سے رینگنے والے جانوروں اور پرندوں کے درمیان ارتقائی کڑی ہاتھ آتی ہے ۔

echinate, echinated, a. خار دار ؛ کھڑے بالوں والا ۔

echinoderm, n. ماہیٔ خار پُشت ؛ کوئی بحری جانور از قسم خارپوستاں (Echinodermata) مثلاً بحری خارپُشت یا تارا مچھلی جس کاجسم متناسب ، ڈھانچا چانے دار یا خاردار ہوتا ہے اور دُنبالہ نیم قطری ہوتا ہے ۔

echinodermatous, a. خار پُشتی ۔

echinoid, a. قُنفُذ یا بحری خار پُشت کے مشابہ ۔ (اسم) بحری خارپُشت ؛ سمُندری سیہی ۔

echinulate, a. چھوٹے کانٹوں والا ؛ ریڑھ کے چھوٹے چھوٹے جوڑوں والا ۔

echinus, n. قُنفُذ ؛ بحری خار پُشت کا جنسی نام ۔ (فن تعمیر) یونانِ قدیم کے ڈورسی ستون کے بالائی مربع نما حصّے کے نیچے کا مُدوّر حاشیہ ؛ کسی دوسرے سلسلے کے ستون کا ویسا ہی/جوابی حصّہ ۔

echo, n. گونج ؛ گنبد کی صدا ؛ صدائے باز گشت جو آواز کی لہروں کی مراجعت سے پیدا ہو ؛ یوں پیدا ہونے والی آواز ؛ کسی دوسرے کے خیالات یا آرا کا چربہ یا نقّالی ؛ نقال ؛ دوسروں کی آرا کو خوشامدانہ طور پر تسلیم کرنے والا شخص ؛ ہمدردانہ جواب ، جیسے اظہار کردہ جذبات کا ؛ کسی چیز کی تکرار یا جوابی اشارہ ، جیسے تاش کی بازی میں ساتھی کے اشارے کا جواب ۔ (موسیقی) نغمے کے کسی ٹُکڑے کی مدھم تکرار ؛ کسی بڑے ارگن کا وہ حصّہ جس کے ذریعے گونج کے اثرات پیدا کیے جاتے ہیں ۔

echo organ, echo stop, n. واحد وقفہ جو محوّلہ بالا مقصد کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (بڑےE سے) گُونج/صدائے باز گشت کی تجسیم ۔ (کلاسیکی اساطیری) کوہستانی پری جو خُوبرُو نوجوان نرگس (Narcissus) کے عشق میں گھل گھل کر فنا ہو گئی اور صرف اس کی صدا باقی رہ گئی ؛ گُونج پری ۔

echoless, a. بے گونج ؛ صدائے بازگشت کے بغیر ۔

echo, v.i. v.t. گونجنا ؛ صدائے بازگشت پیدا کرنا ؛ صدائے باز گشت پیدا ہونا ؛ کسی کے الفاظ یا خیالات کی حرف بہ حرف تکرار ہونا ۔

echoer, n. گونج پیدا کرنے والا ؛ نقّال ۔

Echo, n. اِبلاغیات میں استعمال ہونے والا رمزی لفظ جو حرف E کی نشاندہی کرتا ہے ۔

echoic, a. گونج دار ؛ کسی آواز کی مانند ؛ آوازی ؛ صوتی ۔

echoism, n. اسمِ اصوات ؛ کسی چیز کی آواز کی مناسبت سے اس کے نام کی تشکیل ؛ صوتی تسمیہ ؛ صوتی الفاظ اور اُن کا استعمال ۔

echolalia, n. غُوں غاں ؛ لفظی رٹ ؛ شیر خوار بچّے کی طرف سے دوسروں کی آوازوں کی نقل ۔ (طبِّ نفسی) کسی دوسرے شخص کے الفاظ کی بے قابُو رٹ ۔

echolocation, n. (برق) صوتی لہروں کے انعکاس کے ذریعے کسی شے کے مقام یا اس کے فاصلے کے تعیّن کا طریقہ ۔

echo-sounder, sonic depth finder, n. صوتی آلہ جس کے ذریعے پانی کی گہرائی یا پانی کے اندر کسی شے کی گہرائی کا تعیّن کیا جاتا ہے ۔

eclair, n. آئس کریم پیسٹری ؛ پُھولی ہوئی لمبوتری پیسٹری جس میں کسٹرڈ ، پھینٹی ہوئی بالائی یا آئس کریم بھری ہوتی ہے اور جس پر عموماً چاکلیٹ کی تہ جمی ہوتی ہے ۔

eclampsia, n. (امراضیات) انشناج ؛ تشنّجِ حمل ؛ سمیّت خون کی ایک قسم جس میں حمل یا بچے کی پیدایش کے دوران تشنج

کے دورے پڑتے ہیں۔

eclamptic, a. تشنّجی۔

eclat, n. نمایاں کامیابی ؛ شہرت ؛ تحسین و آفرین ؛ واہ واہ ؛ شاباش۔

eclectic, a. اصطفائی ؛ انتخابی ؛ اصطفائیت پسند ؛ دوسروں کے نظریات ، تحریروں یا اسالیب میں جو سب سے اچھے نظر آئیں اُن کا انتخاب ؛ اس قسم کے انتخابات پر مشتمل ۔ (اسم) اصطفائی طریقہ اختیار کرنے والا۔

eclectically, adv. اصطفائیت پسندانہ۔

electicism, n. نظریۂ اصطفائیت یا انتخابیت ؛ اصطفائی طریقے کا استعمال۔

eclipse, n. گہن ؛ کُسوف ؛ خُسوف ؛ سورج گرہن ؛ چاند گرہن ؛ سورج 'چاند یا دیگر اجرام فلکی کے مابین کسی دوسرے اجرامِ فلکی کے ، ناظر یا ماخذِ نور کے درمیان حائل ہونے سے ، روشنی کی رکاوٹ ؛ روشنی کا کوئی اخفا ؛ سایہ افگنی ؛ احتجاب ؛ آب و تاب سے محرومی۔ (فعل متعدی) گہنانا؛ سایہ ڈالنا ؛ تاریک کرنا ؛ آب و تاب سے محروم کرنا ؛ مقابلے میں مدھم کرنا ؛ چراغ گُل کر دینا ؛ سبقت لے جانا ؛ فوقیّت لے جانا۔

ecliptic, a. (فلکیات) گرہن سے متعلّق ؛ دائرۃ البروج سے متعلق ۔ (اسم) (فلکیات) دائرۃ البُروج ؛ وہ عظیم دائرہ جو زمین کے مدار کی سطح اور کُرۂ سماوی کے تقاطُع سے تشکیل پاتا ہے ؛ طریقُ الشّمس ؛ وہ دور جس سے سورج گُزرتا ہوا معلوم دے ؛ کُرّے کا مماثل بڑا دائرۃُ البروج۔

eclosion, n. (حشریات) بروز ؛ بچّے کی انڈے سے برآمدگی ؛ بالغ کیڑے کا منجھروپی /شِرنقی خول سے ظہور۔

ecology, n. حیاتیات کی ایک شاخ جس میں اجسامِ نامی اور ان کے ذِی رُوح اور غیر ذِی رُوح مجموعی ماحول کے مابین روابط کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ عمرانیات کی شاخ جس کا تعلّق انسانی آبادیوں ، ان کے ماحول ، مکانی تقسیم اور ان سے جنم لینے والے ثقافتی نمونوں سے ہے ؛ ماحولیات۔

ecological, a. ماحولیاتی۔

ecologically, adv. ماحولیاتی طور پر۔

ecologist, n. ماہر ماحولیات۔

econometrics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) مُعاشیاتی شماریات ؛ معاشیاتی معطیات و مسائل کے تجزیے میں شماریاتی تکنیک کا استعمال۔

economic, economical, a. مُعاشی ؛ اقتصادی ؛ معاشیاتی ؛ اشیا کی پیداوار اور آمدنی کے حصول اور تقسیم و صرف کا یا ان سے متعلق ؛ کسی معیشت کے یا کسی صنعتی یا تجارتی تنظیم کے نظام یا اس کی عمل کاری سے متعلق ؛ کسی برادری ، قوم یا فرد کی مادّی بہبود سے متعلق ؛ معاشیات کا یا اس سے متعلق ؛ ذرائع معاش یا ان فنون سے متعلق جن سے انسانی ضرورت کی اشیا اور آسایشیں مہیا کی جاتی ہیں جیسے معاشی نباتیات ؛ افادیت پسند ؛ کفایت شِعار ؛ جز رس۔

economical, a. کفایتی ؛ کفایت شعار ؛ فضول خرچی سے بچتے ہوئے ؛ معاشیات سے متعلّق ؛ معاشی۔

economically, adv. کفایت سے ؛ معاشی لحاظ سے۔

economics, n. pl. معاشیات ؛ اقتصادیات ؛ وہ علم جو دولت کی پیداوار ، تقسیم اور صرف یا نوعِ بشر کی مادی فلاح و بہبُود سے بحث کرتا ہے ؛ سیاسی اقتصادیات ؛ اقتصادی مسائل ، امور یا پہلو۔

economist, n. ماہر معاشیات ؛ معاشیات داں ؛ ماہرِ اقتصادیات۔

economize, v.t. کفایت شِعاری کرنا ؛ کم صرف کرنا ؛ بدرجۂ اتم اِستفادہ کرنا ؛ مصارف میں میانہ روی اختیار کرنا ۔ (فعل لازم) کفایت شعار ہونا ؛ فضول خرچی سے بچنا۔

economization, n. کفایت شِعاری۔

economizer, n. کفایت شِعار۔

economy, n. معیشت ؛ حُسن تنظیم ؛ مناسب تقسیم ؛ کفایت شعارانہ انتظام ؛ وسائل اور زر کے خرچ میں کفایت ؛ بچت ؛ ملکی وسائل کا نظم و نسق ، پیداواری صلاحیّت کے لحاظ سے ، جیسے قومی نظامِ معیشت ؛ کسی مخلوط دروبست کے عناصر یا وظائف کا نظم و ترتیب ؛ کسی شے کا دانشمندانہ یا کفایت شعارانہ استعمال۔

ecospecies, n. (ماحولیات) ماحولی نوع ؛ اجسامِ نامی کی ایک نوع جس کے ارکان خاص طور سے ماحول کے ساتھ مطابقت رکھتے ہیں اور ان کی تولید کا سلسلہ باروری کے نُقصان کے بغیر جاری رہتا ہے۔

ecospecific, a. ماحولی نوع سے متعلّق۔

ecosphere, n. خطّۂ حیات ؛ کوئی علاقہ جہاں زندگی پنپ سکتی ہو ؛ خصوصاً فضا کا وہ حصّہ جو سمندر کی سطح سے تیرہ ہزار فٹ کی بلندی تک پھیلا ہوا ہے اور جس میں معمول کے مطابق سانس لینا ممکن ہے۔

ecosystem, n. ماحولی نظام ؛ ماحولیاتی بُنیادی اکائی جو غیر ذی رُوح ماحول کے ساتھ تعامل کرنے والے اجسامِ نامی کے گروہ پر مشتمل ہوتی ہے۔

ecotone, n. طبقۂ تنش ؛ ایک دوسرے کے قریب واقع نباتات کے دو مختلف طبقات مثلاً گیاہ زار اور جنگل کا درمیانی علاقہ جس میں دونوں کے نامیے ایک دوسرے پر غالب آنے کے لیے سرگرم مسابقت رہتے ہیں۔

ecru, a., n. کورا ؛ کپڑے کا اصلی رنگ ؛ کورے کپڑے ، جیسے ریشم یا کتان کا رنگ کیمیائی عمل کے ذریعے اُڑائے جانے سے پہلے۔

ecstasy, a. وجد ؛ حال ؛ بیخُودی ؛ سرمَستی ؛ کسی شدید جذبے کا غلبہ ؛ حُسن ، موسیقی یا فنی تخلیقات کے زیر اثر پیدا ہونے والی سرخُوشی ؛ فرطِ طرب ؛ وفور انبساط ؛ کسی جذبے سے مغلوب ہو کر آپے سے باہر ہوجانے کی حالت (جیسے an ecstasy of fear) ؛وارفتگی کا عالم؛ شاعرانہ وجدان یا آمد۔

ecstatic, a. وجد/حال سے متعلق یا مُتّصف ؛ بے خود ؛ حال پذیر ؛ عَالَمِ سرمستی میں ؛ وجد آور۔ (اسم) جس پر وارفتگی کا ورہ پڑتا ہو۔ (جمع) سرمستیاں۔

ecstatically, adv. وارفتہ طور پر۔

ectoblast, n. (جنین) بیرونی جلد ؛ برون آدَمہ۔

ectoblastic, a. بیرونی جلد سے متعلّق۔

ectoderm, n. (جنین) برون آدَمہ ؛ کسی پس حوینی

جانور کے جنینی خلیوں کا اصلی قشر ، endoderm کے برعکس ۔

ectodermal, ectodermic, a. براَدَمی ؛ بروں اَدَمہ سے متعلّق ۔

ectogenous, ectogenic, a. بروں زاد ؛ آزاد باش ؛ وہ خود کفیل کیڑے جو اپنے طفیلی گروہ کے باہر نمو پانے کی صلاحیّت رکھتے ہیں ، جیسے مرض خیز بکٹیریا ۔

ectomere, n. (حیوانیات) بروں پارہ ؛ بارآور بیضے سے تشکیل پانے والے اُن خلیوں میں سے کوئی خلیہ جن کے میل سے بیرونی جِلد بنتی ہے ۔

ectomeric, a. بروں پارہ سے متعلّق ۔

ectomorph, n. بربیہ ؛ ایک قسم کا جسمانی ڈھانچا جس کی امتیازی خصوصیات خطی اٹھان اور پتلا پن ہیں اور جو بیرونی ادمے یعنی جنین کی تین بیرونی پرتوں کے ریشوں کے غلبے سے پیدا ہوتا ہے ؛ اس قسم کے جسمانی ڈھانچے والا آدمی ۔

ectomorphic, a. بربیوں سے متعلّق ۔

ectomorphy, n. بربیہ بندی ۔

ectoparasite, n. بیرونی طفیلیا ، endoparasite کے برعکس ۔

ectoparasitic, a. بیرونی طفیلیًا سے متعلّق ۔

ectoplasm, n. (حیاتیات) بیرونی حیاتیہ ؛ بروں مایہ ؛ کسی خُلیے کے حیاتیے کا بیرونی حِصّہ ۔ (روحانیات) بیخودی کے عالم میں کسی معمول کے جسم کا فرضی صدور ؛ وہ چیز جسے مادہ آمیز رُوح پر مشتمل تصوُّر کیا جاتا ہے یا جس سے روحانی مظاہر کو منسُوب کیا جاتا ہے ۔

ectoplasmic, ectoplasmatic, a. بیرونی حیاتیہ/مایہ سے متعلق ۔

ecumenical, ecumenic, a. عمومی ؛ عالمگیر ؛ جملہ کلیسائی نظام یا پورے کیتھولک کلیسا سے متعلّق یا اُس کا نمائندہ ؛ مسیحیت کے عالمگیر اتحاد کو فروغ دینے والا ۔

ecumenicity, n. متحدہ عیسائیت ؛ مسیحی اتحاد ۔

Ecumenical Council, n. (رومن کیتھولک کلیسا) پاپائے رُوم کی طلب کردہ اُن کارڈینیلوں اور بشپوں کی کانفرنس جن کی اسناد کی توثیق پوپ کرتا ہے ۔

ecumenical patriarch, n. قسطنطنیہ کا بطریق اعظم ؛ یونانی قدامت پسند کلیسا کا سربراہ ۔

ecumenism, ecumenicalism, n. تحریک اتحاد ؛ صلح کُل تحریک ؛ ایک تحریک جس کا مقصد یہ ہے کہ عیسائیوں کے درمیان اتحاد کو فروغ دیا جائے اور مسیحی و غیر مسیحی مذاہب کے مابین تعاون کا رشتہ اُستوار کیا جائے ۔

ecumenist, n. مسیحی اتحاد کا حامی یا پیروکار ۔

eczema, n. (امراضیات) چنبل ؛ جمرہ ؛ چھاجن ؛ ایگـزیما ، جلد کا ایک سوزشی مرض جس میں خارش ہوتی ہے اور خونابی مادّہ خارج ہوتا رہتا ہے ۔

eczematous, a. ایگزیمائی ؛ ایگزیما یا چنبل سے متعلّق ۔

edacious, a. پُرخور ؛ پیٹو ؛ چٹورا ؛ کھاؤُ ۔

edacity, n. بسیار خوری ؛ پیٹو پن ؛ چٹورا پن ۔

Edam, Edam cheese, n. ولندیزی پنیر ؛ دابا ہوا اور خوشبو دار زرد ولندیزی پنیر جو چپٹے گولوں کی شکل میں تیّار کیا جاتا ہے اور جس پر سرخ پیرافین کی تہ چڑھی ہوتی ہے ۔

edaphic, a. زمینی ؛ گِلی ؛ مٹّی یا گلی عوامل سے متعلّق ؛ آب و ہوا کی بجائے مٹّی سے متاثّر ہونے والا ۔

Eddic, Eddaic, a. ایڈائی ؛ بارھویں اور تیرھویں صدی کے آئس لینڈی اساطیر اور شاعری کے مجموعوں ایڈا میں سے کسی ایک کے متعلّق یا ان سے مشابہ ۔

eddy, n. بھنور ؛ گرداب ؛ ورطہ ؛ پانی یا ہوا کی رَو جو منجدھار کی مخالف سمت گھومتی ہے ، خصوصاً دَوری گردش کرنے والی لہر ؛ چھوٹا سا گرداب ؛ اس طرح گردش کرنے والا کوئی مادّہ ۔ (فعل لازم) گردش کرنا یا بھنور کی طرح گھومنا ۔ (فعل متعدی) بھنور کی مانند گھمانا ۔

edelweiss, n. ایڈل وِس ؛ کوہستان آلپس کی ایک مرکّب بُوٹی ازقسم لینٹوپوڈیم (Leontopodium) جس کے پُھول ، پتّے سفید اور روئیں دار ہوتے ہیں ۔

edema, oedema, n. (امراضیات) ورم ؛ ورم جو کسی خونابی جوف یا رابطے کے ریشے میں مائع کے حد سے زیادہ جمع ہونے سے پیدا ہوتا ہے ۔

edematous, edimatose, a. ورمی ۔

Eden, n. جنت ؛ بہشت ؛ فردوس ؛ باغِ عدن ؛ وہ باغ جو آدم اور حوّا کا ابتدائی مسکن تھا ۔

Edenic, a. جنتی ؛ بہشتی ۔

edentate, a. اَدنت ؛ بے دانت ؛ میمل اور بے دندان حیوانات کے ایک سلسلے سے متعلق جس میں سلاتھ ، آرما ڈیلو اور جنوبی امریکا کا مورخور شامل ہیں ، اس armadillos قسم کے جانوروں میں قاطع دانت یا پھر کوئی بھی دانت نہیں ہوتا ۔ (اسم) ایک دودھ پلانے والا بے دانت جانور ۔

edentulous, a. بے دانت ؛ اَدنت ۔

edge, n. دھار ؛ باڑ ؛ کنارا ؛ حاشیہ ؛ کگر ؛ کسی قاطع اوزار یا ہتھیار کے پھل کا باریک اور تیز کنارا ؛ پھل کی مناسب تیزی ؛ کاٹنے اور گھاؤ لگانے کی خصوصیّت ؛ زبان یا دلیل کی کاٹ ؛ بُھوک کی تیزی ؛ خواہش کا زور ؛ عمـل یا کام کرنے کی مستعدی ؛ کوئی شے دھار کی مانند ، پہاڑ کی ماہی پشت ؛ خط جس پر دو ٹھوس چیزوں کی سطحیں آپس میں ملتی ہیں ؛ کسی پتلی سپاٹ چیز کی ایک تنگ سی سطح جیسے کوئی کتاب جس کے کنارے مُلمّع ہوں ؛ حاشیہ یا حد ؛ کنارا جیسے کھڑی چٹان کا ۔ (عوامی) شراب کا نشہ ۔

on edge, مشتاق ؛ بے تاب ؛ شدید اور تکلیف دہ حساسیت میں مُبتلا (جیسے : nerves on edge, to set the teeth on edge.) ۔

have the edge on, برتر ہونا ؛ برتری حاصل ہونا ۔

edge, v.t., v.i. باڑھ رکھنا ؛ تیز کرنا ؛ دھار یا کنارا بنانا ؛ کنارے کنارے حرکت دینا ؛ غیر محسوس طور پر دھیرے دھیرے حرکت یا دھکا دینا ؛ کنارے کی جانب حرکت دینا ؛ غیر محسوس طور پر بتدریج آگے بڑھانا ۔

edged, a. دھار والا ؛ تیز ؛ حاشیہ دار ؛ کنارہ دار ۔

edge tool, n. تیز دھار والا اوزار یا آلہ ۔

edge wise, edgeways, adv. دھار آگے کی طرف رکھتے ہوئے ؛ دھار کی جانب ؛ کنارے کنارے ۔

edging, n. جھالر ؛ حاشیہ ؛ گوٹ ؛ باڑھ پر رکھنے کا عمل ؛ کوئی چیز جو دھار یا حاشیے کا کام دے ؛ کنارے بنانے کے لیے تراش ؛ کاٹ چھانٹ ؛ تراش خراش ۔

edgy, a. تیز دھار والا ؛ واضع طور پر متعین ؛ چڑچڑا یا مضطرب ۔

edgily, adv. چڑچڑے پن سے ؛ مضطربانہ ۔

edginess, n. اضطراب ؛ چڑچڑا پن ۔

edh, n. دیکھیے : eth ۔

edible, a. خوردنی ؛ خوراک کے طور پر کھانے کے قابل ؛ غذائی ۔ (اسم) کھانے کی کوئی چیز ؛ خوردنی شے ؛ ماکول ۔

edict, n. حُکمنامہ ؛ فرمان شاہی ؛ حکم جو حکمراں کی طرف سے جاری کیا گیا ہو اور قانون کا درجہ رکھتا ہو ؛ کسی حکم یا امتناع کا باضابطہ اعلان ؛ حُکمِ حاکم ؛ ڈگری (عدالتی) ۔

edictal, a. حُکمیہ ؛ فرمان سے مُتعلّق ۔

edictally, adv. بطور فرمان ؛ حکمنامے کے طور پر ۔

edifice, n. حویلی ؛ بڑی عمارت ؛ خاص طور پر کوئی تعمیر جو اپنی ظاہری صورت اور جسامت کے لحاظ سے متأثّر کرنے والی ہو ؛ پُر شکوہ یا شان دار عمارت ۔

edify, v.t. اخلاقی اصلاح کرنا ؛ عام علوم خصوصاً اخلاقی اور دینی تعلیم دینا ؛ علم میں اضافہ کرنا ؛ علم و اخلاق میں رفعت پیدا کرنا ۔

edifier, n. مصلح ؛ مُعلّمِ اَخلاق ۔

edification, n. افادۂ رُوحانی ؛ تعلیم و اصلاح کا عمل ؛ تہذیبِ عقل و دل ؛ ذہن کی علمی ، اخلاقی ، مذہبی اور رُوحانی تربیّت ۔

edit, v.t. مُرتّب کرنا ؛ مدّون کرنا ؛ ادارت کرنا ؛ (ادبی مواد) اشاعت کے لیے تیّار کرنا یا اُس کی نظر ثانی کرنا جیسے ایک مدیر کرتا ہے ؛ کسی اخبار ، رسالے یا دوسرے مطبوعہ مواد کی اشاعت کی نگرانی کرنا اور اس سلسلے میں ضروری ہدایات دینا ؛ مدیر کے فرائض انجام دینا ؛ کسی فلم کی تطبیق کرنا ، مثلاً ٹیلی وژن اور سینما کے لیے اس کو ترتیب دینا ، قطع و برید کرنا اور اس کے ٹُکڑوں کو جوڑنا؛ تدوین کرنا ۔

edition, n. نُسخہ ؛ ایڈیشن ؛ اشاعت ؛ کسی ادبی/علمی تصنیف کی مطبوعہ صورت ، مثلاً گبن کی تصنیف کا مل مین والا ایڈیشن یا شیکسپیئر کی تصانیف کا یک جلدی ایڈیشن ؛ کسی کتاب یا اخبار کی اشاعت کی جملہ تعداد جو ٹائپ کے ایک ہی سیٹ پر طبع کی گئی ہو اور ایک ساتھ جاری کی گئی ہو ؛ خصوصاً ایک ہی کتاب کی مختلف اشاعتیں جو مختلف اوقات میں جاری کی گئی ہوں اور جو ردّوبدل اور اضافوں کی وجہ سے ایک دوسرے سے مُختلِف ہوں ؛ کسی بھی چیز کی مَطبُوعہ یا غیر مطبوعہ شکل جو عام پیش کش کے لیے ہو جیسے کسی تمثیل کا تازہ ترین ایڈیشن ۔

editor, n. مدیر؛ مُرتّب ؛ ایڈیٹر ؛ وہ شخص جو اشاعت کی غرض سے ادبی/علمی مواد یا تصنیف کا خصوصی ایڈیشن مرتب کرے ؛ کسی اخبار یا رسالے یا اس کے خاص شعبے کا نگران یا ناظم ۔

editorship, n. ادارت ؛ مدیر کا منصب یا فرائض ؛ ادارتی ہدایات ۔

editorial, a. سرمقالہ ؛ اداریہ ؛ مدیر کا تحریر کردہ ، جیسے شذرہ یا مقالہ ۔ (اسم) اخبار میں اس کی پالیسی کے مطابق ، مدیر کا خُود یا اس کی ہدایت کے مطابق تحریر کردہ مضمون ؛ کسی اشاعتی ادارے کے کاروباری شعبوں کے بجائے فنی اور ادبی شعبوں کے حوالے سے ؛ کوئی بیان یا تبصرہ جو ریڈیو/ٹیلی وژن سے نشر کیا جائے ۔

editorially, adv. ادارتی طور پر ۔

editorialist, n. اداریہ نویس ۔

editorialize, v.i. ادارتی اظہار رائے کرنا ؛ کسی موضوع پر اداریے میں اپنا مؤقّف یا رائے پیش کرنا ؛ ریڈیو/ٹیلی وژن کے خبرنامے میں حقائق کی رُوداد پیش کرتے ہوئے ذاتی رائے کا اظہار کرنا ۔

educate, v.t. پڑھانا ؛ تعلیم دینا ؛ درس دینا ؛ تربیّت کرنا ؛ کسی کی ذہنی ، جمالیاتی ، جسمانی یا اخلاقی نشوونُما کو تعلیم و تربیّت کے ذریعے جلا دینا ؛ (بچّے کو) اسکول بھیجنا ؛ تعلیم کے ذریعے کاروبار یا زندگی کے فرائض کی انجام دہی کی اہلیّت پیدا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی فرد یا گروہ کو پڑھانا یا تربیّت دینا ۔

educable, educatable, educated, a. تعلیم یافتہ ؛ قابل درس ؛ قابل تعلیم ۔

education, n. تعلیم ؛ آموزش ؛ تہذیب عقل و اخلاق ؛ تعلیم و تدریس یا تربیّت کا عمل ؛ اس تربیّت کا ایک حصّہ یا مرحلہ ؛ تعلیم و تربیّت کے نتیجے میں حاصل ہونے والا علم یا صلاحیّت ؛ کسی خاص ہُنر یا پیشے کی تدریس یا تحصیل ؛ تدریس اور نظم و ضبط بہ حیثیت عمومی ؛ علم و فضل ؛ تعلیمات یا علم کا ایک شُعبہ جس کا تعلّق مدارس میں تعلیم و تعلُّم کے طریقوں سے ہے ؛ علم التعلیم ۔

educational, a. تعلیمی ؛ تدریسی ۔

educationally, adv. تعلیمی یا تدریسی انداز میں ۔

educational psychology, n. تعلیمی نفسیات ؛ نفسیاتِ آموزش ؛ نفسیات کا وہ شُعبہ جو نفسیاتی طریقوں اور نظریات کے مطابق تعلیمی مسائل کا جائزہ لیتا ہے ۔

educative, a. تعلیم سے متعلّق ؛ سبق آموز ؛ تعلیم دِہ ؛ تعلیم دینے کا میلان یا استعداد رکھنے والا ۔

educator, n. مُعلّم ؛ مُدرّس ؛ آمُوزگار ؛ علم آموز ؛ اُستاد ؛ اتالیق ؛ تعلیم اور تربیّت دینے والا شخص یا شے ؛ وہ شخص جو تحصیلِ علم کے عمل کی براہ راست منصوبہ بندی اور نگرانی کرتا ہے ۔

educationist, educationalist, n. ماہرِ تعلیمات ؛ ماہر علم التعلیم ۔

educe, v.t. بروئے کار لانا ؛ کھینچ نکالنا ؛ باہر لانا ؛ کشید کرنا ؛ اِستنباط کرنا ۔

educible, a. نکالنے کے قابل ؛ قابلِ استخراج ۔

eduction, n. باہر لانے ، کشید کرنے یا اُجاگر کرنے کا عمل ؛ استنباط ؛ برآوردہ شے ۔

eductor, n. کشیدکار ؛ اِستنباط کرنے والا ۔

edulcorate, v.t. (کیمیا) تصفیہ کرنا ؛ صاف کرنا ؛ دھو کر تیزابوں ، اجزائے شور اور آلودگی سے پاک کرنا ۔

edulcoration, n. (کیمیا) صفائی ۔

Edwardian, a. ایڈورڈی ؛ ایڈورڈین ؛ انگلستان کے بادشاہ ایڈورڈ ہفتم کے عہد یا اس عہد کی خصوصیّات سے متعلّق ؛ متموّل ؛ پرتکلُّف ؛ مزیّن ۔ (اسم) کوئی شخص جو اس عہد کا مظہر ہو ۔

eel, n. بام مچھلی ؛ سانپ کی سی چکنی اور لمبی مچھلی جس کے شکمی پر نہیں ہوتے اور عقبی و ڈبری پروں کا سلسلہ دُم کے آخر تک پھیلا ہوتا ہے ۔

ell-like, eely, a. مانندِ بام ماہی ؛ بام مچھلی جیسا ۔

eel grass, n. ایک آبی پودا زوسٹرا میرینا (Zostera marina) جس کے پتّے باریک اور لمبے ہوتے ہیں ؛ بام خس ۔

eel pout, n. مچھلی کی دو مختلف قسمیں : بچّے دینے والی خاردار بلینی اور بربوط مچھلی ۔

eel worm, n. کیچوا ؛ خیطیہ ؛ ایک کیڑا از قسم خیطیہ (Anguillulidae) خصوصاً درختوں کا طفیلی گول کیڑا ۔

e'en, لفظ 'even' کی تخفیف ۔

e'er, لفظ 'ever' کی تخفیف ۔

eerie, eery, a. خوفناک ؛ ڈراونا ؛ پُراسرار ؛ بھیانک اور ویران ہونے کی وجہ سے خوف اور دہشت پیدا کرنے والا ؛ آسیب زدگی یا ممکنہ خطرے کا تأثر دینے والا ؛ عجیب ۔

eerily, adv. پُراسرار طور پر ؛ خوفناک طریقے سے ۔

eeriness, n. پُراسراریت ؛ خوفناکی ۔

effable, a. گُفتنی ؛ قابلِ اظہار ؛ کہنے کے لائق ۔

efface, v.t. رگڑ کر مِٹانا ؛ محو کرنا ؛ معدوم کرنا ؛ ماند کرنا ؛ کسرِ نفسی سے کام لینا ۔

effacable, a. فنا پذیر ؛ مِٹ جانے والا ۔

effacer, n. مٹانے والا ؛ معدُوم کرنے والا ۔

effacement, n. فنا پذیری ۔

effect, n. اثر ؛ انجام ؛ حاصل ؛ کسی ذریعے یا سبب سے رُونما ہونے والا ؛ نتیجہ ؛ ماحصل ؛ واقعہ ؛ نتائج پیدا کرنے کی اہلیّت ؛ قُوّت ، زور ؛ جواز ؛ مطلوبہ نتیجہ ؛ منشا یا مدعا ؛ مراد یا مقصود ؛ کارفرما ہونے کی حالت ؛ عمل یا تعمیل ؛ تکمیل یا انجام دہی کی کیفیّت ؛ کارروائی یا بجاآوری ؛ حواس کے مدرکات کا ذہن پر اثر ؛ ذہن پر اثر جیسے کسی تصویر یا تحریر کا ؛ کسی ہیئتِ ترکیبی کا مجموعی تأثُر جیسے صورت ، رنگ ، روشنی اور تاریکی کے امتزاج کا ۔ (جمع) سازوسامان / اسباب ؛ منقولہ اشیا ؛ ذاتی املاک ؛جائیداد ۔ (فعل متعدّی) برپا کرنا ؛ انجام دینا ؛ تکمیل تک پہنچانا ؛ پورا کرنا ؛ پیدا کرنا یا بنانا ۔

for effect, محض دوسروں کو تأثر دینے کے لیے (جیسے (to talk for effect : ۔

in effect, عملاً ؛ نتیجتاً (جیسے : (The two methods are the same in effect, ؛ واقعی ؛ درحقیقت (جیسے :.it is no other in effect than what it seems) نافذُ العمل جیسے قانون ۔

effecter, n. اثر کرنے والا ؛ نافذ کُنندہ ۔

effectible, a. اثر پذیر ؛ نافذ ہونے کے قابل ؛انجام پذیر ؛ قابل تکمیل ۔

effective, a. مؤثّر ؛ کارگر ؛ مقصد کی تکمیل کا ذریعہ ؛ مطلوبہ یا متوقّع نتیجہ پیدا کرنے والا ؛ جسے مُفید مطلب بنایا گیا ہو ؛ اثر انگیز ؛ نافذُ العمل ؛ واقعی ؛ کارگر ؛ فرض کی انجام دہی کا اہل جیسے سپاہی یا ملاح ؛ نمایاں تأثّر قائم کرنے والا ، جیسے مُظاہرۂ فن یا تصویر ؛ جاذبِ توجّہ ؛ دل آویز ۔ (اسم) کوئی شخص خصوصاً سپاہی جو عملی خدمت کے لیے موزوں ہو ؛ عسکری قُوّت کا موثر مجموعہ ۔

effectively, adv. مؤثّر انداز سے ۔

effectiveness, n. تاثیر ؛ اثر ۔

effector, n. (فعلیات) متعمل نس ؛ مُحرّک نَس جو اعصابی تحریکات کو جسمانی عمل میں تبدیل کرتی ہے ۔

effectual, a. کارگر ؛ مؤثّر ؛ مطلوبہ اثر پیدا کرنے والا یا پیدا کرنے کے قابل ؛ مقصد کو کما حَقّہٗ پورا کرنے کا اہل ؛ جائز یا جس کی پابندی لازم ہو ، جیسے کوئی معاہدہ یا دستاویز ۔

effectuate, v.t. پُورا کرنا ؛ بروئے کار لانا ؛ ظہور میں لانا ؛ حاصل کرنا ؛ انجام دینا ؛ تکمیل کرنا ۔

effectuation, n. تکمیل ؛ انجام دہی ۔

effeminate, a. زنانہ ؛ عورت نُما ؛ زَنخا ؛ زن صِفت ؛ مُخنّث ؛ مردانہ صفات سے عاری ؛ نرم ؛ نازُک یا غیر مردانہ حد تک تن آسان ۔ (فعل متعدی) زنانہ بنانا ؛ نسائیت سے مُتّصف کرنا ۔ (فعل لازم) زنانہ بننا یا کمزور ہونا ۔

effeminacy, n. نسائیت ؛ نامردی ؛ تَخنُّث ؛ زنانہ پن ۔

effeminately, adv. زنانہ پن سے ؛ زنان پنے سے ۔

effeminateness, n. زنانہ پن ۔

effendi, n. آفندی ؛ ایک ترکی الاصل لقب جو بطور تعظیم استعمال ہوتا ہے ؛ اب بحیرۂ روم کے مشرقی ممالک میں اس لقب سے تعلیم یافتہ افراد یا طبقۂ امرا کے اراکین کو مخاطب کیا جاتا ہے ۔

efferent, a. (فعلیات) برآرندہ ؛ برآر ، کسی مرکزی عضو یا نقطے سے باہر لانے والا ، afferent کے برعکس ؛ خاص طور پر کسی عصبی مرکز سے عصبِ متعمّل کو تحریک پہنچانے والا ۔

effervesce, v.i. بُلبُلے چھوڑنا ؛ ابلنا ؛ کھدبد کرنا اور جھاگ پیدا کرنا ، جیسے کسی مائع سے گیسی عنصر کا نکلنا ؛ سرگرمی یا جوش کا مظاہرہ کرنا ۔

effervescence, n. جوش ؛ اُبال ؛ کسی مائع کا اُبال یا جھاگ کا اچھال جبکہ مادّے کا کوئی عنصر گیس کی شکل میں خارج ہو ؛ جوش کا اظہار ؛ سرجوشی ۔

effervescent, a. جوش بھرا ؛ کھدبد کرنے والا ۔

effervescently, adv. بُلبُلے اُڑاتے ہوئے ؛ کھدبداتے ہوئے ؛ جوش بھرے انداز میں ۔

effete, a. فرسودہ ؛ ضعیف ؛ ناتواں ؛ خستہ ؛ عقیم ؛ ازکاررفتہ ؛ ناکارہ ۔

efficacious, a. مؤثّر ؛ کارگر ؛ مطلوبہ نتائج پیدا کرنے والا ؛ مجرّب ۔

efficaciously, adv. موثر انداز میں ؛ کارگر طور پر ۔

efficaciousness, n. اثر انگیزی ۔

efficacy, efficacity, n. اثر انگیزی ؛ کارگری ؛ اثر پیدا کرنے کی قُوّت ۔

efficiency, n. کارکردگی ؛ لیاقت ؛ استعدادِ کارگزاری ؛ اہلیّتِ کار ؛ وقت ، سرمایہ اور توانائی کی مناسبت سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے کی صلاحیّت ؛ صرف شُدہ توانائی کی نسبت سے انجام پانے والا مُفید کام ۔

efficiency engineer, efficiency expert, n. ماہرِ کارکردگی ؛ وہ ماہر

جو کسی کام کے اجزائے ترکیبی ، طریقۂ کار یا کاروباری عمل کا اس مقصد کے پیش نظر تجزیہ کرتا ہے کہ کم سے کم وقت ، خرچ اور محنت سے مطلوبہ نتائج حاصل ہو سکیں ۔

efficient, a. اہل ؛ کارگزار ؛ جسے تسلّی بخش طور پر اور باکفایت استعمال کیا جا سکے ؛ ذی استعداد ؛ لائق ؛ مطلوبہ نتائج برآمد کرنے والا ۔

efficiently, adv. اہلیّت سے ؛ قابلیّت سے ۔

effigy, n. شبیہہ ؛ بُت ؛ مُورت ؛ پُتلا ؛ کسی چیز کا پُتلا یا شبیہہ ، خصوصاً کسی شخص کی مجسّمہ نُما شبیہہ ؛ کسی ناپسندیدہ شخص کا پُتلا جو مختلف چیزیں بھر کر تیّار کیا گیا ہو ۔

effloresce, v.i. کِھلنا ، جیسے پُھول کا ؛ پُھولنا ؛ پھول کِھلنا ؛ بہار پر آنا ۔ (کیمیا) ہوا لگنے سے بتدریج تحلیل ہو کر سفید میدے جیسے یا قلمی سفوف میں تبدیل ہونا ؛ سفوف جیسی سفید تہ سے ڈھک جانا ۔

efflorescence, n. پھول کھلنے یا شگوفہ پھوٹنے کا عمل ؛ تز بُر ؛ بہار کا موسم ؛ بھرپور نشوونُما ۔ (کیمیا) بعض اشیا جیسے نمکیات کی سطح پر سفید مادّہ جمنے کا عمل ؛ وہ سفوف یا تہ جو اس طرح تشکیل پائے ۔ (امراضیات) جلد پر نمودار ہونے والی سُرخی یا بثور ۔

efflorescent, a. پھولوں لدا ۔ (کیمیا) سفید مادّے سے ڈھکا ہُوا ؛ شورزدہ ؛ پُھولنے والا ۔

effluence, n. روانی ؛ بہاؤ ؛ جاری یا ظہور میں آنے کا عمل ؛ وہ شے جو جاری ہو یا بہے ۔

effluent, a. رواں ؛ جاری ؛ صادر ہونے والا ؛ خارج شدہ ۔ (اسم) جاری ہو کر نکلنے کا عمل ؛ کسی ندی کا دوسری ندی یا جھیل سے نکلنے کا عمل ۔

effluvium, n. صدور/اجرا ؛ خارج ہونے والی کوئی غیر مرئی رقیق شے ؛ اخراج خصوصاً ناخوشگوار یا فاسد ہوا کا ۔

efflux, n. اخراج ؛ بہاؤ ؛ روانی ؛ باہر کی جانب بہاؤ ، جیسے پانی کا ؛ کوئی بہ کر نکلنے والی چیز ؛ بہاؤ یا ریزش ۔

effluxion, n. اخراج ؛ باہر کی جانب بہاؤ ۔

effort, n. کوشش ؛ سعی ؛ جہد ؛ تگ و دو ؛ دوڑ دُھوپ ؛ کوش ؛ محنت ؛ سرگرمی ؛ جسمانی یا ذہنی سرگرمی ؛ کسی مقصد کی تکمیل کے لیے محنتِ شاقہ ؛ شعوری ، ذہنی یا جسمانی سعی کا نتیجہ ؛ سرگرمی ۔ (برطانوی) کسی بستی میں رقم جمع کرنے کی مُنظّم مُہِم ۔

effortless, a. سعی نہ کرنے والا ؛ آسان ؛ بے ساختہ ۔

effortlessly, adv. بلا کوشش ۔

effortlessness, n. تن آسانی ۔

effrontery, n. ڈھٹائی ؛ دیدہ دلیری ؛ بے غیرتی ؛ گستاخی ؛ شوخ چشمی ، بدلحاظی ؛ بے شرمی ؛ بے مُرّوتی ؛ ضِد ؛ ہَٹ ؛ اڑیل پن ؛ اس قسم کے بے باکانہ طرز عمل کی مثال ۔

effulge, v.i. جگمگانا ؛ چمکنا ؛ منوّر ہونا ؛ آب و تاب سے چمکنا ۔

effulgence, n. درخشانی ؛ جگمگاہٹ ؛ چمک دمک ؛ آب و تاب ؛ تابانی ۔

effulgent, a. درخشاں ؛ تاباں ؛ چمکیلا ؛ چمکدار ۔

effulgently, adv. درخشاں طور پر ؛ جگمگاتے ہوئے ؛ آب و تاب سے ۔

effuse. v.t. بہانا ؛ اُنڈیلنا ۔ (فعل لازم) خارج ہونا ؛ بہ نکلنا ۔ (صفت) لُنڈھائے یا بہائے جانے والا ۔ (نباتیات) پراگندہ ؛ بے ترتیبی سے پھیلا ہُوا ؛ گھونگے جن کے لبوں کے درمیان خلا یا جھری ہوتی ہے ۔

effusion, n. انڈیلنے کا عمل ؛ انڈیلی جانے والی شے ؛ جذبات کا بے تکلّف اور پُرجوش اظہار ؛ جذبات سے لبریز تقریر ۔ (امراضیات) کسی ظرف میں موجود سیّال مادّے کا کسی جسمانی جوف کی طرف بہاؤ؛ تراوش کرنے والا سیّال ۔

effusive, a. پُرجوش ؛ حد سے زیادہ مہربانی یا گرمجوشی کا مظاہرہ کرنے والا ؛ بے تکلّف ۔

effusively, adv. پُرجوش انداز میں ۔

effusiveness, n. جوشیلا پن ؛ گرمجوشی ۔

eft, n. پہلے اس سے چھپکلی یا چھپکلی سے مشابہ کوئی بھی جانور مراد لیا جاتا تھا ۔ اب اس سے مراد وہ آبی چھپکلی (Newt) ہے جو اپنے زمینی نشوونُما کے مرحلے میں ہو ۔

egad, interj. بَخُدا ؛ واللہ ؛ سُبحان اللہ ؛ حرفِ فجائیہ جو مسرّت یا حیرت کے اظہار کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

egads button, chicken switch, n. (عوامی) راکٹ کے استعمال کا وہ سوئچ جس کے ذریعے کسی ناقص العمل میزائل کو پرواز کے دوران تباہ کر دیا جاتا ہے ۔

egalitarian, a. عقیدۂ مساواتِ انسانی سے متعلّق ؛ اس عقیدے سے متعلّق کہ سب انسان برابر ہیں ۔ (اسم) وہ شخص جو انسانی مُساوات پر یقین رکھتا ہو ۔

egalitarianism, n. عقیدہ مساواتِ انسانی ۔

egest, v.t. جسم سے خارج کرنا ؛ خارج کرنا ؛ نکالنا ؛ فُضلات جسم کو خارج کرنا ۔

egesta, n. مُخرجات جسم ؛ ابراز ؛ براز ؛ فُضلہ ؛ گُو ۔

egestion, n. عمل اخراج ؛ براز یا فُضلہ خارج کرنے کا عمل ۔

egestive, a. اخراجی ۔

egg, n. انڈا ؛ بیضہ ؛ تخم ؛ خول یا جھلی میں لپٹی ہوئی ایک گول تولیدی شے جو حیوان کی مادہ پیدا کرتی ہے اور جو بیضے یا مادہ کے تولیدی خلیے اور اس کے ملحقات پر مشتمل ہوتی ہے ؛ انڈا جو مادہ پرند ، خصوصاً پالتو مرغیاں دیتی ہیں ؛ مرغی کے انڈے کے مشابہ کوئی شے ۔ (حیاتیات) بیضہ یا مادہ کا تولیدی خلیہ ۔ (عوامی) کوئی شخص ؛ فضائی بم ۔ (برطانوی) نایُختہ شخص ؛ ناتجربہ کار ۔

lay an egg, انڈا دینا ۔ (تھیٹر) پیش کردہ تماشے کی ناکامیابی ؛ کسی کوشش میں ناکامی ۔

egg, v.t. آمادہ کرنا ؛ اُبھارنا یا ترغیب دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ اُکسانا (یہ فعل متعدی عام طور پر متعلّق فعل on سے پہلے استعمال ہوتا ہے)؛ انڈے مارنا ، پھینکنا یا برسانا (اظہار ناراضگی کے طور پر) ۔

egg and dart, egg and tongue, egg and anchor, n. یکے بعد دیگرے انڈے اور تیر نُما اشکال پر مشتمل زیور جس کی منبّت کاری سانچے

میں ڈھال کر کی جاتی ہے۔

egg beater, (Brit.) eggwhisk, n. بیضہ زن ؛ انڈا پھینٹ ؛
انڈا ، بالائی یا بیٹھی پھینٹنے کا دستی یا برقی آلہ ؛انڈا پھیٹر۔

egg head, n. (بول چال) دانشور۔

egg nog, n. مشروبِ بیضہ ؛ ایک قسم کا مشروب جو انڈوں کے ساتھ چینی ، دودھ ، جائفل اور بعض اوقات الکحل پھینٹ کر تیّار کیا جاتا ہے۔

egg plant, n. بینگن کا پودا ؛ بادنجان (Solanum melongena) جس کا پھل بیضوی شکل کا اور رنگ ارغوانی ہوتا ہے اور جو سبزی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

egg shell, n. پوستِ بیضہ ؛ انڈے کا چھلکا یا خول ؛
ہلکا زرد رنگ ۔ (صفت) نازک اور مہین (جیسے : egg-shell porce-lain)؛ چینی کا نازک برتن ؛ قدرے چمکدار (جیسے egg-shell finish)؛ ہلکا زرد ۔

eggwhisk, n. بیضہ زن ؛ انڈا پھینٹ ؛
برطانیہ میں اسے egg beater کہا جاتا ہے ۔

egis, n. دیکھیے : Aegis ۔

eglantine, n. صحرائی گُلاب ؛ گل نسترن یا صحرائی گلاب کا قدیم اور شاعرانہ نام ۔

ego, n. ذات ؛ خودی ؛ ''میں'' یا انا ؛ انفرادی انا ، دوسروں کی اناؤں سے علیحدہ ۔ (فلسفہ) فرد کی ذہنی کیفیات اور محسوساتی تجربات جن کا ادراک مشاہدۂ باطنی سے براہِ راست ہوتا ہے ۔ (تحلیلِ نفسی) نفس کا ذی شعور تجربہ کرنے والا اور عالمِ خارجی کے ساتھ تعامل کرنے والا وہ حصّہ جو اِڈ کے غیر شعوری اور اوّلی ہیجانات اور معاشرے کی توقّعات کے درمیان مصالحتی کردار ادا کرتا ہے ؛ انانیّت ؛ عُجب ؛ خود پسندی ؛ خود رائی ۔

ego centric, a. خُودرائی ؛ خُود سر ؛ متکبّر ؛ خُودبیں ؛
خُودنگر ؛ خُود پسند ؛ خود مرکز ؛ انا کو دنیا کی تمام چیزوں کا (خصوصاً دنیا سے متعلّق) مرکز سمجھنے والا ؛ خود غرض یا اپنی ذات سے سروکار رکھنے والا ؛ محوِ بالذات ۔ (اسم) مطلبی انسان ؛ صرف اپنی ذات سے سروکار رکھنے والا شخص ۔

ego centricity, n. خودرائی ؛ خُودسری ؛ خودنگری ؛ تمرُّد ؛
تکبُّر ؛ محویّت بالذّات ۔

ego centrism, n. فلسفۂ محویّت بالذات ؛ خودمرکزیّت ۔

ego ideal, n. (تحلیل نفسی) معیار فضیلتِ شخصی ؛
انانی نصب العین ؛ شخصی فضیلت کا معیار جو والدین یا دوسرے محترم اشخاص کے ساتھ انا کے مکمّل تماثل سے ماخوذ ہوتا ہے اور جسے نصب العین کی حیثیت سے حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے ۔

egoism, n. محویّت بالذات ؛ خُودبینی ؛ انانیّت ؛ خُودپرستی ؛
ہر چیز کی قدروقیمت صرف ذاتی مفاد کے حوالے سے متعیّن کرنے کی خصلت ؛ خود غرضیٔ محض ؛ انانیت ؛ ایثار کے مقابل ذاتی مفاد پسندی ۔ (اخلاقیات) یہ نظریہ کہ فرد کے تمام افعال کی قُوّتِ محرّکہ اور منتہائے مقصود صرف ذاتی فلاح و بہبود ہونا چاہیے ۔ (مابعد الطبیعیات) یہ نظریہ کہ فرد کی انا یا نفس کے سوا کسی شے کا وجود یقینی نہیں ہے ۔

egoist, n. خود پسند یا خود غرض شخص ؛ انانیّت پسند یا خود بیں آدمی ؛ خودغرض انسان ۔

egoistic, egoistical, a. خود پسندانہ ؛ خودغرضانہ ؛ صرف اپنی ذات اور تسکین ذات سے سروکار رکھنے کی صفت سے مُتّصف ۔

egoistically, adv. خود غرضی سے ؛ خود پسندانہ طور پر ۔

egomania, n. ایگومانیا ؛ خبطِ انانیّت ؛ خودپرستی جو غیر طبعی حد تک بڑھ جائے ۔

egotism, n. انانیّت ؛ خود پسندی ؛ لفظ ''میں'' بار بار استعمال کرنے کی عادت ؛ لہٰذا اپنی ذات کے بارے میں بہت زیادہ بولنے یا لکھنے کی عادت ؛ خود ستائی قابلِ اعتراض حد تک ؛ اپنی ذات سے بے حد اور والہانہ محبت جس کے نتیجے میں انسان تمام چیزوں کو اپنے حوالے سے دیکھتا ہے اور ہر چیز کو ذاتی مفاد اور اہمیّت کے تعلّق سے جانچتا ہے ۔

egotist, n. خود رائے ؛ خُود سر ؛ خود پسند ؛
خود غرض ؛ انا پرست ۔

egotistic, egotistical, a. خودسرانہ ؛ خود پسندانہ ؛ خود غرضانہ ۔

egotistically, adv. خود پسندی سے ؛ خود غرضی سے ۔

egregious, a. انتہائی ناپسندیدہ ؛ پرلے درجے کا ؛
غیر معمولی یا نمایاں (بُرے مفہوم میں) ؛ ناپسندیدہ خصوصیات کی وجہ سے ممتاز ؛ سنگین یا فاش (جیسے : egregious blunder) ۔ (قدیم) نمایاں ؛ ممتاز ۔

egress, n. خروج ؛ ظہور ؛ روانگی کا حق ؛ روانگی کا راستہ یا ذریعہ ؛ باہر نکلنے کا راستہ ۔ (فلکیات) کسی جِرم فلکی کا گرہن ، احتجاب یا مرور سے گزرنا ؛ کسی جرم فلکی کا دوسرے جرم فلکی کے قُرص پر سے گزر ۔ (فعل لازم) باہر نکلنا ؛ خارج ہونا ؛ برآمد ہونا ؛ اُبھرنا ۔

egression, n. خروج ؛ ظہور ۔

egret, aigrette, n. سفید بگلا ؛ بگلے کی ایک قسم جس کے پر افزائشِ نسل کے زمانے میں سفید، لمبے اور لہریے دار ہوتے ہیں ؛ اس قسم کے بگلے کے پر ۔

Egyptian, a. مصری ؛ مصر یا اہل مصر سے متعلّق ، جیسے مصری فنِ تعمیر ۔ (اسم) مصری ؛ مصر کا باشندہ ؛ مصرِ قدیم کی معدُوم افریشیائی زبان ۔

Egyptianize, v.t. مصریانا ؛ وضع قطع اور رسم و رواج کے لحاظ سے مصری بنانا ۔ (فعل لازم) مصری ہونا یا مصریوں کے طور طریقے اپنانا ۔

Egyptian cotton, n. مصری کپاس ؛ لمبے ریشے کی ملائم اور مضبوط کپاس جس کی کاشت زیادہ تر مصر میں ہوتی ہے ۔

Egyptology, n. مصریات ؛ مصری آثار قدیمہ کا علم یا مطالعہ ۔

Egyptologist, n. ماہرِ مصریات ، خصوصاً ہیروغلیفی (hieroglyphic) رسم الخط اور دستاویزات کا ماہر ۔

eh, interj. ہُوں ؛ کلمۂ تعجُب ، شک یا استفہام ؛
تصدیق طلبی کے موقع پر استعمال ہونے والا لفظ : ہاں ، ''جی ، ہے نا'' جو اکثر سوال کا جواب بھی ہوتا ہے ۔

eider, n. خہان ، رقعا (پھول) ۔

eider, eider duck, eider down, n. شمالی بطخ ؛
سوما تیریائی (Somateria) جنس کی بڑی سمندری بطخوں کی اقسام

اور متعلّقہ انواع کی بطخیں جو نصف کُرّۂ شمالی میں پائی جاتی ہیں ؛ اس قسم کی بطخ کی مادہ کے چیدہ ملائم پر۔

eider down, n. نرم پر جو شمالی بطخ کی مادہ کے سینے پر ہوتے ہیں ؛ اُن پروں سے بھرا جانے والا گدّا ، توشک یا تکیہ۔

eidetic, a. متعلق بہ بصری تمثالات ؛ بصری تمثالات سے متعلّق یا اُن پر مشتمل جسے یاد داشت سے مِن و عَن نقل کیا جا سکتا ہو۔

eidetically, adv. بصری تمثالاتی انداز میں۔

eidolon, n. آسیب ؛ بھوت پریت ؛ سایۂ ؛ خبیث روح ؛ جن پری ؛ خیالی یا طیفی پیکر۔

eight, a. آٹھ ، ہشت ؛ سات سے ایک عدد زائد۔ (اسم) سات اور نو کے درمیان گنتی کا عدد یا اس عدد کی علامت یا ہندسہ ؛ آٹھ افراد کا گروہ ، مثلاً دوڑ میں حصّہ لینے والی کشتی کا عملہ ؛ تاش کا اٹھا۔

eight ball, n. (پول) سیاہ گیند جس پر آٹھ کا نشان لگا ہو۔

behind the eight-ball, سخت ناسازگار یا پریشان کُن صورتِ حال میں۔

eighteen, n. اٹھارہ ؛ گنتی ؛ گنتی کا ایک عدد ؛ اٹھارہ کی علامت یا ہندسہ ؛ اٹھارہ افراد یا اشیا کا گروہ یا مجموعہ۔

eighteenth, a. اٹھارواں ؛ اعداد کی ترتیب میں سترھویں کے بعد ؛ اٹھارہ مساوی اکائیوں میں سے ایک۔ (اسم) اٹھارواں حِصّہ خصوصاً اکائی کا ؛ کسی سلسلے کا اٹھارواں عدد وغیرہ۔

eighteenmo, n. اٹھارہ ورقی تاؤ ؛ کسی کتاب کی ضخامت جس میں کاغذ کے ایک تاؤ کو اٹھارہ اوراق میں تراشا گیا ہو۔

eightfold, a., adv. آٹھ گنا ؛ آٹھ حصّوں پر مشتمل۔

eighth, a. آٹھواں ؛ ہَشتُم ؛ اعداد کی ترتیب میں ساتویں کے بعد ؛ آٹھ اکائیوں یا مساوی حصّوں میں سے ایک۔ (اسم) آٹھواں حصّہ ، خصوصاً اکائی ؛ کسی سلسلے کا آٹھواں۔ (موسیقی) اوکیسو ؛ آکٹیو ؛ ہشتہ۔

eighth note, (Brit.) quaver, n. ایک سُر جس کا طولِ زمانی پورے سُر کا آٹھواں ہو ؛ مدّھم سُر کا اشارہ۔

eighty, n. اَسّی ؛ گنتی کا ایک عدد ؛ دس سے آٹھ گنا ؛ چار بیسیاں ؛ اس عدد کی علامت یا ہندسہ ؛ اَسّی اشخاص یا اشیا کا گروہ/مجموعہ۔ (صفت) تعداد میں اَسّی تک کی جمع۔

eightieth, a., n. اَسّی واں۔

Einsteinian, a. آئن سٹائنی ؛ نظری طبیعیات کے ماہر البرٹ آئن سٹائن یا اس کے نظریات بالخصوص نظریۂ اضافیّت سے متعلق۔

einsteinium, n. (آئن سٹائن سے) آئن سٹینیم ؛ ایک مصنوعی تابکار فلزّاتی عُنصر۔

eisteddfod, n. بھاٹ میلہ ؛ ویلز میں محفل شعروغنا ؛ ویلز میں بھاٹوں اور مطرب شاعروں کا اجتماع ؛ ویلز کا ایک میقاتی تیوہار جس میں نظمیں پڑھی جاتی ہیں اور ستار پر نغمہ سرائی کا مظاہرہ کیا جاتا ہے۔

eistedfodic, a. اس تیوہار سے متعلّق۔

either, pron., a. ایک یا دوسرا ؛ دو چیزوں میں سے ایک ؛ دو میں سے ایک ؛ ایک نہ ایک ؛ کوئی ایک ؛ کوئی ؛ کوئی نہ کوئی ؛ جو بھی ؛ یہ یا وہ۔ (عطف) تردیدی حرفِ عطف جو ہمیشہ or سے قبل اور متلازم حرف کے طور پر استعمال ہوتا ہے (جیسے: either the one or the other.)۔ (متعلّق فعل) بھی ؛ اسی طرح ؛ یا ؛ خواہ۔

ejaculate, v.t. یکلخت بول اُٹھنا ؛ پُکار اٹھنا ؛ یکا یک بول پڑنا ؛ نرمی کے ساتھ زندہ جسم سے (کسی چیز کا) نکال لینا ؛ خارج کرنا خصوصاً انتہائے شہوت میں۔ (فعل لازم) منی خارج کرنا۔ (اسم) انزال کے وقت خارج شُدہ منی۔

ejaculation, n. یکایک اظہار ؛ فقرہ یا مختصر جُملہ جو اچانک بولا گیا ہو ؛ انزال جو یکایک مرد/نر کے عضوِ تناسل سے ہو۔

ejaculatory, a. اخراجی ؛ انزالی۔

eject, v.t. بیدخل کرنا ؛ نکال پھینکنا ؛ خارج کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ نکال دینا۔

ejectable, a. قابلِ اخراج۔

ejection, n. بیدخلی ؛ برطرفی ؛ نکال پھینکنے کا عمل ؛ اخراج ؛ ردّ۔

ejective, a. بیدخلی سے متعلّق ؛ متعلق بہ اخراج۔

ejecta, n. فُضلات ؛ خارج شُدہ مادّہ ، جیسے کوہ آتش فشاں سے خارج ہونے والا لاوا۔

ejection capsule, n. طیّارے کا اخراجی کیپسول ؛بعض طیّاروں کا علیحدہ ہونے والا فشار بستہ کاک پٹ جسے ہنگامی صورت میں خارج کرکے پیراشوٹ کے ذریعے زمین پر اتارا جاسکتا ہے۔

ejection seat, n. اخراجی نشست ؛ طیارے کی بچاؤ نشست جس کا مقصد ہنگامی صورتِ حال میں پرواز کرنے والے کو مطلوبہ قوّت سے طیّارے کی زد سے باہر نکال پھینکنا ہے۔

ejectment, n. بیدخلی ؛ اخراج۔ (قانون) قانونی کارروائی جو غیر منقولہ جائیداد کےحقوق ، مالکانہ خرچے اور ہرجانے کی بازیابی کے لیے کی جائے۔

ejector, n. خارج کُنندہ شخص یا شے ؛ بندوق کا وہ پُرزہ جو گولی چلنے کے بعد خالی کارتوس کو باہر نکال پھینکتا ہے ؛ پمپ جو گیس یا مائع کو خارج کر دیتا ہے۔

eke, v.t. (قدیم) کسی چیز میں اضافہ کرنا ؛ اضافہ کر کے توسیع کرنا۔ (متعلق فعل) (قدیم) بھی ؛ اسی طرح ؛ اس کے علاوہ۔

eke out, v.t. کسی آسان ترکیب سے کمی کو پورا کرنا (جیسے: He eked out his know lege of new math from his child's first text book) ؛ سخت محنت سے روزی کمانا ؛ تنگی تُرشی سے بسر کرنا ؛ کفایت سے کام لینا ؛ وُسعت دینا ، جیسے اپنے وسائل کی بکفایت صَرف سے۔

ekistics, n. عِلمِ معاشرت ؛ انسانی بستیوں یا معاشروں کا مطالعہ جو معاشیات ، جغرافیہ ، عمرانیات اور حکومت کا احاطہ کرتا ہے۔

el., n. (اکثر بڑے E سے) مرتفع ٹرین۔

elaborate, v.t. وضاحت کرنا ؛ صراحت کرنا ؛ تمام

تفصیلات کے ساتھ تیّار کرنا یا تکمیل کو پہنچانا ؛ ہر طرح اور ہر پہلو سے مکمّل کرنا ؛ محنت سے بنانا ، پیدا کرنا یا تیّار کرنا ۔ (فعل لازم) زیادہ تفصیل کے ساتھ مکمّل ہونا ۔ (صفت) محنت سے مکمّل کردہ ؛ دیدہ ریزی سے بنایا ہُوا ؛ ہر لحاظ سے مکمّل ؛ نہایت دقیق اور پیچیدہ ؛ تمام تکمیل کی تفصیلات کے ساتھ ؛ تفصیلی ۔

elaborately, adv. بالتّفصیل ؛ تفصیل سے ۔

elaborateness, n. محتاط انداز میں محنت سے ، تفصیل سے تیّار کرنے کا عمل ؛ مکمّل کرنے کا عمل ۔

elaboration, n. تفصیل ؛ وضاحت ؛ صراحت ؛ تفصیلی اتمام ؛ نوک پلک سے درست اور مکمّل کرنے کا عمل ؛ تفصیل سے مکمّل کی جانے والی شے ؛ نازُک کاری ۔

elaborative, a. تفصیلی ۔

elaborator, n. صراحت کرنے والا ؛ وضاحت کرنے والا ؛ دیدہ ریزی کرنے والا ۔

elan, n. ہَلاّ ؛ ولولہ ؛ جوش ؛ اُمنگ ۔

eland, n. بڑا ہرن ؛ مِرگ ؛ آہو ؛ افریقہ میں پائے جانے والے دو قسم کے مِرگوں میں سے کوئی مِرگ جس کے سینگ چھوٹے اور پیچدار ہوتے ہیں اور جو چوپایوں کے تاروتراگس(Taurot-ragus)جنس سے تعلُق رکھتا ہے ۔

elapid, n. افعی ؛ کوئی انتہائی زہریلا سانپ ؛ ایلا پڈائی جنس سے تعلّق رکھنے والے انتہائی زہریلے سانپوں کا کوئی خاندان جن میں ناگ ، کورل اور دونوں نصف کُروں کے گرم خطوں میں پائے جانے والے زہریلے سانپ شامل ہیں ۔ (صفت) سانپوں کے اس خاندان کا ۔

elapse, v.i. گزرنا ؛ پھسلنا ؛ کھسکنا ؛ خاموشی سے گزر جانا (وقت کا) ؛ انقضائے وقت ہونا ۔

elasmobranch, n. ایلاس موبر انکائی (Elasmobranchii) اقسام کی مچھلیوں کی کوئی قسم جن کے گلپھڑے طباق جیسے ہوتے ہیں اور جن کا ڈھانچہ استخوانی کے بجائے غضروفی ہوتا ہے ، اس قسم کی مچھلیوں میں شارک اور رائیہ شامل ہیں ۔ (صفت) اس نوع کی مچھلیوں سے متعلّق ۔

elastic, a. لوچ دار ؛ لچکیلا ؛ لچک دار ؛ ایسے ٹھوس مادّے سے متعلّق جو پھیلانے ، سکیڑنے یا دبانے کے بعد خودبخود اپنی اصل حالت پر آ جاتا ہے ۔ (گیس) غیر معینّہ حد تک توسیع پذیر ؛ حالات کے ساتھ آسانی سے مطابقت کی اہلیّت رکھنے والا ؛ توافق پذیر ؛ اپنی اصلی حالت پر آنے کے قابل ؛ اضمحلال یا تھکن سے بہ آسانی افاقہ پانے والا ؛ زندہ دل ؛ اچھل کر ، اچک کر یا ٹکرا کر واپس آنے والا ۔

elastic, n. الاسٹک ؛ لچکدار پارچہ/فیتہ ؛ لچکنے اور پھیلنے والا کپڑا جس کی بافت میں ربڑ کے تار شامل ہوتے ہیں ؛ اس قسم کے کپڑے سے تیّار شُدہ کوئی چیز ؛ ربڑ کی ڈوری ، فیتہ یا بند ۔

elasticity, n. لوچ ؛ لچک ؛ لچکداری ؛ مطابقت پذیری ؛ لچک دار ہونے کی حالت ؛ زندہ دلی ۔ (طبیعیات) کسی شے کی صلاحیّت جس کی بدولت وہ تبدیلی کے بعد اپنی اصلی جسامت اور شکل دوبارہ حاصل کر لے ۔

elasticize, v.t. لچکدار بنانا ، جیسے الاسٹک کے بند لگا کر لچک پیدا کرنا ۔

elastized, a. جس کے اندر لچک ہو یا جسے لچک دار بنایا گیا ہو ۔

elastin, n. (حیاتی کیمیا) لچکین ؛ الاستین ؛ وہ لحمیہ جو وتروں اور غضروف کی لچکدار بافت میں بُنیادی مادّے کی حیثیّت رکھتا ہے ۔

elastomer, n. (کیمیا) لچکیہ ؛ کوئی لچکدار مادّہ جس میں قدرتی ربڑ سے ملتے جلتے طبعی خواص پائے جائیں ۔

elastomeric, a. لچک دار ۔

elate, v.t. ہمّت بڑھانا ؛ مغرُور بنانا ؛ دل خُوش کر دینا ۔ (صفت) (ادب) شاداں و فرحاں ؛ نازاں ۔

elated, a. شاداں ؛ مسرور ؛ خُرم ؛ خورسند ؛ مُسرّت و انبساط میں ۔

elatedly, adv. ناز سے ؛ فخر سے ؛ فخریہ ۔

elatedness, n. نشاط ؛ فرحت ؛ افتخار ؛ ناز ؛ شادمانی ۔

elater, n. (نباتیات) ناشر ؛ بعض پودوں میں پایا جانے والا لچکدار اور پُرپیچ ریشہ جو مساموں کے انتشار میں ممد ہوتا ہے ۔ (حشریات) کٹ بھونرا ؛آرہ قرنجی (Elateridae) بھونروں کے خاندان سے تعلّق رکھنے والے مختلف قسم کے چھوٹے بھونرے ، خصوصاً کٹ بھونرا ۔

elaterite, n. معدنی رال ؛ معدنی گوند ؛ ربڑ کی طرح کی ایک بُھوری سی قُدرتی معدنی رال ۔

elation, n. فرحت ؛ شادمانی ؛ فرطِ مسرّت ؛ فخر و انبساط کا شدید احساس ؛ ترفع کی کیفیّت ؛ انشراح کی حالت ۔

E layer, Heaviside layer, n. 'یے' طبقہ ؛ کرۂ متساوی کا عکسی ریڈیائی طبق ، جو بالائے زمین ۵۵ سے ۸۵ میل تک پھیلا ہوا ہے اور ''ف'' (F) سطح کے بالکل نیچے واقع ہے ۔

elbow, n. کُہنی ؛ بازو کے جوڑ یا خم کا بیرونی حصہ ؛ مڑی ہوئی حالت میں اس جوڑ کا زاویہ ؛ آستین کا وہ حصّہ جو کُہنی کو ڈھانپتا ہے ؛ کُہنی کی طرح کی کوئی خمدار شے ، مثلاً کسی دریا یا سڑک کا موڑ یا پائپ کا کوئی ٹکڑا جو ایک زاویے پر مڑا ہوا ہو ؛ کسی چوپائے کی ٹانگ کے بالائی سرے کا جوڑ ۔ (فعل متعدی) کُہنی مار دھکّا دینا ؛ اس طرح دھکا دے کر راستہ بنانا ۔ (فعل لازم) کُہنی مار کر گُھسنا ؛ بزور داخل ہونا یا راستہ بنانا ۔

elbow grease, n. (بول چال) محنتِ شاقہ ؛ ان تھک محنت ، خاص طور پر جسمانی مُشقّت (جیسے: Digging a ditch requires elbow grease) ۔

elbow room, n. کُشادہ جگہ ؛ بازو پھیلانے کے لیے کافی جگہ ؛ وسیع گنجایش ۔

eld, n. (قدیم) کَہُولت ؛ کُہن سالی ؛ بوڑھا شخص ۔

elder, n. شبدر ؛ اقطئی ؛ بیلسان ؛ سامبُوکس (Sambucus) جنس سے تعلّق رکھنے والا شبدری خاندان کا کوئی پودا یا جھاڑی جس کے پُھول سفید اور پھل گُٹھلی دار گوندنی نُما ہوتے ہیں ۔

elder, a. بزرگ ؛ عُمر میں بڑا ؛ کلاں ؛ سال خوردہ ؛ جس نے زیادہ عمر گزاری ہو ؛ اصل کے لحاظ سے مقدّم ؛ رُتبے کے لحاظ سے بڑا ؛ اگلے وقتوں سے متعلّق ۔

elder, n. دوسروں سے عمر میں بڑا شخص ؛ جَد ؛ بزُرگ ؛

قبائلی برادری میں نہایت بااثر یا سربرآوردہ شخص ؛ پریسبیٹیرین کلیسا کا ایک عُہدہ دار ؛ مسیحی مارمن فرقے کا پادری ۔

eldership, n. سربرآوردگی ؛ بزُرگی ؛ سرداری ۔

elderberry, n. شبدر کی گوندنیاں جن سے جیلی ، پائی اور شراب تیّار کی جاتی ہے ۔

elderly, a. قدرے سِن رسیدہ ؛ سِن کہولت کو پہنچنے والا ؛ مُسّن شخص سے متعلّق ۔

elderliness, n. سِن رسیدگی ؛ کہولت ؛ بزرگی ۔

elder statesman, n. بزرگ سیاستدان یا مُدبّر ؛ کسی جماعت یا تنظیم کا بزرگ اور انتہائی معزز رُکن جو عام طور پر مشیر یا صلاح کار کا فریضہ ادا کرے خصوصاً حکومتی معاملات میں ۔

eldest, a. معمّر ترین ؛ عمر میں سب سے بڑا ۔

eldest hand, elder hand, n. پہل پتیّہ ؛ تاش کا وہ کھلاڑی جسے سب سے پہلے پتّا بانٹا جاتا ہے ؛ وہ کھلاڑی جو پتّے بانٹنے والے کی بائیں جانب بیٹھا ہو ۔

El Dorado, n. الدورادو ؛ سونے سے معمور ایک فرضی مُلک یا شہر جس کے بارے میں باور کیا جاتا تھا کہ وہ جنوبی امریکا یا ہسپانوی فاتحوں کے دریافت کردہ دوسرے علاقوں میں موجود ہے ؛ کوئی علاقہ جو سونے یا مال و دولت سے معمور ہو ۔

eldritch, eldrich, elritch, a. دہشت انگیز ؛ پُراسرار ؛ بھیانک ؛ مافوق الفطرت ۔

Eleatic, a. ایلیائی ؛ قدیم یونانی شہر ایلیا یا فلسفے کے اس دبستان سے متعلّق جس کی بنا اس شہر میں پڑی تھی ۔ (اسم) ایلیائی ؛ دبستانِ فلسفہ کا پیرو جس کی طرح پارمینڈیس نے ڈالی تھی اور جسے زینو نے پروان چڑھایا تھا ۔

Eleaticism, n. ایلیائی فلسفہ ۔

elecampane, n. (نباتیات) زنجبیل شامی ؛ انولا ہیلنیم (Inula helenium) ایک پودا جس کے پُھول بڑے ، زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں اور جڑیں ، پتّیاں بھی خوشبودار ہوتی ہیں ۔

elect, v.t. منتخب کرنا ؛ ووٹ یا نامزدگی کے ذریعے کسی عُہدے کے لیے منتخب کرنا یا چُننا ؛ انتخاب کرنا یا چُن لینا ؛ کسی بات کا فیصلہ کرنا (جیسے : He elected to go) ۔ (فعل لازم) منتخَب کرنے کا اہل ہونا ۔ (صفت) چیدہ ؛ مُنتخَب ؛ جو کسی عُہدے کے لیے منتخب ہوا ہو مگر جسے ابھی تک عُہدہ سونپا نہ گیا ہو ؛ نامزد جیسے نامزد بشپ ۔ (الٰہیات) دائمی زندگی کے لیے مُنتخَب ؛ پہلے سے مُقدَّر شُدہ ۔ (اسم) ایک یا کئی چیدہ/مخصوص کردہ افراد ۔ (الٰہیات) اللہ کے برگزیدہ بندے ۔

election, n. الیکشن ۔ (انتخابی قانون) انتخاب کا عمل ؛ انتخابات ؛ چُناؤ ؛ کسی شخص کا ووٹ کے ذریعے کسی عہدے یا ملازمت کے لیے انتخاب ؛ اختیار ؛ انتخاب کا اختیار (جیسے : it is at his election to accept or refuse) ۔ (الٰہیات) خدا کی طرف سے جنت کا مُقدَّر (ہونا)۔

electioneer, v.i. انتخابات میں کسی امیدوار یا پارٹی کے لیے کسی نہ کسی صورت میں کام کرنا یا مصروف ہونا ؛ سیاسی انتخابات میں مشغول ہونا ۔

electioneerer, n. انتخابی کارکُن ۔

elective, a. چناؤ کے ذریعے منتخب ؛ انتخاب پر منحصر ؛ حق انتخاب سے متعلق یا حقِ انتخاب رکھنے والا ؛ انتخابی ؛ انتخاب کا اختیار استعمال کرنے والا ؛ اختیاری ۔ (کیمیا) بعض مادّوں کے ساتھ امتزاج پذیر اور بعض دوسرے مادّوں کے ساتھ امتزاج ناپذیر ۔ (اسم) تعلیم کا اختیاری نصاب؛ مطلُوبہ/لازمی نصاب کے برعکس ۔

electively, adv. انتخاب سے ؛ انتخابی طور پر ۔

elector, n. انتخاب کُنندہ ؛ رائے دہندہ ؛ انتخاب کرنے والا ؛ وہ شخص جسے کسی عہدہ دار کو منتخب کرنے کا حق حاصل ہو ؛ اصطلاحی مفہوم میں امریکا کے صدر اور نائب صدر کے انتخابی ادارے کا منتخب رکن ۔ (بڑے E سے) (تاریخ) جرمنی کے ان والیانِ ریاست میں سے کوئی حکمران جنھیں تقدُّس مآب شہنشاہِ رُوما کے انتخاب کا اختیار حاصل تھا ۔

electoral, a. الیکٹورل ؛ انتخابی ؛ انتخاب یا انتخاب کُنِندگان سے متعلّق ؛ انتخاب کُنندگان پر مشتمل ۔

electorate, n. الیکٹوریٹ ؛ انتخاب کُنندگان ؛ رائے دہندگان کی جماعت ؛ تقدُّس مآب سلطنتِ رُوما کے انتخاب کرنے والے کا مرتبہ یا علاقہ ۔

Electracomplex, n. (تحلیلِ نفسی) پدری خبط ؛ باپ کے لیے بیٹی کے ہوسناک اور غیر تحلیل شُدہ جذبات سے پیدا ہونے والا خبط : یہ جذبات عموماً غیر شعوری ہوتے ہیں اور ان میں ماں کے لیے حسد کا جذبہ بھی موجود ہوتا ہے ۔

electress, n. رائے دہندہ خاتون ۔ (عموماً بڑے E سے) مقدّس سلطنتِ روما کے رائے دہندہ کی اہلیہ یا بیوہ ۔

electric, a. [کُہربا جس کی رگڑ سے بجلی پیدا ہوتی ہے] بجلی کا ؛ برقی ؛ کہربائی ؛ برقی بار یا برقی رَو پر مشتمل یا اس سے متعلّق ؛ برقی رَو پیدا کرنے یا منتقل کرنے والا ؛ برقی رَو سے چلنے والا ؛ برقی رَو سے پیدا ہونے والا ۔ (مجازاً) جوش آور ؛ فرحت بخش ؛ مسرت انگیز ۔

electrical, a. کُہربائی ؛ برقی ۔

electrically, adv. بجلی سے ؛ برقیانہ ؛ کہربانہ ۔

electricalness, n. کہربائیّت ؛ برقیّت ۔

electric, n. بجلی سے چلنے والی کوئی گاڑی جیسے ٹرام ، موٹر کار یا ریلوے انجن ۔

electrical transcription, n. برقی باز نشریہ ؛ بجلی سے چلنے والا ریڈیو ریکارڈ جو بعد میں نشر کرنے کے لیے تیّار کیا جاتا ہے ؛ ریکارڈ شُدہ توے سے ریڈیو کا نشرمکرّر ۔

electric chair, n. برقی کُرسی ؛ برقی کرسی جو قیدخانوں میں موت کی سزا دینے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ سزائے موت بذریعہ بَرقی رَو ۔

electric charge, n. (طبیعیات) برقی بار ؛ کسی مادّے میں ناخواستہ پروٹون یا الیکٹرون کی زیادتی ۔

electric eel, n. بام نُما برق بردار مچھلی ؛ بام کے مشابہ مچھلی (الیکٹروفورس الیکٹریکس) جس میں طاقتور برقی بار ہوتا ہے جس کے ذریعے وہ حملہ آور ہوتی ہے یا اپنا بچاؤ کرتی ہے ، اس قسم کی مچھلی جنوبی امریکا کے شُمالی سمندر میں پائی جاتی ہے اور بعض اوقات اس کی لمبائی چھ فٹ سے کچھ زیادہ ہوتی ہے ۔

electric eye, n. برقی آنکھ ؛ فوٹو برقی آلہ ؛ ایک برقی آلہ جس کے اندر روشنی کی شِدّت میں تبدیلی کے ذریعے برقی رو کو کنٹرول کیا جاتا ہے ۔

electric field, n. (طبیعیات) برقیِ میدان ؛ ایک برقی بار کے لیے دوسرے برقی بار کے جذب یا رد کرنے کی مقدار کا اظہار ؛ کسی نقطے پر موجود آزمایشی بار پر ڈالی جانے والی قُوّت اور اس کے حجم کے درمیان نسبت ۔

electrician, n. بجلی کا مستری ؛ ماہرِ آلات برق ؛ برقی آلات کا کاریگر ؛ بجلی کے آلات اور سازوسامان بنانے ، مرمّت کرنے ، لگانے یا چلانے والا شخص ۔

electricity, n. (طبیعیات ، کیمیا) بجلی ؛ برق ؛ ایک مظہرِ قُدرت جو فقط اپنے اثرات جیسے برقی جذب ، برقی رَو ، برقی میدان اور برقی مقناطیسیّت سے جانا جاتا ہے ؛ اس مظہرِ قُدرت سے متعلق علم ؛ کسی بھی خاص سالمے یا جوہر سے غیر وابستہ زیر جوہری ذرات کا وجود یا بہاؤ جو قابلِ پیمایش ہو ؛ متاثّر کرنے والا جوش ؛ ولولہ انگیز اشتعال ؛ مشتاقانہ توقُع ۔

electric ray, n. ماہی برق ریز ؛ بجلی خارج کرنے والی مچھلی جو رعادیہ (Torpedinidae) خاندان سے تعلّق رکھتی ہے؛ رعاد ماہی ۔

electrify, v.t. برقانا ؛ بجلی پہنچانا ؛ بجلی سے چلانے کے لیے ضروری سازوسامان سے آراستہ کرنا ؛ برق پیدا کرنا ؛ بجلی سے متاثر کرنا ۔ (مجازاً) ناگہانی صدمہ پہنچانا ؛ رگ و پے میں اثر کر جانا ؛ جسم میں لہر دوڑا دینا ۔

electrification, n. برقانے کا عمل؛ برق کاری ۔

electrifier, n. برقانے والا ؛ برق کار ۔

electroanalysis, n. برقیائی تجزیہ ؛ مقناطیسی عمل کے ذریعے کیمیائی تجزیہ ۔

electroanalytic, electroanalytical, a. متعلّق بہ برقیائی تجزیہ ۔

electrocardiogram, cardiogram, n. برقی نگارشِ قلب ؛ ترسیمِ قلب نگاری ؛ کیفیّت نامۂ قلب نگاری ؛ کارڈیو گرام ؛ برقی قلب نگاری کے ذریعے حاصل ہونے والے نتائج ۔ مخففات : ,EKG, E.K.G. ECG, E.C.G. ۔

electrocardiograph, n. برقی قلب نگار ؛ طِبّی تشخیص میں استعمال ہونے والا ایک برقی آلہ جس کے ذریعے حرکتِ قلب معلوم اور ریکارڈ کی جاتی ہے ۔

electrocardiographic, a. برقی قلب نگاری سے متعلّق ۔

electrocardiographically, adv. برقی قلب نگاری کے ذریعے ۔

electrocardiography, n. برقی قلب نگاری ۔

electrochemistry, n. برقی کیمیا ؛ کیمیا کی شاخ جس میں برقی عمل سے پیدا کی جانے والی تبدیلیوں اور کیمیائی تبدیلی سے بجلی کی تیّاری کا مُطالعہ کیا جاتا ہے ۔

electrochemical, a. برقی کیمیا سے متعلّق ۔

electrochemically, adv. برقی کیمیائی طور پر ۔

electrocute, v.t. عمل برقانسی کرنا ؛ برق کُشی کرنا ؛ برقی قُوّت سے جان لینا ؛ ہلاک کرنا ۔

electrocution, n. برقانسی ؛ برقی قوّت سے ہلاک کرنے کا عمل ۔

electrode, n. برقی مُورچہ ؛ برقیرہ ؛ مثبت یا منفی برقیرے پر مشتمل موصل تار یاٹرمینل جس کے ذریعے برقی رَو برق پاش خانے یا خلائی نلی وغیرہ میں سے داخل یا خارج ہوتی ہے ۔

electrodeposit, v.t. (کیمیا) برقی انداخت کرنا ؛ برقیمیائی تحلیل کے ذریعے انداختہ مادّہ جمع کرنا ۔ (اسم) (کیمیا) برقیمیائی تحلیل کے ذریعے تیّار ہونے والی دھات ۔

electrodeposition, n. برقی انداخت ؛ انداختِ برقیائی تحلیل ۔

electrodynamics, n. (صیغہ واحد میں مستعمل) (طبیعیات) برقی حرکیات ؛ متحرک برقی باروں کے تعامل کا مطالعہ ۔

electrodynamic, electrodynamical, a. متعلّق بہ برق حرکیات ۔

electrodynamometer, n. برقی رَو پیما ؛ برق حرکی عمل کے ذریعے برقی لہروں کی پیمایش کا آلہ ۔

electroencephalograph, encephalograph, n. دماغی برق نگار ؛ دماغی عکاّس ؛ ایک آلہ جو کھوپڑی سے لگائے جانے والے سیسے کے ٹُکڑوں کی مدد سے دماغ کی بیساختہ برقی حرکت کو ریکارڈ کرتا ہے ۔

electroencephalogram, n. دماغی برق نگارش ؛ برقی ترسیمِ دماغ ؛ برقی راس نامہ ۔

electroencephalographer, n. برقی ترسیمِ دماغ نگار ۔

electroencephalographic, a. متعلّق بہ برقی ترسیمِ دماغ نگاری ۔

electroencephalography, n. دماغی برق نگاری ۔

electroform, v.t. برقی تشکیل کرنا ؛ کسی سانچے میں برقی انداخت کے عمل سے کوئی دھات ڈھال کر کوئی شے بنانا یا تیّار کرنا ۔

electroforming, n. برقی تشکیل ؛ نقل پذیر سانچے کی ملمّع کاری کے ذریعے کسی شے کی تیّاری یا تشکیل کا عمل ۔

electrograph, n. برق نگار آلہ ؛ تصویروں کی برقی ترسیل کا آلہ ؛ اس آلے سے تیّار ہونے والی تصویر ؛ طباعت میں استعمال ہونے والے دھات کے پتروں پر برقپاشی کے ذریعے نقش بنانے والا آلہ ۔

electrography, n. برق نگاری ۔

electrographic, a. برق نگارانہ ۔

electrojet, n. آیونی طبق ؛ اُن برق پاروں کا طبق جو زمین کی بالائی فضا کے انواری خطّوں میں پائے جاتے ہیں ۔

electrokinetic, a. (طبیعیات) برقی حرکیاتی ؛ برقی حرکیات سے متعلّق ؛ متحرک بجلی کے اثرات سے متعلق ؛ برق سینیائیات ۔

electrokinetics, n. (صیغہ واحد میں مستعمل) برقی حرکیات ؛ برقِ متحرک کے اثرات کا مطالعہ ۔

electrolysis, n. (کیمیا ، طبیعیات) برق پاشی؛ برقی رَو سے کیمیائی مرکّب کا انحلال؛ برقی رَو سے رسولیوں یا بالوں کی جڑوں کو تباہ کرنے کا عمل ؛ عمل مقناطیسی کے ذریعے کیمیائی تحلیل ۔

electrolyze, v.t. برق پاشی کے ذریعے فرسودہ کرنا ، سڑانا یا تحلیل کرنا ۔

electrolyzation, n. تحلیل بذریعہ برق پاشی ۔

electrolyzer, n. برق پاشی کے ذریعہ تحلیل کُنندہ ۔

electrolyte, electrolytic conductor, n. (کیمیا، طبیعیات) برق پاش ؛ ایک مادہ جس کے محلول بجلی کی رَوکو ایصال کرنے کی صلاحیّت

رکھتے ہیں ، خصوصاً برق پاشی کے ذریعے ؛ تحلیل ہونے والا مرکّب ۔

electrolytic, electrolytical, a. برق پاشی یا برق پاش سے متعلق ۔

electromagnet, n. برقی مقناطیس ؛ مقناطیس جو نرم لوہے کے ایسے قالب پر مشتمل ہوتا ہے جس کے گرد لپٹی تار میں سے برقی رَو گزار کر اسے مقناطیسی قُوّت مہیّا کی جاتی ہے ؛برقناطیس ۔

electromagnetic spectrum, n. برقی مقناطیسی طیف ؛ طُولی موجوں اور برقی مقناطیسی تعدّدِ اشعاع کی وہ مکمّل حد جو گاما موجوں سے طویل ترین ریڈیائی لہروں تک کا احاطہ کرتی ہے اور جس میں روشنی کی لہریں بھی شامل ہوتی ہیں ۔

electromagnetic wave, n. (طبیعیات) برقی مقناطیسی موج ؛ وہ لہر جس کی امتیازی خصوصیّات برقی اور مقناطیسی میدانوں کے تغیرّات ہوں ، جیسے کوئی ریڈیائی لہر یا روشنی کی لہر ۔

electromagnetism, n. برقی مقناطیسیّت ؛ برقی لہروں اور مقناطیسیت کے باہمی تعلّق کا مطالعہ ؛ مقناطیسیت جو برقی رَو سے پیدا ہوتی ہے ۔

electromagnetic, a. برقی مقناطیسیّت یا برقی مقناطیس سے متعلّق ۔

electromagnetically, adv. برقی مقناطیسیت کے ذریعے ۔

electrometallurgy, n. برقی فلز کاری ؛ دھاتوں کی تیّاری میں حرارت پیدا کرنے یا برق پاشی کے لیے بجلی کا استعمال ۔

electrometer, n. برق پیما ؛ دو موصلوں کے درمیان موجود برقی قُوّت یا اس کے درجے ناپنے والا آلہ ۔

electromotive, a. محّرکِ برقی ؛ برقی رو سے متعلق ، اس کا سبب بننے والا یا ایسا میلان لیے ہوئے ۔

electromotive force, n. (برق) کسی مبدائے برق ، جیسے خشک سیل (cell) سے مہیا کی جانے والی برقی قُوّت کی مقدار جس کی پیمایش بالعموم وولٹوں میں کی جاتی ہے ۔

electromyograph, n. اعصابی برق پیما ؛ ایک آلہ جو اعصاب سے پیدا ہونے والی بجلی کے وولٹیج کو ریکارڈ کرتا ہے ۔

electron, n. (برق) الیکٹرون ؛ برقیہ ؛ جوہر کے مرکز سے باہر پایا جانے والا منفی بار والا بُنیادی ذرّہ ۔

electronegative, a. (برق) برقی منفی ؛ منفی برقی بار کا حامل ۔ (کیمیا) تیزابی ؛ اُس رجحان کے درجے سے متعلق جو گرفتی برقیوں کو جذب کرنے اور پکڑنے کے لیے جوہر کے اندر پایا جاتا ہے ۔

electronegativity, n. برقی منفیّت ۔

electron gun, n. (طبیعیات) برقیہ بندوق ؛ برقیرہ مع اُس آلے کے جو برقیرے سے خارج ہونے والی برقیاتی شعاعوں کے حجم اور شکل کو منضبط کرتا ہے ۔

electronicist, n. مُرتّب برقیاتی موسیقی ؛ برقیاتی موسیقی ترتیب دینے والا ۔

electronics, n. (صیغۂ واحد میں مستعمل) برقیات ؛ الیکٹرونیات ؛ الیکٹرونِکس ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس میں برقیوں کے طرز عمل کا مطالعہ کیا جاتا ہے اور خلائی نلکیوں ، گیسوں اور نیم مُوصلوں میں برقیوں کے بہاؤ کے اثرات کا اطلاق کیا جاتا ۔

electronic, a. برقیات سے متعلّق ؛ اُن آلات کے استعمال سے متعلّق جو برقیاتی اصولوں کے مطابق بروئے کار لائے جاتے ہیں ۔

electronically, adv. برقیاتی انداز میں ۔

electron lens, n. (طبیعیات) برقیائی عدسہ ؛ برقی مقناطیسی یا برق سکونی آلہ جو برقیائی شعاعوں کو برقیائی خرد بین میں منعکس/مرتکز کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ، جس طرح بصری عدسے روشنی کی شعاعوں کو مرتکز کرتے ہیں ۔

electron microscope, n. (طبیعیات) برقیائی خرد بین ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے دقیق ساخت کی اشیا کو بڑا کرنے اور تحلیل کرنے کے لیے کسی برقیائی شعاع کے مختصر موجی طول (Short wave length) کو بروئے کار لایا جاتا ہے ، کیونکہ اس مقصد کے لیے نُوری خردبین ناکافی ہوتی ہے ، اس آلے میں برقیہ انداز لگا ہوتا ہے جس کی شعاع کو برقیائی عدسوں کے نظام کے ذریعے کسی نمونے پر منعطف اور مرتکز کیا جاتا ہے ، اس آلے کے ذریعے تصویر بڑی ہو کر فلوری پردے یا اسٹیج پر پڑتی ہے ۔

electron microscopy, n. برقیائی خردبینی ۔

electron multiplier, n. (برق) برقیہ افزاینده ؛ ثانوی برقیره ؛ ڈائی نوڈ ۔

electronography, n. برقیائی طباعت؛ چھپائی کا عمل جس میں روشنائی برقیائی طور سے منتقل کی جاتی ہے ۔

electronographic, a. برقیائی طباعت سے متعلق ۔

electron optics, n. (صیغۂ واحد میں مستعمل) (طبیعیات) برقیائی بصریات ؛ برقیائی انکسارِ شعاع کے مظاہر کا مُطالعہ جو عدسوں کے روشنی پر پڑنے والے اثر سے براہِ راست مماثلت رکھتے ہیں ؛ نیز اس علم میں کئی مادّوں کی خُرد ساخت کو متعیّن کرنے کے لیے برقیائی شعاعوں سے کام لیا جاتا ہے ۔

electron tube, vacuum tube, n. برقیائی نلی ؛ خلائی نلی ؛ شیشے کی ایک مُہر بند نلی پر مشتمل متعدّد آلات میں سے کوئی آلہ جس کے اندر ویکیوم یا کم دباؤ پر گیس بھری ہوتی ہے اور جس کے اندر برقیوں کا منضبط ایصال عمل میں آتا ہے ۔

electron volt, n. (طبیعیات) برقیہ وولٹ : حرکی توانائی جو کوئی برقیہ یا مماثل بار کا حامل ذرّہ اُس وقت حاصل کرتا ہے جب اس میں ایک وُولٹ کا امکانی فرق واقع ہوتا ہے ۔

electrophoresis, n. (طبیعی کیمیا) برقی تنقّل ؛ کسی برقی میدان کے زیر اثر کسی مائع میں معلّق ذرّات کی حرکت ۔

electrophorus, n. کُہربا حامل آلہ ؛ برق بردار ؛ امالہ کے ذریعے سکونی بجلی پیدا کرنے والا ایک سادہ آلہ ۔

electroplate, v.t. برقی ملمّع کاری کرنا ؛ برق پاشانہ انداخت (electrolytic deposition) کے ذریعے چاندی یا کسی اور دھات کی تہ چڑھانا ۔ (اسم) اشیا جن پر برقی ملمّع کاری کی گئی ہو ۔

electropositive, a. (طبیعی کیمیا) برقی مثبت ؛ مثبت برق سے متعلّق ؛ مثبت بجلی کا حامل ؛ برق پاشی کے عمل میں منفی سِرے کی طرف منتقل ہونے کے رجحان کا حامل ؛ بُنیادی حیثیّت رکھنے والا کوئی عنصر وغیرہ ۔ (اسم) کوئی برقی مثبت شے ۔

electroscope, n. برق بین ؛ برق نما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے چھوٹے برقی باروں یا وُولٹ کی مقداروں کا پتہ چلایا جاتا ہے ۔

electroshock, n. (طبِّ نفسی) برقی صدمہ ؛ بجلی کا جھٹکا جو کسی ذہنی مرض کے علاج کے لیے دماغ کو لگایا

جاتا ہے ۔

electrostatic generator, Van de Graaff generator, n. (طبیعیات) برق زا آلہ ؛ ایک جنریٹر جو بلند وُولٹائی ساکن برقی بار تیّار کرتا ہے ۔

electrostatics, n. (طبیعیات) (صیغہ واحد میں مستعمل) برقی سکونیات ؛ برقی مقناطیسیّت کی ایک شاخ جس میں ساکن برقی باروں کے اثرات کا مطالعہ اور تجربہ کیا جاتا ہے ۔

electrostatic, a. برق سکونی ۔

electrostatically, adv. برق سکونی سے ۔

electrostatic unit, n. (برق) برق سکونی اکائی ؛ کسی ایسی قُوّت پر مبنی نظام کا ایک واحدہ جس کے ویکیوم کے اندر ایک ساکن بار دوسرے مساوی ساکن بار کو ایک سینٹی میٹر کے فاصلے سے دھکیلتا ہے ۔

electrosurgery, n. برقی جرّاحی ؛ جرّاحی میں بجلی کا استعمال ۔

electrosurgical, a. متعلّق بہ برقی جرّاحی ۔

electrosurgically, adv. برقی جرّاحی کے ذریعے ۔

electrotherapy, n. برقی علاج ؛ مختصر غیر تشنّجی برقی صدموں کے ذریعے بیماری کا علاج ۔

electrothermal, a. برقی حراری ؛ بجلی سے پیدا شُدہ حرارت سے متعلّق ؛ بجلی اور حرارت کے امتزاج سے متعلّق ۔

electrotonus, n. برقی طناب ؛ بجلی کی رَو گزرتے وقت کسی نس کی بدلی ہوئی حالت ۔

electrotonic, a. برقی طناب سے متعلّق ۔

electrotype, n. برقی ٹائپ ؛ برقی انداخت کے ذریعے ٹائپ ، چوبی نقوش ، تمغوں اور اسی قسم کی دوسری چیزوں کی نقلوں کی تیاری کا عمل جس میں اصل نمونے کے مطابق تیّار کردہ سانچے پر سیال تانبے کو جما کر بجلی کے ذریعے یہ اشیا بنائی یا ڈھالی جاتی ہیں ؛ اس طریقے سے تیار شُدہ نقل ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کا برقی ٹائپ تیّار کرنا ۔

electrotyper, n. برقی ٹائپ کار ۔

electrovalence, electrovalency, n. (کیمیا) برقی گرفت ؛ آیون کی تشکیل میں ، جوہر میں منتقل شُدہ باروں کی تعداد کو ظاہر کرنے والا عدد ؛ منفی یا مثبت باروں کی تعداد جو کسی جوہر نے برقیوں کی افزونی یا ضیاع کے باعث حاصل کی ہو ۔

electrovalent, a. برقی گرفت سے متعلّق ۔

electrum, n. کج دھات طلا ؛ الیکٹرم ؛ سونے چاندی کا زردی مائل مرکّب/بھرت ۔

electuary, n. (بیطاری طب) معجُون ؛ لعُوق ؛ شہد یا شربت میں محلول کیے ہوئے سفوف کا معجون یا لیپ ۔

eleemosynary, a. خیرات خور ؛ خیرات پر گزراوقات کرنے والا ؛ جس کا گزارا خیرات پر ہو ۔

elegance, elegancy, n. خُوش وضعی ؛ شایستگی ؛ کوئی عمدہ اور نفیس شے ؛ زیبایش ؛ خوش خُلقی ؛ شُستگی اور پاکیزگی کی خُوبی ؛ سلیقہ مندی ؛ خوش اُسلوبی ۔

elegant, a. خوش ادا ؛ خوش اسلوب ؛ خوش وضع ؛ شایستہ ؛ پوشش ، عادات و اطوار اور تعیّن وقت میں وضعدار اور امیرانہ شان و شوکت لیے ہوئے ؛ مذاق ، عادات اور ادبی اسلوب کے لحاظ سے نفاست پسند ؛ عمدہ ، منتخبہ یا اعلیٰ قسم کا ، جیسے کوئی اختراع ، مرکب شے یا عمل ؛ عمدہ شکل یا وضع قطع کی بدولت نمایاں ؛ عام مفہوم میں نفیس ، شایستہ ، شُستہ ، لطیف و اعلیٰ ۔

elegantly, adv. عُمدگی سے ؛ شایستگی سے ؛ خوش وضعانہ ۔

elegiac, a., n. غم انگیز ؛ المناک ؛ ماتمی ؛ مرثیے یا نوحے کی بحر سے متعلق جو یونانی اور رُومی عروض میں مرثیے یا نوحے سے مخصوص تھی جس میں ہر بیت کا پہلا مصرع چھ ڈیکٹائل (dactyls) اور دوسرا پنج یا چھ ڈیکٹائل (dactyls) ہوتا تھا ، تیسرے اور چھٹے ڈیکٹائل میں بے تاکیدی حروف حذف کر دیے جاتے تھے ؛ نوحے یا مرثیے پر مشتمل یا اس سے متعلق ؛ غم و اندوہ کا مظہر ۔

elegit, n. (قانون) حکمنامۂ تعمیل ؛ حکمنامۂ دخلِ انتفاعی جس کے تحت قرض خواہ قرضے کی ادائی تک قرض دار کی کوئی بھی جائیداد یا ساری جائیداد اپنے قبضے میں رکھ سکتا ہے ۔

elegy, n. نوحہ ؛ مرثیہ ؛ نظم جس میں رنج و الم کا اظہار کیا گیا ہو ؛ ماتمی گیت ۔ (کلاسیکی شاعری) رثائی انداز کی کوئی نظم ؛ نوحے یا مرثیے کی بحر میں لِکّھی ہوئی نظم ۔

elegist, n. نوحہ نگار ؛ مرثیہ نگار ۔

elegize, v.i. مرثیہ کہنا ۔ (فعل متعدی) مرثیے یا نوحے کے ذریعے شیون کرنا یا کسی متوفی کی یاد تازہ کرنا ۔

element, n. عُنصر ؛ کسی کل کا جزوِ ترکیبی ؛ عناصرِ اربعہ یعنی مٹّی ، پانی ، ہوا اور آگ میں سے کوئی عُنصر جن کے بارے میں پہلے خیال تھا کہ مادّی کائنات انہی کا مرکّب ہے ؛ کسی انسان یا جانور کا قُدرتی مسکن یا ماحول (جیسے : He is in his element now) ۔ (جمع) موسمی حالات ، خاص کر سخت ناسازگار موسم (جیسے : exposed to the elements) ؛ کسی فن یا علم کے بنیادی اصول ؛ عشائے ربّانی میں استعمال کی جانے والی روٹی یا شراب ۔ (کیمیا) جُزوِ بسیط ؛ مادّوں کی ایک قسم جو صرف ایک ہی جوہری نمبر کے جوہروں پر مشتمل ہوتی ہے ۔ (ریاضی) کسی مجموعے کا رُکن ؛ حساب لگانے کے لیے ضروری مفروضات کی کوئی اکائی ۔ (جیومیٹری) کسی شکل کو تشکیل دینے والے نقاط ، خطوط ، مستوی سطحوں یا دیگر ہندسی شکلوں میں سے کوئی ایک ۔ (برق) کسی برقی آلے کے اندر کا سالم واحدہ جو کسی دوسرے واحدے کے ساتھ براہِ راست رابطے کے لیے سراپیچوں (terminals) سے اراستہ ہوتی ہے ۔

elemental, a. غیر مرکّب ؛ بسیط ؛ عُنصری ؛ اساسی ؛ کسی بُنیادی جزو ترکیبی کا یا اس سے متعلّق ؛ سادہ ؛ مفرد ؛ مبادیات یا بُنیادی اصولوں سے متعلّق ؛ عناصر اربعہ یا ان میں سے کسی ایک عُنصر سے متعلّق ؛ فطرت کی عظیم قُوتّوں سے متعلّق ؛ کیمیائی عناصر سے نسبت رکھنے والا ۔

elementary, a. ابتدائی ؛ عُنصری ؛ بُنیادی ؛ تمہیدی ؛ مبادیات یا بُنیادی اصولوں کا حامل یا اُن سے متعلق ؛ کسی ابتدائی اسکول کے حوالے سے ؛ مفرد یا غیر مرکّب ؛ کسی عُنصر یا اصلی مادّے کے خواص رکھنے والا ؛ فطرت کی عظیم قُوتّوں یا عناصر اربعہ کا یا ان کے حوالے سے ؛ بسیط ۔ (کیمیا) ایک یا ایک سے زائد کیمیائی عناصر سے متعلّق ۔

elementarily, adv. بنیادی طور پر ۔

elementariness, n. ابتدائی حالت یا کیفیّت ۔

elementary particle, n. (طبیعیات) بُنیادی ذرّہ ۔

elementary school, n. ابتدائی مکتب ؛ مدرسۂ ابتدائیہ ؛ وہ اسکول جس میں چھ سے بارہ/چودہ سال تک کے بچّوں کو چھ سے آٹھ سال تک بُنیادی تعلیم دی جائے ۔

elemi, gum elemi, n. گوند ؛ صمغ ؛ مختلف قسم کے درختوں سے رِسنے والا مواد (رال ، گوند) جو عطریات ، مرہموں اور وارنش کی تیّاری میں استعمال ہوتا ہے ۔

elenchus, n. منطقی تردید ؛ وہ دلیل جو دوسری دلیل کے نتائج کی ضد کو ثابت کر کے اس کی تردید کرتی ہے ؛ باطل استرداد ؛ سوفسطائی استدلال ۔

elenctic, a. منطقی تردید سے متعلّق ۔

elephant, n. ہاتھی ؛ فیل ؛ بڑے سُموں والا ممیل جانور جس کی پکڑنے والی تھوتھنی یا سُونڈ طویل اور نچلے دانت لمبے اور نوکیلے ہوتے ہیں ؛ ہاتھی کی دو قسمیں ہیں : ایک ایشیائی ہاتھی (Elephas maximum) جس کے کان نسبتاً چھوٹے ہوتے ہیں اور دوسرا لمبے اور پھڑپھڑاتے ہوئے کانوں والا افریقی ہاتھی (Loxodonta africana)۔

elephantiasis, n. (امراضیات) فیل پا ؛ داء الفیل ؛ ایک مزمن مرض جو نسوں کے مادے کے اخراج میں فلاریائی کیڑوں کی رُکاوٹ سے پیدا ہوتا ہے اور جس میں جسم کے متاثّرہ حصّے پھیل کر بہت بڑے اور سخت ہو جاتے ہیں اور جِلد ہاتھی کی کھال جیسی ہو جاتی ہے ۔

elephantine, a. ہاتھی سے متعلّق ؛ ہاتھی کے مشابہ ؛ بہت بڑا ؛ بے اندازہ ؛ بھدّا ؛ جو سنبھالے نہ سنبھلے ۔

elephant shrew, n. افریقی چھچھوندر ؛ چوہے جیسا ماکروسلائی ڈی (Macroscelididae) خاندان کا ایک چھوٹا سا اُچھلنے والا کِرم خور جانور جس کی تھوتھنی ہاتھی کی سُونڈ جیسی ہوتی ہے اور جو افریقہ میں پایا جاتا ہے ۔

elevate, v.t. بلند کرنا ؛ اُٹھانا ؛ کسی نشیبی جگہ یا گہرائی سے اُٹھا کر بلند تر مقام پر پہنچانا ؛ اُونچا کرنا یا درجہ بلند کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛ شایستہ بنانا ؛ اعزاز عطا کرنا یا مشرّف کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ پھیلانا یا ابھارنا ؛ بلند آواز کرنا ۔

elevated, a. مرتفع ؛ رفیع ؛ سرافراز ؛ مشرّف ؛ مسرُور ؛ پُرجوش ۔

elevated railroad, n. ریل کی مرتفع پٹڑی ؛ پٹڑی جو بُلند ڈھانچے پر بچھائی گئی ہو ، مثلاً جو زمینی ٹریفک سے بالاتر تعمیر کی گئی ہو ۔

elevation, n. رِفعت ؛ اُونچائی ؛ ارتفاع ؛ بلندی ؛ بلندی جس پر کسی شے کو اٹھایا جائے ؛ وہ زاویہ جس پر کسی شے کو اُفقی سمت بلند تر کیا جائے ؛ سطحِ زمین سے بلندی ؛ مرتفع مقام ؛ امتیاز ؛ شان یا وقار ؛ امارت یا شرافت ؛ بلند کرنے کا عمل یا بلند ہونے کی حالت ۔ (فنِ تعمیر) نقشہ یا ڈیزائن جس میں عمودی سطح پر ہندسی طریقے سے کسی چیز یا ڈھانچے کا نمونہ اس طرح پیش کیا جائے جیسے اس کے اندرونی حصّے کو سامنے یا پہلو سے دیکھا جا رہا ہو ۔ (مساحت) کسی مخصوص سطح سے خاص حد تک بُلندی ۔

the Elevation, n. (رومن کیتھولک کلیسا) عشائے ربّانی کی عبادت میں متبرک روٹی اور جامِ شراب کو اُٹھانے کی رسم ۔

elevator, n. بلند کُن ؛ رافع ؛ بالا بَر ؛ سامان یا مسافروں کو نیچے سے اوپر لے جانے والا ؛ آلۂ اِرتفاع ؛ لِفٹ ؛ غلّے کا ذخیرہ جو مرفع کَل سے آراستہ ہو ؛ طیارے کی دُم کا وہ حصّہ (air foil) جس کے ذریعے اُسے اوپر نیچے حرکت دی جاتی ہے ۔

eleven, n. گیارہ ؛ یازدہ ؛ دس اور بارہ کے درمیان گنتی کا عدد ؛ اس عدد کے ہندسے کی علامت ، جیسے ۱۱ یا XI ؛ گیارہ افراد کا گروہ یا اشیا کا مجموعہ ۔

eleventh, a. گیارھواں ؛ دسویں کے بعد کا ؛ یازدہم ؛ گیارہ مساوی حصّوں میں سے کسی ایک سے متعلق ۔ (اسم) کسی سلسلے کا گیارھواں حِصّہ ؛ گیارھواں جُزو ۔

the eleventh hour, (مجازاً) کوئی کام کرنے کی آخری ساعت ؛ متی کی انجیل (۲۱ = ۱۶) میں بیان کردہ ایک حکایت کی تلمیح ۔

elevon, n. (طیرانیات) طیّارے کی ضابط سطح جو رافع آلے اور عقبی پنکھ دونوں کا کام دیتی ہے ۔

elf, n. جن ؛ پری ؛ بونا ؛ بُھتنا ؛ ایک ننھی سی خیالی انسان نُما جادوئی مخلوق ؛ بُھوت ؛ شرانگیز آدمی ؛ بالشتیہ یا ننھا بچّہ ۔

elfin, a. بُھوت پریت وغیرہ سے متعلّق ؛ بھتنوں کا سا ۔ (اسم) بُھتنا ۔

elfish, elvish, a. بھتنوں جیسا ؛ شریر ۔

elfishly, adv. بھتنوں کے انداز میں ۔

elfishness, n. بُھتنا پن ۔

elicit, v.t. نکالنا یا استخراج کرنا ؛ بحث و استدلال کے نتیجے میں بے نقاب کرنا (جیسے : to elicit the truth) ؛ اُبھارنا ؛ پیدا کرنا (جیسے : The speech elicited much controversy) ۔

elicitation, n. استخراج ؛ استنباط ۔

elicitor, n. استنباط کرنے والا ۔

elide, v.t. کسی لفظ کے تلفُّظ میں کوئی حرفِ علّت ، حرفِ صحیح یا رکنِ تہجّی چھوڑ دینا ، چھپانا ، مختصر کرنا یا حذف کر دینا ۔

elidible, a. قابلِ اختصار ؛ قابلِ حذف ۔

eligible, a. لائق ؛ اہل ؛ مستحق ؛ کسی فرض یا مقصد کے لیے منتخب کیے جانے کے قابل ؛ لائقِ انتخاب ؛ گوارا یا پسندیدہ ؛ قانوناً قابلِ انتخاب ۔ (اسم) اہل شخص ؛ قابلِ انتخاب یا مستحق شخص ۔

eligibility, n. اہلیّت ؛ قابلیّت ؛ لیاقت ؛ استحقاق ۔

eliminate, v.t. حذف کرنا ؛ نکال دینا ؛ خارج کر دینا ؛ غیر ضروری یا بے قیمت عنصر قرار دے کر علیحدہ کر دینا ؛ غیر اہم یا ناقابلِ غور سمجھ کر نظرانداز کرنا ؛ جسمِ نامی کا فضلات کو خارج کرنا ۔ (ریاضی) مساوات میں سے ساقط یا علیحدہ کر دینا ۔

elimination, n. اخراج ۔(ریاضی) متغیّر مقداروں کے مسلسل اخراج کے ذریعے مساوات کا حل ۔

eliminative, a. اخراجی ۔

eliminator, n. خارج کُنندہ ۔

elision, n. حذف ؛ تلفظ یا نظم میں کسی حرفِ عِلّت یا رکنِ تہجّی کو چھوڑ دینے کا عمل ۔

elite, n., a. اشراف ؛ چیدہ اشخاص ؛ ممتاز شخصیّات ؛ اعیان ؛ اکابر ؛ خواص ؛ ایک قسم کی ٹائپ مشین کا ٹائپ جس کے خطی انچ میں بارہ حروف ہوتے ہیں ۔

elitism, n. حکمرانیٔ اشراف ؛ نظریۂ حکمرانیٔ خواص ؛ خواص کی حکمرانی کا دستور ؛ اس قسم کے دستور پر اعتقاد ؛ طبقۂ اکابر سے تعلّق رکھنے کا زعم ؛ خواصیّت ۔

elitist, n. خواص کی حکمرانی کے نظریے کا حامی ۔

elixir, n. (دواسازی) اکسیر ؛ کیمیا ؛ ایک خُوشبودار میٹھا الکحلی مائع جو دوائی کے عناصر کا حامل ہوتا ہے یا ادویہ کے عناصر کی وجہ سے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک کیمیائی مرکّب جس کے متعلّق کبھی یہ سمجھا جاتا تھا کہ وہ ادنیٰ دھاتوں کو سونے میں تبدیل کرنے اور عمر دراز کرنے کی صلاحیّت رکھتا ہے ؛ کسی چیز کی رُوح ؛ اکسیر یا تیر بہدف علاج ۔

Elizabethan, a. الزبیتھی ؛ الزبیتھین ؛ انگلستان کی ملکۂ الزبتھ اوّل (۱۵۳۳ء تا ۱۶۰۳ء) یا اس کے عہد سے متعلّق ؛ جیسے الزبتھن شاعری ؛ الزبتھ اور جیمز اوّل کے ادوار کے طرزِ تعمیر سے متعلّق جبکہ گاتھی اور اطالوی اسالیبِ تعمیر کی آمیزش سے بڑی بڑی کھڑکیوں ، بلند و بالا اور مزیّن چمنیوں والی پُر آرایش عمارتیں کثرت کے ساتھ بنائی جاتی تھیں ۔ (اسم) کوئی انگریز جو ملکہ الزبتھ کے عہد میں ہو گزرا ہو ، خصوصاً اس عہد کا کوئی ممتاز فنکار ، شاعر یا ادیب ۔

elk, n. ایلک ہرن ؛ یورپ اور ایشیا میں پائے جانے والے السس (Alces) جنس کے سب سے بڑے ہرنوں کے خاندان کا ہرن جو امریکی بارہ سنگے موس سے ملتا جُلتا ہے ؛ امریکا کا واپٹی (wapiti) نسل کا بارہ سنگا جو جسامت میں موس کے بعد سب سے بڑا ہوتا ہے ؛ ایک چمڑا جس سے خاص طور پر کھیلوں کے جُوتے تیّار کیے جاتے ہیں ، یہ جُوتے شروع میں ہرن کی کھال سے تیّار کیے جاتے تھے ، مگر اب بچھڑے یا گائے کی کھال سے تیّار کیے جاتے ہیں ۔

elk hound, Norwegian elk hound, n. ہرن شکار کُتّا ؛ بھورے بالوں والا پست قامت اور چھریرے بدن کا کُتّا جو شکار کے لیے پالا جاتا ہے اور جس کی پرورش کا سلسلہ ناروے سے شروع ہوا تھا ۔

ell, n. ایل ؛ کپڑا ناپنے کا ایک پیمانہ جو پہلے استعمال میں تھا ۔

ell, el, n. انگریزی حرف ایل (L) سے مشابہ کوئی شے ؛ کسی عمارت کی توسیع جو اس کے ایک سرے پر زاویۂ قائمہ بنائے ۔

ellipse, n. (جیومیٹری) ترخیم ؛ وہ بیضوی شکل جو کسی مخروط کو ترچھا تراشنے سے بنتی ہے ؛ ایک ایسا بند مستوی منحنی جس کے ایک نقطے سے دو ثابت نقاط یعنی ماسکوں تک کے مجموعی فاصلے یکساں رہیں ؛ قطع ناقص ۔

ellipsis, n. (گرامر) تقدیرِ الفاظ ؛ تقدیرِ کلام ؛ حذفِ عبارت ؛ کسی جُملے یا نحوی ترتیب میں ایک یا ایک سے زائد الفاظ/عناصر کو یُوں حَذف کر دینا کہ سُننے یا پڑھنے والا انھیں خود ہی بآسانی مہیّا کر سکے (جیسے : He ordered red cloth not white) ۔ (طباعت) وہ نشانات یا نشان (— یا *** یا ......) جو حذفِ حروف یا حذفِ الفاظ کو ظاہر کرتے ہیں ؛ نشان حذف ۔

ellipsoid, n., a. (جیومیٹری) بلیلجی مجسّم ؛ بیضوی مجسّم ؛ کوئی مجسم شکل جس کی تمام مُسطّح تراشیں بیضوی یا مدّور ہوں ۔

ellipsoidal, a. بیضوی یا مدور تراشوں والا ۔

elliptical, a. بیضوی ؛ بلیلجی ۔

elliptically, adv. بیضوی/بلیلجی انداز میں ۔

lipticity, n. بیضوی صورت ؛ بلیلجی شکل ۔

elm, n. ایلم ؛ شمالی امریکا اور یورپ میں پایا جانے والا ایک سایہ دار درخت از قسم دیودار (Ulmus) جس سے قیمتی عمارتی لکڑی حاصل ہوتی ہے ۔

elm blight, n. (نباتی امراضیات) ایلم کی ولندیزی بیماری ۔

elocution, n. فنِ تقریر ؛ خطابت ؛ طرزِ تقریر ؛ مجمعِ عام میں مؤثّر انداز میں تقریر کرنے کا فن ۔

elocutionary, a. خطیبانہ ۔

elocutionist, n. خطیب ؛ مُقرّر ۔

Elohim, n. الوہیم ؛ عہد نامۂ عتیق کے اِن حصّوں میں استعمال ہونے والا خدا کا نام جو بائبلی تاریخ کے بعد کے ادوار سے تعلّق رکھتے ہیں ۔

Elohistic, a. الوہی ؛ عہدنامۂ عتیق کے بعض حصّوں سے متعلّق جو خصوصاً صحُفِ موسیٰ میں شامل ہیں اور جن میں خدائے تعالیٰ کے لیے الوہیم کا لفظ استعمال ہوا ہے ۔

eloign, eloin, v.t. فاصلے پر کر دینا ؛ دور کر دینا ؛ ہٹا کر دور لے جانا ۔

eloignment, n. (قانون) اخفائے مال یا شخص ؛ کسی شخص یا شے کی قانونی دائرۂ اختیار سے مُنتقلی ۔

elongate, v.t. طُول دینا ؛ دراز کرنا ؛ وُسعت دینا ۔ (فعل لازم) لمبا ہونا ۔ (صفت) پھیلا ہوا ؛ مُطوّل ؛ دراز ۔

elongation, n. درازی ؛ تطویل ؛ وہ چیز جسے بڑھایا گیا ہو یا طول دیا گیا ہو ؛ مُطوّل حصّہ ؛ توسیع ۔ (فلکیات) آفتاب سے کسی سیارے کا یا سیارۂ اولیٰ سے ذیلی سیّارے کا زاویائی فاصلہ ۔

elongated, a. طول دیا گیا ۔

elope, v.i. گھر سے نکل بھاگنا ؛ اغوا ہونا ؛ والدین کو بتائے یا اُن کی اجازت حاصل کیے بغیر اپنی پسند کی شادی کرنے کے لیے گھر سے فرار ہو جانا ؛ (عورت کا) عاشق کے ساتھ بھاگ جانا ۔

elopement, n. فرار بغرضِ عقد ۔

eloper, n. اغوا ہونے والی ؛ فراری ۔

eloquence, n. فصاحت ؛ خطابت ؛ خُوش بیانی ؛ طلاقت ؛ زبان کو روانی ، زورِ بیان اور برجستگی کے ساتھ استعمال کرنے کا عمل یا فن ؛ فصیح البیانی یا طلاقتِ لِسانی ۔

eloquent, a. فصیح ؛ خُوش بیان ؛ خوش گُفتار ؛ لسّان ؛ صحیح اور واضح الفاظ میں شدید جذبات کے اظہار پرقادر ، جیسے کوئی خطیب ؛ ولولہ انگیز طور پر فصاحت سے مخصوص ؛ پُرمعنی جیسے کوئی عظیم فن پارہ یا موسیقی ۔

eloquently, adv. خوش بیانی سے ؛ فصاحت سے ؛ خطیبانہ طور پر ۔

else, a. اور ؛ کوئی اور ؛ اور کچھ ؛ دوسرا ؛ سوا (جیسے : who else ? no where else. ; nothing or nobody else,) ۔ (متعلّق فعل) وگرنہ ؛ ورنہ ؛ اگر حقیقت کچھ اور ہو (جیسے : He was ill or else he would have come) ۔

elsewhere, adv. کہیں اور ؛ دوسری جگہ ؛ کسی اور جگہ ۔

elucidate, v.t. واضح کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ ابہام دُور کر کے قابلِ فہم بنانا ۔

elucidation, n. تصریح ؛ تشریح ؛ توضیح ۔

elucidative, a. مصرّح ؛ مُشرّح ۔

elucidator, n. شارح ؛ صراحت کرنے والا ؛ وضاحت کرنے والا ۔

elude, v.t. بچ نکلنا ؛ آنکھ بچا جانا ؛ بچنا یا گریز کرنا ؛ سمجھ میں نہ آنا ؛ عقل کو چکّر میں ڈال دینا (جیسے : Your meaning eludes me.)؛ دھوکے ، ترکیب یا چالاکی سے بچ نکلنا (جیسے : to elude pursuers) ۔

elusion, n. فریب اور چالاکی سے بچ نکلنے کا عمل ؛ گریز ؛ بچاؤ ؛ جھانسا دینے کا فعل ۔

elusive, elusory, a. مُغالطے میں ڈالنے والا ؛ مبہم ؛ بچ نکلنے والا ؛ گریزاں ۔

elusively, adv. گریزانہ؛ مُغالطے میں ڈال کر ۔

elusiveness, n. گریز ؛ ابہام ؛ مُغالطہ ۔

elute, v.t. (کیمیا) دھو ڈالنا جیسے کسی جذب شدہ مادّے کو کسی محلول سے صاف کر دینا ۔

elution, n. ڈھلائی صفائی ۔

elutriate, v.t. دھو کر اور چھان کر یا نتھار کر پاک کرنا ؛ نکالنا یا علیحدہ کرنا ۔

elutriation, n. نِتھراؤ ۔

elutriator, n. مُقطِّر ؛ نِتھارنے والا ۔

eluviation, n. تبخیر کے مقابل زیادہ بارش کے باعث مٹّی کے اندر معلّق ذرّات کی حرکت ۔

eluviate, v.i. ذرّات کا اس عمل سے گزرنا ۔

eluvium, n. (ارضیات) پتھر/چٹان کی فرسودگی اور موسم زدگی کے نتیجے میں جمع ہونے والا مٹّی ، گرد یا ملبے کا ذخیرہ جو اُس جگہ پایا جائے جہاں یہ عمل واقع ہو ؛ چٹان کا ملبہ جو ہوا کے عمل سے منتقل ہو کر ایک جگہ اکٹّھا ہو جاتا ہے ۔

eluvial, a. عملِ فرسُودگی سے متعلّق ۔

elver, n. بام مچھلی کا بچّہ ؛ غیر نمو یافتہ بام مچھلی ؛ نابالغ بام ۔

elvish, a. بھتنوں ، پریوں وغیرہ سے متعلّق ؛ کوئی شریر حرکت جیسے بھتنوں، پریوں کی ؛ بھُوت پریت کا سا ۔

Elysium, n. (اساطیری) جنت ؛ باغِ بہشت ؛ خُلد ؛ اِرَم ؛ باغِ عدن ؛ موت کے بعد نیک ارواح کا مسکن ؛ انتہائی روحانی کیف و سرور کی جگہ ؛ جنت الماویٰ ۔

Elysian, a. بہشتی ؛ جنتی ۔

elytron, n. بیرونی خول ؛ پَرپوش ؛ بھونروں کی قسم کے بعض حشرات کے پَر کا غلاف یا چرم نُما خول جو پچھلے پَر کے بچاؤ کا کام دیتا ہے ۔

elytroid, a. پرپوش نُما ۔

em, n. (طباعت) مُربّع نُما پیمانہ جو مطبوعہ مواد کی پیمائش کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ ابتداً حرف ایم (m) سے گھرا ہوا سطر کا حصّہ ۔

emaciate, v.i. گھُلنا ؛ سُوکھنا ؛ بتدریج دُبلا ہونا ؛ بھوک ختم ہونے یا کسی اور سبب سے لاغر ہونا ۔ (فعلِ متعدّی) آہستہ آہستہ دُبلا کرنا ؛ سُکھادینا ؛ گھُلا دینا ؛ کمزور کرنا ۔

emaciated, a. لاغر ؛ سُوکھا ؛ دُبلا ؛ کمزور ؛ گھُلا ہوا ۔

emaciation, n. کمزوری ؛ لاغری ؛ دُبلا پن ۔

emanate, v.i. نکلنا ؛ خارج ہونا ؛ صادر ہونا ؛ کسی منبع/سرچشمے سے نکلنا ؛ ظاہر ہونا یا برآمد ہونا ۔ (فعل متعدّی) خارج کرنا ؛ پیش کرنا ۔

emanation, n. ظہور ؛ اِخراج ؛ صدُور ؛ جو کُچھ کہ کسی منبع یا جسم سے نکلے ۔

emancipate, v.t. آزادی دلانا ؛ رہائی دلانا ؛ رِہا کرنا ؛ غلامی سے آزاد کرانا ؛ کسی بھی قسم کی بندش ، پابندی یا بندھن سے آزاد کرانا ؛ محکومی ، تسلُّط یا اثر سے نجات دلانا ۔

emancipation, n. حُریّت ؛ آزادی ؛ خلاصی ؛ رہائی ؛ غُلامی یا تسلُّط سے نجات ؛ آزاد کرانے کا عمل ۔

emancipationist, n. آزادی پسند ؛ آزادی کا حامی ؛ حُریّت پرست ۔

emancipator, n. رہائی دلانے والا ؛ آزاد کرانے والا ؛ نجات دہندہ ۔

emarginate, emarginated, a. دندانہ دار حاشیے والا ۔ (نباتیات) کٹ سِرا ؛ کٹ حاشیہ ، جیسے کوئی پتّا ۔

emasculate, v.t. خصّی کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ نامرد بنانا ؛ مُخنّث بنانا ؛ کاٹ چھانٹ سے تحریر یا تقریر کو بے جان کر دینا ۔ (صفت) زنانہ ۔

emasculation, n. نامردی ؛ کمزوری ؛ آختہ پن ۔

embalm, v.t. حَنوط کرنا ؛ ممی بنانا ؛ لاش کو دواؤں اور کیمیائی مرکّبات سے محفوظ کرنا ؛ نقصان یا خستگی سے محفوظ کرنا ۔

embalmer, n. ممی ساز ؛ حَنُوط کار ۔

embalmment, n. ممی سازی ؛ حنُوط کاری ۔

embank, v.t. بند باندھنا ؛ پُشتہ باندھنا ؛ ٹپّا بنا کر/ بند یا پشتہ باندھ کر محفوظ کرنا ۔

embankment, n. بند ؛ پشتہ ؛ بند باندھ کر احاطہ کرنے یا محفوظ کرنے کا عمل ؛ ٹپّا یا بند جو پانی روکنے ، سڑک تعمیر کرنے یا ریل کی پٹڑی بچھانے کے لیے بنایا جائے ۔

embargo, n. روک ؛ امتناع ؛ پابندی ؛ ممانعت ؛ تجارتی جہازوں پر ، حکومت کی طرف سے بندرگاہوں میں آمد اور روانگی پر پابندی ؛ حکومت یا کسی ضابط ادارے کی جانب سے جاری ہونے والا حُکم امتناعی جس کے ذریعے مال کی حمل و نقل پر پابندی عائد کی جائے یا اسے منضبط کیا جائے ؛ تجارت پر کوئی قانونی بندش ؛ کسی بھی چیز پر عائد کی جانے والی بندش ۔ (فعل متعدی) کسی چیز پر پابندی لگانا ۔

embark, v.t. چڑھانا ؛ سوار کرانا ؛ شامل کرنا ؛ شریک ہونا ؛ جہاز نشین ہونا ؛ جہاز پر سوار کرانا یا جہاز پر لینا ؛ کسی شخص کو کسی مہم میں شامل کرنا ؛ کاروباری ادارے میں سرمایہ کاری کرنا ۔ (فعل لازم) سفر کے لیے جہاز میں سوار ہونا ؛ کسی مہم یا کاروبار کا آغاز کرنا ۔

embarkation, embarcation, embarkment, n. جہاز نشینی ؛ چڑھاؤ ؛ بھَراَو ۔

embarrass, v.t. اُلجھانا ؛ پریشان کرنا ؛ سراسیمہ کرنا ؛ متردّد کرنا ؛ خجل کرنا ؛ مشکل یا پیچیدہ بنانا جیسے کسی مسئلے یا سوال وغیرہ کا ؛ پھنسانا ؛ روڑے اٹکانا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ زیربار کرنا ۔ (فعل لازم) پریشان ہونا ؛ اُلجھاؤ میں پڑنا ؛ حیران ہونا ۔

embarrassedly, embarrassingly, adv. پریشانی سے ؛ اُلجھے ہوئے ۔

جِھجھکتے ہوئے ؛ بوکھلائے ہوئے۔

embarrassment, n. پریشانی ؛ خجالت ؛ ذہنی انتشار ؛ کوئی پریشان کن چیز ؛ نہایت کثیر رقم ؛ بے حساب رقم ؛ گھبراہٹ ؛ اُلجھن ؛ تردُّد۔

embassador, n. سفیر ؛ ایلچی۔

embassy, n. سفارت ؛ سفارتی عُہدہ ؛ سفارت خانہ ؛ سفارتی وفد ؛ سفیر کا منصب یا فرض ؛ عہدۂ سفارت ؛ اُن افراد کی جماعت جنھیں سفارتی فرائض سونپے گئے ہوں ؛ مجلسِ سفارت کاراں ؛ سفیر مع اپنے عملے کے ؛ سفیر کا سرکاری دفتر اور قیام گاہ۔

embattle, v.t. (فوج) کو صف آرا کرنا ؛ جنگ کی صفیں ترتیب دینا ؛ مورچہ بندی کرنا۔

embattlement, n. صف آرائی ؛ مورچہ بندی۔

embay, v.t. خلیج یا کھاڑی کے اندر داخل کرنا ؛ خلیج میں مقیّد کرنا۔

embayment, n. ستاروں کا کھاڑی نُما جھرمٹ ؛ کھاڑی بننے کا عمل ؛ خلیج یا خلیج نما خطّۂ زمین ؛ وہ عمل جس سے خلیج تشکیل پاتی ہو۔

embed, v.t. جمانا ؛ کسی چیز کو مضبوطی سے جما دینا یا گاڑ دینا ؛ بستر میں جما دینا یا کیاری میں گاڑ دینا۔

embedment, n. مضبوط جماؤ۔

embellish, v.t. سنگارنا ؛ سجانا ؛ زینت دینا ؛ آرایشی چیزوں سے مزیّن کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ کشش یا حسن میں اضافہ کرنا ؛ مثلاً زیبِ داستاں کے لیے کچھ خیالی باتوں کا اضافہ کر کے کہانی کو زیادہ پُرکشش بنانا۔

embellishment, n. زینت ؛ تزئین ؛ آراستگی ؛ سجاوٹ ؛ حقائق کے بیان میں افسانہ طرازی۔

ember, n. انگارا ؛ چنگاری ؛ جلتا ہُوا لکڑی کا ٹُکڑا ؛ (جمع) سُلگتی چنگاریاں۔

Ember days, n. مسیحی عقائد کے مطابق روزوں اور توبہ کے دن جو سال کی ہر سہ ماہی میں آتے ہیں یعنی لینٹ میں نوچندی اتوار کے بعد کے بُدھ ، جمعے اور ہفتے ؛ وٹ منڈے ، ۱۴ ستمبر اور ۱۳ دسمبر ؛ یہ رسم رومن کیتھولک کلیسا اور دوسرے مغربی کلیساؤں میں ادا کی جاتی ہے۔

embezzle, v.t. خوردبرد کرنا ؛ غبن کرنا ؛ خیانت کرنا ؛ کسی شخص کا اپنی تحویل میں دی جانے والی چیز کو ذاتی استعمال کے لیے دھوکے سے ہتھیا لینا۔

embezzlement n. غبن ؛ خیانت ؛ خوردبرد۔

embezzler, n. خائن ؛ غبن کرنے والا ؛ خوردبرد کرنے والا۔

embitter, v.t. تلخی پیدا کرنا ؛ تلخی میں اضافہ کرنا ؛ بَیر ڈالنا ؛ دُشمنی یا مخاصمت پیدا کرنا ؛ فتنہ پردازی کرنا ؛ قافیہ تنگ کرنا۔

embitterment, n. تلخی ، فتنہ پردازی۔

emblaze, v.t. چمکانا ؛ اُجالنا ؛ روشن کرنا ؛ جگمگانا ، جیسے الاؤ سے۔

emblazer, n. اُجالنے والا ؛ جگمگانے والا۔

emblazon, v.t. تصویر بنانا ، جیسے ڈھال پر نقش کاری کرنا ؛ شوخ رنگوں سے مزیّن کرنا ؛ آب و تاب پیدا کرنا ؛ شُہرت دینا ؛ معنی خیز انداز میں اعلان کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا۔

emblazoner, n. نقش گر ؛ جگمگانے والا۔

emblazonment, emblazonry, n. جگمگاہٹ ؛ آب و تاب ؛ شوخ رنگوں کا مظہر۔

emblem, n. نشان ؛ علامت ؛ کوئی شے یا اُس کی مثل جو کسی خصوصیّت ، حالت یا افراد کے کسی طبقے کی علامت ہو ؛ کوئی نشان ، نمونہ یا شکل جو کسی شے ، شخص ، خاندان یا قوم کا نشان امتیاز ہو ؛ کوئی تمثیلی ڈرائنگ یا تصویر مع تحریری تشریح کے ؛ کوئی تمثیل؛ حکایت یا قِصہ جسے تصویروں میں پیش کیا جا سکے۔ (فعل متعدی) کسی نشان کے ذریعے ظاہر کرنا۔

emblematic, emblematical, a. علامتی ؛ کسی علامت سے متعلّق یا اُس کی نوعیّت کا ؛ کسی علامت کا کام دینے والا ؛ مثالی ؛ نمائندہ۔

emblematically, adv. علامتی طور پر ؛ مثالی طور پر ؛ نشان کے طور پر۔

emblematist, n. نمونہ ساز ؛ نشان تیار کرنے یا استعمال کرنے والا۔

emblematize, v.t. نشان کا کام دینا ؛ بطور علامت کام لینا ؛ کسی نشان کے ذریعے ظاہر کرنا ؛ علامت ہونا۔

emblements, n. (قانون) منافعِ فصل ؛ زمین کی سالانہ پیداوار جس پر کاشت کار کو قانونی حق حاصل ہوتا ہے ؛ کاشت کار کا مُنافعِ فصل۔

embody, v.t. صورت گری کرنا ؛ منظّم کرنا؛ مُجسم کرنا ؛ انسانی صورت میں ہونا یا متشکل کرنا ؛ مادّی شکل میں ظاہر کرنا ؛ غیر مبہم اور قابلِ فہم بنانا ، جیسے خیالات کو ظاہری صورت میں پیش کرنا ؛ جسم یا مربوط کمیّت کی شکل دینا یا اس شکل میں یکجا کرنا ؛ اجزا کو جمع کر کے ایک منظّم کُل بنانا۔

embodiment, n. صورت گری ؛ تجسیم ؛ مادّی شکل میں اظہار ؛ تجسیم کا عمل۔

embodier, n. صورت گر ؛ تجسیم گر۔

embolden, v.t. جی بڑھانا ؛ ہمت بندھانا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ جرأت دلانا۔

embolectomy, n. (جرّاحی) سدادبراری ؛ شریان سے سُدۂ خون نکالنے کا عمل۔

embolic, a. (جنین) سُدّادی ؛ درافگندہ ۔ (امراضیات). سُدّادیت سے متعلّق ؛ شریان میں انجماد خون سے متعلّق۔

embolism, n. ایزاد ؛ تکبیس ؛ مکبوسہ وقت ۔ (طب) انجماد خون شریان ؛ سدّادیت ؛ عموماً سُدۂ خون۔

embolus, n. (طب) سدّاد ؛ کوئی غیر طبعی شے جو خون کی نالی میں گردش کر رہی ہو جیسے خون کی پھُٹکی یا ہوائی بُلبُلہ۔

emboly, n. (جنین) درافگنی ؛ اغلاف ؛ کسی جزو کے اندر کسی اور جزو کی مداخلت یا نمو جیسے گیسٹرولا (gastrula) کی تشکیل سے بلاستولا (blastula) کی دیوار کے غلافی عمل میں انضاد۔

embosom, v.t. گھیرے میں لینا ؛ آغوش میں لینا ؛ پالنا ؛ سایۂ عاطفت میں لینا ؛ پرورش کرنا۔

emboss, v.t. (دھات کاری) مُنبت کرنا ؛ بیل بوٹے بنانا ؛ گُل کاری کرنا ؛ کسی سطح پر اُبھرویں پھُول بنانا۔

embosser, n. گُل کار ؛ منبّت کار ـ

embossment, n. گُل کاری ؛ منبّت کاری ـ

embouchure, n. دریا کا دہانہ ـ (موسیقی) باجے کا مُنہ سے بجانے والا حصّہ ؛ یہ باجا بجاتے وقت مُنہ کی بناوٹ ـ

embowed, a. کمان کی طرح باہر کو مڑا ہوا ؛ کمانی ؛ محرابی یا محراب دار ـ

embowel, v.t. آنتوں کو جسم سے نکال دینا ـ

embower, v.i. درختوں کی کُنج میں رہنا یا آرام کرنا ـ (فعل متعدی) پتوں کی چھت چھانا ـ

embrace, v.t. بغلگیر ہونا ؛ گلے لگانا ؛ لپٹا لینا ؛ گرم جوشی سے معانقہ کرنا ؛ قبول کرنا ؛ کسی موقع سے فائدہ اٹھانا یا کسی خیال کو اپنانا ؛ کسی عقیدے یا مسلک کو اختیار کرنا یا قبول کرنا (جیسے : He embraced the moslem faith) ؛ شامل کرنا ؛ احاطہ کرنا یا محیط ہونا (جیسے : A red wood fence embraced the rose garden) ؛ ملا لینا یا شامل کر لینا (جیسے : His painting embraced most of the newer art techniques.) ـ (فعل لازم) گلے ملنا ؛ گرمجوشی سے بغلگیر ہونا ؛ معانقہ ہونا ـ

embracement, n. بغل گیری ؛ معانقہ ـ

embracer, n. بغل گیر ہونے والا ؛ گلے ملنے والا ـ

embraceable, a. قابل قبول ؛ ہم آغوشی کے قابل ـ

embracery, n. (قانون) تحریص و ترغیب ؛ خوشامد یا روپیہ پیسہ وغیرہ سے جیوری پر اثرانداز ہونے کی کوشش ـ

embraceor, n. (قانون) جیوری یا عدالت پر ناجائز اثر ڈالنے والا ـ

embranchment, n. شاخوں کا پھیلاؤ ؛ شاخ در شاخ پھیلاؤ ـ

embrangle, imbrangle, v.t. اُلجھانا ؛ پھنسانا ـ

embranglement, n. اُلجھاؤ ؛ پھنساؤ ـ

embrasure, n. (قلعہ بندی) طاقچہ ؛ جھروکا ؛ موکھا ؛ کنگرہ ؛ دیوار قلعہ یا شہر پناہ کے وہ موکھے جن میں توپ کے دہانے رکھ کر اندر سے دُشمن کو نشانہ بنایا جاتا ہے ـ (فن تعمیر) دروازے یا کھڑکی کا اندرونی طاقچہ ـ (دندان سازی) دانتوں کی ریخ ـ

embrittle, v.t. پھوٹک بنانا ؛ بے لچک کرنا ؛ بُھربُھرا کرنا ـ (فعل لازم) تڑکیلا ہونا؛ بھربھرانا ہونا ؛ پھوٹک ہونا ـ

embrittlement, n. تڑکیلا پن ؛ پھوٹک پن؛ بے لچکیلا پن ؛ بھربھرا پن ـ

embrocate, n. طِلا کرنا ؛ مساج کرنا ؛ مالش کرنا ؛ لیپ یا محلول سے مالش کرنا ـ

embrocation, n. مساج ؛ مالش ؛ طِلا ؛ لیپ ؛ ضماد ؛ جسم کے زخمی یا بیمار حصّے پر لیپ لگانے کا عمل ؛ وہ مائع جو اس غرض سے استعمال کیا جائے ؛ لیپ یا محلول ـ

embroider, v.t. زردوزی کرنا ؛ سوزن کاری سے کپڑے کو منقّش کرنا ؛ کشیدہ کاری کرنا ؛ زیب داستان کے لیے بڑھانا ـ (فعل لازم) کارچوب بنانا ؛ کاڑھنا ـ

embroidery, n. سوزن کاری ؛ کشیدہ کاری ؛ کارچوبی ؛ سوزن کاری کا فن جس میں کپڑے پر سوئی تاگے سے اُبھرواں نقش و نگار اور نمونے بنائے جاتے ہیں ؛ سوزن کاری کے نمونے یا وہ چیز جو سوزن کاری سے تیّار کی جائے ؛ زیبِ داستان ـ

embroiderer, n. کشیدہ کار ؛ سوزن کار ؛ گُل کار ؛ زردوز ـ

embroil, v.t. مفسدہ پردازی کرنا ؛ جھگڑا کھڑا کر کے گڑبڑ پھیلانا ؛ گڈمڈ کرنا ؛ جھگڑے میں اُلجھانا ؛ ناچاقی پیدا کرنا ـ

embroilment, n. گڑبڑ ؛ ناچاقی ؛ آویزش ـ

embrown, v.t. بُھورا کرنا ؛ سانولا بنانا ـ (فعل لازم) سنولا جانا ؛ بُھورا پڑنا ـ

embrue, v.t. دیکھیے : imbrue ـ

embryo, n. کچا بچّہ ؛ جنین ؛ مُضغَہ ؛ ناپُختہ ؛ حضنہ دانی ؛ ایک کثیرالخلیاتی یا جسم نامی جو بارور بیضے سے پیدایش یا قلبِ ماہیّت کے مرحلے تک نمو کے عمل سے گزر رہا ہو ؛ تُخم کے اندر پودے کا ہیولی نمو کا تیز رفتار عمل شروع ہونے سے پہلے ، جسے تخم کا جرم بھی کہا جاتا ہے ؛ میمل حیوانات میں رحم کے اندر بچّے کی نشوونما کا ابتدائی مرحلہ ؛ اِنسان میں حمل کا ابتدائی مرحلہ ، دوسرے مہینے کے اختتام تک ؛ کوئی بھی چیز جو ادھوری حالت میں ہو ، (جیسے : The embryo of an idea) ـ

embryonic, embryonal, a. جنینی ؛ ابتدائی مرحلے میں ؛ خام ؛ ناپُختہ ـ

embryonically, adv. جنینی طور پر ؛ خام طور پر ؛ ناپُختگی سے ـ

embryonated, a. حاملہ ؛ گابھن ؛ حامِل جنین ـ

embryogeny, embryogenesis, n. جنینی تکوین ؛ جنین زائی ؛ جنین کی تشکیل اور نمو ؛ ایسی تشکیل اور نمو کا مطالعہ ـ

embryogenic, embryogenetic, a. تشکیلِ جنین کے مطالعے سے متعلّق ـ

embryology, n. عِلمُ الجنین ؛ جنینیات ؛ جنین کی تشکیل و نمو کا مطالعہ ؛ خود اس تشکیل کا عمل ـ

embryologic, embryological, a. جنینیاتی ـ

embryologically, adv. جنینیانہ ـ

embryologist, n. ماہر جنینیات ـ

embryonic disk, n. (حیاتیات) نہوضی قُرص یا غشائے نہوضی / نہوضی اَدَمہ ؛ نمودی تھیلی کے خلیوں کا ہم ترکیب قُرص جس سے کسی میمل مشیمی حیوان کا جنین نمو پاتا ہے ـ

embryonic layer, n. (حیاتیات) تُخم حیات ـ

embryonic membrane, n. (حیوانیات) زردی کی تھیلی ؛ کیسۂ زردہ ؛ فقرہ دار حیوانات میں مُقوی اور حفاظتی جنینی ساخت جو اصل جنین کے باہر ہوتی ہے لیکن جنسی اجزائے تُخم کے میل سے پیدا ہوتی ہے ـ

embrophyte, n. (نباتیات) ایمبروفائیٹ ؛ عروقی ریشوں والا کوئی جنین زا پودا جس کی تعریف سے تالوسی پودے خارج ہیں ـ

embryosac, n. (نباتیات) جنین خانہ ؛ جنین دان ؛ جنینی تھیلی ؛ تخم بردار پودوں کے بیضک کا وہ کثیرالمراکز بیضوی خُلیہ جس میں بیضے کی باروَری اور پودے کے ہیولے کی نشوونما ہوتی ہے ـ

embryotic, a. کچّا ؛ ابتدائی ؛ خام ؛ ابتدائی مرحلے میں ـ

embryo transfer, n. منتقلیٔ جنین ؛ جسم سے نکالے ہوئے اور ایک خصوصی ظرف (petridish) میں بارور کیے ہوئے بیضے کو رحم کے اندر رکھنے کی تکنیک ـ

emersion, n. گردوپیش کے پانی پر ایستادہ یا اس کی سطح کے اوپر اُبھرنے والا مثلاً کسی آبی پودے کا پتّا یا تنا ۔
ظہور ؛ برآمدگی ؛ کسی جرمِ فلکی کا گرہن یا احتجاب سے نکل آنے کا عمل ؛ انجلا ۔

emery, n. ریگ مال ؛ صیقلی سِلی ؛ سنگ سُنباده ؛ ایک معدنی بُھورے رنگ کا کرنڈ جو دھاتوں ، پتھروں اور شیشوں کو صیقل کرنے کے کام آتا ہے ۔

emery board, n. کاغذی ریگ مال ، جو ناخن صاف کرنے کے کام آتا ہے ۔

emery cloth, n. کتانی ریگ مال ، جو دھاتوں کو صیقل کرنے کے کام آتا ہے ۔

emetic, a. قے آور ۔ (اسم) کوئی بھی قے آور دوا یا شے ۔

emetine, n. قے آور اور دوسرے طبّی خواص کا حامل قلیاسا جو امیبائی پیچش کے علاج میں استعمال ہوتا ہے ۔

emeu, n. دیکھیے : Emu ۔

emigrant, n. تارکِ وطن ؛ مہاجر ؛ کسی ملک خصوصاً وطن سے ہجرت کر کے دوسرے ملک میں جا بسنے والا شخص ۔ (صفت) مہاجرانہ ۔

emigrate, v.i. ہجرت کرنا ؛ ترکِ وطن کرنا ؛ نقل وطن کرنا ؛ کسی ایک ملک ، ریاست یا خطّے کو چھوڑ کر کسی دوسرے ملک یا سرزمین میں جا بسنا ۔ (فعل متعدی) ایک ملک یا ریاست سے دوسرے ملک یا ریاست میں نقل مکانی کرانا ؛ ترک وطن کی ترغیب دینا ۔

emigration, n. ہجرت ؛ نقل مکانی ؛ ترکِ وطن ؛ کسی مُلک یا ریاست کے باشندوں کی دوسرے مُلک یا ریاست میں مستقل رہایش اختیار کرنے کے لیے ہجرت ؛ مہاجرین کا گروہ یا جماعت مہاجرین ۔

emigre, n. تارکِ وطن ؛ وہ فرانسیسی، خصوصاً شاہ پرست جو ۱۷۸۹ء کے انقلاب فرانس کے دوران ترکِ وطن کر کے کہیں اور پناہ گزیں ہو گئے تھے ؛ وہ شخص جو اپنے وطن کے سیاسی حالات کے پیش نظر رضاکارانہ طور پر جلاوطنی اختیار کر لے ۔

eminence, eminency, n. فوقیّت ؛ بزرگی ؛ امتیاز ؛ برتری ؛ عہدے ، مرتبے یا ذاتی کارناموں کی بدولت امتیازی حیثیت : کوئی باکمال شخص ؛ کارہائے نمایاں انجام دینے والی ہستی ؛ کوئی نمایاں شے ؛ کارڈینل کا لقب ؛ پہاڑی ؛ بلند ؛ فراز ۔

eminent, a. مشہور ؛ معروف ؛ مُمتاز ؛ عہدے ، مرتبے یا عوام میں محترم ہونے کی بنا پر بلند حیثیّت کا مالک ؛ سر بر آورده ؛ بزرگ ؛ بُلند مرتبہ ۔

eminently, adv. خصوصیّت کے ساتھ ؛ امتیاز کے ساتھ ۔

eminent domain, n. حقِ فائق ؛ کسی مملکت کے اندر تمام املاک پر حکومت کا حقِ مِلکیّت جس کی بدولت وہ مالک کو معاوضہ دے کر اس کی نجی جائیداد سرکاری استعمال کے لیے اپنے قبضے میں لے سکتی ہے ۔

emir, emeer, n. میر یا امیر ؛ سید ؛ عرب سردار یا والئ ریاست ؛ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل کا اعزازی لقب ؛ بعض ترکی عہدہ داروں کا خطاب ۔

emirate, emeerate, n. امارت ؛ امیر کا عہدہ ۔

emcee, v.i. [ماسٹر آف سریمنیز کا مخفّف : ایم ۔ سی] میر تقریبات کے فرائض انجام دینا ۔ (فعل متعدی) کسی کے لیے میرِ تقریبات کے فرائض انجام دینا ۔ (اسم) میر تقریبات ؛ ماسٹر آفِ سریمنیز ؛ افسر تقریبات ۔

emeer, n. امیر ۔ دیکھیے : Emir ۔

emend, v.t. تصحیح کرنا ؛ ترمیم کرنا ؛ صحیح کرنا ؛ خامیوں یا غلطیوں سے پاک کرنا ؛ اب یہ لفظ کسی کتاب کے متن وغیرہ کی غلطیاں درست کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

emendable, a. تصحیح طلب ؛ قابل تصحیح ۔

emendate, v.t. اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ تصحیح کرنا ، جیسے متنِ کتاب کی ۔

emendation, n. اصلاح ؛ تصحیح (اغلاط کتابت وغیرہ کی) ؛ تصحیح کا عمل ۔

emendator, emender, n. تصحیح کُننده ۔

emendatory, a. اصلاحی ؛ تادیبی ۔

emerald, n. زُمرد ؛ زبرجد ؛ فیروزہ سبز (بیرل) کی ایک قسم جو شفاف ہوتی ہے اور جسے جواہرات کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔ (برطانوی ، طباعت) ساڑھے چھ پوائنٹ کا ٹائپ جس کا سائز نان پیریل (nonpareil) اور منین (minion) کے درمیان ہوتا ہے ؛ ٹائپ کی قسم ۔ (صفت) گہرے سبز رنگ کا ؛ زمردیں ۔

Emerald Isle, n. آئرلینڈ/آئرستان جو اپنی سرسبزی و شادابی کے باعث اس نام سے موسوم ہے ۔

emerge, v.i. ظاہر ہونا ؛ برآمد ہونا ؛ اُبھرنا ؛ ظہور پذیر ہونا ؛ کسی سیّال یا دوسرے غلافی مادّے سے برآمد ہونا ؛ مشاہدے میں آنا ؛ پردہ اخفا سے باہر آنا ؛ ارتقا سے وجود میں آنا ؛ کمتر حالت سے ترقی کرنا ۔

emergence, n. ظہور ؛ خروج ؛ ابھرنے کا عمل ؛ نمود ؛ ظہور میں آنے کا موقع ۔ (حیاتیات) کسی پودے کی سطح پر رونما ہونے والی روئیدگی ؛ برِبالیدگی ۔

emergency, n. ہنگامی حالت ؛ ناگہانی صورتِ حال ؛ اچانک اور بالعموم خلافِ توقع رُونُما ہونے والی صورت ؛ واقعات جو فوری کارروائی کے متقاضی ہوں ۔

emergent, a. ہنگامی ؛ ناگہانی ؛ فوری ظاہر ہونے والا ؛ اُبھر کر نظر یا توجہ میں آنے والا ؛ غیر متوقع ؛ اچانک رونما ہونے والا ؛ فوری توجہ کے لیے ؛ اشد ضروری ؛ انتہا درجہ تاکیدی ۔ (اسم) معرضِ وجود میں آنے والی کوئی شے ؛ ایک قسم کا آبی پودا جس کی روئیدگی زیادہ تر پانی کی سطح کے اوپر ہوتی ہے ۔

emergent evolution, n. (فلسفہ ، حیاتیات) ہنگامی ارتقا ؛ یہ نظریہ کہ ارتقا کے بعض نازک مراحل میں یکا یک کچھ ایسی نئی خصوصیات نمودار ہوتی ہیں جن کی بدولت ایک نئی سطح پر ارتقا ممکن ہو جاتا ہے ۔

emeritus, a., n. امریطس ؛ متقاعد ؛ وہ شخص جو پیرانہ سالی ، مقررہ مدّت ملازمت پوری کرنے یا ضعیفی کی بنا پر ملازمت سے فارغ ہو چکا ہو لیکن اس کی اعزازی حیثیّت برقرار رہے جیسے امریطس پروفیسر ۔

emersed, a. (نباتیات) برآبی ؛ براٰب ؛ جل تھلی ؛

emissary, n. سفارت کار ؛ قاصِد ؛ ایلچی ؛ سفارت پر بھیجا جانے والا شخص ؛ جاسوس ؛ مخبر ؛ فرستادہ (کسی مقصد کے لیے) ۔

emission, n. اصدار ؛ اجرا ؛ نکل پڑنے یا اخراج کا کوئی عمل ؛ خارج ہونے والی شے ؛ اجرا جیسے ڈالر بلوں کا ؛ جسم سے سیّال مادّے کا انزال جیسے منی کا نکلنا ۔ (برقیات) تپے ہوئے زیر برقیرے کے موصل سے برقیوں کی حرکت ۔

emissive, a. اخراجی ؛ انزالی ؛ اَصداری ۔

emit, v.t. چھوڑنا ؛ نکالنا ؛ خارج کرنا ، جیسے حرارت ، روشنی ، بھاپ کا ؛ جاری کرنا اور رائج کرنا جیسے کرنسی کا ؛ اظہار کرنا ؛ آواز نکالنا ۔

emitter, n. اجراکُنندہ ؛ اخراج کُنندہ ۔

emmenagogue, n. حیض آور ؛ ایک حیض آور دوا ۔

emmetropia, n. ایمی ٹروپیا ؛ بصارت طبیعی ؛ مہیّج نظری ؛ آنکھ کے پردے کی معمول کے مطابق انعطافی حالت جس میں روشنی کی شعاعیں صحیح طور پر شبکیہ پر مرکوز ہو جاتی ہیں اور نظر بالکل ٹھیک ہوتی ہے ۔

emmetropic, a. بصارت طبیعی سے متعلّق ۔

emollient, a. سکون بخش ؛ تسکین بخش ؛ مُسکّن ؛ نرم کرنے والا ؛ جلد کو سُکون پہنچانے والا ۔ (اسم) ایک دوا جو متوّرم ریشوں کو ملائم کرتی اور سُکون پہنچاتی ہے ۔

emolument, n. تنخواہ ؛ معاوضہ ؛ مشاہرہ ؛ یافت ؛ عُہدے یا ملازمت سے حاصل ہونے والا مُنافع ؛ خدمات کا معاوضہ ۔

emote, v.i. جذبات کا مظاہرہ کرنا ؛ جذبات کے اظہار میں غلو کرنا ، جیسے اداکاری میں ؛ ہیجان ظاہر کرنا ؛ مبالغہ آمیز جذباتی طرز عمل کا مظاہرہ کرنا ۔

emoter, n. جذباتی ۔

emotion, n. جذبہ ؛ جوش ؛ ہیجان ؛ ولولہ ؛ شوق ؛ ترنگ ؛ قوی احساس ؛ شعور کی مؤثّر حالت جس میں مسرّت ، رنج ، خوف ، نفرت اور ایسی ہی دوسری کیفیّات کا تجربہ ہوتا ہے جو شعور کی وقوفی اور ارادی حالتوں سے ممیّز ہوتی ہیں ؛ خوشی ، غم ، خوف ، نفرت ، محبّت وغیرہ جیسا کوئی احساس ؛ نفس کی کوئی ہیجانی کیفیّت جس کے ساتھ فعلیاتی تبدیلی یا تبدیلیاں بھی رونما ہوتی ہیں ؛ کوئی مُحرّک جس سے شدید ہیجانی کیفیّت پیدا ہو ۔

emotional, a. جذباتی ؛ جذبے سے متعلّق یا مُتّصف ؛ جذبہ آمیز؛ جذبات انگیز ؛ جذبات کو متاثّر کرنے یا برانگیختہ کرنے والا ؛ ہیجان آور ۔

emotionally, adv. جذباتی طور پر؛ جوش سے ؛ ہیجانی طور پر ۔

emotionless, a. بے حس ؛ بے احساس ؛ جذبات سے عاری ۔

emotionalist, n. جذبات انگیز ؛ جذبات پرست ؛ جذبات کو غیر ضروری طور پر برانگیختہ کرنے والا شخص ؛ وہ شخص جو کردار کو عقل کی بجائے جذبات پر مبنی قرار دیتا ہے ؛ وہ شخص جو جذبے سے جلد مُتاثّر ہو جاتا ہے ۔

emotionalistic, a. جذباتی ؛ جذبات پرستی سے متعلّق ۔

emotionalism, n. جذباتیّت ؛ برانگیختہ ہونے کا میلان ؛ بے جا جذباتیّت ۔

emotionality, n. جذباتی کیفیّت یا خصوصیّت ؛ جذباتیت ۔

emotionalize, v.t. جذبات اُبھارنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ جذباتی معاملہ قرار دینا ۔

emotive, a. جذبات انگیز ؛ جذبات سے متعلّق ۔

emotively, adv. جذباتی طور پر ؛ جذبات انگیزی سے ۔

emotivity, emotiveness, n. جذباتی برانگیخت ؛ جذباتیّت ۔

empale, v.t. دیکھیے : Impale ۔

empanel, v.t. دیکھیے : Impanel ۔

empathize, v.i. ہم احساس ہونا ؛ ہم گُداز ہونا ؛ ہم درد ہونا ؛ ہم دلی رکھنا ؛ ذہنی طور پر کسی شخص کے احساس یا کسی شے کی روح میں سما جانا ؛ معنوی طور پر ہم آہنگ ہونا ۔

empathy, n. (نفسیات) ہم احساسی ؛ ہمگدازی ؛ ہم دردی ؛ ہم دلی ؛ ذہنی طور پر کسی شخص یا شے کے احساس یا روح میں سما جانے یا حلول کرنے کا عمل ؛ تحسین آمیز ادراک یا ہم آہنگی ؛ قدر شناسی ۔

empennage, tail assembly, n. طیّارے کی دُم ؛ طیّارے کے عقبی سرے کے کَل پُرزے جو افقی اور عمودی توازن برقرار رکھتے ہیں ۔

emperor, n. شہنشاہ ؛ سُلطانِ معظّم ؛ فرمان روا جسے کسی حکومت کا اقتدارِ اعلیٰ/اختیارات کُلّی حاصل ہوں ؛ بادشاہ سے برتر اعزازی لقب ۔

empery, n. سلطنت ؛ غیر محدود مُملکت ۔

emphasis, n. تاکید ؛ تائید ؛ زور ؛ اہمیت ؛ کسی چیز پر زور یا اسے حاصل شُدہ اہمیّت ؛ تاکیدِ لفظی ؛ زور بیان ؛ نمایاں ہونا ، جیسے بیرونی خطوط یا خاکے کا ۔

emphasize, (Brit.) **emphasise,** v.t. زور دینا ؛ تاکید کرنا ؛ اہمیت جتانا ۔

emphatic, a. تاکیدی ؛ زور دے کر کہا گیا ؛ براہِ راست یا پرزور (تقریر یا فعل) ؛ نمایاں ؛ پُرزَور ؛ پُرمعنی ؛ واضح خُطوط ؛ جلی خُطوط یا نشانات سے واضح کردہ ۔

emphatically, adv. تاکیداً ؛ پرزور طور پر ۔

emphysema, n. (امراضیات) نفخ ؛ نفّاخ ؛ اندرونی ریشوں یا اعضا میں ہوا بھرنے سے جسم کا پُھولنا خصوصاً پھیپھڑوں کا ؛ ایک مرض جس میں پھیپھڑے کے ریشے پتلے ہو جاتے ہیں اور ان کی لچک جاتی رہتی ہے ۔

emphysematous, a. نفخی ؛ نُفاخی ۔

empire, n. ریاست ؛ مملکت ؛ سلطنت ؛ قلمرو ؛ وہ علاقہ ، ممالک یا اقوام جن پر کسی شہنشاہ یا طاقتور مطلقُ العنان حکمران کا قبضہ ہو ؛ کسی شہنشاہ کا علاقہ یا حکومت ؛ بالعموم ایسا علاقہ جو کسی بادشاہ کی قلمرو سے بڑا ہو ؛ قلمروِ بالاتر ؛ کلّی اقتدار ؛ سامراجی طاقت ؛ شاہی قُوّت ؛ کوئی چیز جو طاقت اور وُسعت کے لحاظ سے کسی سلطنت کے مشابہ ہو ، جیسے کوئی مقتدر اور بااثر کاروباری ادارہ جو بلاشرکت غیرے کسی فردِ واحد ، کنبے یا گروہ کے قبضہ و اختیار میں ہو ۔

Empire, a. لباس ، فن تعمیر یا تزئین و آرایش کے اُس طرز سے متعلق جو انیسویں صدی کے اوائل میں فرانس کے عہد شہنشاہیت کے دوران میں مروّج تھا ؛ اسی عہد کے ایک خاص قسم کے گون سے منسوب جس میں کمر بند اونچا اور گلا کُھلا ہوتا تھا ۔

empiric, n. اتائی ؛ اناڑی ؛ محض تجربے اور مشاہدے پر تکیہ کرنے والا شخص ۔

empirical, a. تجربی ؛ عملی ؛ محض تجربے اور مشاہدے پر مبنی جس میں سائنس یا نظریے کو ملحُوظ نہ رکھا گیا ہو ؛ حسیاتی ؛ وارداتی ۔

empirically, adv. اتائی طور پر ؛ حسیاتی طور پر ۔

empirical formula, n. (کیمیا) تجربی فارمولا ؛ کسی مرکّب کی تشکیل میں ایٹموں کی متناسب تعداد ظاہر کرنے والا فارمولا جس میں مُرکّب کے سالمے میں ایٹموں کی مجموعی تعداد کا ظاہر ہونا ضروری نہیں ۔

empiricism, n. اناڑی پنَ ؛ اتائیت ؛ تجربیّت ؛ تجربی خصوصیت یا طریقہ ۔ (فلسفہ) یہ عنیدہ کہ علم تجربے یا عملی ثبوت سے حاصل ہوتا ہے ۔

empiricist, n. اصولِ تجربی کا حامی ؛ تجربے پر زور دینے والا ۔

emplace, v.t. دھرنا ؛ رکھنا ، کسی جگہ یا کسی طرح ۔

emplacement, n. رکھنے کی جگہ ؛ موقع یا مقام پر رکھنے کا فعل ؛ جائے وقوع ۔ (قلعہ بندی) توپوں اور ان کے لوازمات کو رکھنے کی جگہ یا چبوترا ۔

emplane, v.t., v.i. ہوائی جہاز میں سوار کرانا یا سوار ہونا ؛ ہوائی جہاز میں لادنا ۔ مزید دیکھیے : Enplane ۔

employ, v.t. مُلازم رکھنا ؛ اپنی خدمت میں لینا ؛ کام یا دھندے سے لگانا ؛ کسی کی خدمات سے کام لینا ؛ کسی مقصد کے حصول میں مشغول ہونا یا خود کو وقف کر دینا ؛ کام میں لگانا ؛ روزگار سے لگانا ۔ (اسم) ملازمت ؛ روزگار، نوکری ۔

employable, a. قابلِ خدمت ؛ قابلِ ملازمت ۔

employability, n. ملازمت کی قابلیّت / اہلیّت ۔

employee, employe, n. ملازم ؛ اجیر ؛ وہ شخص جو تنخواہ یا اجرت کے عوض آجر کے لیے کام کرتا ہو ؛ نوکر؛ چاکر ۔

employer, n. آجر ؛ ملازم رکھنے والا ؛ آقا ؛ مالک ۔

employment, n. ملازمت ؛ نوکری ؛ روزگار ؛ مُلازم رکھنے یا کام لینے کا فعل ؛ برسر روزگار ہونے کی حالت ؛ پیشہ ؛ دھندا ؛ وہ کام جو کوئی شخص اپنا وقت گزارنے کے لیے اختیار کرے ؛ شغل ۔

empoison, v.t. کان بھرنا ؛ زہر گھولنا ؛ تلخی پیدا کرنا ؛ خوشی کو خاک میں ملا دینا ؛ بدمزگی پیدا کرنا ؛ گمراہ کرنا ۔

empoisonment, n. تلخی ؛ بدمزگی ۔

emporium, n. کاروباری مقام ؛ منڈی ؛ تجارتی مرکز ؛ کوئی قصبہ یا شہر جو اہم منڈی کی حیثیت رکھتا ہو ؛ خصوصاً کوئی بڑا تجارتی مرکز ؛ خاص طور پر بڑی دکان جس میں مختلف قسم کی اشیا و اجناس فروخت کے لیے رکھی ہوں ؛ ایمپوریم ۔

empower, v.t. مختار بنانا ؛ مجاز کرنا ؛ اختیار دینا ؛ پروانۂ اختیار عطا کرنا ۔

empowerment, n. عطائے اختیار ۔

empress, n. ملکہ معظّمہ ؛ شہنشاہ کی اہلیہ ؛ سلطنت کی حاکمہ ۔

empty, a. خالی ؛ تہی ؛ مافیہ سے مُعرّا ؛ بے آباد ؛ غیر مسکونہ ؛ غیر آباد ۔ (ریاضی) خالی سیٹ (SET) سے متعلّق ؛ قوّت ، اثر یا خلوص سے عاری ؛ شعور ، علم یا نُوّتِ فیصلہ سے عاری ؛ مُعرّا ؛ بُھوکا ؛ غیر منفعت بخش ؛ لاحاصل ۔ (اسم) خالی ظرف ، صندوق یا گاڑی ۔ (فعل متعدی) خالی کرنا ؛ خارج کرنا ۔ (فعل لازم) خالی ہونا ۔

emptiness, n. خالی پن ؛ خلا ۔

ampty-handed, a. تہی دست ؛ خالی ہاتھ ؛ بے سُود یا لاحاصل ۔

empty-headed, a. تہی دماغ ؛ تہی مغز ؛ فکر سے عاری ؛ کوڑھ مغز ؛ کُند ذہن ۔

empurple, v.t. سُرخ کرنا ؛ ارغوانی کرنا ۔

empyema, pyothorax, n. (طب) پیپ زدگی ؛ جسم کے کسی خلا ، خاص طور پر سینے کے جوف میں پیپ بھرجانے کا عمل ۔

empyemic, a. پیپ زدگی سے متعلّق ۔

empyreal, empyrean, a. افلاکی ؛ عرشی ؛ نوری ؛ ناری ؛ نری آگ اور روشنی کا بنا ہوا ؛ ہوا سے بڑھ کر لطیف ؛ عرش سے متعلّق ؛ قدیم کونیات کی رُو سے آسمان کے بلند ترین اور مقدّس ترین خطّے سے متعلق ؛ فلک الافلاک سے متعلّق ۔

empyrean, n., a. عَرش بریں ؛ فلک الافلاک جہاں قدما کے عقیدے کے مطابق آگ کا خالص ترین عُنصر پایا جاتا ہے ؛ آسمانِ ہشتم ۔

emu, emeu, n. آسٹریلوی شتر مرغ ؛ آسٹریلیا کا کوئی پانچ فٹ بلند تین نوکی پنجوں والانا پرواز پرندہ جوشترمرغ (Cassowary) سے قریبی نسبت رکھتا ہے ؛ایمو ۔

emulate, v.t. رشک کرنا ؛ ہم سری کرنا ؛ ریس کرنا ؛ اوصاف و افعال میں برابر یا برتر ہونے کی کوشش کرنا ؛ نقل کرنا ؛ مُقابلہ کرنا ؛ حریف ہونا ؛ رقیب ہونا ۔

emulator, n. حریف ؛ رقیب ؛ ریس کرنے والا ؛ رشک کرنے والا؛ نقل کرنے والا ۔

emulation, n. رقابت ؛ رشک ؛ ریس ؛ نقالی کرنے کا عمل ۔

emulative, a. رقیبانہ ؛ حریفانہ ۔

emulatively, adv. رشک سے ؛ رقابت سے ۔

emulous, a. سبقت خواہ ؛ ریس کرنے / ہمسر یا برتر ہونے کا خواہشمند یا مُشتاق ؛ رشک یا ریس کے جذبے سے پیدا ہونے والا ۔

emulously, adv. سبقت خواہانہ ۔

emulousness, n. رشک آوری ؛ سبقت خواہی ۔

emulsify, v.t. شیرہ بنانا ؛ شِیرے میں تبدیل کرنا ۔

emulsible, a. قابل شِیرہ سازی ۔

emulsification, n. شیرہ سازی ۔

emulsifier, n. شیرہ ساز ۔

emulsion, n. آمیزہ ؛ شیرہ ؛ حلیب ؛ کوئی دودھیا مائع ؛ تیّار کردہ آمیزہ ۔ (کیمیا) دو غیر محلّل مائعات کا آمیزہ ، جیسے دودھ میں مکھّن کی چکنائی ۔ (عکاّسی) ایملشن ؛ فوٹوگرافی کی فلموں ، پلیٹوں یا کاغذ پر چڑھی ہوئی تہ جو روشنی کی شُعاعوں کا اثر جلد قبول کرتی ہے ۔

emulsoid, n. (کیمیا) حلیب نُما ؛ کوئی مائع جو کسی دوسرے مائع میں مل کر لسونتی یا لسلسی صورت اختیار کرے ؛ ایملشن ۔

emulsoidal, a. حلیبی ؛ دودھ آسا ۔

en, n. (طباعت) طباعت کے پیمانے em کی چوڑائی کا نصف ۔

enable, v.t. مختار کرنا ؛ مجاز کرنا ؛ قابل کرنا ؛ کسی کو جسمانی طاقت بہم پہنچانا یا اخلاقی یا قانونی طور پر مجاز کرنا ؛ (کسی کام کے لیے) کافی ذرائع استعداد یا اختیار فراہم کرنا ؛ آسان یا مُمکن بنانا ۔

enabling, a. خصوصی یا غیر معمولی اختیار عطا کرنے والا ، مثلاً کوئی قانون یا ایکٹ ۔

enact, v.t. مظاہرۂ فن کرنا (اسٹیج پر) ؛ ایکٹ بنانا ؛ قانون وضع کرنا ؛ کسی مسّودہ قانون کو باضابطہ قانون میں تبدیل کرنا ؛ مظاہرۂ فن کرنا ؛ اسٹیج پر اداکاری کرنا ۔

enactive, a. قانون وضع کرنے یا نافذ کرنے کا مجاز ۔

enactment, n. قانون وضع کرنے کا عمل یا وضع ہونے کی حالت ؛ وضع شُدہ قانون ؛ فرمان ؛ قانون ؛ حُکم ۔

enectable, a. قابلِ وضع قانون ۔

enactor, n. قانون وضع کرنے والا ؛ قانون ساز ۔

enamel, n. انیمل ؛ مِینا ؛ وارنش ؛ قلعی ؛ ایک چیز جو شیشے کے مشابہ لیکن اس سے کہیں زیادہ گداختنی اور شفّاف ہوتی ہے اور جس کی دھات اور شیشے کی اشیا اور ظروف پر بطور آرایش یا حفاظت قلعی کی جاتی ہے ؛ مِینا کے مشابہ چمکدار اور رنگا رنگ سطح ؛ چمکدار رنگ یا وارنش ؛ مِینا کا سامان یا ظروف ؛ مینا کاری ۔ (دندان سازی) دانتوں کے اوپر کی شفاف سی تہ ۔ (فعل متعدی) (کسی چیز پر) مِینا کاری کرنا ؛ مینا سے رنگا رنگ تصویریں بنانا ؛ کسی شے کی سطح پر مِینا کی طرح چمکدار ملمّع کرنا ؛ رنگ برنگی چیزوں سے آراستہ کرنا ۔ (فعل لازم) مِینا کاری ہونا ؛ مِینا کاری کا پیشہ اختیار کرنا ۔

enameller, enamellist, n. مینا کار ؛ملمّع کار ؛ قلعی گر ۔

enamelware, n. مینائی برتن (خصوصاً کھانے پینے کے) ؛ روغنی برتن ۔

enamor, (Brit.) **enamour,** v.t. مسحُور کرنا ؛ گرویدہ کرنا ؛ لُبھانا ؛ محبت کی آگ بھڑکانا ؛ موہ لینا ؛ فریفتہ کرنا ، یہ فعل بالعموم ماضی معطوفہ میں اور حرفِ جار of یا with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ۔

enamoredness, enamouredness, n. مسحوریّت ؛ گرویدگی ؛ فریفتگی ۔

enantiomorph, n. (کیمیا ، قلمیات) ہم شبیہہ ؛ ہم شکل ؛ ایسے دو یکساں قلموں یا کیمیائی مرکبات میں سے ایک جن کی سالماتی ہیئتیں ایک دوسرے کا ہوبہو عکس ہوں مگر جو متشاکل نہ ہوں ؛ مقابل شکلہ ، جیسے آئینے میں ۔

enantiomorphic, a. مقابل شکلی ۔

enantiomorphism, n. مقابل شکلیت ۔

enantiomorphous, a. مقابل شکل ۔

enarthrosis, n. (تشریح الاعضا) قُفلی جوڑ ؛ متحرک جوڑ ؛ دو ہڈیوں کا قُفلی نُما جوڑ ۔

encaenia, n. (واحد اور جمع دونوں صیغوں میں مستعمل) کسی شہر کی تاسیس یا کلیسا میں نذر نیاز/اسقف کی دستار بندی وغیرہ کا جشن ۔ (بڑے E سے) انگلینڈ میں آکسفورڈ یونیورسٹی کی سالانہ تقریب جو بانیوں اور محسنوں کی یاد میں منائی جاتی ہے ؛ یوم بانیانِ جامعۂ آکسفورڈ ۔

encage, v.i. پنجرے میں بند کرنا ؛ قید کرنا ؛ قفس بند کرنا ۔

encamp, v.i. پڑاؤ ڈالنا ؛ (فوج کا) خیمہ زن ہونا ۔ (فعل متعدی) کیمپ قائم کرنا یا کیمپ میں رکھنا ۔

encampment, n. خیمہ زنی ؛ پڑاؤ ؛ جائے قیام ، لشکر گاہ یا اس میں مقیم اشخاص ۔

encapsulate, encapsule, v.t. کیپسول کی طرح یا کیپسول میں بند کرنا ۔ (فعل لازم) کیپسول میں بند ہونا ۔

encapsulation, n. کیپسول بندی ؛ دُرجک بندی ۔

encapsulated, a. کیپسول بند ؛ دُرجک بند ۔

encase, incase, v.t. لپیٹنا ؛ غلاف چڑھانا ؛ کسی چیز کو اس کے خانے میں رکھنا ۔

encasement, n. خانہ بند ؛ خانہ بندی ۔

encaustic, a. کاشی کاری سے متعلّق ؛ مومی نقّاشی سے متعلّق ؛ مومی رنگ ، آنچ سے چڑھانے کے بارے میں ؛ اس طرح تیّار ہونے والی چیز یا رنگوں کو تاپنے کے کسی بھی عمل کی بابت ۔ (اسم) کاشی کاری یا مومی نقّاشی کا فن ؛ کاشی کاری کے عمل سے تیّار شُدہ سامان ۔

encaustically, adv. کاشی کاری سے ۔

enceinte, a. حاملہ(عورت)؛ (عورت) جو امید سے ہو ۔

enceinte, n. دیوار یا احاطہ جیسے قلعے وغیرہ کا ؛ احاطہ بند جگہ ۔

encephalic, a. ذہنی ؛ دماغی ؛ دماغ یا قحفی جوف کی دوسری ساختوں سے متعلّق ۔

encephalitis, n. (امراضیات) ورمِ دماغ ؛ دماغ کی سوزش ۔

encephalitic, a. ورم دماغ سے متعلّق ۔

encephalogram, encephalograph, n. (طِب) دماغ کا ایکسرے ؛ ترسیمِ دماغ ؛ تصویرِ دماغ ؛ عکسِ دماغ ؛ نگارشِ دماغ ۔

encephalography, n. دماغ کی تصویر کشی یا اس کی تکنیک ؛ دماغ نگاری ؛ تصویر کشی کے اس عمل سے قبل جس میں دماغی نخاعی مائع کی جگہ آکسیجن یا کوئی اور گیس بھر دی جاتی ہے ۔

encephalograph, n. دیکھیے : encephalogram

encephalomyelitis, n. (امراضیات) دماغ اور ریڑھ کی ہڈّی کا ورم ۔

encephalon, n. دماغ ؛ مغز ۔

enchain, v.t. پابندِ سلاسل کرنا ؛ زنجیر میں باندھنا ؛ پابند کرنا ؛ قابُو میں رکھنا ۔

enchainment, n. جکڑبندی ؛ زنجیر بندی ؛ سلاسل بندی ۔

enchant, v.t. مسحُور کرنا ؛ رجھانا ؛ لبھانا ؛ جادو کرنا ؛ جادُو یا ٹونے سے مطیع بنانا یا تابع کر لینا ؛ سحر زدہ کرنا ؛ فریفتہ کرنا یا جادُو بھر دینا ؛ سِحری خاصیّت عطا کرنا ۔

enchanter, n. ساحِر ؛ جادُو گر ؛ مسرت بخشنے والا ؛ خوش کرنے والا ۔

enchantress, n. ساحِرہ ؛ جادُو گرنی ؛ دلرُبا عورت ۔

enchanting, a. موہ لینے والا ؛ مُسرّت بخش ؛ فَسُوں کار ؛ دلربا ۔

enchantingly, adv. فسوں کاری سے ؛ دلربائی سے ۔

enchantment, n. جادو کا عمل یا فن ؛ سِحرکاری ؛ افسوں کاری ؛ دلربائی ؛ جادُوگری ۔

enchase, v.t. جڑنا ؛ مُرصّع کرنا ؛ موتی وغیرہ کو کسی آرایشی یا مُرصّع چیز میں جَڑنا ؛ جڑاؤ کام کرنا ؛ کَندہ کاری یا منبّت کاری سے مزیّن کرنا ۔

enchilada, n. انچیلاڈا ؛ میکسیکی تیّار کھانوں میں مصالحہ دار گوشت یا پنیر کا آمیزہ جسے مکئی کی روٹی میں لپیٹ کر اُس پر مرچ کی چٹ پٹی چٹنی ڈال کر کھایا جاتا ہے ۔

enchiridion, n. ہینڈ بُک ؛ دستی کتاب ؛ دستور العمل ۔

enchorial, n. دیسی ؛ مُلکی ؛ مقامی ؛ گھریلو ؛ مُلک سے تعلق رکھنے یا ملک میں استعمال کی جانے والی ، خصوصاً عام یا مروجّہ تحریر ؛ دیسی لکھائی ۔

encipher, v.t. خُفیہ نگاری کرنا ؛ حرف کو خفیہ انداز میں تحریر کرنا ۔

encircle, v.t. حلقے میں لے لینا ؛ احاطہ کر لینا ؛ گھیر لینا ؛ کسی چیز کے گرد گردش کرنا ؛ حلقہ بنا لینا ۔

encirclement, n. گھیراؤ ؛ احاطہ بندی ؛ حلقہ بندی ۔

enclasp, inclasp, v.t. گرفت میں لینا ؛ چمٹا لینا ؛ گلے لگانا ۔

enclave, n. محصورہ ؛ درُوں خطّہ ؛ کسی ملک کا وہ بیروں افتادہ خطّہ یا چھوٹا خود مُختار علاقہ جو پوری طرح یا جزوی طور پر غیر مملکت کے علاقے سے گھرا ہُوا ہو ؛ اقلیّتی فرقے کا رہایشی علاقہ ۔

enclitic, a. (گرامر) ضمیرِ متّصل ؛ متصلہ ؛ اُس لفظ سے متعلّق جسے بولنے یا ادا کرنے میں بالکل زور نہ دیا جائے اور جو کسی دوسرے لفظ کے ساتھ اس طرح مربوط ہو کہ اس کے تلفظ کا جُزو بن جائے (جیسے lay men میں لفظ men)(اسم) لفظ مُتّصل ۔

enclose, inclose, v.t. گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ ہر طرف سے بند کر دینا ؛ خط کو لفافے یا پیکٹ میں ملفُوف کرنا ؛ حامل ہونا ؛ مشتمل ہونا ؛ منسلک کرنا ۔

enclosure, inclosure, n. احاطہ ؛ احاطہ بندی ؛ احاطہ بندی کی حالت ؛ قطعۂ اراضی وغیرہ جس کی احاطہ بندی کی گئی ہو ؛ کوئی چیز یا کاغذ جو خط کے ساتھ ملفوف ہو ۔

encode, v.t. کوڈ میں لِکھنا ؛ کسی پیغام کو خفیہ یا مرموز الفاظ میں منتقل کرنا ۔

encomium, n. مدح ؛ قَصِیدہ ؛ مدح سرائی ؛ کسی شخص یا شے کی رسمی تعریف ۔

encomiast, n. سپاس گزار ؛ قصیدہ خواں ؛ مدح گو ۔

encomiastic, encomiastical, a. مدح سرایانہ ؛ تعریفی ؛ خوشامدانہ ۔

encompass, v.t. ارد گرد دائرہ بنا لینا ؛ حلقے میں لے لینا ؛ گھیر لینا ؛ احاطہ کر لینا ؛ لپیٹ لینا ؛ شامل کرنا ۔

encompassment, n. احاطہ بندی ۔

encore, interj. مُکرّر ؛ پھر سے ؛ تماشائیوں کی صدا جیسے دوبارہ ارشاد ہو ۔ (اسم) تماشائیوں کی فرمایش کہ وہی چیز پھر سے سنائی جائے یا وہی حرکات دُہرائی جائیں ؛ مُکرّر پیش کی جانے والی چیز ۔ (فعل متعدی) (فن کار ، شاعر ، موسیقار وغیرہ سے) مُکرّر سنانے یا پیش کرنے کی فرمایش کرنا ۔

encounter, n. مُٹھ بھیڑ ؛ اتفاقی ملاقات ؛ مقابلہ ؛ نزاع ؛ مجادلہ ؛ لڑائی ؛ جھگڑا ۔ (فعل متعدی) مُٹھ بھیڑ ہونا ؛ اچانک آمنا سامنا ہونا ؛ غیر متوقّع ملاقات ہونا ؛ مقابلہ کرنا یا معرکہ آرا ہونا ، جیسے مخالفت ، مسائل ، مصائب کا ۔ (فعل لازم) غیر متوقّع طور پر ایک دوسرے سے ملنا ؛ معاندانہ انداز میں ملنا ۔

encounter group, n. مقابلہ گروپ ؛ وہ ادویہ جن کا مقصد حساسیّت اور جسمانی و جذباتی بیداری میں اضافہ کرنا ہے ۔

encourage, v.t. دِل بڑھانا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ ہمت بڑھانا یا اعتماد پیدا کرنا ؛ جُرأت دلانا ؛ ترغیب یا مدد دینا ؛ حمایت کرنا یا پُشت پناہی کرنا ۔

encouragement, n. تائید ؛ حمایت ؛ پُشت پناہی ؛ حوصلہ افزائی ۔

encouraging, a. حوصلہ افزا ؛ اُمید افزا ۔

encouragingly, adv. حوصلہ افزائی سے ؛ امید افزائی سے ۔

encrimson, v.t. قرمزی بنانا ؛ سُرخ کرنا ۔

encroach, v.i. تجاوز کرنا ؛ دوسرے کے حقوق یا جائیداد میں بتدریج مداخلتِ بے جا کرنا ؛ رفتہ رفتہ در آنا ؛ رفتہ رفتہ اور چوری چُھپے وار کرنا ۔

encroacher, n. تجاوُز کرنے والا ۔

encroachment, n. تجاوُز ؛ مداخلت ۔

encrust, v.t. تہ چڑھانا ؛ پپڑی جمانا ۔

encrustation, n. دیکھیے : Incrustation ۔

encumber, incumber, v.t. حائل ہونا ؛ مزاحم ہونا یا حارج ہونا ؛ رُکاوٹ ڈالنا ؛ ذمّہ داری اور قرضے کا بار ڈالنا ؛ حارج یا غیر ضروری چیز سے بھرنا یا لاد دینا ؛ مشکل بنانا ؛ پیچیدہ بنانا ۔

encumberance, n. سَدِّراہ ؛ حارج ہونے والی چیز ؛ بار ؛ رکاوٹ ؛ کوئی غیر ضروری امور یا دُور از کار شے ؛ کوئی آزار یا تکلیف ؛ زیرِ کفالت خصوصاً کوئی بچّہ ۔ (قانون)جائیداد پر بار یا دعوی جیسے رہن نامہ ۔

encumberancer, n. (قانون) کسی کی جائیداد پر استحقاق رکھنے والا ۔

encyclical, encyclic, a. گشتی(مراسلہ)؛ ایسے خط یا مراسلے سے متعلّق جو کئی اشخاص یا مقامات کو بھیجا گیا ہو ؛ جس کی وسیع پیمانے پر ترسیل مقصود ہو ۔ (اسم) (رومن کیتھولک کلیسا) پاپائے رُوم کا مراسلہ جو کلیسا کے جُملہ اُسقفوں کو بھیجا جائے ؛ پاپائی گشتی فرمان ۔

encyclopedia, encyclopaedia, n. قامُوس ؛ دائرۃُ المعارف ؛ وہ کتاب جس میں حروف تہجّی کی ترتیب سے مختلف علوم و فنون کی شاخوں سے الگ الگ بحث کی گئی ہو ؛ وہ کتاب جس میں لغت الفاظ کے بجائے اشیا کے بارے میں معلومات درج ہوں ۔

encyclopedic, encyclopedical, a. قامُوسی ؛ قاموس العلوم سے متعلّق ؛ مشمولۂ دائرۃُ المعارف ؛ علم اور معلومات کے لحاظ سے ہمہ گیر/جامع ۔

encyclopedism, encyclopaedism, n. ہمہ دانی ؛ قاموسیّت ۔

encyclopedist, encyclopaedist, n. قاموس نگار ؛ مدیرِ قامُوس ؛ قامُوس نگاری میں معاونت کرنے والا ؛ ماہر قاموسیات ۔

encyst, v.t., v.i. حصالے ، تھیلی یا کیسک میں بند کرنا یا بند ہونا ۔

end, n. آخر ؛ کرانہ ؛ کنارا ؛ سِرا ؛ حد ؛ انتہا ؛ انت ؛ کسی خط یا شے کا انتہائی نُقطہ ، جس میں طُول زیادہ اور عرض

نسبتاً کم ہو (جیسے : The end of the street) ؛ وقت ، کام ، صورت حال
یا مواد کی مقدار کا خاتمہ ، انجام یا آخری حِصّہ (جیسے : generosity
without end, end of the year) ؛ زندگی کا خاتمہ ؛ موت ؛ نتیجہ ؛
انجام ؛ مآل ؛ آخری نُقطہ یا چیز جو کسی کا منتہائے مقصود ہو ؛ مقصد ؛
گُنجایش ؛ غایت ؛ بقیّہ یا بچا کُھچا حصّہ ؛ کسی شے کا حصّہ یا ٹُکڑا ؛
کسی شے کی آخری حد ؛ حدود ـ (عوامی) صبر کی انتہا ـ (فُٹ بال)
مرکزی لائن کے دونوں طرف موجود کھلاڑیوں میں سے کوئی ایک ؛ ان
کھلاڑیوں کی بطور کھلاڑی پوزیشن ـ

on end, ایک کنارے پر سہارا لیے ہوئے ؛ سیدھا ؛
مسلسل ؛ بلا رُکاوٹ ـ

make both ends meet, اپنی آمدنی میں
گزارا کرنا ؛ بہ مشکل گزر بسر کرنا ـ

at loose ends, بیکار ؛ بیروزگار ؛
جسے کوئی تفریح میّسر نہ ہو ؛ بے مشغلہ ـ

at wit's end, حیران ؛ ششدر ـ

go off the deep end, انتہا کر دینا ؛ آپے سے
باہر ہو جانا ؛ بے قابو ہو جانا ؛ جذبات پر قابو نہ رہنا ـ

end, v.t. v.i. کسی چیز کو ختم کرنا یا کسی چیز کا خاتمہ ہونا ؛
تمام کرنا ؛ بند کرنا ؛ اختتام کو پہنچانا یا محدُود کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ ہلاک
کرنا ـ (برطانوی بولی) کوٹھے میں گیہوں ، بُھوسہ یا اناج ذخیرہ کرنا ؛
اختتام پذیر ہونا ؛ ختم ہو جانا ؛ مرنا ؛ بند ہونا ؛ سلسلہ ختم
ہونا ـ

ender, n. خاتم ؛ مُختتم ؛ ختم کرنے والا یا ختم ہونے والا ـ

endamage, v.t. نقصان پہنچانا ؛ باعث ضرر ہونا ؛
بگاڑنا ؛ گزند پہنچانا ؛ زخمی کرنا ـ

endamagement, n. نُقصان ؛ بربادی ؛ بگاڑ ـ

endamoeba, endameba, n. طُفیلی امیبا
جو انسان میں امیبائی پیچش پیدا کرتے ہیں ـ

endanger, v.t. خطرے میں ڈالنا ؛ خطرے سے دوچار کرنا ؛
نقصان یا گزند کی صورت پیدا کرنا ـ

endangerment, n. خطرے میں ہونے کی کیفیّت ـ

endarch, a. (نباتیات) درون آغازی ؛ نموئے تنی ؛
تنے کے مرکز کی جانب مائل بہ نمو چوب ریشہ ؛ خشبہ یا لکڑی جس
کی نشوونُما تنے کی طرف سے شروع ہوتی ہے ـ

endbrain, n. مؤخّر دماغ ؛ بُعد دماغ ؛ پیش دماغ کا ایک ذیلی جُزو ـ

endbulb, n. بیضوی بند ؛ لمسی جسیمہ یا نس کا سِرا جو
واصل ریشوں کے گتھی دار غلاف کے پھیلاؤ سے بند ہو گیا ہو ـ

endear, v.t. پیارا بنانا ؛ عزیز بنانا ؛ مقبول بنانا ؛
محبت کے رشتے میں منسلک کرنا ـ

endearment, n. عزیز یا مقبول بنانے کا عمل ؛ مقبولیّت ؛
پیار ؛ محبت ؛ دوستی ؛ الفت ـ (جمع) افعال یا الفاظ جن سے محبت کا
اظہار ہو ـ

endeavor, (Brit.) endeavour, n. سعی ؛ جدوجہد ؛ کوشش ؛ محنت ؛
کسی بات کی سنجیدہ کوشش ؛ جانفشانی ـ (فعل لازم) سخت محنت
کرنا ؛ دل و جان سے سعی کرنا ؛ جدوجہد کرنا ـ (فعل متعدی) سعی
کرانا ؛ کوشش کرانا ـ

endeavorer, (Brit.), **endeavourer,** n. جدوجہد کرنے والا ؛
کوشش کرنے والا ؛ سعی کرنے والا ـ

endemic, endemical, a. علاقائی مرض سے متعلق ؛ کسی خاص
مُلک ، علاقے یا آبادی میں پائے جانے والے مرض سے متعلق ـ (اسم)
مخصوص القوم یا مخصوص المُلک مرض ـ

endermic, a. جِلدی ؛ جِلد پر یا جلد کے ذریعے
اثر کرنے والی دوا ـ

ending, n. ختم کرنے یا ختم ہونے کا عمل ؛ خاتمہ ؛
اختتام ؛ زندگی کا اخیر ؛ آخری حصّہ ؛ کسی لفظ کا آخری جزو یا حرف ـ

endive, escarole, n. ہندبا ؛ اینڈِو ؛ کاسنی ؛
ریاستہائے متحدہ امریکا میں ، سلاد کے طور پر کاشت کیا جانے والا ،
ہندبا کاسنی جنس (Cichorium endivia) کا پودا جس کے پتّے باریک
اور خمدار ہوتے ہیں ـ

endless, a. لامتناہی ؛ لامحدود ؛ ختم نہ ہونے والا ؛ مسلسل ؛
بے انت ؛ حلقے کی شکل اختیار کرنے والا ؛ بے پایاں ـ

endlessly, adv. لامتناہی طور پر ـ

endlessness, n. بے پایانی ؛ بے نہایتی ؛ دوام ؛ ابدیّت ؛ ازلیّت ـ

endman, n. کسی قطار میں سِرے والا آدمی ؛ کلاونتوں کے طائفے
میں وہ مُطرب جو مظاہرۂ فن کرنے والے فن کاروں کی قطار کے کسی
سرے پر طنبورہ وغیرہ بجاتا ہے اور فنکاروں کے مکالمات کی ادائیگی
کے دوران فقرہ بازی کرتا رہتا ہے ـ

end most, a. بعید ترین ؛ بہت دُور
(جیسے : the endmost tip of the peninsula) ـ

endobiotic, a. دورانِ نمو ؛ کسی جانور یا پودے کے اندر پلنے والا ـ

endoblast, n. (حیاتیات) درون نہوض ؛ زیر نہوض ـ

endocardium, n. (تشریح الاعضا) بطانۂ قلب ؛ ایک
بے رنگ اور شفاف جھلی جو بطن قلب پر چڑھی ہوتی ہے ؛ قلب کے اندر
کی جھلّی ـ

endocardial, a. بطانۂ قلبی ؛ بطانۂ قلب سے متعلّق ؛
دل کے اندرونی حِصّے میں واقع ـ

endocarditis, n. دل کی جلن ؛ سوزشِ دل ؛ دل کے اندرونی
حصّوں کا ورم ؛ ورم بطانۂ قلب ـ

endocarp, n. (نباتیات) زیرِ پوست ؛ پھل کے اندر درونِ ثمرہ ؛
گُٹھلی ؛ پھل کے پوست کا اندرونی غلاف ؛ تخم دان ـ

endocranium, n. (تشریح الاعضا) درونِ جمجمہ ؛
درونِ قحف ؛ درون افرازی نظام ؛ دماغ کو ڈھانکنے والا ریشہ دار
سخت غلاف جو اُم جافیہ (dura mater) کے نام سے موسوم ہے ؛ اس
غلاف کی اندرونی سطح ـ

endocrine, a. (تشریح الاعضا ، فعلیات) اندرونی غدود
کی ریزش: مختلف غدودوں سے مخصوص جن میں ورقی ، کلوی اور
نُخاعی غدود شامل ہیں ، جو بعض اہم اندرونی افرازات پیدا کر کے
انہیں براہ راست خون یا شریانوں کے عرق میں خارج کرتے ہیں ؛ ان
غدودوں کا یا ان سے متعلق ، مثلاً اندرونی غدودوں کا وظیفہ ؛ اندرونی
غدود کا اختلال یا عارضہ ـ دیکھیے : ductless gland ـ (اسم) اندرونی
غدودوں کی ریزش ؛ درون افرازی غدود ـ

endocrinology, n. علمِ در افرازیات ؛ درون افرازیات ؛

اندرونی غدود ، جسمانی تغیّرات اور ان کے امراض سے بحث کرنے والا علم ـ

endocrinologist, n. ماہر در افرازیات ؛ دروں افرازیات دان ـ

endoderm, entoderm, n. رحم کی اندرونی جِھلّی ؛ دروں اَدمہ ؛ بیضۂ رحم کی اندرونی جلد ؛ جنین کی تین تُخمی پرتوں میں سب سے اندرونی پرت جو دائرۂ ہضم اور دائرہ تَنفُس کے سرحلمہ سے نکلتی ہے ـ

endodermal, endodermic, a. درجلدی ؛ دروں ادمی ـ

endodermis, n. (نباتیات) دروں اَدَمہ ؛ در جلدہ ؛ چھال کے اندر والی خولوں کی تہ جو جڑوں میں سب سے نمایاں ہوتی ہے ـ

endodontia, endodontics, n. طب الاسنان ؛ وہ علم جو دانتوں کے گودے کی بیماریوں سے مخصوص ہے ـ

endodontic, a. دانتوں کی بیماریوں سے متعلق ؛ طب الاسنانی ـ

endodontist, n. ماہرِ امراض دندان ؛ ماہرِ طب الاسنان ـ

endo enzyme, n. (حیاتی کیمیا) اینڈو انزیم ؛ دروں خامرہ ؛ کیمیائی خمیر جو خول کے اندر کارفرما ہوتا ہے ـ

endogamy, n. درزواجیّت ؛ گوت بیاہ ؛ دروں زوجی ؛ قبیلے کے اندر شادی کرنے کا رواج بمقابلہ Exogamy ؛ قریبی رشتہ داروں کے درمیان تناسل وتوالُد ـ

endogamous, endogamic, a. دروں زواجی ؛ سگوتی ؛ دروں ازدواجی ـ

endogen, n. (نباتیات) درخت در نمو ؛ دروں روئندہ پودا ؛ ایک فلقی پودا (monocotyledons) جس کی ڈالیوں کو پہلے دروں رو خیال کیا جاتا تھا ـ

endogenous, a. دروں رو ؛ دروں زاد ، مذکورہ بالا پودوں سے متعلق ـ (حیاتیات) اندر سے بڑھنے ، نمو پانے یا پرورش پانے والا پودا ـ (فعلیات ، حیاتی کیمیا) خلیوں اور ریشوں کے نائٹروجنی اجزا کی تعمیر یا تشکیل سے متعلّق ـ

endogenously, adv. درنموئی طور پر ـ

endogeny, endogenesis, n. (حیاتیات) دروں نموئی ؛ دروں زادگی ؛ دروں زائیدگی ؛ بیج کی گہری پرت سے نمو پانے والا پودا ـ

endolymph, n. (تشریح الاعضا) کان کا میل ؛ دروں لمف ؛ کان کی جِھلی کی رطوبت ـ

endolymphatic, n. دروں لمفی ـ

endomorph, a. (معدنیات) درمعدن ؛ وہ معدنی شے جو کسی دوسری معدنی شے کے اندر ہو ـ (نفسیات) بطنی درجہ بندی ؛ بطنی تقسیم ؛ ایک وضع کا جسم جو گول اور ملائم ہوتا ہے ، جس کے ہضمی احشاء بھاری اور پٹھے اور ہڈّیاں کمزور ہوتی ہیں اور جو جنین کی تین اندرونی پرتوں کے ریشوں سے معرض وجود میں آتا ہے ؛ وہ شخص جس کے جسم کی ساخت اس وضع کی ہو ـ

endomorphic, a. در معدنی ـ

endomorphy, n. بطنی درجہ بند ـ

endomorphism, n. (ارضیات) در معدنیت ؛ کسی مخل ہونے والی چٹان میں اردگرد کی چٹان کے ساتھ رد عمل سے پیدا ہونے والی تبدیلی ـ

endoparasite, n. باطنی طفیلیہ ؛ دروں طفیلی ؛ ایک طفیلیہ جو حیوانات کے اندرونی اعضا میں پرورش پاتا ہے ـ

endophyte, n. (نباتیات) دروں نبات ؛ ایک طفیلی پودا جو دوسرے پودے کے اندر نمو پاتا ہے ـ

endophytic, a. درنمو طفیلی (پودا) ؛ دروں نباتی ـ

endoplasm, n. دروں مایہ ؛ در مایہ ؛ کسی خلیے کے دورں مایہ کا حصّہ جو جزواً سیّال ہوتا ہے ؛ اصل خلیے کی اندرونی ملائم جلد ـ

endoplasmic, a. دروِں مائی ـ

endoradiosonde, n. دروں جسم نما ؛ بدن میں لگایا جانے والا ایک آلہ جو جسمانی وظائف کے بارے میں معلومات ارسال کرتا ہے ـ

end organ, n. (فعلیات) عضو نہائی ؛ اطرافی عضو ؛ اعصابی رسائی کے محیطی سِرے کی خصوصی ساخت ـ

endorphin, n. درونی افیون ؛ اینڈرفین ؛ جسم کے اندر موجود افیونی مادّے ـ

endorse, v.t. تظہیر کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ (کسی دستاویز کی) پشت پر دستخط کرنا ، مثلاً چیک کی پشت پر رقم وصول کُنندہ کی حیثیّت سے دستخط کرنا ؛ توثیق کے ذریعے تفویض یا منتقل کرنا ؛ منظور کرنا ؛ دستخط کر کے صراحت کردہ رقم کی وصولی کی رسید دینا ـ

endorsee, n. مُصدّق الیہ ؛ مظہر الیہ ـ

endorser, n. تظہیر کُنندہ ؛ توثیق کنندہ ـ

endorsement, n. تظہیر ؛ ہنڈی وغیرہ کے حامل کے دستخط اس کی پشت پر ؛ توثیق ؛ تصدیق ؛ منظوری ؛ بیمے کے معاہدے میں بڑھائی جانے والی شرط جس کے ذریعے بیمہ کی گنجایش میں توسیع یا تجدید کی جاتی ہے ـ

endoscope, n. (طب) انڈوسکوپ ؛ دروں بیں ؛ ایک دروں بیں آلہ جس کے ذریعے جسم کے کسی اندرونی خلائی حصّے یا رحم جیسے کہفی عُضو کا معائنہ کیا جاتا ہے ؛ اندروں نُما ـ

endoscopy, n. عمل دروں بینی ـ

endoscopic, a. دروں بینی سے متعلّق ـ

endoskeleton, n. (حیوانیات) اندرونی پنجر ؛ ڈھانچا ؛ دروں کالبُد ؛ کسی ریڑھ دار جانور کے جسم کا اندرونی ڈھانچا بمقابلہ بیرونی کالبُد ـ

endoskeletal, a. دِرُوں پنجری ؛ دِرُوں کالبُدی ـ

endosmosis, endosmos, n. درسرایت ؛ در ولوج ؛ دِرُوں ولوج ؛ درریزش ؛ کم دباؤ والے محلول سے خارج ہونے والے مائع کا زیادہ دباؤ والے محلول کے مائع پر عمل یا اس کی جانب بہاؤ ؛ مسام دار پردے میں سے سیّال مادّے کا اندر کی طرف بہاؤ ؛ بمقابلہ exosmosis ـ

endosmotic, a. درسرایتی ؛ درولوجی ـ

endosmotically, adv. درولوجی طور پر ؛ درسرایتی طور پر ـ

endosperm, n. (نباتیات) تخم ؛ گُودہ ؛ زُلال ؛ البومنی نسیج (سفید مادہ) جو کئی قسم کے بیجوں میں تخمک کے ساتھ لپٹا ہوتا ہے اور نمو پاتے ہوئے جنین کو خوراک فراہم کرتا ہے ـ

endospermic, endospermous, a. تخمی ؛زُلالی ـ

endospore, n. (جرثومیات) دروں بذرہ ؛ غِلاف تخمک ؛ مسام جو خول کے اندر تشکیل پاتا ہے ـ

endosporic, a. دروں بذری ـ

endosporium, n. بَذرہ در بَذرہ ؛ درون بَذرہ ـ

endosteum, n. (تشریح الاعضا) درون عُظمہ ؛ دِروں عُظم ؛

وہ پردہ جو کسی ہڈی کے تنگ جوف پر چڑھا ہوتا ہے۔

endosteal, a. درون عظمی۔

endothecium, n. (نباتیات) درون صُریہ؛ زیرہ دان پر چڑھا ہوا ریشہ دار خلوی نسیج جو تخمک کے پھٹنے میں مُمد ہوتا ہے اور اس سے زردانہ خارج ہوتا رہتا ہے۔

endothelium, n. درحلمہ؛ درون حلمہ؛ معدے، انتڑیوں، پھیپھڑوں، دل، خون کی شریانوں اور جسم کے جوفوں کی نازک جھلّی؛ شرائینی خلیوں کا غلاف۔

endothelial, endothelioid, a. درون حلمی؛ در حلمی۔

endothermic, a. حرارت گیر؛ حرارت خور؛ کسی حرارت گیر یا جاذب حرارت ردّعمل یا اس ردّعمل سے پیدا ہونے والے مُرکّب کا۔

endothermal, a. حرارت گیرانہ۔

endotoxin, n. داخلی زہر؛ خورد عضویے کی موت یا اجزا کے انتشار پر خارج ہونے والا زہر؛ سمِ داخلی؛ درون سم، جیسے ٹائیفائڈ بخار کا مُحرّک۔

endow, v.t. وقف کرنا؛ بخشنا؛ کسی کی امداد یا گزارے کے لیے وقف قائم کرنا؛ کوئی تحفہ، اہلیّت یا صلاحیت عطا کرنا۔

endowment, n. وقف؛ کسی شخص یا جگہ کے لیے مخصوص مستقل آمدنی یا املاک؛ وہ چیز جو کسی شخص یا ذہن کو عطا کی گئی ہو؛ فطری صلاحیّت؛ جوہر۔

end paper, n. وہ کاغذ جس کا آدھا حصہ کتاب کی جلد کے اندر چسپاں کیا جاتا ہے اور باقی آدھا بطور پُرورق (fly leaf) چھوڑ دیا جاتا ہے۔

end plate, n. کسی کان کے داخلی راستے کے آخری بڑے شہتیروں میں سے ایک شہتیر۔ (فعلیات) کسی عصبِ محرّکہ کا سِرا جو عموماً کسی پٹھے کی بافت میں جما ہوتا ہے۔

endrin, n. اینڈرین؛ کیڑے مار دوا جو انسان کے مرکزی نظامِ اعصاب کو ناقابلِ تلافی نُقصان پہنچاتی ہے۔

end run, n. (فٹ بال) کھیل کے دوران کھلاڑی کی وہ دوڑ جس میں خود ہی فٹ بال کو اپنے دائیں بائیں کرتا ہوا دوڑتا ہے۔

end-stopped, a. (عروض) نظم کا وہ مصرع جو کسی نحوی جزو مثلاً کسی جملے یا ترکیب پر ختم ہو جائے۔

end table, n. چھوٹی میز جو کوچ یا صوفے کے سرے پر یا کُرسی کے برابر رکھی جاتی ہے؛ بغلی میز۔

endue, indue, v.t. خصوصی اوصاف سے متّصف یا آراستہ کرنا؛ اختیار کرنا یا روپ بھرنا؛ کپڑے بدلنا یا لباس پہننا۔

endurance, n. ثابت قدمی؛ پائداری؛ استقلال؛ قُوّتِ برداشت؛ صبر و تحمّل؛ ضبط؛ پامردی سے اذیّت یا تکلیف برداشت کرتے رہنے کی قُوّت؛ بُردباری۔

endure, v.t. صبر و ضبط کرنا؛ ثابت قدم رہنا؛ قائم رہنا؛ دیرپا ہونا؛ صبر و تحمّل سے یا مزاحمت کیے بغیر سہنا؛ برداشت کرنا؛ بُھگتنا یا تجربہ کرنا (جیسے: to endure great moral pressure)۔ (فعل لازم) باقی رہنا؛ ہار مانے بغیر خود کو سنبھالے رکھنا؛ صبر و تحمّل کے ساتھ کام لینا؛ دائمی تحسین/بقائے دوام کا مستحق ہونا (جیسے: The works of Shakespeare have endured for centuries)۔

endurable, a. دیرپا۔

endurably, adv. ثابت قدمی سے؛ پائداری سے۔

enduring, a. مستقل؛ دیرپا؛ پائدار۔

enduringly, adv. ثابت قدمی سے؛ استقامت سے؛ استقلال سے؛ بردباری سے۔

enduringness, n. ثابت قدمی؛ استقامت؛ استقلال؛ پائداری۔

endways, end-wise, adv. آخر میں؛ سرے پر؛ بالائی؛ سرے یا اگلے سرے کے ساتھ؛ طولاً؛ لمبائی کے رُخ۔

enema, n. حقنہ؛ انیما؛ امعائے مستقیم یعنی بڑی انتڑی کے نچلے سرے میں صفائی و تشخیص کے لیے دی جانے والی سیال پچکاری؛ سیال مادہ جو بذریعہ پچکاری اندر پہنچایا جائے۔

enemy, n. دُشمن؛ حریف؛ مخالف؛ غنیم؛ عدُو؛ وہ شخص جو کسی سے خصومت رکھتا ہو؛ آپس میں ایک دوسرے کا دشمن؛ دشمن کی فوج؛ کوئی مضر شے؛ ضرررساں۔

energetic, energetical, a. سرگرمِ عمل؛ چُست و چالاک؛ زبردست؛ پھرتیلا؛ پُرقُوّت؛ فعال؛ مستعد یا سرگرمی دکھانے والا؛ پوری قُوّت سے اور مؤثر طور پر مصروفِ عمل؛ طاقت، زور اور سرگرمی سے کام کرنے والا۔

energetically, adv. سرگرمی سے؛ زور دار طور پر۔

energetics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (طبیعیات) توانیات؛ عِلمِ توانائی؛ مُطالعۂ توانائی۔

energize, v.i. زور اور طاقت سے کام کرنا؛ مطلوبہ نتیجہ حاصل کرنے کے لیے سرگرمِ عمل ہونا۔ (فعل متعدی) رُوح پھونکنا؛ جان ڈالنا؛ فعّال بنانا۔

energizer, n. فعّال بنانے والا؛ جان ڈالنے والا؛ طاقت رساں؛ حیات بخش۔

energy, n. زور؛ سکت؛ توانائی؛ خِلقی طاقت؛ قُوّتِ کار خواہ اس سے کام لیا جائے یا نہ لیا جائے؛ توانائی جس کا بھرپُور استعمال کیا جائے؛ قدرتِ اظہار۔ (طبیعیات) کام کرنے کی حقیقی یا امکانی قُوّت/استعداد۔

energy level, energy state, n. (طبیعیات) سطحِ توانائی؛ مادّے کی مستحکم حالتوں کے سلسلے کی کوئی حالت جس کی نمایاں خصوصیّت مُستقِل توانائی ہے اور جس کی سطح توانائی اسے اپنے سلسلے کی دوسری حالتوں سے مُمیّز کرتی ہے۔

enervate, inervate, v.t. ضعیف کرنا؛ ناتواں کرنا؛ کمزور کرنا؛ نربل کرنا؛ قُوّت سے محروم کرنا یا ہمّت پست کرنا۔ (صفت) ناتواں؛ بے ہمّت؛ بے طاقت۔ نیز enervated۔

enervation, n. ناتوانی؛ نقاہت؛ ضُعف؛ کمزوری۔

enfeeble, v.t. کمزور کرنا؛ مضمحل کرنا؛ نقاہت پیدا کرنا؛ ناتواں کرنا۔

enfeeblement, n. ضعف؛ کمزوری؛ ناتوانی؛ نقاہت۔

enfeoff, v.t. (قانون) عطا کرنا؛ تفویض کرنا (حق یا قبضۂ اراضی)؛ جائیداد/اراضی کا حقِ دوامی عطا

کرنا ؛ جائیداد کے قبضے کا حق دینا ۔

enfeoffment, n. جائیداد کا حقِ ملکیت عطا کرنے کا عمل ؛ وہ دستاویز جس کے ذریعے کسی کو یہ حق دیا جائے ۔

enfetter, v.t. پابندِ سلاسل کرنا ؛ بیڑیاں پہنانا ؛ پابہ زنجیر کرنا ؛ پابجولاں کرنا ۔

enfilade, n. (عسکری) فوجیوں کی ایسی پوزیشن کہ دونوں بازوؤں سے دشمن کے لشکر یا عمارتوں پر اس سِرے سے اس سرے تک گولہ باری کی جا سکے ؛ اس طرح کی گولہ باری ۔ (فنِ تعمیر) متوازی اور مقابل دروازوں ، محرابوں اور ستونوں کی قطاریں جو لامتناہی منظر کا تأثّر دینے کے لیے بنائی جائیں ۔ (فعل متعدی) (عسکری) جانبی گولہ باری ہونا ؛ فوج کے ایک پہلو پر گولہ باری ہونا ؛ اس طرح کی گولہ باری کی پوزیشن میں ہونا ۔ (فنِ تعمیر) متوازی اور مقابل دروازوں ، محرابوں اور ستونوں کی قطار بنانا ۔

enflame v.t., v.i. دیکھیے : inflame ۔

enfleurage, n. مہک کاری ؛ روغن گُل کَشی ؛ خوشبو کشید کرنے کا ایک عمل جس میں بے بُو تیل یا روغن کو پُھولوں کی مہک سے متأثّر کیا جاتا ہے ؛ یہ عمل اس وقت بروئے کار لایا جاتا ہے جب پُھولوں کا روغن نہایت نازک اور جَلد اڑ جانے والا ہونے کی وجہ سے عمل کشید کے ناقابل ہو ۔

enfold, v.t. لباس وغیرہ میں لپیٹنا ؛ لپٹانا ؛ بغل گیر ہونا ؛ تہ کرنا ۔

enforce, v.t. نافذ کرنا ؛ عمل درآمد کرنا یا جبراً تعمیل کرانا ، جیسے قانون کی ؛ تقویت پہنچانا یا زور دینا ، جیسے رائے پر زور دینا یا دعوے کو مدلّل کرنا ؛ مجبور کرنا یا طاقت کے ذریعے نافذ یا عائد کرنا ۔

enforceability, n. نفاذ ؛ عمل درآمد ۔

enforceable, a. قابلِ نفاذ ؛ نفاذ پذیر ۔

enforcement, n. نفاذ ؛ تعمیل ۔

enforcer, n. نافذ کُنندہ ؛ تعمیل کرانے والا ۔

enfranchise, affranchise, franchise, v.t. رِہا کرنا ؛ غلامی سے آزاد کرنا ؛ بَریُ الذِّمہ کرنا ؛ حَقِّ رائے دینا ؛ حقِّ شہریت دینا ؛ خاص طور پر انتخابات میں رائے دہی کا حق دینا ۔ (مجازاً) غیر زبان کے الفاظ کو اپنانا ۔

enfranchisement, n. حق رائے دہی ؛ رہائی ؛ آزادی ۔

enfranchiser, n. حقِ رائے دِہندہ ؛ رہائی دِہندہ ۔

engage, v.t. نوکر رکھنا یا ملازمت دینا ؛ معاہدے یا ٹھیکے کے ذریعے پابند کرنا ؛ منگنی کرنا ؛ نسبت طے کرنا ؛ مائل کرنا ؛ کسی کو اپنی طرف متوجّہ کرنا ؛ جنگ کرنا ۔ (عسکری) حملہ کرنا ۔ (میکانیات) بُکوں یا دندانوں کو اٹکانا جیسے گیئر میں ؛ ہتھیاروں کو ٹکرانا جیسے تیغ زنی میں ۔ (فعل لازم) عہد کرنا ؛ کوئی کام ذمے لینا یا مصروف ہونا ۔ (عسکری) لڑائی شروع کرنا ۔ (میکانیات) جال میں پھنسنا ؛ گیئر میں ہونا ۔

engaged, a. مشغول ؛ برسرروزگار ؛ جو فوج میں بھرتی کر لیا گیا ہو ؛ بھروسے والا ؛ جس کی منگنی ہو گئی ہو ؛ پابند ؛ (عسکری) برسرِپیکار ؛ مصروفِ جنگ ۔ (میکانیات) ہُک /پھندے یا گیئر وغیرہ میں اٹکا ہوا ۔ (فنِ تعمیر) ایسے ستون سے متعلق جو فی الواقع یا بادی النظر میں اصل تعمیر سے پیوست ہو ۔

engagement, n. مصروفیت ؛ مشغولیت ؛ ملازم رکھنے کا فعل ؛ منگنی یا نسبت؛ تقرر ؛ اقرار نامہ یا معاہدہ ؛ شغل ؛ مدتِ ملازمت ۔ (عسکری) متحارب فریقوں کے درمیان آویزش ۔ (میکانیات) پھنسانے یا اٹکانے کا عمل ۔

engaging, a. دل موہ لینے والا ؛ دلربا ؛ دلفریب ؛ پرکشش ؛ جاذبِ توجُّہ۔

engagingly, adv. پُرکشش طور پر ؛ جاذبیّت سے ۔

engarland, v.t. ہار پہنانا ۔

engender, v.t. پیدا کرنا ؛ وجود میں آنے دینا ؛ وجود میں لانا ؛ جننا؛ برانگیختہ کرنا یا اُبھارنا ۔ (فعل لازم) وجود میں لایا جانا ؛ پیدا ہونا ۔

engine, n. انجن ؛ مشین جس کے ذریعے قوت یا حرکت پیدا کرنے کے لیے حراری توانائی استعمال کی جائے جیسے آٹو موبائل کا احتراقی آلۂ محرّکہ یا ٹرک ، ریل یا جہاز کا ڈیزل انجن یا ریل کا انجن ؛ کوئی اثر پیدا کرنے والا خصوصاً تخریب یا تعمیر کے لیے کوئی میکانکی آلہ (جیسے : engine of war ; a fire engine) ۔

engineer, n. مہندس ؛ انجینئر ؛ وہ شخص جو انجینیئرنگ کے طریقوں سے چیزوں کے خاکے ، ان کے نمونے تیّار یا تعمیر کرتا ہے ؛ مشین یا ریل کا انجن چلانے والا ؛ ماہر جو کسی منصوبے کے انتظامی امور انجام دیتا ہے ۔ (امریکی فوج) انجینیئروں کی کور کا رُکن جو قلعے ، پُل اور سڑکیں وغیرہ تعمیر کرتی ہے ؛ ابتدا میں اس لفظ کا اطلاق فوجی مشینوں کے منتظم پر ہوتا تھا ۔ (فعل متعدی) انجینئر کے فرائض انجام دینا ؛ خوش تدبیری سے کام لینا ؛ رہنمائی کرنا یا نگرانی کرنا ۔

engineering, n. انجینئری ؛ سائنسی علم کو بروئے کار لانے کا فن ؛ انجینئر کا پیشہ ورانہ علم اور کام ؛ تعمیری اور میکانکی مشینی آلات بنانے اور استعمال کرنے کا پیشہ ؛ کسی پیچیدہ منصوبے یا کاروباری مہم کا انتظام ۔

enginery, n. عام مفہوم میں مشینیں ، کلیں وغیرہ ۔ (عسکری) توپ خانہ یا دوسرے آلاتِ جنگ ؛ کوئی ہنرمندانہ اختراع ۔

engird, engirdle, v.t. گھیر لینا ؛ احاطہ کرنا ؛ شامل کر لینا۔

englacial, a. (ارضیات) برف کے تودے کے اندر منجمّد ، جسے اگلے زمانے میں یخ بستہ سمجھا جاتا تھا ۔

englacially, adv. یخ بستگی کے طور پر ۔

English, a. انگریزی ؛ انگلستان یا انگلستان کے باشندوں کا ، اُن سے متعلّق یا ان سے مخصوص ؛ انگلستان اور انگریزوں کی خصوصیّات کا حامل ؛ انگریزی زبان کا یا اُس سے متعلق۔ (اسم) انگریزی زبان جو امریکا ، انگلستان اور اُن علاقوں میں بولی جاتی ہے جن پر اب برطانیہ کا تسلّط ہے یا پہلے کبھی رہا تھا ؛ انگریز قوم ؛ انگریزی زبان کا ایک مخصوص انداز جو کسی خاص علاقے یا عہد میں رائج رہا ہو یا کوئی شخص بولتا ہو ، جیسے کینیڈا کی انگریزی یا چوسر کی انگریزی ؛ انگریزی مضمون نگاری یا ادب سے متعلق اسکول کا نصاب ؛ انگریزی ترجمہ جیسے کسی غیر ملکی زبان کے لفظ کا ؛ کسی مبہم یا تکنیکی چیز کا عام فہم بیان ۔ (طباعت) ٹائپ کا

ایک سائز : ۱۴ پوائنٹ ، پائکا (Pica) اور کولمبین (Columbian) کے بین بین ـ (بعض اوقات چھوٹے e سے) گردشی حرکت جو گیند پر ''آف سینٹر'' ضرب لگانے سے پیدا ہوتی ہے جیسے بلیئرڈ یا کرکٹ میں ایک خاص انداز سے گیند پھینکتے ہوئے ـ (فعل متعدی) انگریزی میں ترجمہ کرنا ؛ کسی غیر زبان کے لفظ کو انگریزی کے سانچے میں ڈھالنا یا اپنا لینا ـ

Englishicism, Briticism, n. محاورہ جو انگریزوں سے مخصوص ہو ؛ ہر انگریزی شے کی قربت یا اس کے لیے رغبت ؛ انگریزی پسندی ـ

Englishry, n. انگریز نژاد آبادی ؛ خصوصاً آئرلینڈ میں بسے ہوئے انگریز ؛ انگریز ہونے کی حقیقت یا اصلیّت ـ

English horn, n. انگریزی بانسری ؛ مخصوص سُروں کی ایک انگریزی نَے جو ڈُہری بانسری سے بڑی ہوتی ہے اور جس کا پنچم مدّھم ہوتا ہے ـ

Englishman, Englander, n. انگریز ؛ انگلستان کا باشندہ یا وہ شخص جس نے انگلستان کی شہریت حاصل کر لی ہو ـ

English muffin, n. انگریزی کُلچہ جسے دونیم کر کے ٹوسٹ کی طرح سینک کر کھانے کے لیے پیش کیا جاتا ہے ـ

English setter, n. انگریزی نسل کا بوگیر شکاری کُتّا ؛ درمیانے قد اور لمبے بالوں والا انگریزی شکاری کُتّا جس کی سفید اور ملائم جلد پر سُرخ اور سیاہ دھبے اور دم اور ٹانگوں پر نہایت مہین بال ہوتے ہیں ـ

English sonnet, Shakespearean sonnet, n. انگریزی شاعری کی ایک صنف ؛ انگریزی سانیٹ ؛ شیکسپیری سانیٹ ؛ پانچ رکنی آئمبی بحر میں لکھا جانے والا گیت جس میں چار چار مصرعوں کے تین بند ہوتے ہیں اور جو ایک ہم قافیہ بیت پر ختم ہوتا ہے ، سانیٹ کی قافیہ بندی اس طرح کی جاتی ہے : abab, cdcd, efef, gg –

English springer spaniel, n. چتکبرا برطانوی الاصل شکاری اسپنیئل کُتّا جس کا قد درمیانہ اور کالے سفید بال ریشم جیسے ملائم ہوتے ہیں ـ

English toy spaniel, n. برطانوی نسل کا چھوٹا اسپنیئل کُتّا جس کی ناک اُٹھی ہوئی اور سر گول ہوتا ہے ـ

English walnut, n. انگریزی اخروٹ ؛ اخروٹ کا درخت ؛ ایک قسم کا شجر شاہ اخروٹ (Juglans Regia) جس کی لکڑی سخت اور جس کا خوردنی پھل بکثرت استعمال ہوتا ہے ؛ اخروٹ ـ

English woman, n. انگریز عورت ؛ فرنگن ؛ عورت جو انگلستان میں پیدا ہوئی ہو ؛ انگریز نژاد عورت یا وہ عورت جسے برطانیہ کے حقوق شہریت حاصل ہو چکے ہوں ـ

englut, v.t. غٹاغٹ پی جانا ؛ نگلنا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ ایک گھونٹ میں پی جانا ؛ ایک سانس میں پی جانا ـ

engorge, v.t. ہڑپ کرنا ؛ ڈھکوسنا ؛ ٹھونسنا ـ (امراضیات) کسی عضو میں خون کا بہت جم جانا ـ

engorgement, n. ہڑپ کرنے کا فعل یا ہڑپ کیے جانے کی حالت ـ (امراضیات) انجماد خون ؛ اختناق ـ

engraft, ingraft, n. (نباتیات) قلم لگانا ؛ افزایشِ نوع کے لئے ایک قسم کے درخت کی قلم دوسری قسم کے درخت میں لگانا ؛ نصب کرنا ؛ پیوست کرنا ؛ مضبوطی سے جمانا ؛ پیوند لگانا ـ

engrail, v.t. آرایشی دندانے بنانا ؛ کسی چیز کے کنارے پر بطور آرایش دندانے بنانا یا دانتے کاٹنا ؛ کنارے کو قوسوں سے مُزیّن کرنا ـ (سِکّہ سازی) کسی سِکّے کے کنارے ابھروِیں ، بنکیاں بنانا ؛ سِکّے کے کنارے کو دندانے دار بنانا ـ

engrailed, a. (نقابت) بنکی دار ؛ جس کے کنارے قوسوں سے مُزیّن ہوں ـ

engrain, v.t. دیکھیے : Ingrain ـ

engram, engramme, n. (حیاتیات) نشانِ حافظہ ؛ نقشِ دائمی ؛ ان مٹ نقش جو کوئی مہیّج کسی نسیج کے مادۂ حیات پر مرتسم کر دے ـ (نفسیات) کسی جسمانی تجربے کی دیرپا اور تحت الشعوری یاد ـ

engrammic, a. نقشِ دائمی سے متعلّق ـ

engrave, v.t. کھودنا ؛ حکّاکی کرنا ؛ کندہ کرنا ؛ نقش کرنا ؛ پتھر ، دھات یا لکڑی وغیرہ جیسی کسی سخت چیز پر کھود کر بنانا جیسے تصویریں ، حروف یا نقش وغیرہ ، (جیسے : to engrave the wedding date on a ring) ؛ طباعت کی غرض سے پتھر ، دھات یا لکڑی وغیرہ پر کوئی تصویر کندہ کرنا ؛ اس قسم کی کندہ کاری سے چھپائی کرنا ؛ جمانا ؛ گہرا نقش مُرتسم کرنا ؛ ذہن نشین کرنا ـ

engraver, n. نقش گر ؛ نقّاش ؛ کندہ کار؛حکّاک ـ

engraving, n. کندہ کاری ؛ نقش گری ؛حکّاکی ؛کسی سخت شے پر نمونے یا عبارت کندہ کرنے کا فن ؛ بالخصوص دھات کے طباق یا لکڑی کے بلاکوں کی سطح پرنمونہ کاری تا کہ ان کے نقش یا چھاپے حاصل کیے جا سکیں ؛ اس قسم کا مُنقّش نمونہ ؛ کوئی مُنقّش طباق یا بلاک ؛ کسی مُنقّش سطح سے بنا ہوا نقش یا چھاپا ـ

engross, v.t. پوری طرح جذب کر لینا جیسے ذہن اور توجہ کا ؛ جذب کر لینا ؛ منہمک ہونا ؛ کسی سرکاری دستاویز یا ریکارڈ وغیرہ کو محفوظ رکھنے کے لیے پڑھے جانے کے قابل یا جلی خط میں لکھنا یا نقل کرنا ؛ منڈی کو گرفت میں رکھنے کے لیے سارا تھوک مال اپنے قبضے میں کر لینا ؛ اجارہ داری قائم کرنا ـ

engrossed, a. مستغرق ؛ محوخیال ؛ منہمک ـ

engrossing, a. جاذبِ توجُّہ ؛ منہمک کرنے والا ـ

engrossingly, adv. انہماک سے ؛ توجُّہ سے ـ

engrosser, n. منہمک شخص ؛ مستغرق شخص ـ

engrossment, n. استغراق ؛ انہماک ؛ منہمک کرنے کا فعل ؛ جذبِ توجُّہ ؛ جلی حروف میں نقل شُدہ دستاویز ـ

engulf, v.t. محیط ہو جانا ؛ خلیج میں دھکیل دینا یا بھنور میں پھنسا دینا ؛ نگل جانا ؛ چھا جانا ؛ گھیر لینا ؛ حاوی ہو جانا ؛ کسی سیّال شے میں ڈالنا یا ڈبونا ؛ ڈُوب جانا ـ

engulfment, n. محیط ہو جانے کا عمل؛احاطہ بندی ؛ گھیر بندی ـ

enhance, v.t. اُونچا کرنا ؛ بڑھانا ؛ اضافہ کرنا ؛ افزوں کرنا ؛ زیادہ تیز کرنا ؛ بڑا کرنا ؛ قیمت ، قدر ، حُسن یا مسرّت میں اضافہ کرنا ـ

enhancement, n. اضافہ ؛ بیشی؛ افزونی ؛ بڑھوتری ؛ بڑھاؤ ـ

enhanced radiation weapon, n. افزودہ تابکاری ہتھیار ؛ ایک ایٹمی ہتھیار جو دھماکے کے زور اور تابکاری کو ممکنہ حد تک کم کرتا ہے ـ

enharmonic, a. (موسیقی) ہم آہنگ ؛ مضاعف سُرتی ؛ موسیقی کی ایک طرز ، پیمانے یا ساز سے متعلّق جس میں اونچے G اور

دبتے ہوئے A کے درمیانی وقفوں کا نیم سُر ہوتا ہے ، بالخصوص ایسے سُروں کے استعمال سے متعلّق جو پانچ متوازی خطوط پر نام اور پوزیشن کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں جیسے G اور Ab لیکن جو پیانو جیسے سازوں پر ایک ہی سلسلے کے سُروں یا پردوں سے نسبت رکھتے ہیں ۔

enhearten, v.t. نئی اُمّید دلانا یا ہمت بندھانا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ ولولہ پیدا کرنا ۔

enigma, n. مُعمّا ؛ کوئی متحیّر کرنے والی چیز یا شخص ؛ رمز ؛ چیستان ؛ پہیلی ۔

enigmatic, enigmatical, a. چیستانی ؛ رمزیہ ۔

enigmatically, adv. رمزی انداز میں ؛ پہیلی کے طور پر ۔

enisle, v.t. جزیرہ بنا دینا ؛ جزیرے میں رکھنا ؛ الگ کر دینا ؛ قطع تعلّق کر لینا ۔

enjambment, n. (عروض) مستزاد ؛ ابیاتِ مسلسل ؛ کسی نظم کے ایک مصرع یا بیت کا دوسرے مصرع یا بیت تک کسی رکاوٹ یا وقفے کے بغیر جاری رہنے کا عمل ۔

enjoin, v.t. تادیب کرنا ؛ نصیحت کرنا ؛ ہدایت کرنا یا حکم دینا ؛ تاکید کرنا ؛ عائد کرنا ۔

enjoiner, n. تاکید کُنندہ ؛ تادیب کُنندہ ۔

enjoinment, n. تادیب ؛ تاکید ؛ حُکم ؛ ہدایت ۔

enjoy, v.t. لُطف اٹھانا ؛ مزے لینا ؛ حظ اٹھانا ، لذت لینا ؛ انبساط حاصل کرنا ؛ حامل ہونا اور تسلی بخش طور پر استعمال کرنا ؛ استفادہ کرنا ۔

enjoyable, a. لُطف لینے کے قابل ؛ پُرلطف ؛ مسرت بخش ؛ مزے دار ۔

enjoyableness, n. پُرلطفی ۔

enjoyably, adv. پُرلطف طور پر ۔

enjoyment, n. لطف اندوزی ؛ لطف ؛ سرور ؛ حظ ؛ انبساط ؛ کسی چیز کا مالک ہونے سے حاصل ہونے والی مسرّت یا طمانیت ؛ مسرّت انگیز شے ؛ خوشی ؛ مسرّت ۔

enkephalin, n. اینکیفلین ؛ ایک قسم کا اینڈروجن ۔

enkindle, v.t. جلانا ؛ روشن کرنا ؛ سلگانا ؛ آگ لگانا ؛ اشتعال دلانا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ عمل پر اُبھارنا ؛ سرگرم عمل کرنا ۔ (فعل لازم) جل اٹھنا ؛ آگ پکڑنا ؛ بھڑکنا ؛ سرگرمِ عمل ہونا ۔

enlace, v.t. تسمہ بندی کرنا ؛ ڈور یا بند سے کسنا یا لپیٹنا ؛ گھیرنا ؛ گوندھنا ؛ بٹنا یا بُننا ۔

enlacement, n. تسمہ بندی ۔

enlarge, v.t. بڑا کرنا ؛ پھیلانا ؛ توسیع کرنا ؛ زیادہ جامع بنانا ۔ (فعل لازم) بڑھنا ؛ زیادہ تفصیل کے ساتھ بولنا یا لکھنا ۔

enlargeable, a. قابل توسیع ؛ جو بڑا ہو سکے ۔

enlarger, n. مُکبر ؛ کلاں گر ؛ آلہ جو تصویر کے عکسی/فوٹو گرافی مواد پر اصل نیگیٹو سے زیادہ بڑے عکس ڈالتا ہے ۔

enlargement, n. توسیع ؛ اضافہ ؛ عقلی قوتوں میں وسعت ؛ کوئی مفصل تقریر یا تحریر ۔ (عکّاسی) عکسی تصویر جو اصل نیگٹیو سے بڑی بنائی یا مرتسم کی گئی ہو ؛ تکبیر ۔

enlighten, v.t. اُجالنا ؛ روشنی ڈالنا ؛ واضح کرنا ؛ عقل کی روشنی میں اجاگر کرنا ؛ واقف کرنا ؛ تعلیم دینا ؛ پڑھانا سکھانا ۔

enlightenment, n. روشن خیالی ؛ توضیح ؛ آگہی ؛ روشنی طبع ۔

the Enlightenment, n. (یورپ میں) سترھویں اور اٹھارویں صدی کی فلسفیانہ اور ثقافتی تحریک جس میں مسلّمہ عقائد پر گرفت کی گئی ، عقل کے آزادانہ استعمال پر زور دیا گیا ، سائنسی تجربیت کو فروغ دیا گیا اور جس میں انسانی وقار اور فلاح و بہبود کو سب سے زیادہ اہم قرار دیا گیا ۔

enlist, v.t. فہرست میں داخل کرنا ؛ فوج میں بھرتی کرنا ؛ کسی مفاد کو فروغ دینے کے لیے ملازم رکھنا ۔ (فعل لازم) فوج میں رضاکارانہ طور پر بھرتی ہونا ؛ کسی مقصد کے ساتھ دل و جان سے وابستہ ہونا ۔

enlistment, n. فہرست میں اندراج ؛ سپاہیوں کی بھرتی ۔

enlisted, a. بھرتی شدہ ؛ فہرست میں مندرج ۔

enlisted man, n. امریکا کی مسلح افواج کا ایک رکن جس کا رتبہ کمیشنڈ آفیسر یا وارنٹ آفیسر سے کم تر ہوتا ہے ۔

enliven, v.t. جان ڈالنا ؛ حرارت پیدا کرنا اور سرگرم عمل کرنا ؛ طاقتور اور فعّال بنانا ؛ نئی روح پھونکنا ؛ تازگی بخشنا ؛ شگفتگی پیدا کرنا یا مسرور کرنا ۔

enlivener, n. تازگی بخشنے والا ؛ نئی روح پھونکنے والا ؛ فرح بخش ۔

en masse, adv. مجموعی طور پر ؛ تمام و کمال ؛ اکٹھے ۔

enmesh, immesh, inmesh, v.t. جال سے پکڑنا ؛ پھانسنا ؛ جال میں الجھانا یا پھانسنا ۔

enmity, n. دشمنی ؛ بَیر ؛ مخاصمت ؛ عداوت ؛ پرخاش ؛ خصومت ؛ مخالفت ۔

ennead, n. نو (۹) کا سیٹ ؛ نو (۹) اشیا کا مجموعہ ۔

enneagon, n. مسّبع ؛ نو ضلعی ؛ نو ضلعوں اور نو زاویوں پر مشتمل مستوی شکل ۔

enneahedron, n. نو سطحی ٹھوس شکل ۔

enneahedral, a. نو (۹) سطحی ۔

ennoble, v.t. محترم کرنا ؛ معزّز کرنا ؛ امارت عطا کرنا ؛ رتبۂ امارت پر فائز کرنا ؛ عزّت دینا ؛ وقار بخشنا ؛ درجہ بلند کرنا ؛ اوصاف اور خوبیوں سے متّصف کرنا ۔

ennoblement, n. وقار بخشی ۔

ennobler, n. معزز یا محترم بنانے والا ۔

ennui, n. بیزاری ؛ کوفت ؛ بے شغلی اور ماحول سے عدم دلچسپی کے باعث پیدا ہونے والی بیزاری ؛ اکتاہٹ ؛ ناگواری ؛ ماندگی ۔

enology, oenology, n. خُمریات ؛ شراب اور اس کی تیّاری سے متعلّق علم ۔

enormity, n. شدّت ؛ غیر معمولی افزونی ، عدم اعتدال یا زیادتی ؛ گُناہِ کبیرہ ؛ نظم و ضبط ، حق اور اصول شرافت کی سخت خلاف ورزی ؛ بھیانک جرم ؛ ظالمانہ قتل ۔

enormous, a. جسیم ؛ ضخیم ؛ بڑا ؛ غیر معمولی طور پر بڑا ؛ حد سے متجاوز ؛ بے حد وسیع ؛ بے انتہا فاجرانہ ؛ ظالمانہ ۔

enormousness, n. بڑی جسامت یا ضخامت ؛ سنگینی۔

enough, a. کافی ؛ معقول ؛ ضرورت پوری کرنے کے لیے کافی ؛ کسی مقصد کے حصول یا خواہش کی تکمیل کے لیے ضروری (مقدار یا تعداد) ؛ مطلوبہ (تعداد یا مقدار)۔ (اسم) ضروری تعداد یا مقدار ؛ وہ مقدار یا تعداد جو کسی مقصد یا خواہش کو پورا کرنے کے لیے مطلوب ہو۔ (متعلّق فعل) اس حد تک یا اتنی مقدار میں کہ مقصد ، ضرورت یا خواہش پوری ہو جائے ؛ بھرپور ؛ بالکل (جیسے : He is ready enough to accept the offer) ؛ واجبی یا قابلِ برداشت۔

enounce, v.t. اعلان کرنا ؛ (مسئلہ وغیرہ) زبان سے بیان کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ نظریہ پیش کرنا ؛ دلیل دینا۔

enow, a., adv. enough کی قدیم صورت۔

enphytotic, a. (نباتیات) انفائٹاٹک ؛ پودوں کی ایک مقامی بیماری سے متعلق جو شدید نہیں ہوتی مگر باقاعدہ لاحق ہو جاتی ہے۔

enplane, v.t., v.i. طیّارے میں سوار ہو کر جانا یا سوار ہونا۔

enprise, a. شطرنج کے مہرے سے متعلق جو زد پر ہو۔

enquire, v.t., v.i. دیکھیے : Inquire۔

enquiry, a. دیکھیے : Inquiry۔

enrage, v.t. غضبناک کر دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ برافروختہ کرنا ؛ پُرغیظ کرنا۔

enrapture, v.t. محظوظ کرنا ؛ انبساط بخشنا ؛ شادماں کرنا ؛ شاداں و فرحاں کرنا ؛ انتہا درجہ مسرور کرنا ؛ باغ باغ کر دینا ؛ حالتِ وجد طاری کردینا ؛ خوش کر دینا۔

enrapt, a. مسرور ؛ شاداں و فرحاں۔

enregister, v.t. رجسٹر کرنا ؛ اندراج کرنا ؛ قلم بند کرنا ؛ درج کرنا۔

enrich, v.t. مالامال کر دینا ؛ کسی مطلوبہ شے کی وافر مقدار مہیا کرنا ؛ کسی خوردنی شے میں حیاتین یا معدنی عناصر کا اضافہ کر کے اس کی غذائیت بڑھانا ؛ زمین کو زرخیز کر کے بہتر بنانا ؛ کوئی آرایشی چیز فراہم کرنا ؛ مُزیّن کرنا ؛ سجانا۔

enrichment, n. آرایش ؛ افزودگی ؛ تزئین۔

enricher, n. مالا مال کرنے والا وغیرہ۔

enrobe, v.t. لباس پہنانا ؛ ملبوس کرنا ؛ خلعت بخشنا۔

enroll, v.t. رجسٹر یا فہرست میں اندراج کرنا ؛ فہرست میں نام درج کرنا ؛ قلمبند کرنا ؛ دستاویزات میں درج کرنا ؛ لپیٹنا۔ (فعل لازم) اپنا نام درج کرانا یا فہرست وغیرہ میں درج ہونا۔

enrollment, enrolment, n. رجسٹر یا فہرست میں اندراج ؛ مندرجہ تعداد جیسے کسی خاص نصاب کی تکمیل کے لیے یا اسکول میں داخلے کے لیے۔

enroot, v.t. جڑ بندی کرنا ؛ جڑ سے پیوست کرنا ؛ مجازاً مضبوطی سے جما دینا ؛ گہرائی میں نصب کرنا۔

en route, adv. براستہ ؛ راستے میں ؛ اثنائے سفر میں ؛ جاتے ہوئے ؛ برسرراہ۔

ensanguine, v.t. خون آلود کرنا ؛ لہولہان کرنا ؛ سُرخ کرنا؛ قرمزی کرنا۔

ensconce, v.t. ڈھانکنا ؛ ڈھانپنا یا چھپانا ؛ آرام سے سکونت پذیر ہونا ؛ گوشۂ عافیت میں مقیم ہونا ؛ کسی پوشیدہ جگہ جا بیٹھنا۔

enscroll, inscroll, v.t. جدول میں لکھنا یا قلمبند کرنا ؛ درج جدول کرنا۔

ensemble, n. سارا یا پورا طائفہ ؛ مجموعی اثر ؛ کسی شے کے تمام اجزا بہ حیثیت مجموعی ؛ کسی فن پارے کا مجموعی اثر جیسے کسی تصویر ، موسیقی یا ڈرامے کا ؛ کسی شخص کی مکمل پوشش ، خصوصاً جب کہ اُس کے تمام اجزا متناسب ہوں ؛ مغنّیوں ، اداکاروں وغیرہ کے طائفے کا مظاہرۂ فن ؛ پورے طائفے کا بیک وقت سامنے آنا۔

ensheathe, ensheath, insheathe, insheath, v.t. لپیٹنا ؛ نیام میں رکھنا/کرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ ملفوف کرنا۔

enshrine, v.t. احاطہ کرنا ؛ کسی درگاہ یا خانقاہ میں محفوظ رکھنا (آثار ، یادگار وغیرہ کو) ؛ عزیز رکھنا۔

enshroud, v.i. تکفین کرنا ؛ ڈھانکنا ؛ کفن میں لپیٹنا ؛ کسی چیز میں چھپانا۔

ensiform, a. شمشیر صورت ؛ تلوار کی شکل کا ؛ سیف نما ؛ خنجر نما ؛ پودوں کے خنجر نما پتّوں یا انسانی سینے کی نچلی ہڈّی کے لیے آتا ہے ؛ خنجری(غضروف)۔

ensign, n. پرچم ؛ جھنڈا ، نشان یا عَلم جو کسی عہدے ، رتبے یا قومیت کا نشانِ امتیاز ہو ؛ خصوصاً برّی فوج یا جہاز کا نشان امتیاز۔ (عسکری) ریاستہائے متحدہ امریکا کی بحریہ کا سب سے ادنیٰ کمیشنڈ افسر جو جونیئر گریڈ کے لیفٹننٹ سے کم تر ہوتا ہے ؛ برطانوی پیدل رجمنٹ کا عَلم بردار ، ادنیٰ ترین افسر۔

ensigncy, ensignship, n. اس عہدہ دار کا رُتبہ ، عہدہ یا کمیشن۔

ensilage, n. ذخیرہ کاری (چارا) ؛ چھورکاری ؛ ہرے چارے کو گڑھے یا کھتّے میں ذخیرہ کرنے کا ایک طریقہ جس میں چارے کو اس طرح دبا کر رکھا جاتا ہے کہ وہ کسی قدر خمیر دینے لگتا ہے ؛ اس طرح ذخیرہ کردہ چارا۔ (فعل متعدی) چارے کو گڑھے میں خمیر انگیز طریقے سے ذخیرہ کرنا۔

ensile, v.t. سبز چارے کو خمیر کے لیے دبانا ؛ چارے کو گڑھے میں ذخیرہ کرنا ؛ چھور کاری کرنا۔

ensky, v.t. آسمان پر چڑھانا ؛ فضا میں بلند کرنا۔ (مجازاً) کسی بلند مقام پر فائز کرنا ؛ اونچا رُتبہ دینا۔

enslave, v.t. اسیر کرنا ؛ غلام بنانا ؛ مغلوب کرنا ؛ غلبہ حاصل کرنا۔

enslavement, n. اسیری ؛ غلامی۔

enslaver, n. غُلام بنانے والا ؛ مغلوب کرنے والا ؛ اسیر کار۔

ensnare, insnare, v.t. پھندے یا جال میں پھنسانا ؛ پھانسنا ؛ دھوکے سے شامل کر لینا یا الجھا لینا ؛ دامِ فریب میں لانا۔

ensnarement, n. اسیری ؛ دامِ فریب۔

ensnarer, n. پھانسنے والا ؛ فریب کار۔

ensnaringly, adv. پھانستے ہوئے ؛ فریب کاری سے۔

ensnarl, v.t. پھندے میں پھانسنا ؛ جال میں الجھانا ؛ دام میں لانا۔

ensoul, insoul, v.t. رُوح پھونکنا ؛ ذی روح کرنا۔

ensphere, v.t. گھیر لینا ؛ حلقے میں لینا۔

ensue, v.i. نتیجے کے طور پر بعد میں رونما ہونا ؛ یکے بعد دیگرے سلسلہ وار واقع ہونا ؛ بعد کو رونما ہونا ؛ بعد میں آنا ؛ پیروی کرنا ۔

ensuing, a. مابعد ؛ پس آمدہ ۔

ensuingly, adv. مابعدانہ ۔

en suite, adv., a. سلسلہ وار ؛ یکے بعد دیگرے ۔

ensure, v.t. یقینی یا اطمینان بخش بنانا ؛ یقین کر لینا ؛ پکّا کر لینا ؛ (مال) تیار کرنا ؛ بعد میں رُونما ہونا ؛ مامُون کرنا ۔

ensurer, n. یقینی بنانے والا ؛ مامُون کرنے والا ۔

enswathe, inswathe, v.t. باندھنا ؛ لپیٹنا ؛ پٹی باندھنا ؛ پٹی لپیٹنا ۔

enswathement, n. لپٹاؤ ؛ لپیٹنے کا عمل ؛بندش ۔

entablature, n. (فنِ تعمیر) چبوترہ ؛ سرستون ؛ طبلۃُ العمود ؛ ستونوں کے اوپر کی اُفقی تعمیر جو تین بڑے حصّوں پر مشتمل ہوتی ہے یعنی مرغول ، کگری اور کارنس پر ؛ اسی طرح کا کوئی اور حصّہ ۔

entablement, n. (فنِ تعمیر) چبوترا جس پر کوئی مجسّمہ نصب ہو ؛ پایہ جس پر کوئی عمارت کھڑی ہو ؛ چبوترہ مجسمہ یا عمارت ۔

entail, v.t. مشروط ہبہ کرنا ؛ مخصوص سلسلۂ ورثا کے لیے حق وراثت کو اس طرح محدود کرنا کہ مملوکہ اراضی نہ تو منتقل کی جا سکے اور نہ اس کے متعلّق وصیت کی جا سکے ؛ عطیّۂ مشروط ؛ مخصوص سلسلہ ورثا پر حقِ توارُث منتقل کرانا ؛ کسی پر بوجھ ڈالنا ؛ شامل کرنا یا باعث ہونا (جیسے : a loss entailing no regret)(اسم) میراثِ وقف ؛ مشروط ہبہ یا میراث وقف کرنے کا عمل ؛ کسی املاک کی توریث یا انتقال کا طے شُدہ ضابطہ ؛ وہ چیز جو ہبہ کی جائے مثلاً املاک ؛ پہلے سے طے شُدہ سلسلۂ وراثت جیسے کسی موروثی عہدے سے متعلّق ۔

entailer, n. مشروط ہبہ کنندہ ۔

entailment, n. مشروط ہبہ کرنے کا عمل ؛ مشروط ہبہ ۔

entangle, v.t. اُلجھانا ؛ اس طرح پھنسانا کہ آسانی سے علیحدہ نہ کیا جا سکے ؛ گڈمڈ کرنا ؛ خلط ملط کرن ؛ کسی پیچیدہ چیز یا معاملے میں الجھا دینا ؛ مشکلات ، پریشانیوں یا تضادات میں الجھانا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مانع ہونا ۔

entanglement, n. الجھیڑا ؛ الجھن ؛ پیچیدگی ؛ اٹکاؤ ؛ الجھاؤ ۔

entangler, n. اُلجھانے والا ؛ پھانسنے والا ۔

entelechy, n. (فلسفہ) حقیقتِ وجود یا واقعیت (امکان کے برعکس) ؛ واقعیت یا استکمال (بالقوائیت کے برعکس) ۔

entente, n. اینتانت ؛ ایتلاف ؛ دوستی ؛ دوستانہ اتّحاد ؛ کوئی مشترکہ لائحۂ عمل اختیار کرنے سے متعلّق،دو یا دو سے زیادہ قوموں کے درمیان مفاہمت ؛ اس طرح کی باہمی مفاہمت کے نتیجے میں قوموں یا جماعتوں کا اتحاد ۔

enter, v.t. داخل ہونا ؛ کسی نہ کسی طریقے سے جانا یا در آنا ؛ گھسنا ؛ ٹھونسنا یا کسی جگہ رکھنا ؛ شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ، مثلاً زندگی کے کسی نئے دور یا پیشے وغیرہ کا ؛ مصروف ہونا یا شامل ہونا ؛ ۱کسی انجمن ، جماعت وغیرہ کا) رکن بننا ؛ (کتاب ، ریکارڈ وغیرہ میں) اندراج کرنا ؛ (فہرست یا رجسٹر میں) نام لکھنا ؛ کسی جہاز کا بند گاہ میں آمد پر کسٹم گھر میں رپورٹ کرنا ۔ (قانون) اراضی وغیرہ کا قبضہ حاصل کرنا ؛ عدالت میں باضابطہ پیش کرنا یا داخل کرنا ۔ (فعل لازم) در آنا ؛ جانا ؛ کسی کاروبار یا معاملے میں شریک ہونا ؛ کسی پیشے میں داخل ہونا ؛ رکن بننا ؛ کسی موضوع پر گفتگو یا اس کے جائزے کا آغاز کرنا ؛ بحث شروع کرنا یا اس میں حصّہ لینا ؛ اسکول میں داخل ہونا ؛ کسی مقابلے میں شریک ہونا ، جیسے دوڑ میں تاخیر سے حصّہ لینا ۔

to enter into, شامل ہونا ؛ داخل ہونا ؛ گھسنا ؛ کوئی کاروبار شروع کرنا یا کسی کاروبار میں شریک ہونا ؛ نمٹنا یا بطور مذاکرہ یا استدلال وغیرہ زیر بحث لانا ؛ کسی چیز کا عنصر ہونا ؛ کسی مرکّب کا جُزوِ ترکیب ہونا ۔

enterable, a. داخل ہونے کے قابل ؛ قابلِ شمولیت ؛ قابلِ شرکت ۔

enteral, a. درمعائی ؛ آنت سے نسبت رکھنے والا ؛ معوی ۔

enterally, adv. معائی طور پر ۔

enterectomy, n. (جرّاحی) معابراری ؛ آنت کا کوئی حصّہ نکال دینے کا عمل ۔

enteric, a. رُودی ؛ معائی ؛ آنت سے تعلّق رکھنے والا ؛ معوی جیسے ٹائیفائڈ یا میعادی بخار ۔

enteritis, n. (امراضیات) التہاب امعا ؛ معوی التہاب ؛ آنت کا ورم ، خاص کر چھوٹی آنت کا ۔

enterococcus, n. معائی نبقہ ؛ زنجیری نبقہ جو عموماً آنت میں پایا جاتا ہے ۔

enterococcal, a. معائی نبقہ سے متعلّق ۔

enterocolitis, n. (امراضیات) معائی قولونی التہاب ؛ چھوٹی اور بڑی آنتوں کی سوجن ؛ آنتوں اور قولون کا ورم ۔

enterohepatitis, n. (بیطاری،طِب) معائی کبدی التہاب ؛ مختلف قسم کے پرندوں ، فیل مرغوں اور مرغیوں کی ایک متعدی اور مہلک بیماری جو انتڑیوں اور جگر پر حملہ کرتی ہے ؛ پرندوں کا معوی اور جگری ورم ۔

enteron, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) آنت ؛ رودہ ؛ غذائی نالی ؛ خصوصاً جنین کی قنات ہاضمہ ۔

enterostomy, n. (جراحی) معائی تغذیہ ؛ شکمی دیوار میں سے آنت کے اندر کا شگاف تاکہ غذا پہنچائی جا سکے یا فضلہ خارج کیا جا سکے ۔

enterprise, n. کارِ اہم ؛ کاروباری اقدام ؛ کاروباری مہم ؛ عزم ؛ کارجوئی ؛ شروع کی جانے والی کوئی کوشش یا ذمے لیا جانے والا کوئی کام ؛ کاراندازی ؛ کوئی منصوبہ جسے عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی جائے ؛ خصوصاً کوئی جرأت مندانہ ، کٹھن یا خطرناک مہم ؛ کوئی مشکل کام شروع کرنے کا حوصلہ ؛ کٹھن یا پُرخطر کاموں کا بِیڑا اٹھانے پر مستعدی ؛ کوئی کاروباری یا صنعتی ادارہ ۔

enterpriser, n. کارجُو ؛ کارانداز ؛ اولوالعزم ؛ وہ شخص جو کوئی کاروبار یا مہم شروع کرے ۔

enterprising, a. مہمات شروع کرنے کا رجحان رکھنے والا ؛ من چلا ۔

enterprisingly, adv. کاراندازانہ طور پر ؛ اولوالعزمی سے ۔

entertain, v.t. v.i. مہمان نوازی کرنا ؛ خاطر مدارات کرنا ؛ دل بہلانا ؛ غور کرنا ؛ کسی کے لیے تفریح کا سامان مہیّا کرنا ؛ کسی کی رفاقت حاصل کرنا ۔

entertainer, a. میزبان ؛ مہمان نواز ؛ تفریح مہیا کرنے والا ۔

entertainment, n. تفریح ؛ مہمان نوازی ؛ خاطر مدارات ؛ مہمانوں کا خیر مقدم اور ان کے قیام کا انتظام ؛ کوئی سامانِ تفریح ، جیسے ڈرامائی پیش کش یا کوئی شو ؛ تماشا ۔

entertaining, a. دل خوش کُن ؛ باعث تفریح ؛ تفریحی ؛ دلچسپ ۔

entertainingly, adv. دل خُوش کُن انداز میں ؛ تفریحاً ؛ دلچسپ انداز میں ۔

enthalpy, n. (طبیعیات) حرارتِ نوعی ؛ مافیہ حرارت ؛ کسی حرکی نظام میں حرارت کی تبدیلی ناپنے کا پیمانہ ؛ مستقل دباؤ کے تحت کسی بند نظام میں حرارت کی روانی جو اس مساواتِ جبری کے ذریعے ظاہر کی جاتی ہے : $H = U + pV$ اس میں H حرارت کی پیمائش کے لیے آیا ہے ، U نظام کی اندرونی توانائی کے لیے ، p دباؤ کے لیے اور V حجم کے لیے ۔

enthrall, enthral, inthral, inthrall, v.t. شیفتہ کرنا ؛ غلام بنانا ؛ موہ لینا ؛ فریفتہ کرنا ؛ شیدا کرنا ۔

enthrallment, enthralment, n. شیفتگی ؛ فریفتگی ؛ گرم جوشی وغیرہ ۔

enthrone, inthrone, n. تخت نشین کرنا ؛ تخت یا گدی پر بٹھانا ؛ شاہانہ اختیارات عطا کرنا ؛ کسی بلند مقام یا مسند پر فائز کرنا ؛ کسی اسقف کی خالی اسامی پر بشپ کو تمام اختیارات اور امتیازی حقوق کے ساتھ مامُور کرنا ۔

enthronement, enthronization, n. تخت نشینی ۔

enthuse, v.i., v.t. (بول چال) جوش دلانا ؛ گرما دینا ؛ جوش کا مظاہرہ کرنا ؛ گرمانا ؛ جوش میں آنا ؛ جوش ظاہر کرنا ۔

enthusiasm, n. جوش و خروش ؛ گرم جوشی ؛ لگن ؛ گہرا شغف ؛ ولولہ ؛ کسی مقصد کے حصول میں گرمجوشی ؛ کوئی مشغلہ جس میں جوش اور لگن کا مظاہرہ کیا جائے ؛جذبہ ۔

enthusiast, n. جوشیلا ؛ سرگرم ؛ جذبے سے سرشار آدمی ؛ پرجوش شخص ۔

enthusiastic, a. پُرولولہ ؛ پُرشوق ؛ پُرجوش ؛ جوشیلا ۔

enthusiastically, adv. ولولے سے ؛ گرم جوشی سے ؛ جوش و خروش سے ۔

enthymeme, n. (منطق) اضماریہ ؛ برہانِ مؤجز ؛ وہ دلیل جس کا ایک مقدمہ محذوف ہو ؛ قیاسِ استثنائی ۔

entice, v.t. ترغیب دینا ؛ ورغلانا ؛ لبھانا ؛ پُھسلانا ؛ کشش پیدا کرنا ؛ اُمّید یا لالچ دے کر کھینچنا ۔

enticement, n. دلربائی ؛ دلفریبی ؛ تحریص ؛ ترغیب خصوصاً برائی کی ؛ ورغلانے کا فعل ؛ برائی پر آمادگی ؛ لالچ ؛ کشش ۔

enticer, n. پُھسلانے والا ؛ ورغلانے والا ؛تحریص کار ؛ ترغیب کار ۔

enticing, a. تحریص آمیز ؛ ترغیب آمیز ۔

enticingly, adv. ترغیب سے ؛ تحریص سے ؛ بہلا پُھسلا کر ۔

entire, a. سالم ؛ سارا ؛ مکمل ؛ سموچا ؛ جُملہ اجزا یا عناصر کا حامل ؛ کامل یا پورا (جیسے : entire freedom of choice) ؛ جوں کا توں ؛ کاٹ چھانٹ کے بغیر یا نافرسودہ ؛ صحیح سالم ؛ ناختہ ؛ جس میں کوئی نقص یا کمی نہ ہو ؛ ثابت و سالم ؛ بے کم و کاست ؛ مطلق ؛ غیر منقسم ؛ مسلسل ؛ جس کی حدود منقطع نہ ہوئی ہوں ؛ جس میں کوئی شگاف یا خم نہ ہو ، جیسے پتّے یا خول ۔ (اسم) (برطانوی) ایک قسم کا ہلکا شیرہ یا شراب ؛ ایک قسم کی تلخ شراب ۔

entirely, adv. یک قلم ؛ سراسر ؛ سربسر ؛ پورے کا پورا ؛ تمامتر ؛ مطلقاً یا محض ؛ بلا شرکت غیرے ؛ صدق دل سے ۔

entireness, entirety, a. تمامی ؛ کُلیت ؛ حالتِ تکمیل ؛ سالم شے ؛ کُل ۔

entitle, v.t. مستحق کرنا ؛ حقدار بنانا ؛ خطاب دینا یا ملقب کرنا ؛ موسوم کرنا ۔

entitlement, n. حقداری ؛ استحقاق ۔

entity, n. وجود ؛ ذات ؛ ہستی یا نوعِ ہستی ؛ کوئی موجود شے ؛ کون یا وجود ؛ جوہر ؛ ذاتِ مقابلِ صفات ۔

entoblast, endoblast, n. (حیاتیات) درون نابض ؛ دراَدَمہ ؛ درون نہوض ۔

entoblastic, endoblastic, a. درون نابضی ؛ دراَدَمی ؛ درون نہوضی ۔

entoderm, n. دیکھیے : Endoderm ۔

entomb, intomb, v.t. گاڑنا ؛ دفن کرنا ؛ سپردِ خاک کرنا ؛ مقبرے میں دفن کرنا ۔

entombment, n. تدفین ۔

entomology, n. (حشریات) عِلمِ حشرات الارض ؛ حیوانیات کی شاخ جو حشرات کی ساخت ، عادات اور درجہ بندی سے تعلّق رکھتی ہے ۔

entomologic, entomological, a. حشریاتی ۔

entomologist, n. حشریات دان ؛ ماہرِ حشریات ۔

entomophagous, a. حشرات خور ؛ کِرم خور ۔

entomophilous, a. حشرات پسند ؛ حشرات جُو ؛ اس پودے سے متعلّق جس کی باروَری حشرات کے ذریعے ہوتی ہے ۔

entomophily, n. حشراتی زیرگی ؛ حشرات جوئی ۔

entomostracan, a. حیواناتِ قشریہ سے متعلّق ؛ قشردار حیوانات کی ایک ذیلی قسم اینٹوماسٹریکا (Entomostraca) سے متعلّق جن کی عضویت معتدل اور سادہ ہوتی ہے اور جس میں جعدہ پا جانور شامل ہوتے ہیں ۔ (اسم) قشریہ ؛ خول دار جانور ۔

entourage, n. مصاحبین ؛ کسی کے خدم و حشم یا ہمراہی ؛ ہمراہِ وفد ؛ گردوپیش کا ماحول ۔

entozoon, n. دروں حوینہ ؛ دروں حوین ؛ درحوین ؛ اندرونی طفیلیہ ، جیسے آنت کا کیڑا ؛ معوی کرم ۔

entozoan, a., n. در حیوان ۔

entozoic, a. در حوینی ؛ وہ طفیلیہ جو دوسرے حیوانوں کے اندر پرورش پاتا ہے ؛ در حیوانی ۔

entr'acte, n. وقفۂ تمثیل ؛ ڈرامے کے دو ایکٹوں کا درمیانی وقفہ ؛ اس وقفے میں پیش کی جانے والی مختصر موسیقی ۔

entrails, n. اندرونہ ؛ انتڑیاں ؛ امعا؛ آنتیں ؛

چڑھائی کرنا ؛ مداخلت بے جا کرنا (on یا upon کے ساتھ) ۔

entrenchment, n. مورچہ بندی ؛ ارد گرد خندق کھود کر محصور کر لینا ۔ (قلعہ بندی) خندق کی کھدائی اور مورچے کی تعمیر ؛ کوئی پناہ گاہ ، آڑ یا اوٹ ، کوئی دفاعی صورت ۔

entrepot, n. مال گودام ؛ مال ذخیرہ کرنے کی جگہ ؛ تجارتی مال کی تقسیم یا دوبارہ پیکنگ کرنے کا مرکز ۔

entrepreneur, n. ناظم ؛ منتظم ؛ کاروباری تنظیم کار ؛ کسی کاروبار کو منظّم کرنے ، اس کا انتظام چلانے یا اس کے خطرات مول لینے والا شخص ؛ کوئی کامیاب تاجر ؛ کارانداز ؛ مہم کار ؛ کارجو ۔

entrepreneurial, a. کارجویانہ ؛ مہم کارانہ ۔

entrepreneurship, n. کارجوئی ؛ مہم جوئی ۔

entresol, n. (فن تعمیر) دو اونچی منزلوں کے درمیان نیچی چھت والی منزل ؛ میزا نائن ، بخاوی منزل ؛ اسٹیج کے نیچے کا فرش ۔

entropy, n. (طبیعیات) انقطاعِ توانائی ؛ ناکارگی ؛ توانائی کا انقطاع یا ناکارگی کی وہ حد جس تک کسی بند حرحر کی نظام میں توانائی کی فراہمی کا سلسلہ منقطع ہو جائے ۔ رجعت پذیر عمل میں توانائی برابر منقطع رہتی ہے ، کہا جاتا ہے کہ قدرتی غیر رجعت پذیر عمل میں یہ سلسلہ بڑھ جاتا ہے ، مثلاً بہ حیثیت مجموعی کائنات میں یہ سلسلہ بڑھتا جا رہا ہے ؛ کسی شے کی یکسانیت کا درجہ ؛ یک رنگی ۔

entrust, v.t. سپرد کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ کسی کی تحویل میں دینا یا کسی کو بطور امانت سونپنا (جیسے : to entrust a thing to a person) ؛ دینا ؛ سونپنا ؛ کوئی چیز کسی شخص کے حوالے کرنا ۔

entrustment, n. سپرداری ؛ حوالگی ۔

entry, n. داخلہ ؛ داخل ہونے کا فعل ؛ آمد ؛ داخلے کا راستہ یا دروازہ ؛ کسی کتاب میں اندراج ؛ درج شدہ مد ؛ کسی جہاز کے مال کی تفصیلات بتانا یا اس کے کاغذات دکھانا تاکہ مال کو بندرگاہ میں اتارنے کی اجازت حاصل کی جا سکے ۔ (قانون) دخل ؛ قبضہ ؛ اراضی یا مکان پر قبضے کے حصول کی کارروائی ۔

entwine, intwine, v.t., v.i. گوندھنا ؛ لپیٹنا ؛ لپٹنا ؛ بل دینا ۔ (فعل لازم) گوندھا جانا ۔

entwist, intwist, v.t. بٹنا ؛ بل دینا ۔

enucleate, v.t. نوات براری کرنا ؛ گٹھلی ، رسولی یا آنکھ کے ڈھیلے کو بالترتیب اُس کے مغز ، غلاف یا پردے سے نکال دینا ۔ (حیاتیات) نوات سے محروم کرنا ۔ (صفت) بے نوات ۔

enucleation, n. نوات براری ؛ انقاف ۔

enucleator, n. نوات برار ؛ منقاف ۔

enumerate, v.t. گننا ؛ شمار کرنا ؛ باری باری شمار کرنا ؛ ایک ایک کر کے شمار کرنا یا تذکرہ کرنا ؛ گنتی کرنا ؛ دوبارہ گنتی کرنا ۔

enumerable, n. قابلِ شمار ؛ شمار پذیر ۔

enumeration, n. گنتی ؛ شمار ؛ فہرست ۔

enumerative, a. گنتی کرنے والا ؛ شمارندہ ؛ شمار کرنے والا ۔

enumerator, n. شُمار کُنندہ ۔

enunciate, v.t. بولنا یا تلفظ ادا کرنا ؛ ایک خاص انداز میں ؛

حیوانی جسم کے اندرونی حصے ؛ احشا ۔

entrain, v.t. ریل گاڑی میں سوار کرانا ۔ (فعل لازم) ریل گاڑی میں سوار ہونا ۔

entrainer, n. ریل گاڑی میں سوار کرانے والا ؛ ریل گاڑی میں سوار ہونے والا ۔

entrainment, n. (طبیعیات) سوار ذرات ؛ ایک عمل جس میں کسی سیّال کے قطرے یا رواں چشمے سے ملحق گیس کے سالمے ، چشمے کے ساتھ بہ جاتے ہیں ؛ یہ عمل خاص طور پر فوارے سے نسبت رکھتا ہے ۔ (کیمیا) سوار ذرّات ؛ کنکریٹ کے خواص کو بہتر بنانے کے لیے اس میں ہوائی بلبلوں کو پھانسنے کا عمل ؛ تقطیر کے عمل میں سیّال قطروں کی منتقلی ۔

entrance, entrance way, n. ڈیوڑھی ؛ داخلہ ؛ آستانہ ؛ دہلیز ؛ کسی مقام میں داخلہ ؛ داخلے کی آزادی یا اختیار ؛ داخلے کی اجازت ؛ کسی مقام میں داخلے کا راستہ یا دروازہ جس سے گزرا جائے ؛ اداکار کا پہلی مرتبہ اسٹیج پر آنا ؛ کوئی ملازمت اختیار کرنے کا عمل جیسے دفتر میں ۔

entrance, v.t. جذبات مسرت و حیرت سے بھر دینا ؛ محظوظ کرنا ؛ متحیر کر دینا ؛ بیخود کرنا ؛ وجد طاری کرنا ؛ عملِ تنویم کے ذریعے بیخود کر دینا ۔

entrancement, n. تحیُّر ؛ بے خودی ؛ وجد ۔

entrancing, a. وجدانی ۔

entrancingly, adv. وجدانی طور پر ۔

entrant, n. داخل ہونے والا ؛ داخل ؛ زندگی کے ایک نئے دور کا آغاز کرنے والا ؛ کسی انجمن یا تنظیم کی پہلی مرتبہ رکنیت حاصل کرنے والا ؛ کسی مقابلے میں حصّہ لینے والا ۔

entrap, v.t. پھانسنا ؛ دام وغیرہ میں الجھانا ؛ جال میں پکڑنا ؛ کسی شخص کو حیلے فریب سے مشکل میں ڈالنا یا مفاہمت پر مجبور کر دینا ؛ دام تزویر میں لانا ۔

entrapment, n. دام میں پھانسنے کا فعل ۔

entreat, v.t. گھگھیانا ؛ عرض کرنا ؛ طلب کرنا ؛ التجا کرنا ؛ التماس کرنا ؛ منت سماجت کرنا ؛ کسی کی حمایت کرنا یا کسی کی طرف سے صفائی پیش کرنا ؛ پُرزور استدعا کرنا ۔

entreatingly, adv. ملتجیانہ ؛ ملتمسانہ ۔

entreaty, a. گزارش ؛ التماس ؛ عرض ؛ منت سماجت ؛ لجاجت ؛ استدعا ؛ التجا ؛ ملتجیانہ عریضہ ؛ عاجزانہ التماس ۔

entrechat, n. انتریشا ؛ رقص بیلے ؛ جَست جس کے دوران پاؤں کو بار بار ایک دوسرے سے ٹکرایا جاتا ہے ۔

entree. n. حقِ داخلہ ؛ رسائی کی آزادی ؛ رسائی حاصل کرنے کا طریقہ ۔ (برطانوی) ایک خاص ڈِش جو ڈنر میں اصل کھانے سے قبل یا کھانے کے درمیان پیش کی جاتی ہے ۔ (امریکا) کھانے کے اصل دور میں پیش کی جانے والی ڈش ۔

entremets, n. اضافی یا فروعی ڈش ، جو اصل کھانے کے علاوہ میز پر چُنی جائے ۔

entrench, v.t. (فوج وغیرہ) مورچہ بند ہونا ؛ خندق کھودنا ؛ مورچہ کے ارد گرد خندق یا خندقیں کھودنا ؛ منڈیر یا خندق کے ذریعے مورچہ بندی کرنا ؛ قدم جمانا ؛ مضبوط پوزیشن میں لانا ۔ (فعل لازم)

واقعے کو ذہنی طور پر متشکل کرنا ۔

envoy, n. وکیل ؛ نمائندہ ؛ ایلچی ؛ وہ جسے کسی خاص مشن پر بھیجا جائے ؛ قاصد ؛ سفارت کار جو رتبے میں سفیر سے کم تر ہوتا ہے ؛ پیغامبر یا سفارتی نمائندہ جسے کسی غیر ملک کے حکمراں یا حکومت کے ساتھ کسی معاہدے کے بارے میں مذاکرات یا کوئی معاملہ طے کرنے کا فرض سونپا گیا ہو ؛ کسی خصوصی مشن پر بھیجا گیا ایلچی ۔

envoy, envoi, n. نظم کا آخری شعر یا نثرپارے کا اختتامی جُملہ جو عموماً عبارتِ تہدیہ یا انتساب کا کام دیتا ہے ؛ سہ بندی نظم یا بیلیڈ کا آخری مختصر بند ۔

envy, n. جلن ؛ رشک ؛ حسد ؛ کسی دوسرے شخص کی برتری یا کامیابی پر تلملاہٹ یا جلن ؛ کسی کی خوش نصیبی پر حسد یا جلن ؛ آزردگی ؛ کینہ ؛ مایۂ حسد ۔ (فعل متعدی) کسی سے یا کسی وجہ سے رشک کرنا ؛ رشک کی نگاہ سے دیکھنا ؛ آرزو مند ہونا ؛ مشتاق ہونا ۔

envier, n. حاسد ؛ رشک کرنے والا ۔

enwind, inwind, v.i. دوسرے کے گرد لپٹنا ؛ لپیٹنا ۔

enwomb, v.t. بند کر لینا ، جیسے رحم میں ۔

enwrap, v.t. لپیٹنا ؛ مستغرق ہونا (جیسے : He was enwrapped in thought) ۔

enwreathe, inwreathe, v.t. لاد دینا ، جیسے ہاروں سے ؛ لپیٹ دینا جسے ہاروں میں ۔

enzootic, a. مویشی روگ ؛کسی علاقے کے جانوروں تک محدود (بیماری کے متعلّق) ۔ (اسم) بیماری جو کسی علاقے کے جانوروں کو لاحق ہو ۔

enzyme, n. (حیاتی کیمیا) خامرہ ، کیمیائی خمیر ؛ انزایم ؛ لحمیاتی مادّوں کی ایک بڑی قسم جو ذی حیات خلیوں سے پیدا ہوتی ہے اور بدن کے استحالے میں اپنی عمل انگیزی کی بدولت زندگی کے لیے ناگزیر ہوتی ہے ۔

enzymatic,enzymic, a. خامری ؛ انزایمی ۔

enzymology, n. خامریات ؛ سائنس کی وہ شاخ جس کا تعلّق کیمیائی خمیروں کی نوعیت اور فعلیت سے ہے ۔

enzymologist, n. ماہر خامریات ۔

Eocene, a. (ارضیات) آغازِ عصر جدید سے متعلق : کُرۂ ارض کے ابتدائی دورِ سوم کا یا اس سے متعلق جو تقریباً پانچ کروڑ پچاس لاکھ سال قبل شروع ہوا تھا اور دو کروڑ سال تک جاری رہا جس کے دوران موجودہ میمل جانوروں کی نشوونُما ہوئی ۔ (اسم) نوحیاتی دور ؛ آغازِ عصرِ جدید ۔

eohippus, n. ابتدائی دور کا یابو یا چھوٹا گھوڑا ؛ کرۂ ارض کے ابتدائی دورِ سوم کا یابو ، جو مغربی امریکا اور یورپ میں پیدا ہوا تھا اور جس کے اگلے پاؤں میں چار چار کُھر اور پچھلے پاؤں میں تین تین کھر ہوتے تھے ۔

eolian, Aeolian, a. (ارضیات) بادی تہوائی ؛ ریت یا دوسرے ذخائر سے متعلّق جو ہوا سے اڑ کر یا ہوا کے کٹاؤ سے اکٹھے یا منتقل ہوتے ہیں ۔

eolith, n. اوزارِ سنگ ؛ اولین حجری اوزار ؛ دھار دار

مطلع کرنا یا اعلان کرنا ؛ لازماً بیان کرنا یا پیش کرنا نظریے کے طور پر ۔ (فعل لازم) ایک خاص انداز یا لہجے میں لفظوں کی ادائیگی ۔

enunciable, a. قابلِ بیان ؛ قابلِ ادائیگی ۔

enunciation, n. بولنے کا عمل یا انداز ؛ بیان ؛ اظہارِ تلفُّظ ۔

enunciative, enunciatory, a. ادعائی ؛ اعلانیہ ، متعلّق بہ تلفُّظ ۔

enunciator, n. دعویٰ کرنے والا ؛ مدعی ؛ اعلان کرنے والا ۔

enure, v.i., v.t. دیکھیے : Inure ۔

enuresis, n. (امراضیات) سلسل البول ؛ بول بستری ؛ پیشاب کا از خود اخراج ۔

envelop, v.t. لپیٹ کر یا تہ کر کے ڈھانکنا ؛ لپیٹ لینا ؛ گھیر لینا ؛ چاروں طرف سے ڈھانک لینا ؛ چُھپا دینا ؛ ملفوف کرنا ؛ غنیم کے مَیمنے یا مَیسرے کے آگے تک پھیل جانا تا کہ وہ جزواً گھر جائے ۔

envelopment, n. لپیٹنے کا عمل ؛ لپیٹنے والی شے ۔

envelope, envelop, n. غلاف ؛ لفافہ ؛ خط کو بند کرنے کے لیے کاغذ کا غلاف جسے سربہ مہر کیا جا سکتا ہو ؛ وہ چیز جس سے کسی شے کو لپیٹا جائے ؛طبلق ؛ ریپر ۔(حیاتیات)کسی عضو کا غلاف ۔ (برقیات) خلائی نلکی کو ڈھانکنے والی دھات یا شیشہ ۔ (جیومیٹری) ملفاف ؛ وہ سطح یا خمدار خط جسے کسی اور سطح یا خمدار خط کے ساتھ ، تغیریا حرکت کے ایک معین نظام کے مطابق ،تماس حاصل ہو ۔ (نباتیات) کمامہ یا تاجِ گل جو زر ریشہ اور غنچے کے اردگرد ہوتا ہے ۔ (طیرانیات) غبارے یا ہوا بھرے طیارے کا بیرونی سرپوش جو سربند گیس کے ذریعے پُھولا رہتا ہے ۔

envenom, v.t. زہر یا سم میں بجھانا ؛ زہر آلود کرنا ؛ مسموم کرنا ؛ تلخی پیدا کرنا ؛ فتنہ پردازی کرنا ؛ فساد ڈالنا ۔

enviable, a. قابلِ رشک ؛ رشک انگیز ؛ نہایت پسندیدہ ۔

enviably, adv. پسندیدگی سے ؛ رشک انگیزی سے ۔

enviableness, n. پسندیدگی ؛ رشک انگیزی ۔

envious, a. حاسد ؛ جلنے والا ؛ رشک کرنے والا ؛ رشک آمیز ؛ جس کی پشت پر رشک کا جذبہ ہو ۔

enviously, adv. حاسدانہ ؛ جلن سے ۔

enviousness, v.t. حسد ؛ جلن ؛ رشک ۔

environ, v.t. گردوپیش ہونا ؛ گھیر لینا ؛ احاطہ کرنا یا محیط ہونا ؛ لپیٹ لینا ؛ نرغے میں لے لینا ؛ محاصرہ کرنا ۔

environment, n. ماحول ؛ گردوپیش کے وہ تمام طبعی ، سماجی اور ثقافتی عوامل اور حالات جو کسی جسم نامی یا اجسام کے اجتماعی وجود یا ارتقا پر اثر انداز ہوتے ہیں ؛ محصوری ؛ حصار بننے والی شے ؛ ماحولیات ؛ حوالی ؛ گردوپیش ۔

environmental, a. ماحولی ۔

environmentalist, n. ماہر ماحولیات ؛ ماحول شناس ؛ وہ شخص جو زمین کے ماحولیاتی توازن کے تحفظ کے لیے کام کرے ۔

environs, a. مضافات ؛ سوادِ شہر ؛ اطرافِ شہر ؛ نواح ؛ کسی شہر یا مقام کے حوالی ؛ قرب و جوار ۔

envisage, v.t. غور کرنا ؛ سوچنا ؛ تصوُّر کرنا ؛ ادراک کرنا ؛ خیالی تصویر بنانا ۔

envision, v.t. تصوُّر کرنا ؛ خصوصاً مستقبل میں پیش آنے والے

یا حقوقِ شہرت حاصل کرنے والا نوجوان ۔

ephedrine, ephedrin, n. (کیمیا) افیڈرین ؛ قلمی قلیاسا جو بے برگ نباتات میں پایا جاتا ہے یا وہ مرکّب دوا جو زکام ، دمے اور تپ کاہی کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے ۔

ephemera, n. حمی یوم ؛ حشرہ یک روزہ ؛ چند روزہ شے ؛ سریع الفنا مکھّی ؛ یک روزہ مکھّی یا مئی مکھّی ۔

ephemeral, a. یومی ؛ مختصر ؛ بے ثبات ؛ عارضی ؛ کم حیات ؛ سریع الزوال ؛ یک روزہ ۔ (اسم) بے ثبات چیز ؛ سریع الفنا شے ؛ قلیل العمر ، مثلاً بعض قسم کے پُھول ۔

ephemerality, ephemeralness, n. بے ثباتی ؛ کم حیاتی ۔

ephemerally, adv. مختصر طور پر ؛ بے ثباتانہ ۔

ephemerid, n. مئی مکھّی ؛ مئی مکھیوں (Ephemeroptera) کی قسم کی کم حیات مکھّی ؛ یک روزہ مکھّی یا کوئی بے ثبات کیڑا ۔

ephemeris, n. (فلکیات) تقویمِ نجومی ؛ نقشۂ ہیئت ؛ جنتری ؛ وہ نقشہ جو سال بھر یومیہ یا باضابطہ وقفوں کے دوران ستاروں کی حالت کو ظاہر کرتا ہے ؛ فلکیاتی تقویم ۔

ephemeron, n. کم عمر ؛ بے ثبات شے ؛ چند روزہ ؛ کوئی زود فنا چیز ۔

ephemerous, a. زُود فنا ؛ بے ثبات ۔

epiblast, n. (جنین) برنہوض ؛ برون اَدَمَہ ؛ سب سے اوپر کی جلد ۔

epiblastic, a. برنہوضی ۔

epiboly, n. (جنین) برافگنی ؛ تیزی سے منقسم ہونے والے خلیوں کے مجموعے کا دوسرے خلیوں کے مجموعے کو محیط ہونا ۔

epibolic, a. محیطی ۔

epic, epical, a. رزمی ؛ حماسی ؛ کسی رزمیے یا اس کے مشابہ نظم سے متعلّق ؛ عظیم الشان ؛ جوانمردانہ یا بُطلانہ ؛ عالیشان ؛ پُرشکوہ ؛ پُروقار ؛ جسامت اور گیرائی کے لحاظ سے غیر معمولی ۔ (اسم) رزمیہ نظم ؛ بلند آہنگ اُسلوب میں لِکھّی جانے والی ایک طویل داستانی نظم جو کسی سورما کی ذات پر مرتکز ہوتی ہے اور جس میں غیر معمولی کارنامے اور واقعات بیان کیے جاتے ہیں ؛ کوئی فن پارہ جس کا موضوع ، طوالت اور گیرائی رزمیہ نظم کے مماثل ہو ؛ واقعات یا کارنامے جو موضوع کے طور پر رزمیے کے سزاوار ہوں ۔

epicalyx, n. (نباتیات) بربھل پات ؛ زیر پھل پات ؛ برکپامہ ؛ کپامۂ گل کے مشابہ پتّوں یا پتّیوں کا حلقہ جو اصل کپامے کے پیندے کو محیط ہوتا ہے ؛ برکاسۂ گُل ۔

epicardium, n. (تشریح الاعضا) پردۂ قلب ؛ برقلبہ ؛ غلافِ قلب کی اندرونی خونابی تہ جو براہ راست دل کے اوپر ہوتی ہے ۔

epicardial, epicardiac, a. پردۂ قلب سے متعلّق ؛ برقلبی ۔

epicarp, n. (نباتیات) سرپوست ؛ کسی پھل کے چھلکے کی سب سے اوپر کی پرت ؛ غلافِ ثمر ۔

epicene, a. مشترک الجنس ؛ دونوں صنفوں کی خصوصیات کا حامل یا اس سے متعلّق ؛ کمزور ؛ مخنّث ۔ (گرامر) ان اسما سے متعلّق جو تذکیر اور تانیث دونوں کے لیے مشترک ہوں ۔ (اسم) خُنثیٰ ؛ دوجنسیہ ۔

چقماق جو قبل از تاریخ عہد کے قدیم ترین حجری اوزاروں کا ایک نمونہ ہے ۔

eolithic, a. (آثاریات) حجری عہد کے ابتدائی زمانے سے متعلّق جس کی امتیازی خصوصیّت حجری ہتھیاروں کا استعمال تھا ۔

eon, aeon, n. زمانہ ؛ جُگ ؛ طویل اور لامحدود ؛ دور زمان ؛ ایک زمانہ ؛ دھرتی کے جُگ کا ایک زمانہ جو ایک عہد /دَور سے طویل تر ہوتا ہے ۔

eosin, eosine, n. (کیمیا) ایوسین ؛ ایک سرخ قلمی سفوف جو بنیادی طور پر کپڑوں کو گلابی رنگ دینے اور خوردبینی معائنے کی غرض سے سرخ دھبے ڈالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس طرح کے کئی رنگ ۔

eosinophil, eosinophile, n. (حیاتیات) ایوسین پسند شے ؛ کوئی خورد عضویہ ، خلیہ یا مادّہ جسے بہ آسانی ایوسین سے رنگا جا سکتا ہو ۔

eosinophilic, a. ایوسین پسند ۔

epact, n. (فلکیات) لوند کے دن ؛ ایامِ کبیسہ ؛ تقریباً گیارہ دن ، جس کے سبب قمری سال کی نسبت شمسی سال بڑھ جاتا ہے ؛ کسی سال کی یکم جنوری کو چاند کی تاریخ کے حساب سے ایسٹر کی تاریخ کا تعیّن کیا جاتا ہے ۔

eparchy, n. قدیم یونان کا کوئی صوبہ ؛ جدید یونان میں ایک صوبے کا انتظامی ذیلی ڈویژن ۔ (یونانی قدامت پسند کلیسا) بشپ کا تعلقہ یا اُسقف اعظم کا ماتحت علاقہ ۔

epaulet, epaulette, n. لباس کا کاندھے والا حصّہ ؛ جھبّا ؛ کاندھے پر لگایا جانے والا اعزازی نشان جسے خصوصاً بَرّی یا بحری فوج کے افسر کاندھے پر لگاتے ہیں ؛ شا شان ۔

epee, n. کُند نوک والی گاؤدم سہ رخی تلوار جس میں کاٹ کی دھار نہیں ہوتی ؛ اس قسم کے ہتھیار سے تیغ زنی کا فن ۔

epeeist, n. اس قسم کی (اپیے) تلوار چلانے والا ؛ اپیے تلوار زن ۔

epeirogeny, epeirogensis, epeirogeny, n. (ارضیات) براعظمی تشکیل ؛ برسازی ؛ زمینی قشر کی عظیم جنبش ، ہیجان اور تہ نشینی جس کے نتیجے میں براعظموں اور سمندروں کی تہ کے بڑے حصّوں پر طبقات میں عمودی اکھاڑ پچھاڑ یا جھکاؤ پیدا ہوتا ہے ۔

epeirogenic, a. برسازی سے متعلّق ۔

epencephalon, n. (تشریح الاعضا) مؤخّر دماغ؛ پس دماغ؛ دماغِ صغیر ۔

epenthesis, n. (گرامر) کسی لفظ کے درمیان کسی حرف یا آواز کا بڑھنا ۔

epergne, n. طشتری دان ؛ کھانے کی میز پر عمودی یا مدور صورت میں سجائی گئی طشتریاں جن میں پیسٹری ، پھل وغیرہ رکھّے جاتے ہیں ۔

epexegesis, n. (عِلمِ بیان) وضاحتی اضافہ ؛ کسی ماقبل لفظ یا فقرے کی وضاحت کے لیے لفظ یا الفاظ کا اضافہ ؛ اضافہ کردہ لفظ یا الفاظ ۔

epexegetic, epexegetical, a. وضاحتی اضافے سے متعلّق ۔

epexegetically, adv. وضاحتی اضافے کے طور پر ۔

ephebe, n. قدیم یُونان میں سن بلوغت کو پہنچنے والا

epicenism, n. دو جنسیت ؛ اشتراک الجنس ۔

epicenter, (Brit.), epicentre, epicentrum, n. بیرونِ زمین علاقه جو زلزلے کے مرکز کے بالکل اُوپر واقع ہو ؛ برمرکز ؛ زلزلے کا مرکز۔

epicotyl, n. (نباتیات) برفلقه ؛ تخمی پودوں کے تنّے کا وہ حصّه جو بیج پتی کے بالکل اُوپر ہو۔

epicotyledonary, a. بَرفلقی ۔

epicritic, a. (فعلیات) ذکی ؛ ناقد ؛ زُود حسی سے متعلق ؛ گرمی ، سردی یا تکلیف کے محرکات کی ذرا سی تبدیلی سے جلد کی تاثر پذیری سے متعلّق ۔

epicure, n. [یونان کے فلسفی ایپی قور کی بابت جس نے لذت کو اصل خیر اور درد کو اصل شر قرار دیا ہے] خوش خوراک ؛ خوش باش ؛ اعلیٰ مذاق رکھنے والا شخص ، خصوصاً عمدہ کھانوں اور شراب کا شوقین ۔ (قدیم) خوش اوقات ؛ نفسانی خواہشات یا تعیّشات کا بندہ ۔

epicurean, a. شکم پرست ؛ بندۂ شکم ؛ پیٹو ؛ عشرت پسند ؛ عیّاش ۔ (بڑے E سے) حکیم ایپی قور یا اس کی تعلیمات سے متعلّق ۔ (اسم) نفسانی خواہشات کا بندہ ؛ عیّاش آدمی ۔ (بڑے E سے) حکیم ایپی قور کا پیرو۔

Epicureanism, n. حکیم ایپی قور کے فلسفیانه اصول و نظریات ؛ ایپی قوریت ؛ شہوت پرستی ؛ عیش پسندی ۔

epicurism, n. نفس پرستی ؛ عشرت پسندی ؛ عشرت پسند یا صاحبِ ذوق آدمی کے طور طریقے ۔

epicycle, n. (بطلیموسی فلکیات) تدوِیر ؛ فلکِ تدوِیر ؛ ایک چھوٹا دائرہ جس کا مرکز بڑے دائرے کے محیط پر گھومتا ہو ؛ کوئی دائرہ جو کسی دوسرے دائرے کے محیط کے اندر یا باہر گردش کرتا ہو۔

epicyclic, a. تدویری ۔

epicyclic train, n. (مشین) تدویری گراریوں کا سلسله ؛ گراریوں کا سلسله جن کے پہیّوں کے محور ایک مشترک مرکز کے گرد گردش کرتے ہیں ۔

epicycloid, n. (جیومیٹری)تدویر نما ؛خمدار خط جو کسی ساکن دائرے کی محدب سمت گردش کرنے والے دائرے کے محیط پر کسی نکتے کی حرکت سے پیدا ہوتا ہے ۔

epidemic, epidemical, a. وبائی مرض ؛ متعدی بیماری ؛ کسی بستی کے سب لوگوں یا ان کی بڑی تعداد کو ایک ہی وقت میں متأثر کرنے والی بیماری مثلاً چھوت کی بیماری ؛ بڑے پیمانے پر پھیلنے والی (بیماری) ۔ (اسم) وَبا ؛ کسی متعدی بیماری کی کیفیت ؛ کسی بھی چیز کا تیزی سے بڑھاؤ یا پھیلاؤ (جیسے : an epidemic of shootings)۔

epidemicity, n. وبا ؛ وبائیت ۔

epidemiology, n. وبائیات ؛ عِلم امراض وبائی ؛ وہ عِلم جو وبائی امراض کے مطالعے اور اس کی روک تھام سے تعلّق رکھتا ہے ۔

epidemiological, epidemiologic, a. وبائی ۔

epidemiologically, adv. وبائی طور پر۔

epidemiologist, n. ماہر وبائیات ؛ وبائیات دان ۔

epidermis, n. (تشریح الاعضا) بَرادَمه ؛ خارجی جلد ؛ غلافِ بیرونی ؛ جلد کی وہ بیرونی ، غیر عِروقی اور بے حس پَرت جو داخلی اور حقیقی جلد کو ڈھانکے رہتی ہے ۔ (حیوانیات) کوئی بیرونی غلاف یا کھال مثلاً کئی صدفی حیوانات کے خولوں کی سخت کھال ۔ (جنین) بروں اَدَمه ۔ (نباتیات) پتّوں یا پودوں کے نرم حصّوں کے خلیوں کی سطحی پَرت ۔

epidermal, epidermic, a. بَرادَمی ۔

epidermically, adv. برادَمی طور پر۔

epidermoid, epidermoidal, a. برادَمه نما ۔

epidiascope, n. تصویر انداز ؛ ایپی ڈائسکوپ ؛ مناظریات/بصریات میں استعمال ہونے والا ایک آله جو شفّاف چیز پر چھپی ہوئی اشیا یا تمثالات کی عکس ریزی کرتا ہے ۔

epididymis, n. (تشریح الاعضا) برخایه ؛ بربَخ ؛ براشی ؛ وہ لمبی پیچدار نالیاں جو خائے کے سہارے اور اس کے ساتھ ساتھ جمی ہوتی ہیں ۔

epididymal, a. برخائی ؛ بربَخی ۔

epidote, n. ایپڈوٹ ؛ سبز رنگ کی سلیکائی معدنی اشیا کا مجموعه جو متغیر چٹانوں میں پائی جاتی ہیں ۔

epifocal, a. زلزلے کے ماسکے یا حقیقی مرکز کے ٹھیک اوپر ؛ برماسکی ۔

epigastric, a. برشکمی ؛ برمعدی : شکم کے بالائی اور اگلے حصے سے متعلق یا اس پر واقع ۔

epigastrium, n. برمعدہ ؛ شراسیف ؛ برشکمه ؛ معدہ/شکم کے اوپر کا حصّه ۔

epigene, a. (ارضیات) برزمینه؛ سطح زمین سے نکلنے والا یا اس سے پیدا ہونے والا ۔

epigenesis, n. (حیاتیات) برتولید ؛ تولید متوالی ؛ برزائی ؛ نظریۂ بر تولید ؛ یہ نظریه که کوئی جسم نامی اپنے ابتدائی بے بافت وجود کے تفرق سے نموپذیر ہوتا ہے (قبل تشکیل نظریه کے برعکس) ۔ (ارضیات) کسی چٹان میں خارجی قُوتوں کے عمل سے پیدا ہونے والی تبدیلی ؛ کیمیاوی تغیُّر۔

epigenetic, a. برتولیدی ؛ اس قسم کی تبدیلی سے متعلق ۔

epigenic, a. کسی محیط چٹان کی تشکیل کے بعد کی تکوین یا ساخت سے متعلق ۔

epigenous, a. بالا بقچی ؛ بامادی ؛ کسی سطح پر اُگنے والا ، جیسے کسی پتّے یا پودے کے دوسرے حصّے پر نمو پانے والا ۔

epigeous, epigeal, a. (نباتیات) برزمینه (پودا) ؛ زمین گیر ؛ سطح زمین پر یا قریب ترین اُگنے والا ؛ دورانِ نمو زمین پر اُگنے والی بیج پتیاں ۔

epiglottis, n. (تشریح الاعضا) مکب ؛ کوّا (حلق کا) ؛ لِسان المز مار ؛ زبان کی جڑ میں واقع کُرکُری ہڈّی جو مزمار کو دبائے رکھتی ہے اور نواله یا گھونٹ نگلتے وقت اسے نرخرے میں داخل ہونے سے روکتی ہے ۔

epigon, n. (نباتیات) برتُخمه ؛ وہ تھیلی جو جگر نُما پودے کے بَذرہ دان کا احاطه کرتی ہے ۔

epigone, epigon, n. طفیلی فن کار ؛ کسی ادیب ، مصور یا تخلیق کار کی معمولی نقل یا پیروی کرنے والا ؛ اوسط درجے کا نقال ۔

epigram, n. جُگت ؛ نکتہ یا چٹکلا یا لطیفہ ؛ مختصر ، مزاحیہ ، پہلو دار بات ؛ چھوٹی سی ہجویہ نظم جس کا آخری شعر یا مصرع عام طور پر چونکا دینے والے خیال کا مظہر یا چُبھتے ہوئے انداز کا ہوتا ہے ۔

epigrammatic, epigrammatical, a. لطیفہ آمیز ؛ ظرافت آمیز ۔

epigrammatically, adv. لطیف انداز میں ؛ مزاحیہ طور پر ۔

epigrammatist, n. جُگت باز ؛ لطیفہ باز ۔

epigrammatize, v.t. لطیفہ کہنا ؛ جگت بازی کرنا ؛ کِسی لطیفے کی صورت میں اظہار کرنا ۔ (فعل لازم) لطیفہ تخلیق کرنا ۔

epigraph, n. نوشتہ ؛ کتبہ ؛ کسی عمارت ، مقبرے یا یادگار کا کتبہ ؛ لوح ؛ کوئی مقولہ یا اصول جو کسی کتاب کا سرحرف ہو یا اس کے ابواب پر درج ہو جس سے کتاب کے مضمون کا پتا چل سکے ۔

epigraphy, n. علم کَتبات ؛ کَتبات کو پڑھنے ، ان کے غوامض حل کرنے یا ان کی تعبیر کا علم ؛ کَتبات بہ حیثیت مجموعی ؛ نقش ۔

epigraphist, epigrapher, n. کتبہ نویس ؛ کتبہ خواں ؛ ماہر کَتبیات ۔

epilepsy, n. (امراضیات) مرگی ؛ صرع ؛ ایک مزمن اعصابی مرض جس میں مریض پرلرزہ اور غشی طاری ہوتی ہے ۔

epileptic, a. صرعی ؛ صرع یا مرگی سے متعلّق یا اس سے متاثر ۔ (اسم) مرگی کا مریض ۔

epileptiform, epileptoid, a. (امراضیات) صرع نما ؛ مرگی کی مانند ۔

epilogue, epilog, n. ختمِ مقال ؛ اختتامیہ ؛ کسی تصنیف یا ادب پارے کا اختتامی حصّہ یا خاتمہ جس میں پچھلی باتوں کی وضاحت ہو ؛ وہ تقریر یا مختصر نظم جس کے ذریعے ڈرامے کے اختتام پر کوئی اداکار تماشائیوں سے خطاب کرتا ہے ۔

epilogist, n. خاتمہ نویس ؛ اختتامیہ گو ۔

epimorphosis, n. (حیوانیات) برشکلیت ؛ نیا جنم ؛ بے ریڑھ حیوانات میں ایک طرح کی باز تولید. جس کے ذریعے خلیات میں پہلے تکثیر ، مابعد تفریق واقع ہوتی ہے ۔

epimysium, n. (تشریح الاعضا) برعُضلہ ؛ عَضلہ پوش ؛ کسی عصب کا غلاف جو واصل نسیج سے تشکیل پاتا ہے ۔

epinasty, n. (نباتیات) برقرنیت ؛ برروئیدگی ؛ کسی نامیے یا جزو کی بالائی سطح پر بڑھی ہوئی روئیدگی جس کی وجہ سے اُس کا متأثرہ حصّہ نیچے مُڑ جاتا ہے ، جیسے کلی کا کھلنا ؛ وہ حالت جو بعض کیمیائی عناصر کے استعمال سے پیدا ہوتی ہے ، مثلاً کاہ کُش کے استعمال سے پیدا ہونے والی حالت ۔

epinastic, a. برروئیدگی سے متعلّق ۔

epinephrine, epinephrin, n. (حیاتی کیمیا) برگُردہ مادّہ ؛ برگُردوی غدود کا ایک ہارمون جو خون کے دباؤ میں اضافہ کرتا ہے اور جس کے مختلف طبّی فوائد میں دل کو تحریک پہنچانا اور دمہ کی حالت میں عضلات میں نرمی پیدا کرنا شامل ہے ۔

epineurium, n. (تشریح الاعضا) برعصبہ ؛ عصب پوش واصل نسیج کا وہ دبیز غلاف جو کسی عصب کے مرکزی حصے کے گرد ہوتا ہے ۔

epineurial, a. برعصبہ سے متعلّق ۔

Epiphany, n. (کلیسیات) ظہور عیسیٰ کی یاد میں چھ جنوری کو منایا جانے والا تہوار ۔ (بڑے E سے) ظہور خصوصاً کسی الوہی/مافوق البشر ہستی کا ۔

epiphenomenalism, n. ضمنی علامتیت ؛ تبع مظہریت ؛ جسم اور ذہن کے باہمی رشتے سے متعلّق ایک نظریہ جس کی رو سے شعور یا ذہنی فعلیت محض عصبی یا جسمانی اعمال کی ضمنی پیداوار ہے اور اُن پر اثر انداز نہیں ہوتی ۔

epiphenomenon, n. ضمنی علامت ؛ تبع مظہر ؛ ثانوی مظہر جو کسی اور مظہر کے ساتھ رونما ہوتا ہے لیکن بجائے خود نتائج کی علت نہیں ہو سکتا ۔ (امراضیات) غیر معمولی پیچیدگی ؛ ثانوی یا زائد علامت یا کوئی پیچیدگی جو کسی مرض کے دوران پیدا ہو جاتی ہے ۔

epiphenomenal, a. غیر معمولی پیچیدگی سے متعلّق ۔

epiphenomenally, adv. غیر معمولی پیچیدہ طور پر ۔

epiphora, n. (امراضیات) دُماع ؛ ڈھلکا ؛ سیلان اشک ؛ اشکی غدود میں خلل کے باعث آنسوؤں کا حد سے زیادہ بہاؤ ۔ (علم بیان) تکرارِ لفظی ؛ سلسلہ وار جُملوں ، فِقروں یا اشعار کے آخری لفظ کی تکرار کے ذریعے زور دینے کا ایک طریقہ ۔

epiphysis, n. (تشریح الاعضا) طرف العَظم ؛ برمالہ ؛ برنامیہ ؛ صنوبری غدّہ ؛ برنامی ؛ عَظم برنامیہ ؛ کسی ہڈّی کا حصّہ یا عمل جسے غضروفی پرت نے بڑی ہڈّی سے علیحدہ کر رکھا ہو اور جو بعد میں تعظّم کے مزید عمل کے ساتھ دوبارہ جُڑ گئی ہو ؛ دماغ کا صنوبری غدّہ ۔

epiphysial, epiphyseal, a. طرف العظمی ؛ برمالی ؛ برنامیہ سے متعلق ۔

epiphyte, n. (نباتیات) نباتِ ہوائی ؛ برنبات ؛ پودے جو کسی دوسرے پودے پر سہارے کے طور پر اُگتے ہیں لیکن ان کے طفیلیے نہیں ہوتے جیسے بعض اقسام کی کائیاں ، ثعلب وغیرہ ۔

epiphytic, a. برنباتی ۔

epiphytically, adv. برنباتی طور پر ۔

epiphytotic, a. (نباتیات) وبائے نباتی ؛ پودوں کی ایک وبا سے متعلّق جو وسیع علاقے کے پودوں پر حملہ آور ہوتی ہے ۔ (اسم) پودوں کی وبا ۔

epirogeny, n. دیکھیے epeirogeny ۔

episcopacy, n. أسقف شاہی ؛ اُسقفی حکومت ؛ کلیسائی اسقفیّت ؛ کلیسائی طرزِ حکومت جس میں پادریوں کے تین سلسلے ہوتے ہیں ، یعنی اُسقف ، قسیس اور ڈیکن ؛ اُسقفوں کا نظام ؛ اُسقف کا عہدہ یا اسامی ۔

episcopal, a. اُسقفی ؛ اُسقف سے متعلّق ؛ اسقفی نظامِ حکومت پر مبنی یا اس نظام کو تسلیم کرنے کے بارے میں ۔ (بڑے E سے) بعض کلیساؤں کے القاب خصوصاً اُس لقب سے متعلّق جو کلیسائے انگلستان یا اس کی کسی شاخ کے لیے مستعمل ہو مثلاً امریکا کے پروٹسٹنٹ اُسقفی کلیسا سے منسوب ۔

episcopally, adv. اُسقفی طور پر ۔

episcopalian, a. اُسقفی ؛ اُسقفیت پسند ؛ کلیسا کے اسقفی طرزِ حکومت سے متعلّق یا اس سے وابستہ ۔ (بڑے E سے) اُسقفی کلیسا

epitheliomatous, a. خلمی سرطان سے متعلّق ۔
epithelium, n. (حیاتیات) سَرحلمہ ؛ برحلمہ ؛ بشر فحاطیہ ؛ اندرونی یا بیرونی سطح کو ڈھانپنے یا جوف وغیرہ پر غلاف کا کام دینے والی کوئی نسیج جو دیگر حفاظتی، افرازی یا دوسرے کام بھی انجام دیتی ہے، مثلاً بَرادَمہ یا خون کی رگوں کی جھلّی ؛ لعاب دار جھلّی کی بالائی سطح ۔
epithelial, a. سَر حلمی ؛ بَر حلمی ۔
epithelioid, a. برحلمہ نُما ۔
epithet, n. خطاب ؛ لقب ؛ صفت ؛ وصف ؛ کسی شخص یا شے کے حقیقی یا مضمر وصف کو ظاہر کرنے والا کوئی توصیفی لفظ یا فقرہ جو عموماً اس شخص یا شے کے نام کی بجائے لقب کے طور پر استعمال ہو، جیسے شارلیمان کے لیے چارلس اعظم کا لقب ؛ ہجو ؛ دُشنام ۔
epithetic, epithetical, a. توصیفی ؛ صفتی ؛ وصفی ۔
epitome, n. خلاصہ ؛ ملخّص ؛ تلخیص ؛ لُبّ لباب ؛ نچوڑ ؛ کسی کتاب یا تحریر کا ملخّص یا لُبِ لباب ۔ (مجازاً) کوئی چیز یا شخص جو کسی وصف یا نوع کا نمونہ ہو (جیسے : She was the epitome of gentleness) ۔
epitomize, v.t. خلاصہ کرنا ؛ لُبِ لباب پیش کرنا ؛ نمونہ یا علامت بننا ۔
epizoic, a. بَرحیوان روئندہ ؛ بَرحیوانہ ؛ کسی جانور کی بالائی سطح پر پرورش پانے والا ؛ بَرحیوانی ۔
epizoism, n. بَرحیوان روئیدگی ۔
epizoite, n. بَرحیوانیہ ۔
epizoon, n. کرم حیوان ؛ برحیوان ؛ کسی جانور کے جسم پر پلنے والا طفیلی حیوان ۔
epizootic, a. بہت سے جانوروں میں ایک ہی جیسی اور بیک وقت پھیلنے والی وبائی بیماری سے متعلّق ۔ (اسم) حیوانی وبا ۔
epoch, n. زمان ؛ جُگ ؛ دور ؛ عہد ؛ قَرن ؛ عصر ؛ تاریخ ؛ مبدءِ تاریخ ؛ سَن ؛ امتیازی خصوصیت اور واقعات وغیرہ کا حامل خاص عہد ؛ وہ ابتدائی تاریخ جس سے بعد کے سن تاریخ وار شمار کیے جاتے ہوں، جیسے کسی نظامِ تقویم کا آغاز ؛ کسی چیز کی تاریخ میں کسی مخصوص دور کی ابتدا ؛ کسی عصر آفریں واقع یا صورت حال کی تاریخ یا سن ۔ (فلکیات) کوئی مفروضہ وقت یا تاریخ جس کا حوالہ عموماً کسی سیّاری مدار کے عناصر یا حیات کی تشریح میں ایک صدی یا نصف صدی کے آغاز کے طور پر دیا جاتا ہے ؛ ایسے وقت یا تاریخ کو آفتاب سے نظر آنے والا کسی سیّارے کا فلکی طول بلد ۔ (ارضیات) ارضیاتی دور کا وقفہ جو ایک عہد سے کم تر ہو ۔
epochal, a. عصریاتی ؛ زمانی ؛ دوری ؛ کسی عہد، قَرن یا قُرون سے متعلّق ؛ کسی عصر یا اعصار کی بابت ۔
epochmaking, a. عہد آفریں ؛ عہد ساز ؛ عصر آفریں ؛ انسانی تاریخ، فکر یا عِلم میں نئے عہد کا آغاز کرنے والا، مثلاً کوئی تاریخ ساز یا عہد آفریں دریافت ۔
epode, n. (عروض) کسی غنائی نظم کا تیسرا یا آخری حصّہ، مثلاً یونان کے کلاسیکی اوڈ کے تین حصّے ہوتے تھے، اسٹروفے، اینٹی اسٹروفے اور ایپوڈ ؛ غنائی گیت کی ایک قسم جس میں ہر طویل مصرع کے بعد ایک مختصر مصرع آتا ہے ؛ نظمِ مُستزاد ۔
eponym, n. مورثِ اعلیٰ ؛ نام دہندہ ؛ کوئی حقیقی یا فرضی شخص

کے انگلیکی مسلک سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) کلیسا کے اُسقفی نظام کا حامی ۔ (بڑے E سے) اُسقفی کلیسا کا رکن ۔
episcopalism, n. اسقفی نظام ؛ کلیسائی پالیسی کا نظریہ جس کے مطابق مذہبی اقتدار اعلیٰ کسی فرد کی بجائے (سوائے تفویض کردہ اختیارات کے) مجموعی طور پر اُسقفی نظام کو حاصل ہے ۔
episcopate, n. اُسقف کا حلقۂ اقتدار ؛ اُسقفیہ ؛ اُسقف کا عہدہ اور رُتبہ ؛ اُسقفوں کی جماعت ۔
episode, n. واردات ؛ ضمنی واقعہ ؛ سلسلۂ حوادث میں رونُما ہونے والا کوئی فروعی واقعہ جیسے کسی شخص کی زندگی یا تجربے میں ؛ تحریر و تقریر کے کسی حِصّے میں کوئی تجاوُز یا واقِعہ ؛ قصہ در قصہ ؛ (سینما، ریڈیو اور ٹیلی وژن) کا سلسلہ وار کھیل یا فلم کا ایک حصّہ ۔ (موسیقی) ایک گریزی نغمہ یا سُر ۔
episodic, episodical, a. ضمنی ؛ فروعی ۔
epistasis, n. (جینیات) غُشا ؛ کف ؛ کسی جنین کا عمل جس کے ذریعے وہ غیر متبادل جنین کے اثر کو زائل کرتا ہے ۔
epistaxis, n. (امراضیات) نکسیر ؛ رعاف ؛ نزیف الانف ؛ ناک سے خون کا بہاؤ ۔
epistemic, a. علمی ؛ تحصیل علم کا یا اس سے متعلّق ۔
epistemically, adv. علمی طور پر ۔
epistemology, n. نظریۂ عِلم ؛ عِلمیات ؛ عِلم کی اصل، ماہیت، طریقوں اور حدود کا مطالعہ ۔
epistemologist, n. ماہرِ عِلمیات ۔
episternum, n. (حشریات) برقص ؛ کسی مُفصِل پایاں کے جوڑ کے پہلو کا حصّہ ۔ (تشریح الاعضا) فوق القص ؛ سینے کی ہڈّی کے تین حصّوں کا سب سے اوپر والا حصّہ ۔
epistle, n. مراسلہ ؛ مکتوب ؛ خط ؛ نامہ ؛ خصوصاً کوئی رسمی اور نصیحت آموز مکتوب ؛ کوئی ادب پارہ عموماً نظم میں جو بصورت مکتوب لکھا گیا ہو ۔ (بڑے E سے) انجیل یا عہدنامۂ جدید کا کوئی مکتوب جو بعض کلیساؤں میں عشائے ربانی میں پڑھا جاتا ہے ۔
epistolary, a. مکتوباتی ؛ انشائی ؛ شامل مکتوب ؛ مکتوبی ؛ خط و کتابت کا، اُس سے متعلق یا خط و کتابت کے لیے موزوں ؛ خطوط میں لکھی یا خطوں کے ذریعے کی جانے والی (بات) ۔
epistoler, epistler, n. (عموماً بڑے E سے) وہ شخص جو عشائے ربانی کی عبادت میں انجیلی مکتوب پڑھتا ہے ؛ مکتوب نگار ۔
epistyle, n. (فن تعمیر) شہتیر گردنہ ؛ برستون ؛ مرغول ؛ بڑے شہتیر کا وہ حصّہ جو عین ستون پر رہتا ہے ۔
epitaph, n. سنگِ مزار ؛ لوحِ مزار ؛ قبر یا کسی یادگار کا کتبہ ؛ کسی متوفّی شخص کی تعریف میں لکھی جانے والی عبارت جو عموماً منظوم ہوتی ہے ۔
epitaphist, n. کَتبہ نگار ؛ کَتبہ نویس ۔
epitasis, n. اصل داستان ؛ قدیم یا کلاسیکی (یونانی) ڈرامے کا وہ حصّہ جس میں تمہید کے بعد عمل یا کہانی ارتقائی مراحل طے کرتی ہوئی اپنے المناک انجام تک پہنچتی ہے ۔
epithelioma, n. (امراضیات) سرطانِ سر پستان ؛ سرِ پستان پر مہلک ۔ خلمی سرطان ؛ سرطانِ لب ۔

جس کے نام سے کسی چیز کو موسوم یا منسوب کیا جائے ؛ وہ شخص جس کے نام سے کوئی چیز مشہور ہو۔

eponymic, eponymous, a. نام دہندہ ؛ اپنے نام سے کسی مقام ، ادارے یا بیماری کو موسوم کرنے والا ۔

eponymy, n. فرضی ناموں سے اسمائے معرفہ بننے کا عمل یا کسی اسمِ معرفہ کے لیے کسی حقیقی یا فرضی شخص کے نام کا مفروضہ ۔

epopee, epopoeia, n. حماسہ ؛ رزمیہ نظم ؛ کسی رزمیہ نظم کا موضوع ؛ رزمیہ شاعری ؛ رزمیہ ۔

epos, epic, n. جنگ نامہ ؛ رزمیہ موضوع پر کوئی طویل داستانی نظم یا نظموں کا مجموعہ ؛ ایسے واقعات کا سلسلہ جو رزمیہ نگاری کے لیے موزوں ہو۔

epoxy, n., a. (کیمیا) اپاکسی ؛ ایک ایسے مرکّب کا یا اس کے حوالے سے جو آکسیجن کے ایک ایٹم اور دو ایسے کاربن کے ایٹموں پر مشتمل ہو جو پہلے ہی کسی طور پر جڑواں ہوں ۔

epoxy resin, epoxy, n.. (کیمیا) اپاکسی گوند ؛ ایک قسم کا گوند جس میں کم از کم ایک ایسا اپاکسی مرکّب شامل ہو جو اپنی سختتی ، چسپیدگی ، خوردگی ، کیمیائی مزاحمت اور برق گزار خصوصیات کی وجہ سے مفید ہو ، تیّار مصنوعات میں یہ گوند زیادہ تر استرکاری کی چیزوں ، چپکنے والی اور برقی حِجز میں شامل ہوتا ہے ۔

epsilon, n. یونانی حروف تہجی کا پانچواں حرف E,e ۔ (ریاضی) کوئی چھوٹا مثبت عدد جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اعداد کا کوئی دیا ہوا سِلسلہ یا مقدار صفر یا تقریباً صفر ہے ۔

Epsom salt, n. (بالعموم جمع)اپسم نمک ؛ آبیدہ اپسمی نمک جو چمڑے کی صنعت ، رنگ ریزی ، سُوتی کپڑے کے تکمیلی عمل اور طِب میں جلاب کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

Epstein-Barr virus, n. اپیسٹن بار وائرس ؛ سرطان اور تپ غدی وغیرہ کا ایک وائرس ۔

equable, a. برابر ؛ مساوی ؛ ہموار یا یکساں ؛ عادلانہ ؛ یکساں رو ؛ ثابت قدم ۔

equability, equableness, n. یکسانیت ؛ برابری ۔

equably, adv. مساوی طور پر۔

equal, a. مساوی ؛ برابر ؛ یکساں ؛ ہم پایہ ؛ ہمسر ؛ عدد ، مقدار ، درجے ، جسامت اور قیمت کے لحاظ سے برابر ؛ رتبے ، قابلیت اور صلاحیت میں ہمسر ؛ اتنا ہی بڑا جتنا کہ کوئی اور ؛ ان معنوں میں to یا with کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے : The velocity of sound is not equal to that of light) ؛ مناسب قابلیت ، طاقت اور وسائل کا حامل (جیسے : He was not equal to the task) ؛ متناسب یا برابر کا(جیسے an equal mixture یا an equal contest) ؛ اثر و تاثیر کے لحاظ سے یکساں (جیسے : equal laws) ؛ باضابطہ یا ہموار جیسے حرکت ؛ مُسطّح (جیسے : an equal plain) ۔ (اسم) ہمسر یا ہم رتبہ شخص ۔ (فعل متعدی) ہم پایہ یا مدِّمقابل بننا ؛ یکساں ہونا ؛ برابری کرنا ؛ جوڑ کا ہونا ؛ کسی معیار کے مطابق چیز تیار کرنا یا کام انجام دینا ۔

equally, adv. ویسا ہی ؛ اتنا ہی ؛ ایسا ہی ؛ اسی طرح ؛ اسی قدر ؛ بدرجہ مساوی ؛ یکساں ؛ برابر۔

equalness, n. برابری ؛ مساوات ؛ یکسانیت ۔

equalitarian, a. مساوات پسند ؛ نظریۂ مُساوات انسانی سے متعلّق یا اُس کا حامی ۔ (اسم) معتقدِ مُساوات ؛ نظریۂ مُساواتِ انسانی کا مُعتقد ۔

equalitarianism, n. نظریۂ مساواتِ انسانی ؛ مساوات پسندی ۔

equality, n. مساوات ؛ برابری ؛ ہمسری ؛ ہم قدری ؛ جسامت ؛ مقدار ، عدد ، قیمت ، درجے یا اوصاف کے لحاظ سے برابری ۔

equalize, v.t. برابر کرنا ؛ یکساں بنانا ؛ مُساوی کرنا ۔

equalization, n. تساوی ؛ مساویّت ۔

equalizer, n. مساوی گر ؛ تساوی ساز ؛ یکساں کرنے والا ؛ برابر کرنے والا ۔ (میکانیات) کسی میکانیے (mechanism) کے حصّوں کے درمیان دباؤ کو مساوی کرنے والا کوئی آلہ ؛ مساوی گر آلہ ۔ (برق) دو یا دو سے زائد جنریٹروں کی برقی رو کے وولٹیج کو برابر کرنے والا آلہ ۔ (عوامی) کوئی ہتھیار ، خصوصاً پستول یا کوئی اور آتشیں اسلحہ ۔

equal temperament, n. ساز کے کلیدی تختے کی اس طرح ہم آہنگی کہ سُروں کا زیروبم نیم سُر سے کم رہے ، جیسے ساز کو اونچے G# اور دبتے ہوئے Ab کے درمیان وقفوں کے نیم سُر کے مطابق کیا جائے ۔

equanimity, n. دل جمعی ؛ جمعیت خاطر ؛ سلامتئ طبع ؛ طمانیت ؛ سکون ؛ متانت ۔

equanimous, a. معتدل مزاج ؛ جو جلد شادماں یا افسُردہ ہونے والا نہ ہو ؛ متین ۔

equate, v.t. تسویہ کرنا ؛ اشیا کی برابری بیان کرنا ؛ مساواتِ جبریہ کی شکل میں پیش کرنا ؛ مساوی کرنا ؛ برابر کرنا ؛ کم کر کے اوسط تک لے آنا ؛ اس طرح تعدیل کرنا یا گنجایش رکھنا کہ ایک مشترکہ تقابلی معیار قائم ہو جائے ؛ یکساں ماننا ؛ برابر گرداننا یا مساوی حیثیت سے پیش کرنا ۔

equation, n. تسویہ ؛ تعادل ؛ حالت توازن ؛ تحویل کے ذریعے اوسط یا اعتدال تک لےآنے کا عمل ۔ (ریاضی) مساوات جبریہ ؛ دو مقداروں کے درمیان مساوات کا اظہار جس کے لیے بالعموم = کی علامت استعمال کی جاتی ہے ۔ (کیمیا) ردِ عمل کی علامتی تعبیر۔

equation of time, n. اَوسَط شمسی وقت اور ظاہری شمسی وقت کے درمیان فرق ؛ تعدیلِ وقت ۔

equational, a. متعلق بہ مساوات یا حاملِ مساوات ؛ تعدیلی ؛ مساواتی ۔

equator, n. خطِ اُستوا ؛ زمین کا وہ (فرضی) محیطی خط جو ارضی محور پر عموداً واقع ہے اور زمین کو شمالی اور جنوبی نصف کروں میں منقسم کرتا ہے ؛ کُرۂ ارض کے عین وسط میں فرضی افقی خط ؛ کوئی دائرہ جو کسی جرمِ فلکی یا کسی چیز کی سطح کو دو برابر متناسب حصّوں میں تقسیم کرتا ہے ۔

equatorial, a. اُستوائی ؛ خطِ اُستوا خاص کر ارضی خط اُستوا سے متعلّق یا اس کے قریب ؛ کُرۂ ارض کے استوائی خِطوں کا یا ان کے مماثل ۔ (اسم) استوائی دوربین جس کی حرکت کے دو محور ہوتے ہیں : ایک زمین کے محور کے متوازی اور دوسرا اس کے عموداً ۔

equerry, n. میر اصطبل ؛ امرا و سلاطین کا داروغۂ اصطبل ۔ (برطانوی) شاہی محل کا ایک افسر۔

equinox, n. اعتدال شب و روز ؛ وہ زمانہ جب آفتاب اُستوا کو قطع کرتا ہے اور دنیا بھر میں دن اور رات برابر ہوتے ہیں ، مثلاً اِعتدالِ ربیعی جو تقریباً ۲۱ مارچ کو اور اِعتدالِ خریفی جو تقریباً ۲۳ ستمبر کو واقع ہوتا ہے ؛ نقاطِ اِعتدالین میں سے کوئی ایک نقطہ ۔

equip, v.t. لیس کرنا ؛ تیّار کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ مَسلّح کرنا ؛ کسی مہم ، بحری سفر ، منصوبے وغیرہ کے لیے جُملہ ضروری سازوسامان مہیّا کرنا ؛ جہاز کو بحری سفر پر روانہ ہونے کے لیے تیّار کرنا ؛ لباس پہننا ؛ کمر بستہ ہونا جیسے کسی خاص فرض یا خدمت کی انجام دہی کے لیے ۔

equipper, n. کمربستہ کرنے والا ؛ تیّار کرنے والا ؛ لیس کرنے والا ۔

equipage, n. لوازمات ؛ بگھّی ؛ گھوڑا گاڑی ؛ سازوسامان جس سے کسی شخص یا چیز کو آراستہ کیا جاتا ہے ؛ سازوسامان ؛ کسی مسلح جہاز کو مہیا کیا جانے والا فرنیچر اور رسد۔ (قدیم) وابستگانِ دولت کی جماعت ؛ گھریلو استعمال کی اشیا ؛ ذاتی اشیا کا ذخیرہ ۔

equipment, n. سازوسامان ؛ لوازمات ؛ آراستہ اور تیار کرنے کا عمل ؛ کسی کام کی انجام دہی کے قابل بنانے والا علم و ہنر ؛ دفتر وغیرہ کی آرایش کا سامان ؛ لوازمہ ۔

equipoise, n. تعدیل ؛ ہم وزنی ؛ صحیح میزان ؛ توازن ۔

equipollence, equipollency, n. تساوی قُوّت ؛ ہم قطبیت ؛ قُوّت یا اہمیت کی برابری ۔(منطق) دو یا دو سے زائد قضایا کے مابین تسویہ ۔

equipollent, a. مساوی قُوّت یا طاقت یا اہمیّت کا حامل ؛ مساوی ؛ ہم قدریہ ۔ (منطق) جو دوقضایا یا بیانات سے مُستنبط ہو سکے۔ (اسم) بدل ۔

equiponderate, v.i. وزن میں مساوی ہونا ؛ کسی دوسری شے کے ہم وزن ہونا ۔(فعل متعدی) تسویہ کرنا ؛ تعدیل کرنا ۔

equiponderance, equiponderancy, n. ہم وزنی ؛ ہم قدری ۔

equiponderant, a. ہم وزن ؛متساوی الوزن۔

equipotent, a. متساوی القوی ؛ استعداد ، قابلیت اور قُوّت کے لحاظ سے برابر۔

equipotential, a. (طبیعیات) متساوی القوی ؛ ہم قوہ ؛ جملہ نقاط پر یکساں قوت کا حامل۔

equisetum, scouring rush, n.(equisetum) ایکیوسیٹم : اسپ مُو بودے کی جنس سے تعلّق رکھنے والا کوئی پودا ؛ کرف کی قسم کا ایک پودا جس میں گھوڑے کی دُم جیسے بال شامل ہوتے ہیں ۔

equisetaceous, a. اسپ مُو بودے کی خصوصیات کا حامل ۔

equitable, a. دادگر ؛ غیر جانبداری کا مظاہرہ کرنے والا ؛ افراد کے حقوق کے لحاظ سے مساوی ؛ عادل ؛ مُنصِف ؛ غیر جانبدار ؛ عادلانہ ؛ منصفانہ ؛ قرینِ انصاف ۔(قانون) ضابطۂ مساوات سے متعلّق ؛ راست ؛ برحق ۔

equitableness, n. عدل ؛ انصاف ۔

equitably, adv. غیر جانب دارانہ طور پر ؛ منصفانہ طور پر ۔

equitant, a. (نباتیات) برپوش ، مثلاً پتّوں کی پینڈیاں یا تہیں ، ایک دوسرے پر پھیلنے یا ایک دوسرے کو ڈھانکنے والی ۔

equestrian, a. گھوڑوں یا گھڑ سواری سے متعلق ؛ شہسوار کا مجسمہ یا شہ سوار ؛ قدیم روما کے نائٹوں کا ایک اعزاز یا منصب ۔ (اسم) گھڑ سوار ؛ شہسوار ۔

equestrienne, n. شاہسوارنی ؛ گُھڑ سوارنی ؛ خاتون گُھڑ سوار ۔

equiangular, a (جیومیٹری) مساوی الزاویہ ؛ جس کے تمام زاویے مساوی ہوں ۔

equicaloric, a. متساوی الحرارہ ؛ جسم میں توانائی کی مساوی مقداریں پیدا کرنے کی صلاحیت سے متّصف ۔

equidistance, n. مساوی فاصلہ

equidistant, a. ہم فاصلہ ؛ کسی مقام یا نقطے سے مساوی فاصلے پر ۔

equidistantly, adv. ہم فاصلانہ ۔

equilateral, a. متساوی الاضلاع ۔ (اسم) کوئی اقلیدسی شکل جس کے تمام اضلاع مساوی ہوں ؛ کوئی ضلع جو دوسرے تمام اضلاع کے مساوی ہو ۔

equilibrant, n. (طبیعیات) متوازن قُوّت ؛ قوتوں کا نظام یا کوئی ایک قُوّت جو جوابی تعدیل کے ذریعے توازن قائم کرے ۔

equilibrate, v.t. متوازن کرنا ؛ تعدِیل کرنا ؛ متوازن رکھنا ۔ (فعل لازم) متوازن ہونا ۔

equilibration, n. توازن ؛ متوازن ہونے کی حالت ۔

equilibrator, n. متوازن گر۔

equilibratory, a. توازن گری ۔

equilibrist, n. بازی گر ؛ برابر توازن قائم کرنے والا شخص ؛ وہ شخص جو غیر فطری حالتوں یا خطرناک حرکات میں ، جیسے رسے پر چلتے ہوئے ، اپنا توازن برقرار رکھتا ہو ، مثلاً بازی گر ، نٹ ۔

equilibristic, a. بازی گری سے متعلّق ۔

equilibrium, n. توازن ؛ تعادُل ؛ مخالف قُوّتوں کے درمیان توازن ؛ مخالف قُوّتوں کے عمل کے باعث سکون کی حالت ؛ دماغی توازن ۔ (کیمیا) کیمیائی نظام کی حالت جب کہ اُس میں کوئی مزید تبدیلی واقع نہ ہو ؛ قُوّتوں یا اثرات کے درمیان توازُن ؛ اثر کی یکسانیت ؛ مناسب یا درست تعلّق ۔

equimolal, equimolar, a. ہم سلمی یا ہم سالمی ؛ سالمات یا گرام سالمات کی مساوی تعداد کا حامل ؛ مساوی سلمی اجتماع کا حامل ۔

equine, a. گھوڑے سے متعلّق یا گھوڑے سے مشابہ ۔ (اسم) گھوڑا ۔

equinoctial, a. معتدل النہار ؛ متعلّق بہ اِعتدالین ؛ اعتدالِ شب و روز ؛ زمانۂ اِعتدال میں یا اس کے قریب واقع یا ظاہر ہونے والا ؛ خطِ معتدل النہار کے خِطوں یا اُستوائی علاقوں سے متعلّق ۔ (نباتیات) مستقل طور پر ایک خاص وقت یا زمانے میں کِھلنے والا ، جیسے کوئی پُھول ۔ (اسم) سماوی اُستوا ؛ شدید طوفان ۔

equinoctial points, n. نقاطِ اِعتدال ؛ وہ دو نقطے جن پر خط استوا اور طریق الشمس کا انقطاع ہوتا ہے ۔

equinoctial circle, equinoctial line, n. سماوی دائرۂ اِعتدالیہ ؛ سماوی یا فلکی خطِ اُستوا ۔

equinoctial storm, n. طوفانِ اُستوائی ؛ دائرۂ اِعتدالیہ سے اُٹھنے والا طوفان ۔

equitation, n. شہسواری ؛ گھڑسواری ۔

equity, n. نصفت ؛ منصفی ؛ عدل یا غیر جانبداری کا وصف ؛ معدلت ؛ غیر جانبداری ؛ انصاف یا حق ؛ نیاؤ ۔ (قانون) نصفت ؛ قانونی نظام جس میں عدل و انصاف کا تعیُّن کرنے والے قانونی اصول و ضوابط کا مجموعہ شامل ہوتا ہے اور جو مروّجہ و موضوعہ قانون میں اضافہ کرتا اور اس کی خامیوں کو دور کرتا ہے ؛ کوئی قانونی نظام جس میں اس قسم کے اضافی اور اصلاحی اصول و ضوابط کا مجموعہ شامل ہو ؛ عدل و انصاف پر مبنی کوئی حق یا دعوئ ۔ (بازارِ حصص) کسی تجارتی ادارے کے اسٹاک میں مالکانہ مفاد ؛ تمسّکاتِ زر کی بازاری مالیت اور دلال کے واجبات کا فرق جبکہ وہ حدِ مُختتم پر خریدے گئے ہوں ؛ جائیداد کی مالیت جو اس پر تمام دعاوی اور حقوق سے زائد ہو ۔

equity capital, n. (مالیات) سرمائے کا وہ حصّہ جو اسٹاک کی فروخت سے حاصل ہوا ہو ۔

equivalence, n. تساوی ؛ ہم قدری ؛ قُوّتِ مساوی ؛ برابری ؛ مساوات ؛ قدر ، قُوّت یا اہمیت میں برابری ۔

equivalency, n. (کیمیا) ہم گرفتگی ؛ بلحاظ قوت دونوں کا ہم قوت ہونا (منطق ، ریاضی) دو بیانات کے درمیان تعلق جن میں دونوں یا تو صحیح ہوں گے یا غلط ؛ دو قضایا کے درمیان رشتہ جن میں ایک قضیہ منطقی طور پر دوسرے میں اس طرح مدغم ہو جائے کہ ایک کی تردید اور دوسرے قضیے کے اثبات سے تضاد پیدا ہو ۔

equivalent, a. ہم قدر ؛ ہم قیمت ؛ مساوی ؛ مترادف ؛ ہم اثر ؛ قدرت ، قُوّت ، پیمانے یا اہمیت کے اعتبار سے مساوی ؛ حالت یا وظیفے میں مطابقت رکھنے والا ۔ (جیومیٹری) مساوی الحد ، جیسے ہم رقبہ مثلث یا مربع ۔ (ریاضی) ایک سے ایک کی مطابقت پذیری جیسے دو ایک ہی جیسے سیٹ ۔ (کیمیا) ہم گرفتہ ۔ (اسم) کوئی مساوی شے ؛ کوئی شے جو کسی اور شے کے برابر ، مماثل اور مطابق ہو ۔

equivalently, adv. مساوی طور پر ۔

equivalent weight, n. (کیمیا) معادل وزن ؛ کسی عنصر کا وزن جو ہائیڈروجن کے ایک جوہری وزن یا آکسیجن کے نصف جوہری وزن کے ساتھ ترکیب پا سکتا ہو یا اس کی جگہ لے سکتا ہو ۔

equivocal, a. ذُومعنی ؛ مبہم ؛ غیر یقینی ؛ جس کے مختلف معنی لیے جا سکتے ہوں ؛ جس میں اشتباہ ہو ؛ مشکوک ؛ غیر تسلی بخش ؛ جسے مختلف مقاصد سے منسوب کیا جا سکتا ہو ؛ مشتبہ ؛ قابل اعتراض ؛ قابِل گرفت ۔

equivocality, equivocacy, equivocalness, n. اشتباہ ؛ ذومعنویت ؛ ابہام ؛ تذبذب ۔

equivocally, adv. مبہم طور پر ۔

equivocate, v.i. گول مول بات کرنا ؛ ٹال جانا ؛ غلط فہمی پیدا کرنے کے لیے مبہم الفاظ استعمال کرنا ؛ ضلع جُگت بولنا ۔

equivocator, n. جُگت باز ؛ مبہم گو ۔

equivocation, n. گول مول بات ؛ لفظی ہیر پھیر ؛ ابہام یا ذومعنی بات جس کا مقصد غلط فہمی پیدا کرنا ہو ؛ ٹال مٹول ؛ لیت و لعل ؛ فقرہ بازی ؛ ضلع جُگت ؛ کوئی مبہم بیان ۔

equivoque, equivoke, n. ابہام ؛ مبہم لفظ یا فقرہ ؛ ضلع جُگت ؛ ذومعنی ۔

era, n. کوئی خاص زمانہ ؛ امتیازی خصوصیت یا واقعات کا حامل کوئی دَور ؛ کوئی تاریخ جس سے آئندہ برسوں کا شمار کیا جاتا ہے ؛ سنین کے شمار کا نظام جس کا آغاز کسی خاص تاریخ سے ہوتا ہے ؛ ایک عہد جس کے برسوں کا شمار اور تاریخوں کا تعین ماضی کے کسی نقطے سے ہوتا ہے ؛ کوئی عہد آفرین تاریخ ، واقعہ یا خصوصیت ؛ مبدءِ تاریخ ۔

eradiate, v.t., v.i. ضوافگنی کرنا ؛ شعاع ڈالنا ؛ چمکانا ؛ ضو افگن ہونا ؛ چمکنا ۔

eradicate, v.t. جڑ سے اکھیڑ پھینکنا ؛ مکمل طور پر تباہ کر دینا ؛ قلع قمع کرنا ؛ مٹا کر یا کیمیاوی طریقوں سے استیصال کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ بیخ کَنی کر ڈالنا ؛ نکال پھینکنا ۔

eradicable, a. قابلِ استیصال ۔

eradicant, a. استیصالی ۔

eradication, n. استیصال

eradicative, a. استیصال کُن ۔

eradicator, n. قلع قمع کرنے والا ؛ مٹا دینے والا ؛ نیست و نابود کرنے والا ؛ بیخ کُن ۔

erase, v.t. مٹا دینا ؛ رگڑ کر مٹا دینا یا چھیل دینا مثلاً نوشتہ ، کندہ یا روغن شُدہ حروف کو ؛ محو کر دینا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ مقناطیسی ٹیپ یا وائر سے صدا بند مواد کو محو کر دینا ۔ (عوامی) قتل کر کے قصہ پاک کر دینا ۔ (فعل لازم) آسانی سے محو ہو جانا ؛ کسی چیز کے نشانات کا مٹ جانا ۔

erasable, a. مٹنے والا ؛ قابلِ محو ۔

erasability, n. مٹ جانے کی خاصیّت ؛ حَکیّت ۔

eraser, n. ربڑ (مٹانے کی) ؛ کُھرچنی ؛ حکّاک ؛ چھیلنی ؛ مٹانے والا شخص یا شے ؛ ربڑ یا کپڑے جیسی کوئی شے جو تحریر یا دوسرے نشانات کو مٹانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

Erastianism, n. [سولھویں صدی کے مسیحی عالم دین تھامس ایراستس Thomas Erostus سے منسوب] ایراستینی نظریہ ؛ یہ نظریہ کہ مذہبی اور دیگر امور میں کلیسا کو ریاست کے تابع ہونا چاہیے ؛ ایرستینیت ۔

Erastian, a. ایراستینی نظریے سے متعلّق ۔ (اسم) ایراستینی نظریے کا حامی ۔

erasure, n. مٹانے ، کُھرچنے یا چھیل ڈالنے کا فعل ؛ نابُودگی ؛ مٹائے یا کُھرچے گئے حروف کے باقی ماندہ نشانات ۔

erbium, n. (کیمیا) اربیم ؛ ایک کم یاب فلزّاتی عُنصر جو بعض قسم کے بَھرت اور لیزروں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

ere, conj., prep. (شاعری) ماقبل ؛ وقت کے لحاظ سے پہلے ؛ پیشتر ؛ قبل اس کے کہ ۔۔۔۔۔۔

erect, v.t. قائم کرنا ؛ کھڑا کرنا ؛ اُٹھانا ؛ اٹھا کر کھڑا کرنا یا سیدھا نصب کرنا ؛ بنانا یا تعمیر کرنا جیسے کوئی عمارت ؛ وجود میں لانا یا قائم کرنا جیسے کوئی ادارہ ؛ بُنیاد رکھنا ؛ کسی علاقے کو ریاست میں مدغم کرنا ۔ (جیومیٹری) دی ہوئی بُنیاد پر کوئی خط کھینچنا یا شکل بنانا ۔ (بصریات) کسی الٹے عکس کو بدل کر صحیح حالت میں لانا یا رکھنا ۔ (فعلیات) جسم کے کسی حصّے میں تناؤ پیدا کر کے اُسے سیدھا کرنا ؛ وجود میں لانا جیسے معاشرتی پابندی قائم کرنا ۔ (صفت) سیدھا ؛ استادہ جیسے سیدھا کھڑا یا بیٹھا ہُوا ؛ اُوپر

کی طرف اٹھا ہوا جیسے کُتّے کے کھڑے کان ۔ (نباتیات) عمودی ۔

erectable, a. قابلِ نصب ؛ قابلِ ایستادگی ۔

erecter, n. ناصبہ ؛ اُٹھانے والا ؛ قائم کرنے والا ۔

erective, a. ناصب ۔

erectly, adv. عمودی طور پر ۔

erectness, n. ایستادگی ؛ تنصیب ۔

erectile, a. نُعوضی ؛ اِستادنی ؛ کھڑا ہونے کے قابل ۔ (تشریح الاعضا) انتفاخ پذیر ؛ انتصابی ؛ خون کے دباؤ سے سخت ہونے کے قابل جیسے خلیے ۔

erectility, n. انتفاخ پذیری ۔

erection, n. حالتِ اِستادگی ؛ سیدھا کھڑا کرنے کا عمل ؛ کوئی تعمیر جیسے عمارت وغیرہ ۔ (فعلیات) خیزش ؛ کسی ایستادنی عضو یا حصّے کی خیزش ، خصوصاً عضو تناسل یا ٹنے کی ۔

erector, n. کھڑا ہونے والا شخص یا شے ؛ کھڑا کرنے والا ؛ ناصب ۔ (تشریح الاعضا) ناصبہ ؛ وہ عصبہ جو جسم کے کسی اور حصّے کو اِستادہ کرے ۔

E region, n. ای طبقہ ؛ کُرہٗ روانی کا وہ حصّہ جو سطحِ زمین سے چالیس تا نوے میل کی بلندی پر پھیلا ہوا ہے اور جس میں دن کے وقت کا روانی طبق اور منتشر روانی طبق شامل ہیں ۔

erelong, adv. (قدیم) جلد ؛ بہ عُجلت ؛ تھوڑے ہی عرصہ میں ۔

eremite, n. راہب ؛ رشی ؛ جوگی ؛ زاہد ؛ مُنی ؛ خلوت نشین ۔

eremitic, eremitical, a. زاہد کی مانند ؛ راہبانہ ۔

eremitism, n. جوگ ؛ زُہد ؛ رہبانیت ۔

erenow, adv. (قدیم) اب سے قبل ؛ اس وقت سے پہلے ۔

erepsin, n. (حیاتی کیمیا) اریپسین ؛ ایک پروٹین پاش آمیزہ جو آنتوں کے افرازات میں پایا جاتا ہے ۔

erethism, n. (فعلیات) برانگیختگی ؛ ہیجان ؛ جسم کے کسی عُضو یا نسیج میں غیر طبعی جوش یا حساسیت ۔

erethismic, erethistic, erethitic, erethic, a. برانگیختگی سے متعلق ؛ ہیجان انگیز ؛ ہیجانی ۔

erewhile, adv. (قدیم) کچھ دیر قبل ۔

erg, n. (طبیعیات) ارگ ؛ کام کی وہ مقدار جو ایک گرام حُجم پر کسی قُوّت کے ایک ثانیہ بھر عمل کرنے سے ایک سینٹی میٹر رفتار پیدا کرتی ہے ۔

ergo, adv., conj. لہٰذا ؛ چنانچہ ؛ پَس ؛ اس لیے ۔

ergocalciferol, n. ارگو کیلسی فیرول ۔ دیکھیے : Calciferol ۔

ergograph, n. عضلی کار نگار ؛ عضلی فعل نگار ؛ ایک آلہ جو عضلات کے فعل کو ریکارڈ کرتا ہے ۔

ergographic, a. عضلی کار نگار سے متعلّق ۔

ergometer, n. (طبیعیات) عضلی کار پیما ؛ عضلی فعل پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے عضلات کے کسی مجموعے کے فعل کی پیمایش کی جاتی ہے ۔

ergonomics, n. فعلیات پیمائی ؛ انسانوں ، مشینوں اور اُن کے ماحول کے وظائف ، نفسیات اور طریق ہائے کار کا مطالعہ ۔

ergonovine, n. (عِلمِ ادویہ) ارگونوائن ؛ ایک قلمی قلیاسا جو ارگٹ سے تیّار کیا جاتا ہے اور خصوصاً زچگی یا اسقاط حمل کے بعد سیلانِ خون کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ergosterol, n. (حیاتی کیمیا) ارگو سٹیرل ؛ ارگٹ یا خمیر سے حاصل ہونے والا ایک ٹھوس قسم کا تیز الکحل جو اشعاع کے عمل سے وٹامن ڈی میں تبدیل ہو جاتا ہے اور جسے بچّوں میں سوکھے کی بیماری یا مرضِ کُساح کے علاج معالجے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ergot, n. (نباتی امراضیات) ارگٹ ؛ شیلم ؛ اناج روگ ؛ ایک قسم کی پھپھوندی جو اناج کے بیج خاص کر رائی کو لگ جاتی ہے اور اسے سخت اور سیاہ دانے میں تبدیل کر دیتی ہے ؛ اس قسم کے دانوں میں سے کوئی دانہ ؛ ان سے قلیاسا حاصل کیاجاتاہےجسے دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

ergotic, a. ارگٹی ؛ شیلمی ۔

erogtized, a. شیلم سے متأثّرہ ؛ ارگٹ زدہ ؛ شیلم زدہ ؛ جس کے اندر ارگٹ ہو یا جسے ارگٹ لگ گیا ہو ۔

ergotamine, n. ارگوٹمائن ؛ ارگٹ سے کشید کردہ ایک قسم کا قلیاسا جو مرضِ شقیقہ یا وضع حمل کی طوالت کو دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

ergotism, n. (نباتی امراضیات) شیلمیت ؛ ارگٹیت ؛ رئی کی فطرزدگی یا تفطّر جو ایک طرح کی پھپھوندی لگنے سے پیدا ہوتا ہے ۔ (امراضیات) وہ مرض جو رئی یا شیلم سے متأثّر اناج کھانے سے پیدا ہو ۔

ericaceous, a. خلنجی ؛ خلنجی خاندان (Ericaceae) کے نباتات جن میں اوسر ، استابری ، اضالیا ، حرزبرہ اور امریکی لارل شامل ہیں ۔

ericoid, a. خلنج برگہ ؛ اوسر سے ملتا جلتا (پودا) ۔

Erie, n. ایری ؛ اُس امریکی انڈین قبیلے کا ایک فرد ، جو کسی زمانے میں جھیل ایری کے جنوبی ساحل پر آباد تھا ؛ ایری قبیلے کے لوگوں کی بولی ۔

Erin, n. (شاعری) آئرلینڈ ۔

erinaceous, a. قنفذی ؛ خارپُشت یا سیہی کا یا اس کے مشابہ ۔

eristic, eristical, a. مناظرے یا مباحثے سے متعلّق ؛ متنازع فیہ ؛ جھگڑالو ؛ حجتی ۔ (اسم) مناظرہ کرنے والا ؛ بحث مباحثہ کرنے والا ؛ فنِ مناظرہ/مباحثہ ۔

Erlenmeyer flask, n. مخروطی فلاسک ؛ تجربہ گاہ میں استعمال ہونے والا مخروطی صراحی/فلاسک جس کا پیندہ چپٹا چوڑا اور گردن تنگ ہوتی ہے ۔

ermine, n. قاقُم ؛ سنجاب ؛ یورپ میں پایا جانے والا نیولے کی قسم کا ایک چھوٹا میمل جانور جو مسٹیلا ارمینیا خاندان سے تعلّق رکھتا ہے اور جس کا سمور سفید اور دُم سیاہ ہوتی ہے ؛ سمور نیولا ؛ کوئی نیولا جس کا سمور سفید ہو ؛ سفید سمور جسے نمایاں کرنے کے لیے سیاہ دُم کا سمور شامل کر لیا جاتا ہے ؛ بادشاہ ، جج یا کسی اور معزز شخص کی شان و شوکت کا نشان جس کے چوغے کی جھالر اسی قاقم یا سنجاب کی ہوتی ہے ۔

ermined, a. سنجاب پوش ۔

erne, ern, n. بحری عُقاب ، خصوصاً سفید دم والا بحری عقاب ۔

erode, v.t. بُرد کرنا ؛ کٹاؤ کرنا ؛ بہا لے جانا ؛

صاف کر جانا ؛ آہستہ آہستہ تباہ و ختم کر ڈالنا ؛ کھا کر یا کاٹ کر کھاڑی بنانا ؛ سطحِ زمین کا پانی یا ہوا کے عمل سے بُرد ہو جانا ؛ زمین کا کٹاؤ سے متأثر ہونا ۔ (فعل لازم) فرسودہ ہونا ۔

erodent, a. کھار ؛ کاٹنے والا ؛ کھا جانے والا ؛ کٹاؤ کرنے والا ؛ بُرد کرنے والا ۔

erogenous, a. شہوت خیز ؛ جنسی طور پر زُودحس، جیسے جسم کے شہوانی حصّے ۔

erose, a. ناہموار، جیسے کُترا گیا ہو ؛ کٹ حاشیہ ۔ (نباتیات) کوئی چیز جس کے کنارے شگاف دار یا ناہموار ہوں ، مثلاً پتّہ ۔

erosion, n. بُردگی یا کٹاؤ کا عمل ۔ (ارضیات) پانی ، برف، ہوا یا فطرت کی دوسری قوّتوں کے اثر سے زمین یا پتّھر کی بُردگی ؛ مٹّی کی آب باد بُردگی یا پتّھر کی فرسودگی ۔

erosive, a. کٹاؤ کرنے والا ؛ فرسودہ کرنے والا ؛ بُرد کرنے والا ۔

erosiveness, erosivity, n. کٹاؤ ؛ بُردگی ؛ فرسودگی ۔

erotic, erotical, a. پُرشہوت ؛ ہوسناک ؛ شہوانی ؛ جنسی لگاؤ سے متعلق ؛ شہوت انگیز ۔ (اسم) کوئی عاشقانہ مضمون یا نظم ؛ بوالہوس ؛ عاشق مزاج شخص ۔

erotically, adv. عاشقانہ طور پر ؛ شہوت انگیزانہ ؛ بوالہوسی سے ۔

erotica, n. ایسے فن پارے یا ادب پارے جن کا موضوع جنسی ہو ؛ شہوانی فن پارے ؛ جنسی ادب ۔

eroticism, n. جنسی خصوصیت ؛ فن ، ادب اور ڈرامے میں شہوت انگیز موضوعات کا استعمال ؛ شہوانی ہیجان ؛ شہوانیت ۔

erotogenic, a. دیکھیے : Erogenous ۔

err, v.i. خطا کرنا ؛ چوکنا ؛ غلطی ہونا ؛ مارا مارا پھرنا ؛ بھٹکنا ، خاص کر خیالات کا ؛ غلطی پر ہونا ؛ فرض کی انجام دہی سے گریز کرنا ؛ اخلاقی تقاضا پورا کرنے میں ناکام رہنا ؛ حد سے تجاوز کرنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ فاش غلطی کرنا ۔ (قدیم) آوارہ گردی کرنا ۔

errancy, n. خطا ؛ لغزش ۔

errand, n. وہ دورہ جو پیغام رسانی کے لیے کیا جائے ؛ کسی خاص مقصد سے کیا جانے والا سفر ؛ کسی سفر کا مقصد ؛ کارِ مفوضہ ؛ خدمت یا مہربانی جو کسی شخص کے ساتھ کی جائے جیسے ماں کی خدمت؛ سندیسہ؛ پیغام ۔

errant, a. گرمِ سفر ، جیسے قرونِ وسطیٰ کا کوئی مہم جُو سُورما (نائٹ) ؛ آوارہ گرد یا صحیح راہ سے گریزاں ؛ منحرف یا کج رو ؛ جہاں گشت ۔

errantly, adv. منحرفانہ طور پر ؛ مہم جویانہ انداز میں ۔

errantry, n. سرگردانی ؛ جہاں نوردی ؛ جہاں گشتی ؛ حالت سفر ؛ آوارگی ؛ کسی سورما یا نائٹ کی طرح مہم جوئی ۔

erratic, a. سیلانی ؛ سرگرداں ؛ آوارہ گرد ؛ گمراہ ؛ ڈانواڈول ؛ نا مستقیم ، جیسے کوئی بھٹکتا ہوا ستارہ؛ جس کا کوئی معیّن راستہ نہ ہو ؛ متلوّن ، عادات اور خیالات وغیرہ میں ؛ سنکی ؛ فکروعمل کی عام روش سے مُنحرف ؛ خبطی ؛ طُرفہ ؛ آشفتہ ؛ مخبوط ۔ (طِبّ) بے ضابطہ ؛ تغیُّر پذیر ؛ جسم کے ایک حصّے سے دوسرے حصّے میں منتقل ہونے والا ، جیسے گٹھیا کا درد ۔ (ارضیات) فرسودہ چٹان یا اسی قسم کی کسی چیز سے متعلّق جو اصل مقام سے کسی خلاف معمول جگہ منتقل ہو گئی ہو جیسے تودۂ برف کی پھسلن سے ۔ (اسم) آوارہ گرد ؛ جہاں گرد ؛ سَنکی یا خبطی شخص ۔ (ارضیات) متحرک صخرہ یا بلاک ۔

erratum, n. طباعتی غلطی ؛ چھاپے یا کتابت کی غلطی ؛ تحریر و طباعت میں اغلاط کی فہرست ؛ اغلاط نامہ ۔

erring, a. سرگرداں ؛ بھٹکتے پھرنے والا ؛ غلطی پر ؛ غلط ؛ گناہِ صغیرہ کا مرتکب ۔

erringly, adv. غلط طور پر ۔

erroneous, a. غلط ؛ حاملِ اغلاط ؛ مغالطے میں ؛ غیر صحیح ۔

erroneously, adv. غلط طور پر ۔

erroneousness, n. غلطی ؛ مُغالطہ ۔

error, n. غلطی ؛ چُوک ؛ خطا ؛ سہو ؛ بھول ؛ فروگزاشت ؛ صحت سے انحراف ؛ عمل یا طریقۂ کار میں خطا ؛ عدمِ صحت جیسے تقریر یا تحریر میں ؛ غلط بات پر یقین ؛ باطل عقیدہ ؛ راہ صواب سے انحراف ؛ غلط کاری ؛ اخلاقی جرم ۔ (ریاضی) کسی مقدار کی تخمینی قدر اور حقیقی قدر کا فرق ۔ (بیس بال) ناقص دفاعی کھیل ۔ (علوم مسیحی) حقیقت کے بارے میں باطل التباسات ۔

errorless, a. بے خطا ؛ بے قصور جس میں غلطی نہ ہو ۔

ersatz, a., n. قائم مقام ؛ متبادل ؛ بطور بدل کام کرنے والا ؛ ایسے خصوصی یا تالیفی بدل کا کام دینے والا جو بالعموم ادنیٰ درجے کا ہو۔

Erse, a. آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ کی گیلیک زبان بولنے والوں یا ان کی زبان سے متعلّق ۔ (اسم) اسکاچی گیلیکی یا آئرشی گیلیکی زبان ۔

erst, adv. (قدیم) کچھ دیر پیشتر ؛ سابقاً ۔

erstwhile, a. سابق ۔ (متعلّق فعل ، قدیم) کچھ دیر پیشتر ؛ سابقاً ۔

erubescence, n. سُرخ ہو جانے کا عَمل ؛ اشراق ؛ جلد یا کسی سطح کی سرخی ؛ حیا کی سُرخی ۔

erubescent, a. سُرخ ؛ سُرخی مائل ؛ حیا سے تمتمایا ہوا ؛ شرمگیں ۔

eruct, eructate, v.t., v.i. خارج کرنا ، جیسے پیٹ سے ہوا کا ؛ ڈکار لینا ؛ پاد مارنا ؛ زور سے خارج کرنا جیسے کوہ آتش فشاں کا لاوا خارج کرنا ۔

eructation, n. ڈکار لینے کا فعل ؛ ڈکار ؛ پاد ۔

erudite, a. عالِم ؛ علامہ ؛ فاضل ؛ دانشمند ۔

eruditely, adv. فاضلانہ ؛ عالِمانہ ۔

eruditeness, n. عِلم و فضل ؛ عِلمیت ؛ فضیلت ۔

erudition, n. کتابوں اور مطالعے سے حاصل شدہ عِلم و فضل ؛ تبحرِ عِلمی ۔

erumpent, a. پھٹنے والا ؛ مُنشق ۔ (نباتیات) نمایاں جیسے بیرونی غلاف سے پھٹ کر نکلنے والا ۔

erupt, v.i. پھٹ پڑنا ؛ کسی چیز کا توڑ کر نکلنا ؛ جیسے آتش فشاں مادّے کا؛ مادّہ خارج کرنا جیسے آتش فشانی گرمابے کا ؛ اچانک اور زور سے پھٹنا ؛ مسوڑھے کی جلد پھاڑ کر دانت کا باہر نکل آنا ۔ (فعل متعدی) توڑ کر نکلوانا ؛ پھوڑنا ؛ خارج کرنا جیسے کوہ آتش فشاں کا لاوا ؛ دانت کا مسوڑھے کو کاٹ کر نکلنا ۔

eruption, n. خروج ؛ پھٹ پڑنے کا عمل ؛ زور شور سے یکایک خارج ہونے کا عمل ؛ پھٹاؤ ؛ اِنفجار ؛ پھٹ پڑنے والی شے ـ (ارضیات) آتش فشانی سے گداختہ چٹانوں کا اخراج ؛ پانی کا اخراج ، مثلاً گرم چشمے سے ـ (امراضیات) پِت ؛ ثوران ؛ احمراریہ ؛ طفح ؛ پُھنسیاں بثور ـ

eruptive, a. توڑ کر نکلنے والا یا پھوٹ نکلنے والا ؛ انفجاری یا انفجاری نوعیت کا ـ (ارضیات) اُن چٹانوں کے بارے میں جو آتش فشاں گداختہ مادّے سے متشکل ہوئی ہوں ـ (امراضیات) بثور یا پُھنسیوں وغیرہ کا باعث ـ (اسم) (ارضیات) پھٹنے والی چٹان ـ

eryngo, eringo, n. ارنگو ؛ ایک قسم کا پودا جو ارنگیم (Eryngium) کی جنس سے تعلّق رکھتا ہے اور جس کی جڑیں کُھردری اور پتے دندانے دار ہوتے ہیں ، خصوصاً شقاقِ بحری (sea holly) جو اپنی نیلی گھنڈیا کی وجہ سے آرایش کے لیے لگایا جاتا ہے ـ

erysipelas, n. زنجیری نبقے سے پیدا ہونے والی ایک مُتعدی جلدی بیماری جس میں سوجن کے ساتھ بخار ہو جاتا ہے ؛ حمرہ سُرخبادہ ـ

erysipelatous, a. سُرخبادی ـ

erythema, n. (امراضیات) حمرۃُ الجلد ؛ جلد کی سُرخی ؛ جلد پر پیدا ہونے والی غیر طبعی سُرخی جو جسم کے کسی حصّے پر اجتماعِ خون ، ورم وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے ـ

erythematic, erythematous, a. حمرۃ الجلد سے متعلّق ؛ جلدی سرخی سے متعلّق ـ

erythrism, n. حمریت ؛ سُرخ پسندی ؛ پروں یا بالوں کی غیر طبعی یا حد سے زائد سرخی ـ

erythroblast, n. (تشریح الاعضا) احمریہ نہوض ؛ نوات دار نسیج جو ہڈّی کے گودے میں ہوتی ہے اور جس سے سُرخ دموی خلیے بنتے ہیں ـ

erythrocyte, n. سرخ خلیہ ؛ ہیموگلوبین کا حامل سُرخ دموی خلیہ جو خلیوں اور نسیجوں کو آکسیجن اور تنفّسی اعضا کو کاربن ڈائی آکسائڈ بہم پہنچاتا ہے ـ

erythrocytic, erythroid, a. سُرخ خلوی ـ

erythrocytometer, n. حمرت پیما ؛ سُرخ خلیہ پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے سُرخ دَموی خلیے شمار کیے جاتے ہیں ـ

erythromycin, n. ارتھرومائی سین ؛ ایک ضد حیویٰ اینٹی بایوٹک جو امیبائی امراض اور دوسری بیماریوں کے علاج میں استعمال کی جاتی ہے ـ

erythropoiesis, n. سُرخ خلیات سازی ؛ تولید خلیاتِ سُرخ ـ

erythropoietic, a. سُرخ خلیات کی تولید سے متعلّق ـ

escadrille, n. اسکا ڈرل ؛ یورپ کے کسی ملک کی فضائیہ کا اسکویڈرن یا ڈویژنل یونٹ خصوصاً فرانسیسی فضائیہ کا جو عام طور پر چھ طیّاروں پر مشتمل ہوتا ہے ـ

escalade, n. کمند ؛ سیڑھی کے ذریعے چڑھنے کا عمل، خصوصاً کسی قلعہ بند مقام پر حملہ کرتے وقت ـ (فعل متعدی) چڑھنا ؛ گزرنا یا داخل ہونا ؛ سیڑھی لگا کر چڑھنا ـ

escalader, n. سیڑھی یا کمند لگا کر چڑھنے والا ـ

escalate, v.t. وُسعت دینا ؛ بڑھانا ؛ شِدّت میں بتدریج اضافہ کرنا یا دائرہ وسیع کرنا (جیسے : to escalate a war) ؛ کسی متحرک زینے سے چڑھنا یا اُوپر جانا ـ

escalation, n. تیزی ؛ شِدّت ؛ بڑھاوا ـ

escalator, n. چلتا زینہ ؛ چلتی سیڑھی ؛ متحرک زینہ ؛ متحرّک زینہ جو ایک نہ ختم ہونے والے پٹے کے ذریعے مسلسل چڑھتا اترتا رہتا ہے اور جس سے لوگ کسی عمارت کی ایک منزل سے دوسری منزل پر آتے جاتے رہتے ہیں ـ

escalator clause, n. تحرّکی شِق ؛ معاہدے کی یہ شق کہ یونین کے ارکان کی اُجرتوں کو ، مصارفِ زندگی میں اضافے یا کمی کے مطابق ، بڑھایا یا کم کیا جاتا رہے گا ـ

escallop, n., v.t. دیکھیے : scallop ـ

escapade, n. فرار ؛ کوئی مہم جویانہ عمل جو معمول کے یا مسلّمہ آداب کے منافی ہو ؛ قیدوبند کے ضوابط سے انحراف ؛ نتائج کی پروا کیے بغیر کیا گیا اضطراری فعل ؛ قید سے فرار ـ

escape, v.i. فرار ہونا ؛ بھاگ نکلنا ؛ بچ نکلنا قید یا بندش وغیرہ سے ؛ گرفتاری ، سزا یا کسی اور خطرے سے بچنا ؛ کسی ظرف یا برتن سے خارج ہونا ، جیسے کسی مائع کا ؛ جاتے رہنا یا غائب ہو جانا جیسے ذہن یا حافظے سے ـ (نباتیات) جنگلی یا خودرو ہو جانا ، جیسے کسی پودے کا جسے حال ہی میں کاشت کیا گیا ہو ـ (فعل متعدی) بھاگ نکلنا (جیسے : to escape prison) ؛ سہواً نکل جانا جیسے کسی بات کا ؛ خطرے وغیرہ سے بچ جانا ؛ نظر میں نہ آنا یا بُھول جانا ـ

escaper, n. مفرور ؛ بھگوڑا ـ

escapable, a. بچ نکلنے کے قابل ـ

escape, n. فرار ؛ نجات ؛ خلاصی ؛ بچاؤ ؛ گریز ؛ مفروری ؛ قید یا پابندی سے بچ نکلنے کا فعل ؛ حقیقت سے مفر ؛ پانی یا گیس کا اخراج ؛ بچاؤ کا راستہ (جیسے : a fire escape) ـ (نباتیات) وہ پودا جس کی کاشت کی گئی تھی لیکن اب جنگلی یا خود رو ہو گیا ہے ـ (صفت) حقیقت سے گریز کی صورت پیدا کرنے والا (جیسے : an escape novel) ؛ ذمّہ داری سے صورت مفر کی اجازت دیتی (جیسے : an escape clause) ـ

escapee, n. گریز کرنے والا ؛ خلاصی حاصل کرنے والا ؛ مفرور ؛ خاص طور پر قید سے فرار ہونے والا قیدی ـ

escape hatch, n. ہنگامی راستہ ؛ کسی طیارے یا آبدوز سے نکلنے کا ہنگامی راستہ ـ

escape mechanism, n. (نفسیات) فراری میکانیت ؛ وہ غیر شعوری یا غیر ارادی تدابیر جو کوئی شخص پریشانیوں ، تلخ حقائق یا ذمّہ داریوں سے بچنے کے لیے اختیار کرے ـ

escapement, n. فاصلہ بند پُرزہ ؛ گھڑی کا ایک پرزہ جو اس کے پہیوں کو کنٹرول کرتا ہے اور ان کی گردش کی یکساں شرح برقرار رکھتا ہے ؛ ٹائپ رائٹر کا فاصلہ بند پرزہ جو اس کی افقی حرکت کو منضبط کرتا ہے ـ (قدیم) فرار ؛ راہ مفر ؛ باہر نکلنے کا راستہ ـ

escape rocket, n. (فضائیات) بچاؤ راکٹ ؛ ایک چھوٹا راکٹ انجن جو خلائی کیپسول کے بچاؤ ٹاور کے آخری سرے سے منسلک ہوتا ہے اور جسے ہنگامی صورت میں بُوسٹر سے کیپسول کو علیحدہ کرنے کے لیے ، دھکّا دینے میں ، زیادہ زور پیدا کرنے کی غرض

سے استعمال کیا جاتا ہے۔

escape tower, n. (فضائیات) بچاؤ ٹاور؛ خلائی کیپسول کے اوپر نصب کیا جانے والا ایک مشبّک مینار جو پرواز کرتے وقت کیپسول کو بچاؤ راکٹ سے جوڑتا ہے اور اسے راکٹ کی تپش سے محفوظ رکھتا ہے۔

escape velocity, n. (طبیعیات) گریزی رفتار؛ کسی شے کی وہ کم سے کم رفتار جو اس کے لیے کسی سیّارے یا جرمِ فلکی کے تجاذبی میدان سے بچنے کے لیے ضروری ہے۔

escapist, n., a. فراریت پسند؛ خوش خیالی اور فریب خیال کے ذریعے زندگی کی تلخ حقیقت سے گریز کرنے کی کوشش کرنے والا شخص؛ خیالی پلاؤ پکانے والا۔

escapism, n. فراریت۔

escarole, n. اسکارول؛ چوڑے پتّوں والی کاسنی جو سلاد کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

escarp, n. (قلعہ بندی) کھائی کا ڈھال؛ دمدمے کے اطراف کُھدی ہوئی خندق کی اندرونی ڈھال یا دیوار؛ اسی طرح کی کوئی کھڑی ڈھلان۔ (فعل متعدی) ڈھال بنانا؛ ڈھلواں کرنا؛ ڈھلوان سے آراستہ کرنا۔

escarpment, n. ڈھلان؛ ڈھلاؤ؛ ڈھلان کی شکل میں کٹی ہوئی زمین؛ زمین یا پہاڑ کا ڈھلواں بازو؛ کھڑی چٹان؛ ڈھانگ۔

eschar, n. غُشّہ؛ کُھرنڈ؛ پپڑی یا کُھرنڈ جو جلنے کے زخم یا سوزندہ اشیا کے استعمال سے جم جاتا ہے۔

escharotic, a. کھار؛ کاسٹک، جس میں گوشت کو جلانے یا تلف کرنے کی طاقت ہو۔ (اسم) کوئی شے جس کے استعمال سے گوشت جل جائے یا تلف ہو جائے۔

eschar, n. دیکھیے: Esker ۔

eschatology, n. (الٰہیات) مِعادیات؛ معاد کا عقیدہ، جیسے موت، یومِ حساب اور رُوح کی آخری منزل۔

eschatological, a. مِعادیاتی۔

eschatologically, adv. مِعادیاتی طور پر۔

eschatologist, n. عقیدۂ مِعادیات کا حامی۔

escheat, n. حق باز گشت؛ ضبطی؛ نزول؛ ضبطیٔ جائیداد لاوارث بحقِ سرکار؛ نزولئی اِملاک؛ ضبط شدہ اِملاک؛ نزولئی اراضی کا حق۔ (فعلِ لازم) بحقِ سرکار ضبط ہونا؛ حق ساقط ہو جانا۔ (فعلِ متعدی) ضبط کرانا؛ ضبط کر لینا۔

escheatable, a. قابل ضبطی۔

escheatage, n. حق باز گشت؛ کسی ضبط شُدہ جائیداد کا حقّ باز گشت یا وراثت۔

eschew, v.t. پرہیز کرنا؛ احتراز کرنا؛ اجتناب کرنا؛ بچنا؛ گریز کرنا؛ چھوڑ دینا۔

eschewal, n. احتراز؛ پرہیز؛ اجتناب؛ گریز۔

eschewer, n. مُحترز؛ گریز کرنے والا؛ اجتناب کرنے والا۔

escort, n. ہمراہی؛ بدرقہ؛ وہ مرد جو کسی سماجی تقریب میں عورت کے ہمراہ جاتا ہے؛ کوئی شخص یا جماعت جو حفاظت، رہنمائی یا سرپرستی کی غرض سے کسی اور شخص یا افراد کے ہمرکاب ہو؛ خصوصاً مُسلّح دستہ جیسے مسلّح جہازوں کا جو کسی تجارتی جہاز کی حفاظت کے لیے اس کے ساتھ ہو؛ اثنائے سفر میں بچاؤ حفاظت یا رہنمائی۔ (فعلِ متعدی) بدرقے کی حیثیت سے ہمراہ ہونا؛ حفاظت کی غرض سے ساتھ ہونا۔

escritoire, n. لکھنے کی میز؛ لکھنے پڑھنے کی دراز دار میز جس میں لکھنے کا سامان رکھنے کے لیے علیحدہ خانہ ہو۔

escrow, n. (قانون) حصریہ دستاویز؛ دستاویز بہ تحویل امانتی دستاویز جو ثالث شخص کے سپرد کسی شرط کی تکمیل یا کسی کام کے بجا لانے کی غرض سے رکھی جائے اور جب وہ کام ہو جائے تو اس شخص کے حوالے کر دی جائے جس کے حق میں وہ تحریر کی گئی ہو۔ (فعل متعدی) امانتی کی تحویل میں دینا۔

esculent, a. کھانے کے قابل؛ خُوردنی۔ (اسم) خوردنی شے۔

escutcheon, n. یادگاری تختی، خاندانی سَپَر، سَپَرچہ؛ سَپَر یا سَپَر نُما سطح جس پر ہتھیاروں کی تصویریں بنی ہوں؛ مارکہ ڈھال، جس پر امرا کے مارکے بنائے جاتے ہیں؛ مصوّر ڈھال سے ملتی جلتی کوئی شے جیسے کسی جہاز کی پُشت پر اس کے نام کا لگا ہوا تختہ؛ چابی والے سوراخ یا بجلی کے بٹن کے ارد گرد حفاظتی پترا۔

escutcheoned, a. محوّلہ بالا سَپَر سے متعلّق خصوصیات کی حامل۔

esker, eskar, eschar, n. (ارضیات) ایسکر؛ انبارِ سنگریزاں؛ سنگریزوں کا تودہ؛ ریت اور کنکریوں کا لمبا ٹیلا جو کسی ساکن گلیشیئر کے اندر یا نیچے بہنے والے چشمے کی وجہ سے پیدا ہو گیا ہو۔

Eskimo, Esquimau, n. اسکیمو؛ ایک قوم جس کے افراد چھوٹے یا درمیانہ قد، گُٹھے ہوئے جسم، ہلکے بادامی رنگ، چوڑے اور چپٹے چہروں والے ہوتے ہیں، یہ لوگ گرین لینڈ سے الاسکا تک امریکا کے قُطبِ شمالی کے سواحل پر اور ایشیائی ساحل سے ملے ہوئے ایک محدود خِطّے میں آباد ہیں؛ جنوبی الاسکا کو چھوڑ کر اس سارے خِطّے میں بولی جانے والی زبان۔

Eskimo, Eskimoan, Esquimauan, a. اسکیمو زبان سے متعلّق؛ اسکیمو لوگوں سے متعلق۔

Eskimo dog, n. اسکیمو کُتّا؛ طاقتور نسل کا کُتّا جسے اسکیمو برف گاڑی میں جوتتے ہیں اور شکار میں استعمال کرتے ہیں۔

esophagus, oesphagus, n. غذائی نالی؛ مرمی؛ انسان اور دوسرے برتر حیوانات کی عضلاتی نالی جو حلق سے پیٹ تک جاتی ہے اور جس کے ذریعے غذا گزرتی ہے؛ غذا کی نالی۔

esophageal, oesophageal, a. غذائی نالی سے متعلّق۔

esoteric, a. مسائلِ محرمانہ؛ صرف مخصوص دلچسپی یا علم کے حامل افراد کی سمجھ میں آنے والا (باطنی اصول، گُروغیرہ)؛ کسی باطنی حلقے سے متعلّق، مثلاً شاگردوں یا چیلوں کے حلقے سے؛ صرف دانشور یا باشعور لوگوں پر ظاہر کیا جانے والا یا اُن کی سمجھ میں آنے والا، مثلاً کوئی سِرّی عقیدہ؛ مخفی؛ باطنی؛ متبحر۔ (اسم) کوئی مخفی عقیدہ؛ وہ شخص جو کسی باطنی مسلک یا سلسلے میں داخل کیا گیا ہو۔

esoterical, a. باطنی؛ مخفی۔

esoterically, adv. باطنی طور پر۔

esotericism, esoterism, n. باطنیت۔

esoterica, n. امورِ سِرّی؛ ایسے امور جو دانایانِ راز

کے لیے قابلِ فہم ہوں۔

espadrille, n. اسپیڈری سینڈل ؛ ایک وضع کی سینڈل جس کی ایڑیاں رسیّ سے تیاّر کی جاتی ہیں اور جس کے تسمے کو کینویس پر سے کَس کر ٹخنوں کے گرد لپیٹ دیا جاتا ہے۔

Espaliar, n. جعفری ؛ ایک ڈھانچا یا ٹٹّی جس پر پھل دار پودے یا جھاڑیاں اور بیلیں مُسطّح شکل میں نشوونُما پاتی ہیں ؛ یوں اُگا ہوا پودا ، جھاڑی یا بیل ۔ (فعل متعدی) پودے کو جعفری یا ٹٹّی پر چڑھانا یا اُس کی نشوونما کے لیے جعفری لگانا۔

esparto, esparto grass, n. اسپارٹو ؛ علفہ ؛ گھاس کی دو یا تین قسموں میں سے کوئی قسم خصوصاً اسٹپا ٹینا سسی ما(Stipa tenacissima)جو جنوبی ہسپانیہ اور شُمالی افریقہ میں پیدا ہوتی ہے اور جسے کاغذ ، چٹائی اور ٹوکریاں بنانے کے لیے بڑے پیمانے پر برآمد کیا جاتا ہے۔

especial, a. خاص ؛ جداگانہ قسم کی ؛ خصوصی ؛ غیر معمولی ؛ مخصوص۔

especially, adv. خصوصی طور پر۔

especialness, n. تخصیص ؛ خصوصیت ؛ امتیازی وصف۔

Esperanto, n. [رُوسی طبیب زیمن ہوف (۱۸۵۹ء تا ۱۹۱۷ء) کی ایجاد کردہ ایک مصنوعی زبان] اسپرانتو ؛ یورپ کی اہم زبانوں کے مشترکہ الفاظ پر مبنی ایک مصنوعی زبان جو بین الاقوامی ذریعہ اظہار کے لیے ایجاد کی گئی۔

Esperantism, n. اسپرانتیت ۔

Esperantist, n. ماہر اسپرانتو ؛ اسپرانتوداں۔

espial, n., a. جاسُوسی ؛ مشاہدہ ؛ دریافت۔

espionage, n. جاسُوسی ؛ کسی ملک کی حکومت کا دوسرے ملک کی حکومت کے راز معلوم کرنے کے لیے جاسوسوں سے کام لینا۔

esplanade, n. سیر گاہ ؛ کوئی کھلا اور مُسطّح میدان جو خصوصاً چہل قدمی یا موٹر سواری کے لیے بغرض سیر استعمال کیا جاتا ہے ، مثلاً سمندر کے ساحل پر واقع سیر گاہ۔

espouse, v.t. اپنانا یا اختیار کرنا ، مثلاً کوئی مقصد یا کوئی جھگڑا مول لینا ؛ شادی کرنا یا بیاہنا ؛ منگنی کرنا ؛ عقد کرنا ؛ نسبت ٹھہرانا ؛ نسبت طے کرنا۔

espousal, n. بیاہنے یا منگنی کرنے کا فعل ؛ شادی ؛ کسی مقصد کی حمایت یا اس سے وابستگی۔

espouser, n. نسبت ٹھہرانے والا ؛ عقد کرنے والا ؛ بیاہنے والا ؛ شادی کرنے والا۔

espresso, n. تیز کافی ، جو بھاپ سے جوش دے کر اور کافی کے دانوں کے سفوف سے تیاّر کی جاتی ہے۔

esprit, n. شگفتگیٔ رُوح ؛ ذہانت ؛ ظرافت ؛ زندہ دلی ؛ خوش دلی۔

esprit de corps, n. جذبۂ یگانگت ؛ احساسِ ہم آہنگی ؛ جذبۂ اتّحاد ؛ کسی جماعت کے ارکان میں پیدا ہونے والا یکجہتی ، مشترکہ مفادات اور ذمہ داریوں کا احساس۔

espy, v.t. پا لینا ؛ تاڑ لینا ؛ تاکنا ؛ دور سے دیکھ لینا ؛ معلوم کر لینا ؛ دریافت کرنا ، مثلاً کسی مخفی شے کو۔

Esquimau, n. دیکھیے : Eskimo ۔

esquire, n. (بڑے E سے) جناب ؛ صاحب ؛ حضور ؛ گرامی قدر ؛ ایک تعظیمی کلمہ جو شرفا اور معززین کے خاندانی نام کے بعد لکھا جاتا ہے (عموماً تحریری پتوں میں) اور خصوصاً وکلاء کے لیے مستعمل ہے ۔ (برطانوی) کسی شخص کا لقب جس نے ایک عامی سے معزز فرد کی حیثیت حاصل کر لی ہو۔ مخفف : .Esq ؛ کسی بادشاہ یا رئیس کی پیشی کے فرائض انجام دینے والا کوئی عہدے دار ؛ انگریزی عمائد کے کسی سلسلے سے تعلّق رکھنے والا فرد جو نائٹ سے نچلے درجے کا ہو ؛ کسی محترم خاتون کی معیّت میں جانے والا معزّز شخص ۔ (فعل متعدی) اسکوائر کے عہدے یا درجے پر ترقی دینا ؛ اِس تعظیمی لفظ سے مخاطب کرنا ؛ ایک مُعزّز شخص کی حیثیت سے کسی محترم خاتون کا بدرقہ ہونا۔

essay, n. کاوش ؛ کاوش ؛ سعی ؛ کوشش ؛ جہد ؛ جوابِ مضمون ؛ انشا ؛ مضمون ؛ تگ و تاز ؛ تگ و دو ؛ جانفشانی ؛ محنت ؛ کوئی کام انجام دینے کے لیے کی گئی کوشش ؛ آزمایش ، سعی ؛ امتحان یا تجربہ ؛ مختصر ادب پارہ جس کا مقصد کسی خاص نُکتے کا اثبات یا موضوع کی توضیح و تعبیر ہو ؛ انشائیہ ۔ (فعل متعدی) تمام صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بھرپور کوشش کرنا ؛ کسی بات کی سعی کرنا ؛ آزمانا یا تجربہ کرنا۔

essayer, n. کوشش کرنے والا ؛ ساعی ؛ مضمون لکھنے والا ؛ مضمون نگار ؛ انشا نویس ؛ انشا پرداز۔

essayist, n. دیکھیے : essayer ۔

essence, n. ماہیّت ؛ رُوح ؛ جوہر ؛ اصل ؛ کسی شے کا اصل جوہر ؛ ذاتی قدر ؛ کسی ہستی کی امتیازی اور بُنیادی خصوصیت ، مثلاً انسان بہ حیثیت حیوانِ عاقل ؛ کسی پودے یا ایسی نباتی دوا کے انفرادی خواص جسے کشید یا صاف کرکے مُکثّف شکل میں تیاّر کیا گیا ہو ؛ نچوڑ ؛ عطر ؛ عرق ؛ رُب۔

Essene, n. ایسین ؛ قدیم فلسطین کے یہودی راہبوں کی ایک برادری یا صوفیانہ سلسلہ جو دوسری صدی قبل مسیح میں منصّۂ شہود پر آیا تھا اور جس کا مَسلک زُہد ، تجرد اور موسوی قانون کے غیر لاوی حصّوں کی سخت پابندی تھا۔

Essenian, a. ایسینی ؛ محوّلہ بالا خصوصیات کا حامل۔

Essenism, n. ایسینیت۔

essential, a. ضروری ؛ لازمی ؛ بُنیادی ؛ اساسی ؛ لابدی ؛ کسی شے کے جوہر یا ماہیّت سے متعلّق ، اس میں شامل یا نفوذ پذیر ؛اہم ؛ ذاتی ؛ خِلقی ؛ ناگزیر ؛ کسی پودے یا نباتی دوا کی روح کا حامل ، جیسے رُوحِ گلاب ۔ (طِب) حقیقی مرض سے متعلّق ۔ (اسم) کسی شے کے جوہر یا ماہیّت سے تعلّق رکھنے والی چیز ؛ لازمی عُنصر ؛ بُنیادی شے ؛ ضروری چیز ؛ اصل نُکتہ۔

essentiality, n. بُنیاد ؛ اساسیّت۔

essentially, adv. اساسی طور پر ؛ لازمی طور پر۔

essentialness, n. اساسیت ؛ اساسی پن۔

essential aminoacid, n. (حیاتی کیمیا) اساسی ایمانو تیزاب ؛ لازمی امائنو تُرشہ جو جسم کے ساتھ ترکیب نہیں پا سکتا یا جُزوِ بدن نہیں ہو سکتا لیکن نشوونُما اور بقا کے لیے ناگزیر ہے۔

essentialism, n. (تعلیم) نظریۂ لزومت ؛ یہ نظریہ کہ بعض روایتی اور قطعی معیارات ، تصورات اور طریقہ ہائے کار موجود ہیں جو معاشرے کے لیے لازمی ہیں اور جن کے مطابق تمام طلبہ کی بلحاظ

اختلافِ میلانات باضابطہ تعلیم و تربیت ہونی چاہیے ۔

essential oil, n. سَت ؛ عطر ؛ روح ؛ نباتی تیل ؛ کسی قسم کی مہک والا نباتی تیل جو گرم کرنے سے اڑ جاتا ہے اور جو عموماً عطریات کی تیاری یا رُوح کی کشید میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ ست جو خوشبویات بنانے یا مہک اور مزا پیدا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

essonite, n. ایسونائٹ ؛ یاقُوتِ اگری ؛ زرد یا بادامی رنگ کا گوہر جو اصلی زرقون سے نرم ہوتا ہے ؛ سبز یاقُوت کی ایک قسم ۔

establish, v.t. رواج دینا ؛ بُنیاد ڈالنا ؛ نصب کرنا ؛ جمانا ؛ بٹھانا ؛ قائم کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ مستحکم یا مضبوط کرنا ؛ مستقل بُنیاد پر قائم کرنا یا تصفیہ کرنا ؛ ثابت کرنا یا تصدیق کرنا (جیسے : to establish the facts) ؛ (تحقیقات وغیرہ) شروع کرانا اور ان کی توثیق کرنا ؛ مقتدرانہ اور مستقل بُنیاد پر قانون وضع کرنا یا حکم جاری کرنا (جیسے : to establish law and order) ؛ فرمان جاری کرنا ؛ حکم نافذ کرنا ؛ مقدر کرنا ؛ طرح ڈالنا ؛ ابتدا کرنا اور حتمی طور پر منوانا ؛ آغاز کرنا اور مستقل طور پر رائج کرنا (جیسے : to establish a custom) ؛ مستقل بُنیاد رکھنا (جیسے : to establish a business) ؛ سرکاری یا قومی ادارہ قائم کرنا ۔

establisher, n. بانی ؛ قائم کُنِندہ ؛ آغاز کُنِندہ ۔

established church, state church, n. قومی کلیسا ؛ قومی حیثیت سے قانوناً تسلیم شدہ کلیسا ؛ مملکتی کلیسا ۔

establishment, n. عملہ ؛ نظام ؛ سررشتہ ؛ ادارہ ؛ محکمہ ؛ حاکمہ ؛ قائم شدہ چیز ؛ قیام ؛ قائم کیے جانے کی حالت ؛ معاشرے کے مسلّمہ نظام کا اختیاراتی ڈھانچا ؛ کوئی سرکاری یا نجی ادارہ ؛ کاروباری یا اقامتی مقام اور اس سے متعلق ہر چیز ؛ کوئی مستقل فوجی یا غیر فوجی تنظیم ؛ مملکتی کلیسا ؛ توثیق ؛ اثبات ۔

the Establishment, کسی معاشرے ، تنظیم یا خاص شعبے کی ہیئت حاکمہ ؛ وہ ارکان جن پر اس تنظیم کا اختیاراتی ڈھانچا مشتمل ہو ۔

estancia, n. ہسپانوی امریکا میں املاک اراضی ؛ مویشی فارم ۔

estate, n. جائیداد ؛ ملکیت ؛ املاکِ اراضی ، خاص طور پر بڑی جاگیر جس میں جاگیردار کی حویلی بھی ہو ۔ (قانون) مِلک یا املاک؛ کسی شخص کی اراضیات اور دیگر املاک ؛ کسی متوفّی شخص کا ترکہ ۔ (برطانوی) اقامتی منصوبہ ؛ سیاسی اقتدار کا مالک کوئی اہم سماجی گروپ ؛ سماجی حیثیت یا مرتبہ ۔ (فعل متعدی، قدیم) جاگیر عطا کرنا یا جاگیر میں رکھنا ۔

estate wagon, n. (برطانوی) اسٹیشن ویگن ۔

esteem, v.t. ادب کرنا ؛ تکریم کرنا ؛ توقیر کرنا ؛ عزت کرنا ؛ احترام کرنا ؛ مدح کرنا ؛ قدر کی نگاہ سے دیکھنا (جیسے : to esteem his opinions valuable) ۔ (اسم) اچھی رائے ؛ تعظیم و تکریم ؛ احترام وغیرہ ۔

ester, n. (کیمیا) اِسٹر ؛ غیر نامیاتی نمکوں سے مطابقت رکھنے والی نامیاتی مرکّبات کی ایک قسم ؛ ایک قسم کا مرکّب جو تُرشے اور الکحل کے ردِّعمل اور پانی کے اخراج سے بنتا ہے ؛ نمک ؛ راکھ ۔

esterify, v.t. اِسٹر بنانا ؛ نمک بنانا ۔

esterification, n. اسٹر سازی ؛ اِسٹر کاری ؛ نمک سازی نمک کاری

estrase, n. (حیاتی کیمیا) اسٹریز ؛ تُرشے اور الکحل میں اِسٹرون کی تحلیلِ مائی کے عمل کو تیز کرنے والا ایک کیمیائی خمیر یا خامرہ ۔

esthesia, aesthesia, n. ادراک ؛ احساس ؛ لمس ؛ احساسات کے تجربے کی صلاحیت ۔

esthesis, aesthesis, n. حِس ؛ تأثُّر ؛ ابتدائی احساس ؛ جذبہ ۔

esthesiometer, n. (طِب) لمس پیما ؛ قُوّتِ لامسہ کی پیمایش کرنے والا آلہ ۔

esthetic, aesthetic, a. جمالیاتی ، جمالی ؛ حُسن پرستانہ ۔

esthete, aesthete, n. جمال پسند ؛ ذوقِ جمال رکھنے والا ؛ حُسن پرست ۔

Esthonian, a., n. دیکھیے : Estonian ۔

estimable, a. قابلِ تخمینہ ؛ قابلِ اندازہ ؛ جس کا تخمینہ لگایا جا سکتا ہو ؛ لائقِ احترام ؛ قابلِ توقیر ؛ وقیع ؛ عزت و تکریم کا مستحق ۔

estimableness, n. تخمینیّت ۔

estimably, adv. اندازاً ؛ تخمیناً ۔

estimate, v.t. آنکنا ؛ تخمینہ لگانا ؛ قدر کا قیاس کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ کسی چیز کی قدروقیمت ، مقدار ، تعداد ، جسامت ، وزن وغیرہ اندازے سے متعیّن کرنا ؛ رائے قائم کرنا ؛ اندازہ کرنا ۔ (فعلِ لازم) کسی مجوزّہ کام یا منصوبے وغیرہ کی لاگت کا تخمینہ پیش کرنا ۔ (اسم) کسی چیز پر آنے والی لاگت یا کُل قیمت کا اندازہ ؛ کسی مجوّزہ کام کے اخراجات کا تخمینی گوشوارہ ؛ کسی شخص یا شے کے بارے میں رائے ؛ تخمینہ یا اندازہ ؛ رائے ۔

estimator, n. تخمین کار ؛ تخمینہ لگانے والا ؛ جانچک ؛ اندازہ لگانے والا ۔

estimation, n. اندازہ ؛ رائے ؛ جانچ ؛ اٹکل ؛ آنک ؛ رائے قائم کرنے یا جانچنے کا عمل ؛ قدر پیمائی بلحاظ فضیلت و خوبی ؛ عزت و احترام ؛ شہرت ؛ قیاس ؛ تجویز ؛ قریبی تخمینہ ؛ تشخیص ؛ قدر ؛ منزلت ؛ حُرمَت ؛ ساکھ ۔

estival, a. دیکھیے : Aestival ۔

estivate, v.i. دیکھیے : Aestivate ۔

estoile, n. چھ نقاط اور لہر یا شعاعوں والی ستارہ نما شکل ۔

Estonian, Esthonian, a. ایستونیا کا یا اس سے متعلّق جو پہلے ایک آزاد جمہوریہ تھی اور اب سوویت یونین کا ایک حصّہ ہے ؛ فِنّی یوگری زبان کا یا اس سے متعلّق جو ایستونیا میں بولی جاتی ہے ۔ (اسم) ایستونیا ، لوونیا اور روس کے کچھ دوسرے علاقوں کا باشندہ؛ ان علاقوں کے باشندوں کی زبان ۔

estop, v.t. (قانون) امرِ مانع عارض کرنا ؛ مانع ہونا ۔

estoppel, n. (قانون) امرِ مانع تقریرِ مخالف ؛ امرِ عارض ؛ عُذرِ عارض ؛ سابقہ کارروائی سے متعلّق کسی امر یا دعوے کو پیش کرنے میں حائل رکاوٹ ؛ کسی کارروائی میں مانع امر جو کسی ایسی سابقہ کارروائی کے مناقی ہو جس کے ذریعے متعلّقہ فریق نے کسی امر کا اعتراف کیا ہو ، اسے ثابت کیا ہو یا جس پر اس

esurient, a. محتاج ؛ بُھوکا ؛ لالچی ؛ حریص ؛ طامع ۔

esurience, esuriency, n. لالچ ؛ حرص ؛ طمع ؛ محتاجی ۔

esuriently, adv. حریصانہ ؛ لالچ کے طور پر۔

eta, n. یونانی حروفِ تہجی کا ساتواں حرف ؛ اِس حرف کی آواز۔

etagere n. اتاژر ؛ آرایشی الماری جس کے تختے کھلے ہوتے ہیں اور جو چھوٹی موٹی یادگاری اشیا و نوادر رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔

etamine, n. جالی دار کپڑا ؛ ہلکا اونی ، سوتی یا ریشمی کپڑا جس کی بافت کُھلی اور کینویس کی طرح ہوتی ہے۔

etape, n. فوجی پڑاؤ ؛ رات کو فوج کے قیام کرنے یا پڑاؤ ڈالنے کی جگہ ؛ فوج کا دن میں طے کردہ فاصلہ۔ (قدیم) کوچ کے دوران فوج کو فراہم کی جانے والی رسد۔

etcetera, n. وغیرہ وغیرہ ؛امکا ڈھمکا؛ فلانا فلانا ؛ دیگر ؛ اور باقی ؛ وَقِس علیٰ ہذا ؛ کئی دیگر اشخاص یا اشیا جن کی صراحت نہ کی گئی ہو۔ (جمع) زائد اشیا ؛ نیز باقیماندہ اشخاص یا اشیا ؛ (مخفف etc) ۔

etch, v.t. ٹھپا لگانا ؛ نقش کاری کرنا ؛ کندہ کاری کرنا ؛ چھیپنا ، تیزاب چھڑک کر کاٹنا یا گلانا ؛ تیزاب چھڑک کر نقش و نگار یا تصویر کَندہ کرنا جس پر روشنائی ڈال کر ٹھپا لگایا جاتا ہے ؛ اس طریقے سے تانبے وغیرہ پر کسی نمونے یا تصویر کی نقل اتارنا ؛ کسی شخص کی واضح شبیہہ بنانا ؛ ذہن پر نقش مرتسم کر دینا ۔ (فعل لازم) تیزابی نقش کاری کی مشق ہونا۔ (اسم) نقش کاری میں استعمال کیا جانے والا کیمیائی عُنصر۔

etcher, n. نقش کار ؛ ٹھپا کار ؛ کندہ کار ؛ نقّاش ؛ چھیپی ۔

etching, n. کندہ کاری ؛ ٹھپا کاری ؛ نقش کاری ؛ چھاپا ؛ تیزابی نقش کاری کا عمل یا فن ؛ دھات کے طبق پر نقش کاری کا عمل ، جس پر روشنائی لگا کر کاغذ پر ٹھپا لگایا جاتا ہے ؛ تصویر یا نقش جو اس طرح تیّار ہو۔

eternal, a. ازلی یا ابدی ؛ لازوال ؛ ختم نہ ہونے والا ؛ دائمی ؛ مسلسل ؛ مستمر ؛ سرمدی ؛ لافانی۔

the Eternal, n. قائم و دائم ؛ ایک اسم الٰہی ؛ حیّ و قیوم ۔

eternally, adv. ازلی طور پر ؛ ابدی طور پر ؛ دائمی طور پر۔

eternality, eternalness, n. جاودانی ؛ لامتناہی ؛ ازل ؛ ابد؛ دوام ؛ ہمیشگی ؛ بقا؛ قدامت ؛ بقائے دوام ۔

eterne, a. (قدیم) لافانی ؛ دائمی ۔

eternity, n. جاودانی؛ دوام ؛ ازل ؛ ابد ؛ ہمیشگی ؛ خلود ؛ ابدیت ؛ وہ حالت جو موت کے بعد ہوتی ہے ؛ بقائے دوام۔

eternize, v.t. جاودانی بنانا ؛ ابدیت عطا کرنا ؛ بقائے دوام بخشنا ؛ دائمی بنانا ؛ لازوال شُہرت بخشنا ؛ لافانی بنانا؛ زندۂ جاوید کر دینا ۔

eternization, n. دوام بخشنے کا عمل ؛ دوام کاری۔

etesian, a. (عموماً بڑے E سے) ایتیزِن ؛ ہر سال واقع ہونے والا ؛ اس کا اطلاق بحیرۂ روم سے چلنے والی میعادی ہواؤں پر ہوتا

کا بیان دلالت کرتا ہو ؛ مانع تحریر/تقریر مخالف ۔

estovers, n. (قانون) لوازماتِ قانونی ، جیسے ایندھن یا عمارتی لکڑی وغیرہ جن کا کرایہ دار کو قانونی حق حاصل ہو : حق چوبینہ یا کفافِ زوجہ یعنی نان نفقہ کا حق ۔

estrade, n. شہ نشین ؛ چبوترا ؛ ڈائس ۔

estradiol, oestradiol, n. شبق زا ہارمون ؛ ایک ہارمون جس سے سن یاس یا انقطاعِ طَمث کے بعد کی علامتوں کا علاج کیا جاتا ہے ؛ مہیّجۂ زن ۔

estrange, v.t. کھچاؤ پیدا کرنا ؛ رنجش پیدا کرنا ؛ کشیدگی پیدا کرنا ؛ کدورت پیدا کرنا ؛ بیگانہ بنانا یا برگشتہ کرنا ؛ دور رکھنا یا کھنچ جانا ؛ اصل استعمال سے انحراف کرنا یا مالک و قابض سے روگردانی کرنا ۔

estrangement, n. کشیدگی ؛ کدُورت ؛ رنجش ۔

estranger, n. کشیدگی پیدا کرنے والا ؛ کھچاؤ پیدا کرنے والا وغیرہ ۔

estray, n. (قانون) آوارہ ؛ کوئی آوارہ یا لاوارث پالتو جانور جیسے گھوڑا یا بھیڑ ؛ کوئی بھی سرگردان بھٹکتی ہوئی شے ۔ (فعل لازم) بھٹکنا ؛ آوارہ پھرنا ۔

estreat, n. (قانون) عدالتی مسل کی نقل ؛ اصل ریکارڈ یا دستاویز کی حرف بہ حرف نقل مثلاً وہ جس کے تحت جرمانہ عائد کیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) (قانون) جرمانہ عائد کرنا ، اصل دستاویز کی اقتباس کی رو سے ؛ اصل دستاویز کا اقتباس پیش کرنا جس کی رُو سے جرمانہ عائد کیا جائے ۔

estriol, oestriol, n. (حیاتی کیمیا) اسٹرائل ؛ شبقی مادّہ جو حاملہ عورت کے پیشاب میں پایا جائے ؛ ایک دوا جو اس مادے سے تیّار کی جاتی ہے ۔

estrogen, oestrogen, n. (حیاتی کیمیا) اسٹروجن ؛ شبق کو بیدار کرنے والا ہارمون جو مادّہ کے اندر جنسی قبولیت پیدا کرتا ہے اور اس کی ثانوی جِنسی خصوصیات کی نشوونما کو تقویّت پہنچاتا ہے ؛ شبق زاہارمون ۔

estrone, estrin, oestrin, oestrone, n. (حیاتی کیمیا) اسٹرون ؛ مادّہ جنسی ہارمون جو شبقی ہارمون کی کمی کو دور کرنے اور سنِ یاس یا انقطاعِ طَمث کے بعد کی علامتوں کے علاج میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

estrous, oestrous, a. مادین شبق سے متعلّق ۔

estrous cycle, n. (حیوانیات) استریائی دور ؛ میمل ۔ حیوانات میں مادّہ کے اندر تولیدی تغیّرات کا ایک مکمّل دور جو شبق کی ایک مدت کے آغاز سے شروع ہو کر دوسری مدت کے آغاز تک جاری رہتا ہے ۔

estrus, estrum, oestrus, n. (حیوانیات) عالَمِ سپردگی ؛ شبق یا جنسی ہیجان کا نُقطۂ عروج جس کے دوران استقرارِ حمل ممکن ہوتا ہے ؛ ایامِ مستی ؛ چداس ۔

estuary, n. دریا کا وسیع/چوڑا دہانہ جہاں دریا کی لہریں مدوجزر سے ہمکنار ہوتی ہیں ؛ خور ؛ مَصَب ؛ مہانہ ؛ قیف ؛ کھاڑی ؛ خلیج ۔

estuarine, a. خُوری ؛ مصَبی وغیرہ ؛ دریا کے دہانے سے متعلّق ؛ دہانے میں پیدا ہونے والا ۔

ہے۔

eth, edh, n. اینگلوسیکسن حرف جس کی جلی شکل Đ ہے اور جو انگریزی کے th کے مماثل ہے ؛ جدید صوتیاتی نظام میں ایک علامت جو لفظ then میں th کی آواز کو ظاہر کرتی ہے۔

ethane, n. (کیمیا) ایتھین ؛ ایک بے رنگ و بے بو اور شعلہ گیر گیس جو قُدرتی گیس سے اخذ کی جاتی ہے اور نامیاتی ترکیب میں، نیز مبرّد اور ایندھن کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

ethanol, n. (کیمیا) ایتھنول ؛ ایتھائل الکُحل کا یہ دُوسرا نام ہے۔

ethene, n. (کیمیا) ایتھین ؛ ایتھیلین کا یہ دُوسرا نام ہے۔

ether, n. (کیمیا) ایتھر ؛ اثیر ؛ ایک بے رنگ ، آتش گیر اور جلد بخارات بن جانے والی رقیق شے جو زیادہ تر مخدّر اور محلل کے طور پر استعمال ہوتی ہے ، اس کی سب سے عام صورتیں ڈائی ایتھائل ایتھر اور ایتھائل ایتھر ہیں ؛ وہ عنصر جس کے بارے میں پہلے خیال کیا جاتا تھا کہ وہ خلا کے بالائی حصّوں کو بھر دیتا ہے ؛ کُھلا آسمان ؛ افلاک ؛ خلا کے بالائی خطے۔

ethereal, etheric, a. اثیری ؛ ایتھری ؛ ہوا کا سا ، نازک اور ہلکا (جیسے : an ethereal beauty) ؛ سماوی ؛ ملکوتی ؛ آسمانی ؛ زمین کے مقابل فضائے خلائی سے متعلق ۔ (کیمیا) ایتھر لیے ہوئے یا ایتھر سے متعلّق۔

etherealness, n. ایتھریت ؛ اثیریت۔

etherealize, etherialize, v.t. لطیف یا ہلکا بنانا ؛ اثیری بنانا ؛ ایتھری بنانا۔

etherealization, n. ایتھری بنانے کا عمل ؛ ایتھری سازی۔ (نفسیات) تحویل بہ روح۔

etherify, v.t. اثیر بنانا ؛ ایتھر میں تبدیل کرنا ؛ ایتھر کاری کرنا۔

etherification, n. ایتھریائی عمل ؛ ایتھر کاری۔

etherize, v.t. ایتھر کے زیر اثر لانا ؛ اثیرانا ؛ ایتھرانا۔

etherization, n. اثیرانے کا عمل ؛ ایتھر سازی۔

ethic, a. اخلاقی ؛ اخلاقیاتی ؛ چال چلن سے متعلّق ۔ (اسم) کردار و اصول کا کوئی نظام یا فلسفہ جس پر کوئی شخص یا جماعت عمل پیرا ہو (جیسے : The Christian Ethic, the personal ethic) ؛ اخلاق۔

ethical, a. اخلاقی ؛ کردار یا اصولِ اخلاق سے متعلّق ؛ کردار میں صواب یا ناصواب سے متعلّق ؛ صحیح کردار کے ضابطے یا دستور کے مطابق ؛ دواؤں سے متعلّق جو مجرب ہوں اور جو صرف طبیب کے نُسخے پر عام مریضوں کے لیے دستیاب ہوں۔

ethically, adv. اخلاقی طور پر۔

ethicalness, n. اخلاقیّت۔

ethicize, v.t. اخلاقی حیثیت دینا ؛ اخلاقی سمجھنا یا قرار دینا۔

ethics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ضابطۂ اخلاق ؛ اخلاقیات ؛ اصولِ اخلاق ؛ علم الاخلاق کا کوئی شعبہ ۔ (اسم) (ترکیب میں جمع یا واحد) کوئی خاص اخلاقی نظام ؛ کسی خُصوصی شعبے سے متعلّق مسلمہ ضابطۂ اخلاق، مثلاً طبی ضابطۂ اخلاق ؛ اخلاقی اصول جیسے کسی فرد کے۔

Ethiopian, a. ایتھو پیائی ؛ ایتھوپیا یا مُلکِ حبش سے متعلق جو مصر کے جنوب میں واقع ہے ۔ (حیوانیاتی جغرافیہ) خطِ جدی کے جنوب میں واقع افریقی خِطے سے متعلّق ۔ (اسم) ایتھوپیا کا باشندہ ؛ حبشی۔

Ethiopic, a. حبشی ؛ ایتھوپیائی ؛ قدیم حبشہ کی سامی زبان سے متعلّق ۔ (اسم) حبشۂ قدیم کی ادبی اور مذہبی زبان۔

ethmoid, ethmoidal, a. (تشریح الاعضا) ناک کی جڑ پر واقع سر کی غربالی ہڈّی سے متعلّق ؛ ناک کی جڑ پر قحفی ہڈّی جس میں عصبِ شمی کے ریشوں کے لیے متعدّد سوراخ ہوتے ہیں ۔ (اسم) غربالی ہڈّی۔

ethnarch, n. حاکم قوم ؛ حاکم صوبہ ؛ قوم یا صوبے کا مقتدرِ اعلیٰ ؛ قومی یا صوبائی حاکم اعلیٰ۔

ethnarchy, a. قوم یا صوبے کے حاکم اعلیٰ کی حکومت یا دائرہ اختیار۔

ethnic ethnical, a. گروہی ؛ علاقائی ؛ نسلی ؛ کسی قوم خصوصاً گروہوں کا یا ان سے متعلّق جن کی زبان ، رسم و رواج یا خصوصیات مشترک ہوں ؛ اس قسم کی اقوام ، اُن کی اصل ، امتیازی خصوصیات اور درجہ بندی سے متعلّق ؛ غیر یہودی یا غیر عیسائی اقوام کی بابت ؛ کسی خاص دیس ، علاقے یا قوم کی امتیازی ، ثقـافتی یا جاہلیاتی روایات سے متعلّق (جیسے: ethnic music) ۔

ethnically, adv. نسلی طور پر ؛ گروہی طور پر وغیرہ۔

ethnocentric, a. (عمرانیات) قبیلہ پرستانہ ؛ نسل پرستانہ ؛ اس عقیدے سے متعلّق کہ اپنی ثقافت دوسری جماعتوں کی ثقافت سے برتر ہے ؛ غیر ملکی ثقـافتـوں کو اپنی ثقـافت کے مقابلے میں کم تر سمجھنے کے رجحان سے متعلّق ؛ متعلق بہ نسل پسندی۔

ethnocentrically, adv. نسل پرستانہ طور پر۔

ethnocentricity, ethnocentrism, n. نسل پرستی ؛ قبیلہ پرستی ۔

ethnogeny, n. نسلیات ؛ علم النسل کی ایک شاخ جس میں انسانی نسلوں اور نسلی گروہوں کی اصل یا ابتدا کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

ethnogenic, a. نسلیاتی۔

ethnogenist, n. ماہرِ نسلیات ؛ نسلیات دان۔

ethnography, n. نژاد نامہ ؛ نسلی جغرافیہ ؛ نسل نگاری ؛ بشریات کی ایک شاخ جس میں مختلف ثقافتوں کی سائنسی روداد پیش کی جاتی ہے اور ان کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔

ethnographer, n. نژاد نامہ نگار۔

ethnographic, ethnographical, a. نسلی جغرافیہ سے متعلّق۔

ethnographically, adv. نسلی جغرافیہ کے طور پر۔

ethnology, n. نژادیات ؛ علمُ النسل ؛ بشریات کی ایک شاخ جس میں انسان کے مختلف گروہوں ، ان کی اصل بُنیاد ، ان کی واضح خصوصیات ، ان کے رسم و رواج کی روداد بیان کی جاتی ہے اور ان کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔

ethology, n. خُلقیات ؛ علمُ الاخلاق یا انسانی کردار کی تشکیل کا مطالعہ ؛ حیوانی طرز عمل کا مطالعہ۔

ethological, a. خُلقیاتی۔

ethos, n. خُلقیہ ؛ کسی قوم کا مخصوص مزاج ؛ قومی اخلاق؛ قومی مزاج۔ (ادب) اخلاقی عامل جو انسان کے افعال پر اثرانداز ہوتا ہے۔

ethyl, n. (کیمیا) ایتھائل ؛ ہائیڈروجن کاربن

کا یک گرفتہ اصلیّہ جزو۔ (بڑے E سے) ٹیٹرا ایتھائل سیسہ ، جو انجن کی دستکوں کو روکنے کے لیے ، ایندھن میں ملایا جاتا ہے۔(تجارتی نشان)۔

ethyl acetate, n. (کیمیا) ایتھائل ایسی ٹیٹ ؛ ایک بے رنگ ، شعلہ گیر اور مہکنے والا مائع جو روغن بالاکےمحلّل کے طور پر نیز عطریات اور نامیاتی ترکیب میں استعمال ہوتا ہے۔

ethyl alcohol, n. (کیمیا) ایتھائل الکُحل ؛ غلّے کا الکُحل ؛ ایک بے رنگ شفّاف اور اُڑ جانے والا مائع جو نامیاتی ترکیب میں وسطانی عنصر کے طور پر نیز مشروبات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ethylate, v.t. (کیمیا) ایتھائل بنانا؛ کسی مرکّب میں ایک یا ایک سے زائد ایتھائل اجزا کو شامل کرنا۔

ethylation, n. ایتھائل سازی۔

ethyl cellulose, n. (کیمیا) خلوی مادّے کا ایک ایتھائل اثیر ؛ ایک سفید اور دانہ دار حر پلاسٹکی مادّہ جو کیمیائی ترکیب و خواص کے خفیف تغیّر کے ساتھ تیّار کیا جا سکتا ہے ، یہ مختلف قسم کے پلاسٹکوں کے لیے ایک چسپندہ عُنصر ، حفاظتی پلاستر یا سختی پیدا کرنے والے عامل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

ethylene, n. (کیمیا) ایتھیلین ؛ پٹرولیم اور قُدرتی گیس سے حاصل ہونے والی ایک میٹھی اور بے رنگ گیس جو پلاسٹک اور ربڑ کی بعض اقسام کی تیّاری ، نیز پھلوں کو رنگنے اور پودوں کی نمو کے عمل کو تیز کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ؛ ایک قسم کا نباتی ہارمون۔

ethylene glycol, n. (کیمیا) اتھیلینی الکحل ؛ گلائی کول کی سادہ ترین قسم جو ایک شفّاف ، بے رنگ ، شربتی اور شیریں مائع پر مشتمل ہوتا ہے اور جو گاڑیوں کے ریڈی ایٹر کو منجمد ہونے سے بچانے ، یا بریک آئل کے طور پر ، نامیاتی مرکّب اور پلاسٹک کی تیّاری میں استعمال ہوتا ہے۔

ethyl ether, n. دیکھیے : ether ۔

etiolate, v.t., v.i. رنگ اڑنا/اڑانا ؛ دھوپ سے بچا کر اور طبعی رنگ کو زائل کر کے سفید بنانا ؛ دھوپ نہ ملنے سے طبعی رنگ جاتے رہنا اور اس کی وجہ سے سفید پڑ جانا ؛ دھو کر سفید کر دینا۔

etiolation, n. رنگ اڑانے کا عمل۔

etiology, n. علتیات ؛ علّیات ؛ علم اسبابُ الامراض ؛ عِلم الاسباب ؛ امراضیات ، حیاتیات ، فلسفے اور طبیعیات میں تعلیلی عمل کا مطالعہ۔

etiologist, n. ماہر علتیات۔

etiological, a. علتیات سے متعلق۔

etiologically, adv. علتیاتی طور پر۔

etiquette, n. مراسم اخلاق ؛ آدابِ مجلس ؛آداب ؛ مجلسی طرز عمل کے مقتضیات ؛ کسی جماعت یا طبقے میں مختلف مواقع کے لیے مسلّمہ آداب ؛ درباری ، سرکاری یا دوسری رسمی تقریبات یا بہ حیثیت مجموعی کسی مہذّب مُعاشرے کے مقررہ یا مسلّمہ ضابطۂ آداب و رسوم۔

Eton jacket, n. ایٹن واسکٹ ؛ لڑکوں کی کمر تک کی صدری ، جیسے چھوٹی جیکٹ جو انگلستان میں ایٹن کالج کے طلبہ پہنتے ہیں ؛ اسی طرح کی مختصر جیکٹ جو خواتین استعمال کرتی ہیں۔

Eton collar, n. ایٹنی کالر ؛ اونچا اور کھڑا کالر جو ایٹن جیکٹ پر پہنا جاتا ہے۔

Etruscan, Etrurian, a. وسطی اٹلی کے ایک قدیم ملک ایٹروریا سے متعلّق ؛ ایٹروریائی ؛ ایٹروریائی زبان یا فن سے متعلّق۔ (اسم) قدیم ایٹروریا کا باشندہ۔

etude, n. (موسیقی) ریاضِ فن ؛ راگوں کی ترتیب جس کا مقصد کوئی فنی مشق ہو ؛ ایک مطالعہ۔

etui, etwee, n. پوٹلی ؛ تلے دانی ؛ بُقچی ؛ جیب دانی ؛ کِیسہ دانی ؛ ایک قسم کا جیبی بٹوا جس میں سوئیاں ، پنیں ، سنگار وغیرہ کی اشیا جیسی متفرق چھوٹی چیزیں رکھی جاتی ہیں۔

etymologize, v.i. الفاظ کے مآخذ کی تحقیق کرنا ؛ (کسی لفظ کے) اشتقاق تلاش کرنا۔ (فعل متعدی) (کسی لفظ یاالفاظ) کا اشتقاق بنانا۔

etymology, n. اشتقاقیات ؛ عِلمِ اشتقاق ؛ علم صرف ؛ کسی لفظ کی اصل اور لسانی تغیّرات کی توضیح ؛ کسی لفظ کا اشتقاق ؛ لسانیات کی وہ شاخ جس میں الفاظ کی اصل اور تاریخ سے بحث کی جاتی ہے۔

etymologic, etymological, a. اشتقاقی ؛ صرفی۔

etymologically, adv. صرفی/ اشتقاقی طور پر۔

etymologist, n. ماہر عِلمُ الاِشتقاق ؛ ماہر عِلمِ صرف۔

etymon, n. مادّہ الفاظ ؛ اصل لفظ یا مادہ جس سے مشتقات بنے ہوں ؛ لفظ کی ابتدائی شکل ؛ مادہ۔

eucaine, n. یوکین ؛ اعلیٰ کوکین ؛ ایک قسم کا سفید ، بے بو قلمی سفوف جو جسم کے کسی حصّے کو بے حس کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ مقامی مخدّر۔

eucalyptol, eucalyptole, n. یوکلپٹل ؛ روغن افسنطین۔

eucalyptus, eucalypt, n. یوکلپٹس ؛ آسٹریلیا کا ایک پودا یوکلپٹس جس کی جنس میں کئی اونچے ، مہکنے والے اور سدابہار درخت شامل ہیں اور جس کی کاشت کیلی فورنیا ، فلوریڈا اور بحیرۂ رُوم کے ممالک میں بڑے پیمانے پر کی جاتی ہے ، اس پودے سے قیمتی لکڑی حاصل ہوتی ہے اور اس کے پتّوں کا عرق دوا کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ گوند۔

Eucharist, n. عشائے ربّانی کی مسیحی رسم ؛ عشائے ربّانی ؛ روٹی اور شراب پر مشتمل متبرّک اجزا۔ (چھوٹے e سے) شُکرانہ۔

Eucharistic, Eucharistical, a. رسمِ عشائے ربّانی سے متعلّق۔

euchre, n. یوکر؛ تاش کے بڑے ۳۲ پتوں پر مشتمل ایک کھیل جو دو ، تین یا چار افراد مل کر کھیلتے ہیں۔ (فعل متعدی) اس کھیل کی بازی میں حریف پر غالب آنا جب کہ وہ خود ٹرپ کا اعلان کر کے تین ہاتھ بنانے میں ناکام رہے۔ (بول چال) شاطری سے مخالف کو زک پہنچانا یا نیچا دکھانا۔

euchromatin, n. (جینیات) لَونیہ ؛ لونی جسم ؛ لونی مواد جس میں لونین کا جینیاتی اور فعال عنصر شامل ہو۔

euchromatic, a. لونی۔

euchromosome, autosome, n. (جینیات) کوئی لونیہ جو جنسی لونیہ نہ ہو ؛ کامل لونیہ۔

euclase, n. ایک معدنی شے ، بیریلیم ایلومینیم سیلیکیٹ ، جس کا رنگ زردی مائل ، سبز ، نیلا یا پیلا ہوتا ہے اور جو نہایت نازک اور بُھربھری ہوتی ہے ۔

Euclidean, Euclidian, a. [اقلیدس نامی یونانی حکیم کے نام پر] اقلیدسی ؛ متعلّق بہ اقلیدسی عِلمِ ہندسہ ؛ عِلمِ ہندسہ جو اقلیدس کے اصول یا ان کے مماثل اصول پر مبنی ہو ۔

eudemonism, eudaemonism, n. (اخلاقیات) نظریۂ خوشی ؛ نظریۂ مسرّت ؛ سعادتیت ؛ شاد کیشی ؛ یہ نظریہ کہ انسانی مسرّت ایک اخلاقی ذمہ داری ہے جو عقل و دانش کے تحت کیے گئے نیک اعمال کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہے ۔

eudemonist, n. نظریۂ مسرّت کو ماننے والا ؛ شاد کیش ۔

eudemonic, a. نظریۂ مسرّت سے متعلق ۔

eudiometer, n. گیس پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے گیسوں کی تحلیل اور حجمی پیمایش کی جاتی ہے ۔

eudiometric,eudiometrical, a. گیس پیمائی کا ۔

eudiometry, n. گیس پیمائی ؛ گیس پیما کے ذریعے گیسوں کی تحلیل اور پیمایش ۔

eugenic, a. نسل اصلاحی ؛ متعلّق بہ اصلاحِ نسل ؛ عُمدہ نسل انسانی پیدا کرنے کے متعلّق ۔

eugenicist, eugenist, n. ماہر اصلاحِ نسل ؛ اصلاحِ نسل کا حامی ۔

eugenics, n. علم اصلاحِ نوعِ انسانی ؛ بنی نوعِ انسان کی اصلاح شدہ نژاد برآری کا علم ؛ علم حسن زائی ۔

eugenol, n. (کیمیا) ایک بے رنگ ، خوشبودار ، روغنی مرکّب جو لونگ کے تیل میں پایا جاتا ہے اور عموماً خوشبویات میں اور ذائقہ کے عامل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

euglena, n. یگلینا ؛ واحد سوطے اور سرخ چشمی نُقطے والے خوردبینی سبز نُخزحوینی (پروٹوزوا) کی کوئی قسم جس میں حیوانی اور نباتی دونوں خصوصیات پائی جاتی ہیں اور جو حیاتیاتی تحقیق میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

euglenoid movement, n. رینگنے جیسی حرکت ؛ مختلف قسم کے نُخزحوینی (پروٹوزوا) کی رینگ کر چلنے کی حرکت جو جسم کے ایک حصّے کو سکیڑ کر اور دوسرے کو پھیلا کر حاصل کی جاتی ہے ۔

euhemerism, n. [یونانی اہل قلم یوہمرٹ کے نام پر] یوہمرشیت ؛ تاریخی اساطیریت ؛ تعبیر و تفسیر کا نظام جس کے مطابق اساطیر حقیقی تاریخی روایات پر مبنی ہیں ۔

euhemerist, n. تاریخی اساطیریت کا جاننے والا ۔

euhemeristic, a. تاریخی اساطیریت سے متعلّق ۔

euhemerize, v.t. تاریخی اساطیریت پر عمل کرنا ۔

eulachon, oolichan, n. یولیکن ؛ قندیلہ مچھلیوں کی ایک قسم جو شمالی بحرالکاہل کے ساحلی پانیوں میں پائی جاتی ہے ۔

eulamellibranch, n. یولا میلی برانک ؛ ایک قسم کا صدفہ جو یولا میلی برانکیا (Eulamellibranchia) سلسلے سے تعلّق رکھتا ہے ، مثلاً کستورا مچھلی ؛ خوردنی گھونگھا اور میٹھے پانی کا ام الخول ۔

eulogium, n. قصیدہ ، مدح ۔

eulogize, v.t. ستایش کرنا ؛ قصیدہ خوانی کرنا ؛ مدح سرائی کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ تحریر یا تقریر میں کسی کی ثناخوانی کرنا ۔

eulogization, n. قصیدہ خوانی ؛ مدح سرائی ؛ تعریف؛ ستایش گری ؛ مدّاحی ۔

eulogizer, n. قصیدہ خواں ؛ مدح سرا وغیرہ ۔

eulogist, n. قصیدہ گو ۔

eulogy, n. قصیدہ ؛ تحسین ؛ تعریف ؛ توصیف ؛ ستایش ؛ مَدح ؛ کسی زندہ یا مرحوم شخص کے اوصاف اور خدمات کو سراہتے ہوئے اس کا تحریری یا تقریری تذکرہ ۔

eulogistic, a. تحسین و توصیف سے متعلّق ۔

eulogistically, adv. تحسینی انداز میں ؛ تعریفی طور پر ۔

eunuch, n. مُخَنَّث ؛ خواجہ سرا ؛ آختہ مرد ؛ ہیجڑا ؛ زنانہ ۔

euonymus, evonymus, n. افونموس ؛ جنس سیکی ؛ منطقۂ معتدلہ کے علاقوں میں پائی جانے والی جھاڑیوں ، بیلوں ، جڑی بوٹیوں یا چھوٹے پودوں کی کوئی قسم جو جنس سیکی (Euonymous) سے تعلّق رکھتی ہو ۔

eupatorium, n. پودوں کی کوئی قسم جو جنس یوپے تورما (Eupatorium) سے تعلّق رکھتی ہو جیسے تھاروبُوٹی یا جوئے پائی گھاس

eupatrid, n. یونانی امیر یا رئیس ؛ قدیم ایتھنز یا دوسری یونانی ریاستوں کے خاندانی طبقۂ اُمرا کا کوئی رُکن جنھیں بلا شرکت غیرے قانون وضع کرنے اور نافذ کرنے کے اختیارات حاصل تھے ۔

eupepsia, eupepsy, n. اچھا ہاضمہ ؛ عُمدہ ہاضمہ ؛ ہضم طبعی ۔

eupeptic, a. عمدہ ہاضمہ رکھنے والا ؛ ہشّاش بشّاش ۔

euphemism, n. خُوش کلامی ؛ حسنِ تعبیر ؛ حسنِ ادا ؛ کڑی بات نرم الفاظ میں کہنے کا ڈھنگ ؛ ناروا یا ناخوشگوار لفظ یا فقرے کو بدل کر اس کی جگہ نرم اور خوشگوار لفظ یا فقرہ کا استعمال ؛ خوشگوار لفظ یا فقرہ جو یوں استعمال کیا جائے ۔

euphemist, n. حسن کلام کرنے والا ۔

euphemistic, euphimistical, a. خوش کلامی کا ۔

euphemistically, adv. خُوش کلامی سے ؛ خُوش تعبیری سے ۔

euphemize, v.t. سخت بات کو گوارا بنا دینا ؛ حسنِ ادا سے کام لینا ۔

euphonious, a. کانوں کو بھلا لگنے والا ؛ خُوش الحان ؛ خوش آہنگ ؛ خوش صوت ؛ خُوش نوا ۔

euphonium, n. یوفونیئم ؛ ارگن باجے کی طرح کا ایک آلۂ موسیقی جس کی آواز دھیمی لیکن سُر رسیلا ہوتا ہے ؛ دھیمی آواز کی نفیری یا قرنا ۔

euphonize, v.t. خوش آہنگ بنانا ؛ حُسن صوت پیدا کرنا ؛ حُسنِ صوت کی خاطر بدلنا ۔

euphony, n. خُوش صوتی ؛ خوش نوائی ؛ خوش آوازی ؛ خوش آہنگی ؛ خوشگوار آواز جیسے کسی مقرّر کی ۔ (صوتیات) ادائے الفاظ کو آسان بنانے کے لیے ان کے تلفظ اور صورت میں ترمیم کا رُجحان ۔

euphonic, euphonical, a. خوش آہنگ یا متعلّق بہ خوش آہنگی ۔

euphonically, adv. خوش آوازی سے ؛ خوش آہنگی سے ۔

euphorbia, n. [ایک افریقی پودا جو یونانی حکیم یو فوربس کے نام سے منسوب ہے] یوفوربیا ؛ جنس فریبون ؛ جنس

آملہ ؛ جنس فربیون سے تعلّق رکھنے والا کوئی پودا جو زیادہ تر جڑوں اور جھاڑیوں پر مشتمل ہوتا ہے اور جس سے نکلنے والا دودھیا رس طِبّی یا زہریلے خواص رکھتا ہے ؛ زہریلے دودھیے رس والا پودا ۔

euphorbiaceous, a. یوفوربیائی ؛ پودوں کے فربیونی خاندان سے تعلّق رکھنے والا جس میں جو زالقے ، ربڑ ، ارنڈی اور کساوا کا پودا شامل ہے ۔

euphoria, n. بشاشت ؛ احساسِ خوش حالی ؛ احساسِ سلامتی ؛ احساسِ راحت ؛ ایسی بشاشت جس کا تعلّق ضروری نہیں کہ جسمانی صحت سے ہو ؛ جنونی بشاشت ؛ احساسِ مسرّت یا انبساط ۔

euphotic, a. (حیاتیات) کامل ضیائی ؛ آبی مادّے کا وہ جزو جس کے اندر ضیائی تالیف کے لیے کافی روشنی موجود ہو۔

euphuism, n. مُقفیٰ ، مُسجّع ، مرصّع نگارش ؛ الزبتھی عہد کے ڈراما نگار جان للی کے اسلُوب اور اس کے کردار یوفیوس کی پیروی میں مرصّع نگاری جو تجنیسِ حرفی ، صنعت تضاد اور اساطیری تشبیہات سے مملو ہوتی ہے ؛ کوئی مرصّع تحریریا تقریر ؛ اس طرح کے اسلُوب یا زبان کی مثال ؛ انشائے مرصّع ؛ صنعت گری (تحریر یا تقریر میں) ۔

euphuist, n. مرصّع نگار۔

euphuistic, a. مرصّع ۔

euphuistically, adv. مُسجّع یا مرصّع طور پر۔

euplastic, a. (فعلیات) کامل تکوینی ؛ منظم نسیج میں تبدیل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ۔

eupnea, eupnoea, n. طبعی تنفّس ؛ بلا رکاوٹ فطری تنفّس ۔

Eurasian, a. یوریشین ؛ یوریشیائی ؛ مجموعی طور پر یورپ اور ایشیا کا یا ان سے متعلّق ؛ یورپی و ایشیائی مخلوط النسل ۔ (اسم) یورپی و ایشیائی مخلوط النسل شخص ۔

Euratom, n. European Atomic Energy Community کا مخفف ؛ یوریٹم ؛ بلجیئم ، فرانس ، اٹلی ، لکزمبرگ ، ہالینڈ اور مغربی جرمنی کی مشترکہ تنظیم جو پُرامن مقاصد کے لیے جوہری توانائی کے فروغ اور استعمال کی غرض سے ۲۵ مارچ ۱۹۵۷ ء کو قائم کی گئی تھی ۔

eureka, interj. اوریکا ؛ پا لیا ؛ مل گیا ؛ ارشمیدیس کا نعرۂ مسرت (بہ معنی میں نے پا لیا !)یہ نعرہ اس نے طویل جائزے کے بعد شاہ ہائیرو کے تاج میں کھوٹ کی ملاوٹ کا پتہ چلانے کا طریقہ دریافت کرنے کے بعد لگایا تھا ؛ کسی چیز کی دریافت یا کوئی مفروضہ دریافت پر لگایا جانے والا نعرۂ مسرّت ؛ ریاست کیلی فورنیا کا حرفِ شعار یا موٹو۔

eurhythmics, eurythmics, n. (واحد اور جمع دونوں میں مستعمل) بھاؤ ؛ نرت ؛ تال رقص ؛موسیقی کے زیر اثر موزوں جسمانی حرکات کا فن ؛ موزوں جسمانی حرکات کے ذریعے موسیقی کی تعبیر۔

eurhythmic, a. تال رقص سے متعلّق ۔

eurhythmy, eurythmy, n. موزوں حرکات یا ترتیب ؛ موزونیت ؛ موزوں تناسب ۔

euripus, n. آبنائے مدی ؛ وہ آبنائے ، جہاں مدوجزر میں شدید اور خطرناک تلاطم بپا ہو۔ (بڑے E سے) یونان کے جزائر یوبوئیا اور بوئیشیا کا درمیانی آبنائے ۔

European, a. یورپی ؛ براعظم یورپ اُس کے باشندوں اور ثقافت کا یا ان سے متعلّق ۔(اسم) یورپ کا باشندہ یا ساکن ؛ فرنگی فرنگی نسل کا شخص ۔

Europeanism, n. مغربیت : یورپی کردار ؛ یورپی خصوصیات ، خیالات ، طریقے ، ہمدردیاں ؛ کوئی یورپی خصوصیت یا دستور۔

Europeanize, v.t. مغربی بنانا ؛ یورپی بنانا یا یورپی رنگ میں رنگنا ، مثلاً خیالات ، اطوار یا خصوصیات کو۔

Europeanization, n. یورپی بنانے کا عمل ۔

European plan, n. یورپی منصوبہ ؛ ہوٹلوں سے متعلّق پالیسی جس کے مطابق کمرے اور خدمات کا خرچ ایک مقررہ شرح سے وصول کیا جاتا ہے ، کھانے کا خرچ اضافی ہوتا ہے ۔

europium, n. (کیمیا) یوروپیم(دھات ، عُنصر)؛انتہائی متعامل عُنصر جو جوہری ردِّ عمل اور رنگین ٹیلی وژن ٹیوب میں حقیقی سُرخی اور چمک پیدا کرنے کی غرض سے بطور جاذب نیوٹرون ، آکسائڈ کی شکل میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

euryhaline, a. (ماحولیات) ہمہ شورابی ؛ شوریت کے زبردست تغیّرات کے باوجود پانی میں زندہ رہنے کے قابل ۔

eurytherm, n. ہمہ تغیری عضویہ ؛ کوئی عضویہ جو سردی اور گرمی کے شدید تغیّرات کے ساتھ مطابقت کی صلاحیت رکھتا ہو ۔

eurythermal, eurythermic, eurythermous, a. ہمہ تغیّری یا ہمہ تپشی عضویہ سے متعلّق ۔

eurytopic, a. ہمہ حوالی عضویہ ؛ ہمہ طبقاتی ؛ کوئی عضویہ جو گردوپیش کے بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ مطابقت پیدا کرنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتا ہو۔

Eustachian tube, auditory canal, n. اُستاخی نلی ؛ مَجری الھوا ؛ کان کے وسطی پردے اور گلے کی درمیانی نالی ؛ سمعی نالی ۔

eustacy, n. (ارضیات) بحری تغیّر ؛ براعظمی یخ تودوں (گلیشیئرز) کی تبدیلیٔ مقام کی وجہ سے سمندر کی سطح میں پیدا ہونے والا عالمگیر تغیّر۔

eustatic, a. بحری تغیّر سے متعلّق ۔

eutectic, a. سَگل ؛ گدازندہ ؛ گداختنی ؛ انتہا درجہ گداختنی ؛ اس کا اطلاق ایسی کھوٹ یا ٹھوس محلول پر ہوتا ہے جو نقطۂ گُداز پر ہو لیکن کسی اور کھوٹ یا یکساں عناصر سے مرکب کسی آمیزے سے کم گداز ہو ؛ اس قسم کی کھوٹ یا ٹھوس محلول کا یا اس سے متعلّق یا اس کے خواص سے متعلّق ۔

eutectoid, a., n. گداختہ ؛ سَگلی ۔

euthanasia, mercy killing, n. آسان موت ؛ سہل مُرگی ؛ لا علاج مرض میں مبتلا اشخاص کو تکلیف دیے بغیر ہلاک کرنے کا عمل ؛ بے ایذا موت ۔

euthenics, n., (صیغہ واحد میں مستعمل) نشویات ؛ نشویات، جسمانی و ذہنی ؛ انسان کے حالات زندگی کو بہتر بنا کر اس کی ذہنی و جسمانی نشوونما بڑھانے کا علم ۔

eutherian, a., n. مشیمی حیوانات کے ایک بڑے گروہ کا یا اس سے متعلّق؛

eutrophy, n. (طِب) صحت مندانہ تغذیہ ؛ صحتمندانہ اور طبعی تغذیہ ؛ صحیح تغذیہ ۔ (ماحولیات) کسی جھیل کی حالت جو غذابخش پودوں اور حیوانات سے معمور ہولیکن جس سے کبھی کبھی ماحول آلودہ اور خراب ہو جائے ۔

euxenite, n. اکسینائٹ ؛ بھورے رنگ کی کمیاب معدنی دھات جو کیلسیم ، سیریم ، کولمبیم ، جرمینیم ، ٹائٹانیم ، یورینیم اور یٹریم جیسے قیمتی عناصر کا مرکّب ہوتی ہے ۔

evacuant, a. قے آور ؛ مفرغ ؛ خالی کرنے والا ۔ (طب) مُمد انخلا ، خصوصاً مُسہل ؛ مقی ؛ پیشاب آور ۔ (اسم) (طِب) خلا کار دوا یا عامل ۔

evacuate, v.t. چھوڑنا ؛ نکالنا ؛ تیاگنا ؛ خالی کرنا یا مافیہ خارج کرنا (جیسے : to evacuate the stomach by an emetic) ؛ کسی لازمی شے سے محروم کرنا ؛ خالی چھوڑ دینا ؛ خالی کرنا یا چھوڑ کر چلے جانا ، جیسے کسی مقبوضہ قصبے یا قلعے کو ؛ نکالنا یا خارج کرنا مثلاً اخراجی راستوں خصوصاً انتڑیوں سے ؛ کسی مقام سے نکالنا ، جیسے فوجیوں ، زخمی سپاہیوں یا باشندوں کو ۔ (فعل لازم) کسی جگہ کو چھوڑ دینا یا خالی کر جانا ، جیسے ہنگامی حالت وغیرہ میں ۔

evacuative, a. مُفرغی ؛ اخراجی وغیرہ ۔

evacuator, n. مُفرغ ؛ خلا کار ؛ تارکِ وطن ۔

evacuatory, a. قابلِ اخراج ۔

evacuation, n. اخراج ؛ انخلا ؛ تخلیہ ؛ مافیہ کے انخلا کا عمل ؛ مافیہ کا اخراج ؛ اخراجی گزرگاہوں خصوصاً انتڑیوں سے فُضلے کا اخراج ؛ انخلا شدہ شے یا فُضلہ ۔ (عسکری) فوجیوں ، زخمی سپاہیوں یا سازوسامان کا ہٹایا جانا یا انخلا جیسے محاذ جنگ وغیرہ سے ۔

evacuee, n. پناہ گُزیں ؛ ہجرت کُنندہ ؛ شرنارتھی ؛ تارکِ وطن ؛ وہ شخص جسے حفاظت کے لیے کسی آفت زدہ یا خطرناک علاقے سے منتقل کیا گیا ہو ۔

evade, v.t. ٹال جانا ؛ کترانا ؛ گریز کرنا ؛ بچنا ؛ کسی طرح سے بچ نکلنا ، جیسے مہارت ، حیلے ، چالاکی ، دھوکے ، ہشیاری یا خوش تدبیری سے ؛ پہلو تہی کرنا ، جیسے کسی سوال کا براہ راست جواب دینے سے ؛ کچھ کرنے سے گریز کرنا ؛ گرفت یا سمجھ میں نہ آنا ؛ چکرا دینا یا ہرا دینا ۔ (فعل لازم) بچنا ؛ سوال سے کترانا ۔

evadable, evadible, a. قابلِ گریز ؛ جس سے بچا جا سکتا ہو ۔

evader, n. پہلو تہی کرنے والا ؛ گریز کرنے والا ۔

evadingly, adv. پہلو تہی کرتے ہوئے ؛ گریز کرتے ہوئے ۔

evaginate, v.t. اُلٹا دینا ؛ (نلکی نُما اعضا وغیرہ کے) اندر کے حصّے کو باہر کرنا ؛ تقلیب کرنا ۔ (اسم) اُلٹانے کا عمل ؛ تقلیب ۔

evagination, n. (اسم) اُلٹانے کا عمل ؛ تقلیب ۔

evaluate, v.t. تقویم کرنا ؛ قدرپیمائی کرنا ؛ جانچنا ؛ قیمت لگانا ؛ قیمت جانچنا ؛ قدروقیمت متعیّن کرنا ؛ تشخیص کرنا ؛ ہُشیاری سے تشخیصِ مالیّت کرنا ؛ آنکنا ۔ (ریاضی) عددی قدر دریافت کرنا ۔

evaluable, a. قابلِ تقویم ؛ قابل قدرپیمائی ۔

evaluation, n. تقویم ؛ قدرپیمائی ؛ جانچ ۔

evaluative, a. قدرپیمائی کردہ ۔

evaluator, n. قدرپیما ؛ قدرپیمائی کرنے والا ۔

evanesce, v.i. اوجھل ہو جانا ؛ مِٹ جانا ؛ غائب ہو جانا ؛ بتدریج محو یا ناپید ہو جانا ؛ بخارات کی طرح تحلیل ہو جانا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ نابُود ہونا ۔

evanescent, a. غائب ہو جانے والا ؛ جلد مِٹ جانے والا ؛ تیزی سے گُزر جانے والا ؛ فنا پذیر ؛ سریع الزوال ؛ غیر محسوس ؛ ناقابل ادراک ۔

evanescently, adv. فناپذیرانہ ۔

evanescence, n. فنا پذیری ۔

evangel, n. انجیل ۔ (بڑے E سے) اناجیل اربعہ میں سے کوئی ایک ، جن کے مؤلفین متی ، مرقس ، لوقا اور یوحنا ہیں ؛ بشارت ؛ خوشخبری ؛ مُبلّغِ انجیل ۔

evangelical, evangelic, a. متعلّق بہ انجیل یا اناجیلِ اربعہ ؛ پروٹسٹنٹ کلیساؤں سے متعلّق جن کا مسلک تعلیماتِ مسیح کا یہ عقیدہ ہے کہ نجات کا انحصار ایمان اور عقیدے پر ہے اور یہ کہ تبلیغ کو مذہبی رسومات پر فوقیت حاصل ہے ؛ روحانیت پسند ؛ مسیحیت کے مطابق عملی زندگی کا پُرجوش مُبلّغ ؛ عاصیوں کو مسیحیت کی طرف لانے میں کوشاں ؛ بطورِ خود تبلیغ کرنے والا ۔ (اسم) انجیلی عقائد کا پابند ؛ پروٹسٹنٹ چرچ یا جماعت کا رُکن ۔

evangelicalism, evangelicism, n. اناجیلی عقائد یا اصول ؛ ان عقائد کی پابندی یا اناجیلی کلیسا/جماعت سے وابستگی ۔

evengelism, n. نشرواشاعت انجیل؛ انجیل کی پُرجوش تبلیغ ؛ پروٹسٹنٹ مُبلّغ کا فریضہ ؛ پروٹسٹنٹ یا اناجیلی عقائد ؛ جوش و جذبہ ۔

evangelist, n. اناجیلِ اربعہ کے مصنّفین متی ، مرقس ، لوقا اور یوحنا میں سے کوئی ایک ؛ انجیلی مُبلّغ، جیسے کافروں اور غیر اہلِ کتاب میں انجیلی عقائد کی تبلیغ کرنے والا پادری ؛ گشت لگانے والا مُبلّغ ؛ احیائے مذہب کا حامی ؛ مارمن کلیسا کا بطریق ۔

evangelize, v.t., v.i. انجیل کی تعلیم دینا ؛ غیر مسیحیوں کو عیسائی بنانے کی غرض سے انجیل کی تبلیغ کرنا ۔

evangelization, n. انجیل کی تبلیغ ۔

evangelizer, n. مبلّغ انجیل ۔

evanish, v.i. (شاعری) غائب ہو جانا ؛ معدوم ہو جانا ؛ نظروں سے اوجھل ہو جانا ؛ ہوا ہو جانا ۔

evanishment, n. غیاب ؛ پوشیدگی ؛ جدائی ۔

evaporate, v.i. بُخارات بن جانا ؛ بُخارات بن کر اڑ جانا ؛ غائب ہو جانا ؛ رطوبت خارج کرنا ۔ (فعل متعدی) بُخارات میں تبدیل یا تحلیل کرنا ؛ بُخارات بنا دینا ؛ پھل وغیرہ سے رطوبت یا بُخارات نکال لینا ؛ معدوم کر دینا ؛ اُڑا دینا ۔

evaporable, a. تبخیر پذیر ؛ جس میں بھاپ بننے یا بخار بن کر اڑ جانے یا تحلیل ہونے کی صلاحیّت ہو ۔

evaporated milk, n. تبخیر شُدہ دُودھ ؛ دودھ جس کا حجم مٹھاس کا جزو شامل کیے بغیر ، تبخیر کے ذریعے ، نصف کر لیا گیا ہو ، تاکہ اُسے ڈبّوں میں بند کیا جاسکے ۔

evaporation, n. عمل تبخیر ؛ تبخیر ؛ کسی مائع کی حرارت کے ذریعے بُخارات یا بھاپ میں تبدیلی ۔

evaporative, a. تبخیری ۔

evaporatively, adv. تبخیرانہ ۔

evaporator, n. تبخیر گر؛ باخِر۔

evaporimeter, evaporometer, evaporation gauge, n. تبخیر پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے مقررہ وقت میں تبخیر کردہ مائع کی مقدار معلوم کی جاتی ہے ۔

evapotranspiration, n. تبخیر ارضی ؛ وہ عمل جس سے زمین کی سطح یا مٹّی پانی کی تبخیر اور پودوں کے اخراجِ بُخارات کے باعث اپنی رطوبت کھو دیتی ہے ؛ اس عمل میں ضائع ہونے والے پانی کی مقدار۔

evasion, n. حیلہ بہانہ ؛ ٹال مٹول ؛ لیت و لعل؛ بچ نکلنے ، کام چور ہونے ، پہلو تہی کرنے یا گریز کرنے کا عمل ؛ وہ ذریعے جو اس مقصد کے لیے استعمال کیے جائیں ؛ لفظی ہیر پھیر ؛ کسی دلیل ، الزام یا استفہام سے گریز۔

evasive, a. مائل بہ گریز؛ پہلوتہی یا گریز کا رُجحان رکھنے والا ؛ لفظی ہیر پھیر سے کام لینے والا ۔

evasively, adv. حیلہ جویانہ ؛ گریزانہ ۔

evasiveness, n. بہانہ بازی ؛ حیلہ سازی ؛ کام چوری ۔

eve. n. (even اور evening کا مُخفّف)
ماقبل ؛ پیشتر ؛ کسی کلیسائی تقریب یا کسی اور واقعے سے پہلے کا دِن یا اُس دِن کی شام ؛ کسی واقعے کے وقوع سے ذرا پیشتر (جیسے : on the eve of a revolution) ؛ شام ۔ (بڑے E سے) حوّا ۔

evection, n. (فلکیات) چاند کا اتا ر چڑھاؤ ؛ کسوف قمر ؛ اعتساف قمر ؛ عدول قمر؛ آفتاب کی کشش سے چاند کے مدار کا دوری تغیُّر ؛ چاند کے طول بلد میں عدمِ یکسانیت ۔

evectional, a. کسوف قمری وغیرہ سے متعلق ۔

even, a. چپٹا یا مُسطّح ، جیسے زمین؛ نشیب و فراز سے پاک ؛ ہموار ، جیسے سطح ؛ تبدیلیوں یا اتار چڑھاؤ سے مُعرّا ، جیسے حرکت ؛ کیفیت یا خصوصیت میں یکساں ، جیسے رنگ ؛ سلیم الطبع یا پُرسکون جیسے مزاج ؛ مُنصفانہ ، بلا رُو رعایت یا غیرجانبدارانہ جیسے افعال ؛ برابر ، اسی سطح پر (جیسے : even with the ground) ؛ ایک ہی سطح یا خطّ پر ؛ متوازی جیسے راستہ ؛ مطابق یا ہم آہنگ جیسے ایک شے دُوسری شے سے ؛ متوازن حالت میں ، جیسے ترازُو ؛ ہر دو جانب حساب بیباق یا صاف جیسے حسابات یا قرضوں میں کچھ بقایا نہ رہے ؛ پیمانے یا مقدار کے لحاظ سے مساوی ؛ جُفت مقابلِ طاق ؛ کسی عدد سے متعلّق جو دو سے پورا تقسیم ہو جائے ؛ ایسے کسی عدد کو ظاہر کرنے والا . (جیسے : even pages of a book) ؛ جیسے کوئی کسر چھوڑے بغیر سالم اعداد میں ظاہر کیا جا سکے (جیسے : an even mile or an even hundred) ۔

evenly, adv. متوازن طور پر ؛ یکساں طور پر۔

avenness, n. توازُن ؛ یکسانیت ۔

even, adv. منصفانہ طریقے سے ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ ابھی ابھی (جیسے : even now) ؛ بالکل ؛ ابھی تک ؛ یہاں تک کہ ؛ یقیناً (درجۂ تفضیلی پر زور دینے کے لیے) ۔ (قدیم) ٹھیک ؛ عین (جیسے : it was even so) ۔

even, v.t. برابر کرنا ؛ مُسطّح کرنا ؛ ہموار کرنا ؛ مطابقے یا ذمّہ داری کے لحاظ سے صحیح حالت میں لانا جیسے حسابات کا ؛ تسویہ یا برابر کرنا (اس مفہوم میں متعلق up کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (فعل لازم) برابر یا ہموار ہونا ؛ یکساں ہونا ۔

even, n. (قدیم) شام ۔

evenfall, n. جُھٹ پٹا ؛ سرِشام ؛ ہنگامِ شام ؛ مغرب ؛ شفقِ شام ۔

even-handed, a. کھرا ؛ غیر جانبدار ؛ منصف ؛ عادل ۔

evening, n., a. مغرب ؛ شام ؛ جُھٹ پٹا ؛ دن کا اختتام اور اندھیرے یا رات کا آغاز ؛ غروبِ آفتاب سے اندھیرا ہونے تک کا وقت ؛ تیسرے پہر کا آخری اور رات کا ابتدائی حصّہ ؛ زندگی ، قویٰ یا عظمت کے خاتمے یا انحطاط کا زمانہ ؛ شبانہ تفریح یا سرگرمی ۔

evening dress, n. لباسِ شام ؛ شام کی مجلسی تقریبات کا رسمی لباس ۔

evening prayer, n. (عموماً بڑے E سے) شام کی مناجات خوانی ؛ نمازِ مغرب ؛ انگلیکی کلیسا میں شام کی عبادت ۔

evening primrose, n. گُلِ فنجانی ؛ سنگھاڑیہ خاندان (onagraceae) کے متعدّد پودوں میں سے کوئی پودا ، خصوصاً اوئنوتھیرا بائینس (Oenothera biennis) جس کے مہکنے والے زرد پُھول شام کے وقت کِھلتے ہیں ۔

evenings, adv. شام کے وقت یا شام کے دوران باقاعدگی کے ساتھ یا عادتاً (جیسے : (.She sang in the choir evenings) ۔

evening star, n. ستارۂ شام ؛ زُہرہ جیسا کوئی درخشاں سیّارہ جو غروبِ آفتاب کے وقت یا اس کے ذرا دیر بعد مغربی افق پر نظر آتا ہے ؛ کوئی بھی سیّارہ جو غروبِ آفتاب سے آدھی رات تک آسمان پر کہیں بھی صاف دکھائی دیتا ہو ؛ ایک گٹھی دار پودا کواوپیریا ڈرومونڈائی (Co-operia Drummondii) جو امریکا کے جنوب مغربی علاقے میں پایا جاتا ہے اور جس کے مہکتے ہوئے سفید اور ستارہ نُما پُھول رات کے وقت کِھلتے ہیں۔

even-minded, a. بُردبار ؛ حلیم ؛ متحمل مزاج ؛ سلیم الطبع ؛ جلد پریشان یا بدظن نہ ہونے والا ؛ پُرسکون ؛ مستقل مزاج ۔

even-mindedness, a. مستقل مزاجی ؛ بُردباری ؛ تحمل مزاجی وغیرہ۔

evensong, n. اِنگلیکی کلیسا میں شام کی عبادت یا مناجات ؛ رومن کیتھولک کلیسا میں شام کی عبادت یا مناجات ۔

event, n. ماجرا ؛ احوال ؛ کیفیت ؛ سانحہ ؛ وقوعہ ؛ نوبت ؛ روداد ؛ واردات؛ کوئی واقعہ جو رونما ہو یا جس کے بارے میں خیال ہو کہ وقوع میں آیا ہے؛ واقع ہونے کی صورت (جیسے : resources available in the event of war) ؛ کوئی وقوعہ ، خصوصاً جو کسی اہمیت کا حامل ہو؛ کسی چیز کا حاصل یا نتیجہ ۔ (کھیل) مختلف کھیلوں کے پروگرام میں شامل ہر مقابلہ ۔

at all events, in any event, بہر طور ؛ ہر صُورت میں ؛ بہر صُورت ۔

in the event, دریں صُورت ؛ اس صُورت میں ؛ اگر۔

eventful, a. پُراز واقعات ؛ نمایاں ؛ اہم ؛ حادثات یا واقعات سے پُر ، خصوصاً نمایاں حیثیّت رکھنے والے واقعات سے (جیسے: an eventful period) ؛ اہم امور یا نتائج کا حامل ؛ نہایت اہم ؛ مہتم بالشّان ۔

eventide, n. (شاعری) ہنگامِ شام ؛ وقتِ شام ؛ سرِشام ؛ جُھٹ پٹا ۔

eventual, a. شُدنی ؛ حتمی ؛ بالآخر ؛ انجام کار واقع ہونے والا ؛ مآلی ؛ آخری ؛ قطعی ؛ آخرکار ؛ انجامِ کار۔

eventually, adv. قطعاً ؛ آخرکار۔

eventuality, n. امکانِ وقوع ؛ احتمال ؛ صورت ؛ اتفاقی نتیجہ ؛ امکان؛ جس کے واقع ہونے کا امکان ہو۔

eventuate, v.i. نتیجے کے طور پر ظہور میں آنا ؛ واقع ہونا ؛ پیش آنا۔

ever, adv. ماضی یا مستقبل میں کسی وقت ؛ دائماً ؛ سدا ؛ ہمیشہ ؛ مدام؛ مسلسل؛ متواتر؛ کسی بھی حد تک۔

everglade, n. گیاہ پوش دلدل ؛ گھاس پوش دلدل؛ گیاہی دلدل ؛ کوئی نشیبی اور دلدلی زمین جو تقریباً لمبی گھاس سے ڈھکی ہوئی ہو۔

the everglades. جنوبی فلوریڈا کا وسیع و عریض دلدلی علاقہ۔

evergreen, a. سدا بہار ؛ ہمیشہ سرسبز و شاداب رہنے والا ؛ اُن درختوں یا جھاڑیوں سے متعلّق جو سال بھر ہری بھری رہتی ہیں ؛ ہمیشہ تازہ و توانا۔ (اسم) ایک قسم کا سدا بہار پودا جس کے پتّے سوئی نُما ہوتے ہیں ، خصوصاً صنوبر ، جھاؤ ، پڑتل یا چیڑ۔ (جمع) ہری بھری شاخیں جو بطورِ آرایش استعمال کی جاتی ہیں جیسے کرسمس کے موقع پر۔

everlasting, a. لازوال ؛ لافانی ؛ پائدار ؛ جاودانی ؛ ابدی ؛ ازلی ؛ دائمی ؛ مسلسل ؛ اُکتا دینے والا۔ (اسم) سرمدیت۔ (بڑے E سے) خدائے تعالیٰ۔ (نباتیات) پُھولوں کی کوئی قسم جو سوکھنے کے بعد بھی اپنی شکل اور رنگ برقرار رکھتی ہے ، خصوصاً ہیلکریزم (Helichrysum) جِنس سے تعلّق رکھنے والے پُھولوں کی بعض اقسام۔

everlastingly, adv. ابدی طور پر ؛ دائمی طور پر ؛ ازلی طور پر۔

everlastingness, n. ابدیت ؛ ازلیت ؛ دوام ؛ ہمیشگی۔

evermore, adv. ہمیشہ؛ دائماً؛ مسلسل؛ اِس وقت سے شروع ہو کر مسلسل جاری۔

evert, v.t. روگردانی کرنا؛ پہلو بچانا ؛ پہلوتہی کرنا ؛ اُلٹنا یا اندر کا حصہ باہر کرنا ؛ برگردانی کرنا۔

eversion, n. بروں گردانی ؛ برگردانی۔

eversible, a. قابلِ رُوگردانی؛ قابلِ برگردانی؛ قابلِ بروں گردانی۔

evertor, n. برگرداں پٹّھا ؛ پٹّھا جو کسی عضو میں بیرونی گردش پیدا کرتا ہے۔

every, a. سَب ؛ ایک ایک ؛ ہر کوئی ؛ ہر ایک ؛ ہر؛ ہر ہر؛ کل تعداد کا ہر فرد بلا استثنا ؛ کسی تعداد کا ہر ایک ؛ فرداً فرداً یا باری باری ؛ تمام کے تمام جن کا تصوُّر کیا جا سکتا ہو ؛ کُل ؛ بالکل۔

everybody, pron. ہر شخص ؛ ہر فرد ؛ ہر آدمی ؛ ہر کس ؛ ہر کوئی۔

everyone, pron. ہر فرد ؛ ہر شخص ؛ ہر کوئی ؛ ہر ایک۔

everywhere, adv. جابجا ؛ جگہ جگہ ؛ سب جگہ ؛ ہر جگہ ؛ ہر کہیں یہاں وہاں ؛ ہر مقام پر۔

everyday, a. روز بروز ؛ روز روز ؛ ہر روز ؛ روزانہ؛ اتوار یا تہوار کے ایام کے برخلاف عام دنوں سے متعلّق (جیسے : everyday clothes)؛ جو کچھ کہ معمول ہو یا روزانہ پیش آتا ہو ؛ معمولی ؛ عام۔

everything, pron. ہر چیز؛ ہر شے ؛ سب کُچھ ؛ ہر شے یا کسی مجموعے یا میزان کا کوئی خاص حصّہ یا جُزو؛ جُملہ ؛ کوئی چیز یا بات جو انتہائی اہم ہو (جیسے : This news means every thing to us)۔

evict, v.t. بے دخل کرنا ؛ بزور نکال باہر کرنا؛ کسی کرایہ دار کو قانونی کارروائی کے ذریعے یا برتر قانونی حق کی بنا پر جائیداد سے بیدخل کرنا ؛ اس طریقے سے جائیداد پر دوبارہ قبضہ کرنا۔

eviction, n. بے دخلی۔

evictor, n. بے دخل کرنے والا۔

evidence, n. ثبوت؛ گواہی؛ شہادت ؛ وہ جو کسی چیز یا امر کی دلیل یا علامت ہو ؛ کسی امر کی تصدیق یا تکذیب کا ثبوت۔ (قانون) جو کچھ کہ زیرِ تفتیش معاملے کی صداقت معلوم کرنے کے لیے عدالت مجاز کو قانوناً باضابطہ پیش کیا جائے۔ (فعل متعدی) ثابت کرنا ؛ تائید میں گواہی دینا ؛ ظاہر کرنا یا دلالت کرنا ؛ شہادت دینا۔

state's evidence, سرکاری شہادت ؛ سرکاری گواہی ؛ کسی شریکِ جُرم کی طرف سے استغاثے کی تائید میں دی جانے والی شہادت ؛ شہادت گواہِ سرکار۔

in evidence, بدیہی ؛ بین۔

evidential, a. شاہد ؛ شہادت سے متعلّق یا اس پر مبنی ؛ مشہودہ۔

evidentially, adv. ثبوت کے طور پر؛ گواہی کے طور پر ؛ شہادت کے طور پر۔

evident, a. ظاہر؛ ہویدا ؛ مبرہن ؛ عیاں ؛ اعلانیہ ؛ بدیہی ؛ صاف نظر آنے یا سمجھ میں آنے والا ؛ ذہن یا نظر پر عیاں ؛ نمایاں ؛ واضح ؛ بیّن۔

evidently, adv. عیاں طور پر؛ واضح طور پر ؛ صاف طور پر۔

evil, a. بُرا ؛ بد ؛ گناہ گار ؛ فاسق ؛ نُقصان رساں ؛ شریر ، شرانگیز یا مُوذی؛ خراب ؛ مُضِر ؛ گھناونا ؛ مصیبت خیز یا آفت انگیز ؛ افسوسناک ؛ نامبارک ؛ منحوس ؛ فاجر ؛ بداخلاق ، بدکرداری کی وجہ سے۔ (متعلّق فعل) بُری طرح ؛ بُرے طریقے سے ؛ ناشایستہ طور پر۔

evilly, adv. باطل انداز میں ؛ شرارت سے ؛ فاسقانہ طور پر۔

evilness, n. خُبث ؛ خباثت ؛ معصیت ؛ عیب ؛ بُرائی ؛ بدی۔

evil, n. برائی ؛ شر ؛ بدی ، بدنیتی یا بدکرداری ؛ ضرر ؛ بدقسمتی ؛ گناہ ؛ بُری شے ؛ مضر چیز؛ زخم اور نقصان پہنچانے والی کوئی چیز۔

evildoer, n. بدکُن ؛ بدکار ؛ خبیث ؛ شریر ؛ گناہ گار۔

evildoing, n. بُرائی ؛ شرارت ؛ بدکاری ؛ بدکرداری ؛ شر۔

evil eye, n. نگاہِ بد ؛ چشمِ بد ؛ (لگنے والی) بد نظر ؛ نظرِ بد ؛ ضعیف الاعتقادی کی بنا پر بعض اشخاص سے منسوب یہ قُوّت کہ ان کی نظر جس شخص پر پڑے گی اسے نحوست یا نُقصان کا سامنا ہو گا ؛ شور چشم۔

evil-minded, a. بدخواہ یا بداندیش ؛ بد باطن یا شرپسند ؛ افعال و اقوال کی بُری تعبیر کرنے کا عادی ؛ بدطینت۔

evil-mindedly, adv. بداندیشی سے ؛ شرپسندی سے۔

evil-mindedness, n. بدپسندی ؛ شراندیشی ؛ بدباطنی ؛ بدطینتی۔

evince, v.t. جتانا ؛ دکھانا ؛ ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا ؛

عیاں کرنا ؛ اپنی سرشت یا سیرت کے کسی پہلو کا مظاہرہ کرنا (جیسے : to evince fear) ۔

evincible, a. قابلِ وضاحت ؛ عیاں ؛ واضح وغیرہ ۔

eviscerate, v.t. عضو نکالنا ؛ (پیٹ میں سے) انتڑیاں نکالنا ۔ (مجازاً) اعضائے رئیسہ یا انتہائی اہم اعضا سے محروم کرنا ۔

evisceration, n. عضوبرآری ؛ حشابرآری ۔

evitable, a. قابلِ گریز ؛ جس سے بچا جا سکے ؛ جو ناگزیر نہ ہو ۔

evocation, n. طلبی ؛ احضارِ رُوح یا کسی ذہنی تمثال کو اُبھارنے یا بیدار کرنے کا عمل ۔ (قانون) سابقاً ماتحت عدالت سے اعلیٰ عدالت میں کسی مقدمے کی طلبی یا منتقلی ۔ (جنین) جنین میں کیمیائی عنصر کے ذریعے ملحقہ نسیجوں کو منتشر کر کے کسی خاص عملِ نمو کا آغاز ۔

evocative, evocatory, a. تمثیل انگیز ؛ اُبھارنے والا ؛ تمثالات وغیرہ کو ذہن میں بیدار کرنے والا ، جیسے کوئی ادب پارہ ؛ برانگیز ؛ پُراثر ؛ مُؤثّر ۔

evocatively, adv. تمثیل انگیزانہ ؛ مُؤثرانہ ۔

evocativeness, n. تمثیل انگیزی ؛ اثر انگیزی ۔

evocator, n. عامل ؛ حاضرات کرنے والا ، خصوصاً روحوں کو طلب کرنے والا ؛ ایک کیمیائی عُنصر جو جنین میں عملِ نمو کو تحریک پہنچاتا ہے ۔

evoke, v.t. طلب کرنا ؛ ردّ عمل پیدا کرنا ؛ یاد تازہ کرنا یا احساس بیدار کرنا ؛ حاضرات کرنا ؛ پُکارنا ؛ بُلانا ؛ فنّی مہارت یا جادُو بیانی سے خیالی تصویریں یا تمثالات تخلیق کرنا ۔

evocable, a. قابلِ حاضرات ؛ قابلِ طلب وغیرہ ۔

evolute, n. (جیومیٹری) پیچدار مُنحنی ؛ ایک ایسا مُنحنی جس کا راستہ دوسرے مُنحنی کے مرکز انحنا پر واقع ہوتا ہے یا دوسرے مُنحنی کے عمودوں کا سِرا ہوتا ہے ؛ وہ مُنحنی جو کسی لچکدار یا اَن کھچ تار کے کُھل پیچے سے وجود میں آتا ہے ۔

evolution, n. ارتقا ؛ تشکیل یا نمو کا کوئی عمل ؛ غیر مُنظم سادگی سے مُنظّم پیچیدگی کی جانب مسلسل پیش رفت ؛ کوئی چیز جو تشکیل دی گئی ہو ؛ کوئی تیّار شدہ شے ؛ جنگ یا پریڈ میں سپاہ یا جہازوں کی نقل و حرکت کا سلسلہ‘ ترتیب کے ساتھ ؛ اس قسم کی کوئی اور نقل و حرکت ۔ (کیمیا) گیس یا حرارت کا اخراج ۔ (ریاضی) کسی پیچ دار مُنحنی کی تشکیل ؛ عددی طاقتوں سے جذروں کا اِستخراج ۔ (حیاتیات) خام یا ابتدائی حالت سے پیچیدہ حالت کی جانب ارتقائی عمل ؛ جدید مفہوم میں اس سے مراد یہ حقیقت یانظریہ ہے کہ تمام ذی حیات موجودات کا سلسلہ حیات کی چند سادہ صورتوں یا واحد صورت سے چلا ہے ۔

evolutional, evolutionary, a. ارتقائی ۔

evolutionism, n. نظریۂ ارتقا ۔

evolutionist, n. ارتقا پسند ؛ نظریۂ ارتقا کا قائل ۔

evolve, v.t. بتدریج تیّار یا مُرتّب کرنا (جیسے : to evolve a plan) ؛ ترقی دینا ، مثلاً کسی چیز کو ارتقائی عمل کے ذریعے مُنظّم حالت تک پہنچانا ؛ بُو یا بھاپ وغیرہ خارج کرنا ۔ (فعل لازم) بتدریج معرضِ وجود میں آنا ؛ ارتقائی مراحل طے کرنا ۔

evolvable, a. قابلِ ارتقا ۔

evolvement, n. عملِ ارتقا ؛ نشوونُما ۔

evolver, n. عامِلِ ارتقا ۔

evulsion, n. توڑ لینے یا کھینچ نکالنے کا عمل ؛ اکھیڑنے کا عمل ؛ قلع ؛ زور سے کھینچنے یا نکالنے کا کام ۔

evzone, n. ایوی زونی ؛ یونان کے چیدہ پیادہ فوج کے دستے کا سپاہی جس کی پہچان اُس کی وردی کی سفید سوتی اسکرٹ ہے ۔

ewe, n. بھیڑ ، بکری یا اسی قسم کے کسی جانور کی مادہ ۔

ewe-neck, n. بُز گردن ؛ بھیڑ گردن ؛ بھیڑ جیسی کھوکھلی گردن جو محرابی اور مُحدّب نہ ہو ؛ گھوڑوں اور کُتّوں میں اس قسم کی گردن کو ایک نقص قرار دیا جاتا ہے ۔

ewe-necked, a. بُز گردنا ۔

ewer, n. قرابہ ؛ چوڑی ٹونٹی یا دہانے اور دستے والی بڑی صُراحی جو پانی انڈیلنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

ex, prep. (تجارت) کسی مقام سے نکالے جانے تک بلا اخراجات ، جیسے ex-elevator, ex-ship ؛ (مالیات) بغیر ؛ بلا ؛ بہ استثنائے حق حصول (جیسے : ex-Coupon, ex-interest, ex-dividend) ؛ بر ؛ برون ۔

exacerbate, v.t. مرض یا دشمنی وغیرہ میں شدّت پیدا کرنا ، بڑھانا یا اضافہ کرنا ؛ مُشتعل کرنا ؛ تلخی پیدا کرنا ؛ غُصّہ دلانا ۔

exacerbation, n. اشتعال ؛ زیادتی ؛ تکثیر ؛ شدّت ۔

exact, v.t. واجبات ، منافع وغیرہ جبراً وصول کرنا ؛ کام کرنے پر مجبور کرنا ؛ اینٹھ لینا ؛ طلب کرنا ؛ چاہنا یا مُطالبہ کرنا ؛ بیگار لینا ۔

exactable, n. قابلِ مطالبہ ؛ قابلِ طلب ۔

exactor, exacter, n. اینٹھنے والا ؛ جبراً حاصل کرنے والا ۔

exact, a. ٹھیک ٹھیک ؛ قطعی یا بالکل دُرست ؛ صحیح ؛ کسی معاملے کی مقتضیات یا شرائط کے عین مطابق ؛ جس سے انحراف کی گنجایش نہ ہو ، جیسے قانونی نظم و ضبط سے ؛ سخت پابندی کا مُقتضی ؛ شدید یا سخت ۔

exactness, n. قطعیت ؛ مطابقت ؛ دُرستی ؛ اِتقان ۔

exacting, a. مشقت طلب ؛ محنت طلب ؛ سخت ؛ مطالبات یا تقاضوں میں کسی قسم کی رعایت روا نہ رکھنے والا ، جیسے کوئی سخت گیر شخص ، بے انتہا سخت ؛ نہایت محنت طلب اور توجُّہ کا مُقتضی ، جیسے کوئی کام ۔

exactingly, adv. محنت و مشقّت سے ۔

exactingness, n. محنت طلبی ؛ مشقّت طلبی ۔

exaction n. استحصال ؛ جبری وصولی ؛ رقم اینٹھنے کا فعل ؛ اس طرح وصول شُدہ شے ؛ فیس ، معاوضہ ، جُرمانہ یا حصّہ جو سختی و ناانصافی سے یا ناجائز طور پر عائد کیا گیا ہو ۔

exactitude, n. صحت ؛ درستی ؛ قطعیت ؛ موزونیت ؛ مطابقت ۔

exactly, adv. صحیح طریقے سے ؛ ٹھیک ؛ بالکل (جیسے : Do exactly as you please) ؛ بالکل درست ؛ بجا ؛ اسی طرح ؛ ہوبہو طور پر ۔

exaggerate, v.t. مبالغہ کرنا ؛ غُلو کرنا ؛ ہانکنا ؛ اس قدر بڑھا چڑھا کر پیش کرنا کہ قرینِ حقیقت نہ ہو یا جسے عقل باور نہ کرے ؛

اصل حقیقت سے بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ غیر متناسب طور سے پیش کرنا ؛ طبعی حد سے تجاوز کرنا ۔ (فعل لازم) تحریر یا تقریر میں مبالغے سے کام لینا ۔

exaggerated, a. مُبالغہ آمیز ؛ طبعی حد سے متجاوز ۔

exaggeratedly, exaggeratingly, adv. مُبالغے سے ۔

exaggerator, n. بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا ؛ غُلو سے کام لینے والا ؛ غالی ۔

exaggeration, n. مُبالغہ ؛ تعلّی ؛ غُلو ؛ بڑھاوا ؛ کسی چیز کی مبالغہ آمیز صُورت ؛ مُبالغہ آرائی ۔

exaggerative, exaggeratory, a. غُلو سے مملُو ؛ مبالغہ آمیز ۔

exalt, v.t. چڑھانا ؛ مرتبہ ، عزت، طاقت، حیثیت یا وقعت بڑھانا ؛ عظمت بخشنا ؛ بڑھانا؛ مرتبہ بُلند کرنا ؛ سَربُلند کرنا ؛ سَرفراز کرنا ؛ وقعت بخشنا ؛ مقتدر کرنا ؛ معیار بلند کرنا ؛ اِعزاز عطا کرنا ؛ امارت عطا کرنا ؛ اُبھارنا یا بیدار کرنا ، جیسے تخیُّل کو ؛ کسی کو رفعت سے مُتّصف کرنا ؛ ستایش کرنا ؛ تعریف کے پُل باندھنا ؛ درجہ بڑھانا ؛ تیز کرنا ؛ شدّت پیدا کرنا ۔

exalter, n. عظمت بخشنے والا ؛ عزت بڑھانے والا وغیرہ ۔

exaltation, n. رفعت ؛ اوج ؛ ارتفاع ؛ مرتبہ بلند کرنے کا فعل یا بلند ہونے کی حالت ؛ سرفرازی ، جیسے مرتبے ، عزت یا طاقت میں ؛ غایت انبساط ، جو بعض اوقات طبعی حد سے تجاوُز کر جاتی ہے ؛ کسی عضو کی فعلیت میں غیر طبعی شدّت ۔ (نجُوم) اوجِ سیّارہ ؛ منطقةُ البرُوج میں ستارے کا انتہائی مقام ۔

exalted, a. عالی مقام ؛ معزّز ؛ مُمتاز ؛ بُلند مرتبت ؛ سربُلند ؛ سرفراز ؛ باوقار ؛ رفیع ؛ عالی یا عالی منش ؛ اعلیٰ و ارفع ؛ سرمست یا بیخود ۔

exaltedly, adv. سربلندی سے ؛ سرفرازی سے وغیرہ ۔

exaltedness, n. عظمت ؛ سرفرازیت ؛ علویت ؛ رفعت ۔

exam, n. (بول چال) examination کا مخفف؛امتحان ؛ آزمایش ۔

examination, n. امتحان ؛ جانچ ؛ جائزہ یا معائنہ ؛ طلبہ یا امیدواروں کی اہلیت ، علم ، ترقی اور ہُنر مندی جانچنے کا عمل ؛ کوئی خاص آزمایش ، مثلاً کسی امتحانی موضوع پر لِکھّا جانے والا مضمون ۔ (قانون) شہادت یا پُوچھ گچھ کے ذریعے حقائق کی باضابطہ تحقیقات ؛ صحت کا طبّی امتحان یا طبّی مُعائنہ ۔

examinatorial, a. مُمتحن سے متعلّق ؛ امتحانی ۔

examine, v.t. امتحان لینا ؛ جرح کرنا ؛ جانچنا ؛ پرکھنا ؛ بغور معائنہ یا مشاہدہ کرنا ؛ سوال کر کے بیان لینا ، جیسے کسی گواہ یا ملزم کا ؛ اہلیت ، استعداد ، علم یا ترقی وغیرہ کی چھان بین کرنا ؛ طبّی معائنہ کرنا ؛ جائزہ لینا ۔

examinable, a. قابل امتحان ؛ قابل معائنہ ۔

examiner, examinant, n. مُمتحن ؛ پرکھنے یا جانچنے والا ؛ امتحان لینے والا یا معائنہ کرنے والا ۔

examinee, n. امتحان دینے والا ؛ زیر امتحان ؛ مُمتحَن ۔

example, n. مثال ؛ تمثیل؛ نمونہ ؛ بانگی ؛ نظیر ؛ عبرت ؛ سبق ؛ وہ شخص یا شے جو تقلید یا نقل کے لیے موزوں قرار دی جائے ؛ تقلید یا تردید کے لیے قائم شدہ مثال ؛ ایسی کوئی مثال جو دُوسروں کے لیے عبرت یا انتباہ کا کام دے ؛ کوئی خاص معاملہ جو کسی عمومی قاعدے یا نقطۂ نظر کی مثال کی حیثیت رکھتا ہو ۔ (فعل متعدی) کسی کی مثال ہونا یا مثال کا کام دینا ؛ مثال کی حیثیت رکھنا ۔

exanimate, a. بے جان یا مُردہ ؛ بے جان نظر آنے والا ؛ مردہ دل ؛ بے ہمّت ؛ بے رُوح ؛ مایُوس ۔

exanimation, n. مُردہ دلی ؛ بے ہِمّتی ؛ مَایُوسی ۔

exanthema, exanthem, n. (امراضیات) ثُورانی مرض ؛ طفحِ جلد ؛ جِلد پر نمودار ہونے والا بثُور یا چکتا؛ کوئی ثورانی مرض خصوصاً وہ جس میں بُخار ہو جاتا ہے ، جیسے چیچک یا خسرہ ؛ بثُور؛ قُوبار ۔

exanthematic, exanthematous, a. ثُورانی مرض سے متعلّق ۔

exarch, n. بازنطینی سلطنت کے کسی صوبے کا حکمران ۔ (مشرقی کلیسا) اُسقفِ اعظم (Metropolitan) سے بڑا اور بطریق(Patriarch)سے چھوٹا عہدہ دار، آج کل نائب بطریق کے مفہوم میں مستعمل ۔ (صفت) (نباتیات) برون آغازی ؛ تنے کے محیط کے پاس نمودار ہونے والا ؛ ابتدائی چوبی ریشے کا حامل (پودا) ۔

exarchate, n. نائب بطریق کا عُہدہ، دائرہ اختیار یا صوبہ ۔

exasperate, v.t. بے حد خفا کرنا ؛ برافروختہ کرنا ؛ برہم کرنا ؛ اشتعال دلانا ؛ دق کرنا ؛ مُشتعل کرنا ؛ بھڑکانا ۔

exasperation, n. اشتعال ؛ برہمی ؛ غیظ و غضب ۔

excavate, v.t. کھودنا ؛ کُھدائی کرنا ؛ کھوکھلا کرنا یا خول بنانا ؛ کھدائی کر کے غار بنانا ؛ اندرونی حصّہ نکال کر کھوکھلا کرنا ؛ سرنگ بنانا یا سوراخ کرنا ؛ کھدائی کر کے کھول دینا ؛ کھود نکالنا ۔

excavation, n. کھدائی ؛ غار جو کھدائی کر کے بنایا گیا ہو ۔ (جمع) حفریات ۔

excavator, n. کُھدیا ؛ کُھدائی کرنے والا شخص یا آلہ ؛ کھدائی مشین ؛ حفّار ۔

exceed, v.t. گزر جانا یا آگے بڑھ جانا ؛ مقررہ حد ، مقدار یا پیمانے سے تجاوُز کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ برتری حاصل کرنا ؛ بڑھنا ؛ زیادہ ہونا ۔ (فعلِ لازم) دوسروں پر سبقت لے جانا ۔

exceeding, a. نہایت ؛ بے حد؛ حد، مقدار ، درجے یا دورانیے کے لحاظ سے بہت بڑا ؛ غیر معمولی ۔

exceedingly, adv. بدرجہ اتم ؛ انتہا درجہ ؛ بہت زیادہ ۔

excel, v.t. فائق ہونا ؛ غالب ہونا ؛ برتری حاصل کرنا ؛ خوبیوں یا قابل تعریف کاموں کی بدولت شرف یا فضیلت پانا ؛ مقابلے میں سبقت لے جانا ؛ ماورا ہونا ؛ بالا تر ہونا ؛ بڑھ جانا ۔ (فعل لازم) ممتاز ہونا ؛ دوسروں پر برتری حاصل کرنا۔

excellence, n. فوقیت ؛ فضیلت ؛ شَرَف ؛ برتری ؛ کوئی قابل قدر خصوصیت ؛ بڑائی ؛ سربلندی ؛ امتیاز ؛ خُوبی ؛ شان ؛ کوئی قابل تعریف یا پسندیدہ شے ۔ (بڑے E سے) بلند مرتبہ افراد کا اعزازی لقب ۔

excellency, n. (عموماً بڑے E سے) عزت مآب ؛ فضیلت مآب ؛ گورنروں ، سفیروں ، وزیروں اور دوسرے بلند مرتبہ افراد کا اعزازی لقب ؛ وہ شخص جو اس لقب سے ملقّب ہو ۔

excellent, a. شاندار ؛ نفیس ؛ افضل ؛ بہت خوب ؛ نادر ؛ فائق ؛نہایت ؛ عُمدہ ؛ چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ بہترین ؛ اعلیٰ ترین ۔

excellently, adv. شاندار طور پر ، شان سے ، خُوبی سے ؛ بطریق احسن ؛ خوش اسلوبی سے ؛ عُمدگی کے ساتھ ۔

excelsior, n. (بڑے E سے) اعلیٰ و ارفع ؛ امریکا کی ریاست نیویارک کا حرفِ شعار یا موٹو ۔ (اسم) لکڑی کی ہلکی چِپٹیاں جو بندش یا پیکنگ میں بھرائی کے لیے استعمال کی جاتی ہیں ؛ چھاپے کا ایک تین پوائنٹ ٹائپ جو روشن ٹائپ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

except, v.t. شُمار سے کسی چیز کو علیحدہ کر دینا ؛ مستثنیٰ کرنا ۔ (فعل لازم) گرفت کرنا ؛ اعتراض کرنا ۔ (حرفِ جار و عطف) مگر یہ کہ ؛ بدوں ؛ اِلاّ ؛ سوائے ؛ بہ استثنا ؛ بجُز ۔

excepting, prep. بجُز ؛ سوائے ؛ بہ استثنا ؛ تاوقتیکہ ؛ اِلاّ ۔

exception, n. مستثنیٰ قرار دینے کا فعل ؛ مُستثنیٰ ؛ اِستثنا ؛ علیحدہ کردہ شے یا شخص ؛ اعتراض ؛ جسے کسی قاعدے، قضیّے ، دعوے ، بیان یا الزام سے مستثنیٰ قرار دیا جا سکتا ہو ۔ (قانون) کوئی زبانی یا تحریری اعتراض ؛ قابلِ گرفت فعل ؛ معمولی آزردگی یا ناراضگی (جیسے : to take exception to what was said to take exception at a severe remark) ۔

exceptionable, a. قابلِ اِستثنا ؛ قابلِ گرفت یا اعتراض ؛ موردِ اعتراض ؛ اعتراض کے قابل ۔

exceptional, a. غیر معمولی ؛ استثنائی یا متعلّق بہ استثنا ؛ خصوصی ؛ قابلِ ملاحظہ یا مُمتاز ؛ برتر ۔ (تعلیم) کسی ایسے بچّے کی بابت جو غیر معمولی ذہانت کا مالک ہو یا جو جسمانی اور ذہنی طور پر پسماندہ ہونے کی وجہ سے خصوصی تربیّت کا متقاضی ہو ۔

exceptive, a. بشمول استثنا ؛ استثنائی ۔

excerpt, v.t. کسی کتاب یا ادب پارے کی عبارت کو خصوصاً اقتباس کے لیے منتخب کرنا ؛ چھانٹنا ؛ انتخاب کرنا ؛ قول نقل کرنا ۔ (اسم) کسی کتاب وغیرہ کا اِقتباس ۔

excerpter, excerptor, n. مُقتبِس ؛ اقتباس کرنے والا ۔

excerptible, a. اقتباس کے قابل ۔

excerption, n. اقتباس ؛ عمل اقتباس ۔

excess, n. تجاوُز ؛ بُہتات ؛ کثرت ؛ فراوانی ؛ بڑھوتی ؛ بیشی ؛ جائز حد سے تجاوُز ؛ زیادتی یا تفاضل ؛ متجاوز مقدار یا درجہ ؛ کسی اور شے کی مِقدار یا درجے سے بڑھ جانا ؛ افراط ؛ وہ مقدار یا درجہ جس کی وجہ سے ایک شے دُوسری شے سے بڑھ جائے ؛ بے اعتدالی ۔ (صفت) ضرورت ، معمول یا معیّنہ حد سے زائد؛ غیر ضروری ۔

excess profit tax, سَرمنافع ٹیکس ؛ اوسط منافع یا سرمایہ بندی کی مقررہ فیصد سے زائد کاروباری منافع پر ، اضافی محصول ۔

excessive, a. متجاوز ؛ جائز حد یا درجے سے زائد ؛ بے حساب ؛ بے شمار ؛ بے حد ؛ مفرط ؛ غیر معتدل ؛ حدود معقولیت سے متجاوز ؛ غیر معقول ۔

excessively, adv. بکثرت ؛ بدرجۂ غایت ؛ متجاوز طور پر ؛ بہ شدت ۔

excessiveness, n. کثرت ؛ تجاوُز ؛ افراط ۔

exchange, n. ایکسچینج ؛ مبدِل ؛ بَٹّا ؛ عوض ؛ تقلیب ؛ تبادل ؛ بدل ؛ مبادلہ ؛ تبادلۂ زر ؛ کسی چیز کو اس کی ہم قیمت یا مساوی چیز کے عوض بدلنے کا عمل ؛ کسی شے سے کسی اور شے کے بدلے دست برداری (جیسے : the exchange of a crown for a cloister) ؛ ایک شے کا دوسری شے سے مبادلہ ؛ معاوضے میں لینے کا فعل (جیسے : to receive gold in exchange for silver) ؛ ادلا بدلا (جیسے : an exchange of blows or gifts) ؛ اشیا یا خدمات کے تبادلے کی جگہ ؛ وہ مقام جہاں تاجر ، دلال یا بینکار کاروبار کی غرض سے جمع ہوتے ہیں ؛ صرافہ ؛ کوئی مرکزی دفتر یا اسٹیشن (جیسے : telephone exchange) ۔ (مالیات) مختلف مقامات پر حسابات کے تصفیے کا نظام جس میں زر کی حقیقی منتقلی کے بغیر بعض دستاویزات استعمال کی جاتی ہیں جنھیں bills of exchange کہا جاتا ہے اور جو مالیتِ زر کو ظاہر کرتی ہیں ؛ ادائیگئ قرض کی خاطر ، جمع رقوم کی مختلف مقامات پر منتقلی ؛ زر یا تمسُّکات کے تبادلے کے لیے وصول کی جانے والی فی صد شرح ؛ مساوی رقوم کی باہم مُنتقلی ، مثلاً دو مختلف ملکوں کی کرنسیوں کا تبادلہ ۔

exchange, v.t. ادل بدل کرنا ؛ عوض کرنا ؛ بدل دینا ؛ تبادلہ کرنا ؛ کسی چیز کو کسی مساوی شے کے عوض بدلنا ؛ کسی شے سے کسی اور شے کے عوض دستبردار ہونا ؛ کسی اور شے سے بدلنا ، (جیسے : Please exchange this purchase for me) ؛ چیزوں کا باہم تبادلہ کرنا ؛ ایک ہی قسم کی اشیا کا ایک دوسرے سے لین دین ، (جیسے : to exchange blows or gifts) ۔ (فعل لازم) کسی شے کا تبادلہ عمل میں لانا ؛ کسی شے کا مساوی شے کے عوض تبادلہ ہونا ۔

exchangeable, a. قابلِ ادل بدل ؛ قابلِ تبادلہ ؛ مبادلہ پذیر ۔

exchangeability, n. استبدال ؛ مبادلہ پذیری ؛ تبادلہ کرنے کا عمل ؛ ادل بدل کرنے کا عمل ۔

exchanger, n. صرّاف ؛ ادل بدل کرنے والا ؛ تبادلہ کرنے والا ۔

exchange student, متبادل طالبِ علم ؛ کسی غیر مُلک کے اسکول میں زیرِتعلیم طالبِ علم جو اس مُلک کے کسی طالب علم کے عوض ہو ۔

exchangee, n. متبادَل ؛ وہ شخص جو تبادلے کے کسی پروگرام میں شریک ہو ۔

exchange rate, rate of exchange, n. شرح مبادلہ ؛ ایکَ مُلک کی کرنسی کی قیمت دوسرے مُلک کی کرنسی کی قیمت کے لحاظ سے ؛ دو مُلکوں کی کرنسیوں کے لین دین کی نسبت یا فی صد ؛ دو یا دو سے زائد کرنسیوں کی قیمت میں فرق یا مختلف مقامات پر ایک ہی کرنسی کی قیمتوں کا فرق ۔

exchequer, n. خزانۂ عامرہ ؛ محکمۂ خزانہ ؛ کسی قوم یا تنظیم کا خزانہ ۔ (برطانوی) (بالعموم بڑے E سے) برطانوی حکومت کا محکمۂ محاصل ؛ قرونِ وسطیٰ کے انگلستان کا ایک دفتر جو شاہی آمدنی کے بندوبست کا ذمّہ دار ہوتا تھا ۔

excide, v.t. کاٹ دینا ؛ قطع کرنا ۔

excipient, n. (علمِ ادویہ) بدرقہ ؛ سائغ ؛ انوپان ؛ شکر اور جیلی جیسی کوئی غیر عامل شے جو کوئی عامل دوا دینے کے لیے ایک ذریعے یا وسیلے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ۔

excise, excise tax, n. محصولِ آبکاری ؛ الکحل یا تمباکو جیسی بعض اشیا کی اندرونِ ملک تیّاری ، خرید و فروخت یا استعمال پر عائد کیا جانے والا ملکی ٹیکس ؛ بعض کاروبار کرنے اور کھیل

کھیلنے یا کھلانے کی اجازت دینے پر عائد شُدہ ٹیکس ـ (برطانوی) سول سروس کی وہ شاخ جس کا منصب محصولِ آبکاری کی وصولی ہے ـ (فعل متعدی) محصولِ آبکاری عائد کرنا ـ

excisable, a. قابلِ محصول ؛ جس پر محصولِ آبکاری عائد کیا جا سکتا ہو ؛ تابعِ آبکاری ـ

excise, v.t. کاٹ ڈالنا ؛ قطع کر دینا ؛ قطع کر کے نکال دینا ، جیسے عمل جرّاحی کے ذریعے ؛ حذف کر دینا ؛ نکال دینا ـ

excision, n. استیصال ؛ کاٹنے کا عمل ؛ انقطاع ـ (جرّاحی) چیر پھاڑ ؛ قطع کاری ـ (کلیسیات) دین بدری ؛ تکفیر ؛ ذات ، برادری یا مذہب سے اخراج ـ

excisable, a. قابلِ انقطاع ؛ قابلِ جرّاحی ـ

exciseman, n. (برطانوی) افسرِ آبکاری ؛ آبکاری ٹیکس وصول کرنے اور قوانین آبکاری نافذ کرنے والا افسر ـ

excitable, a. قابلِ ترغیب ؛ قابلِ انگیزش ؛ زود اشتعال یا زود خیز؛ اشتعال پذیر ؛ جسے آسانی سے بھڑکایا جا سکتا ہو ـ (فعلیات) تحریک پذیر یا جسے کوئی مُحرّک فعّال بنا سکتا ہو ـ

excitability, excitableness, n. تحریک پذیری ؛ زود خیزی ـ

excitant, a. مہیّج ؛ اشتعال انگیز؛ مُحرّک ـ (اسم) تہیّج یا تحریک پیدا کرنے والی کوئی شے ؛ محرّکہ ؛ انگیزندہ ؛ جوش میں لانے والا ـ (برق) برق انگیزہ ـ

excitation, n. اشتعال انگیزی ؛ جوش آفرینی ؛ انگیزش ؛ برانگیختگی ؛ ہیجان ـ (حیاتیات) برقی تحریک کے ذریعے کسی عضو یا نسیج کے فعل کو بیدار کرنے کا عمل اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی کیفیّت ـ

excitative, excitatory, a. اُکساؤ ؛ جوش دلانے کی قوّت رکھنے والا ؛ مائل بہ تحریک ؛ اشتعال انگیز ؛ محرّک ؛ مُہیّج ـ

excite, v.t. اُکسانا ؛ برپا کرنا ؛ حرکت میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ گرمانا ؛ اُبھارنا ؛ جان ڈالنا ؛ جذبات کو اُبھارنا ؛ اشتعال دلانا ؛ برانگیختہ کرنا ، مثلاً کسی بے حس ، سُست یا بے حرکت شخص یا شے کو فعال بنانا ؛ مُشتعل کرنا؛ برپا کرنا ـ (فعلیات) کسی عصب یا پٹھے وغیرہ میں ردِّعمل پیدا کرنا یا اس کی فعلیت کو تیز کرنا ـ (طبیعیات) کسی جوہر وغیرہ کی اساسی حالت کو توانائی کی بالاتر حالت میں منتقل کرنا ـ (برق) (کسی شے میں) برقی یا مقناطیسی عمل پیدا کرنا ـ

excited, a. جذباتی طور پر برانگیختہ ؛ ہیجان زدہ ؛ جوش کے عالم میں؛ جذبات کا اُکسایا ہُوا؛ مُشتعَل ؛ شدید جذبات کا مظہر ؛ انگیختہ ـ

excitedly, adv. جوش سے ؛ اِشتعال سے ـ

excitedness, n. اِشتعال ؛ برانگیختگی ـ

excited state, n. (طبیعیات) کسی جوہر یا سالمے وغیرہ کی سطح توانائی جو اساسی یا کم ترین حالت سے بالا تر ہو ؛ عالمِ جوش ؛ حالتِ اشتعال ـ

excitement, n. ہیجان ؛ برانگیختگی ؛ اکساؤ ؛ بے قراری ؛ ہل چل ؛ کھلبلی ؛ گھبراہٹ ؛ تہیّج ؛ تحریک ؛ اُبھارنے کا فعل ؛ انگیزش ؛ جوش کا عالم ؛ گھبراہٹ ؛ برافروختگی ؛ ابھارنے یا برافروختہ کرنے والا ؛ حرکت میں لانے ، ابھارنے یا فعال بنانے والا ـ

exciter, n. محرِّک ؛ انگیزندہ ؛ اُبھارنے یا ترغیب دینے والی شے یا شخص ـ (برق) برقی میدان مہیا کرنے والا جنریٹر جو راست برقی رَو پیدا کرنے والے یعنی ڈی سی جنریٹر کو چلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ برق انگیز ؛ وہ آلہ جو تعدّد برندہ وولٹیج مہیّا کرتا ہے ، مثلاً FM نظام کا وہ یونٹ جس میں ٹرانسمٹر کے تعدّد اور زیروبم پیدا کرنے والے سرکٹ شامل ہوں ـ

exciting, a. ولولہ خیز ؛ جذبات انگیز؛ محرک ؛ حرکت میں لانے والا ؛ انگیزندہ ؛ سنسنی خیز ؛ اہتزاز پیدا کرنے والا ـ

excitor, n. (فعلیات) عصبِ مُحرّک ؛ نس جس کی تحریک سے متعلّقہ عضو کے عمل میں اضافہ ہو ـ

exclaim, v.i. پکار اُٹھنا ؛ چلّانا ؛ اچانک اور بے ساختہ بول پڑنا ؛ فجائیہ کلمات استعمال کرنا ـ (فعل متعدی) جوش یا درد کے عَالَم میں چلّا اٹھنا ؛ شور مچانا ـ

exclamation, n. نعرہ ؛ پُکار ؛ ندا ؛ استعجاب ؛ اضطراب یا احتجاج کا پُرجوش مظاہرہ ؛ کوئی جذباتی کلمہ جو زور دے کر بیساختہ بولا جائے ؛ ہانک ؛ واویلا ـ

exclamation point, exclamation mark, n. علامت استعجاب ؛ علامتِ ندائیہ (!) ؛ تحریر ، مطبوعہ مواد میں استعمال کی جانے والی وہ علامت جو زور دینے یا شدید جذبے یا تعجّب کے اظہار کے لیے کسی نعرے یا فجائیہ کلمے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے ـ

exclamatory, a. فجائیہ ؛ استعجابیہ ؛ ندائیہ ؛ کسی نعرے یا جوش کے اظہار سے متعلّق یا اس سے مُتّصِف ـ

exclave, n. محصور خطّہ ؛ بیروں علاقہ ؛ گِھرا ہوا علاقہ ؛ کسی غیر مُلک کے علاقے سے گِھرا ہوا خِطّہ جو باقی مُلک سے علیحدہ ہو گیا ہو ـ

exclosure, n. احاطہ ؛ علاقہ جسے مداخلت بیجا کے خلاف پیش بندی کے طور پر جنگلے وغیرہ سے گھیر لیا گیا ہو ـ

exclude, v.t. مستثنٰی کرنا ؛ منہا کرنا ؛ بند کرنا یا خارج کرنا ؛ داخل نہ ہونے دینا ؛ مداخلت سے روکنا ؛ شمولیت کی ممانعت کرنا ؛ غور یا توجّہ سے خارج کرنا ؛ نکال دینا ـ

excludability, n. اخراجیّت ـ

excludable, excludible, a. قابلِ اخراج ـ

excluder, n. خارج کرنے والا ـ

exclusory, a. اخراجی ـ

exclusion, n. اخراج ؛ نکال دینے کا فعل یا اخراجی حالت ؛ خارج شُدگی ؛ خارج کردہ شے یا شخص ؛ منہائی ؛ استثنا ـ

exclusionism, n. حُقوق ، مراعات وغیرہ سے خارج کرنے کا اصول ، پالیسی یا دستور ؛ اخراجیّت ؛ منہایت ـ

exclusible, exclusionary, a. قابلِ اخراج ـ

exclusionist, n. خارج کرنے والا ـ

exclusion principle, n. (طبیعیات) یہ کُلیہ کہ کسی فرض کردہ جوہر یا سالمے میں کوئی دو الیکٹرون ، پروٹون یا نیوٹرون توانائی کی ایک ہی سطح پر نہیں رہ سکتے ـ

exclusive, a. امتیازی ؛ اختصاصی ؛ خصوصی ؛ استثنائی ؛ بِلا شرکتِ غیرے ؛ خارج کرنے کی طاقت یا اثر رکھنے والا ؛ صرف ایک شخص یا گروپ کی ملکیت ، استعمال یا اختیار میں (جیسے : exclusive rights to publish a novel) ؛ کسی انجمن میں دُوسروں کو شمولیت

سے روکنے والا ؛ جاہ پسند ؛ گھمنڈی ؛ چیدہ گاہکوں کو اجازت دینے یا ان کے لیے تفریح وغیرہ کا سامان مہیّا کرنے والا ؛ مکمّل ؛ بھرپور ؛ غیر منقسم (جیسے : exclusive attention to ones work) ؛ بے میل یا متناقض (جیسے : mutually exclusive ideas) ؛ ایک ہی (جیسے : the exclusive means of transportation) ۔ (اسم) (صحافت) کوئی خبر یا رپورٹ جسے سب سے پہلے شائع کرنے والے کا اعزاز کسی ادارے یا خبررساں ایجنسی کو حاصل ہوا ہو ؛ خصوصی رپورٹ ؛ کوئی استثنائی یا امتیازی حق ، مثلاً کسی خاص علاقے میں مال کے فروخت کا خصوصی حق ۔

exclusive of, مُستثنیٰ ؛ شامل نہ کیا جانے والا ؛ جس پر غور نہ ہو ۔

exclusively, adv. امتیازی طور پر ؛ استثنائی انداز میں ؛ مختص طور پر ؛ خاص طور سے ۔

exclusiveness, exclusivity, n. امتیازیت ؛ اختصاصیّت ؛ خلوت پسندی ۔

excogitate, v.t. غور کرنا ؛ تدبیر کرنا ؛ اختراع کرنا ۔

excogitation, n. تحقیق ؛ دریافت ؛ غوروفکر ؛ اُدھیڑبُن ؛ اختراع ؛ تجویز ۔

excogitative, excogitable, a. قابلِ اختراع ؛ قابلِ غور ؛ قابلِ تجویز ۔

excogitator, n. اختراع کرنے والا ؛ دریافت کرنے والا ؛ مُجوِّز ۔

excommunicate, v.t. دین بدر کرنا ؛ تکفیر کرنا ؛ مردُود کرنا ؛ کلیسائی ملامت/الزام کے ذریعے کلیسا کے ساتھ تعلّق قطع کر دینا یا روحانی فوائد سے محروم کر دینا ؛ کسی انجمن کی رکنیت سے خارج کرنا اور رکنیت کے امتیازی حقوق سے محروم کرنا ؛ ذات باہر کرنا ؛ برادری سے خارج کرنا ؛ حُقّہ پانی بند کرنا ۔ (اسم) مردود ؛ کلیسا بدر شخص ؛ کسی امتیازی حق سے محروم کردہ شخص ۔

excommunicant, a. کلیسا کے ساتھ تعلّق سے محروم ؛ کلیسا بدر ؛ برادری سے خارج شُدہ ۔

excommunicable, a. قابلِ تکفیر ؛ کلیسا بدری کا مستوجب ؛ مستوجبِ سزا بذریعہ دین بدری ؛ برادری سے خارج ہونے کے قابل ۔

excommunicator, n. دین کلیسا سے خارج کرنے والا ؛ ذات باہر کرنے والا ؛ برادری سے خارج کرنے والا ؛ حُقّہ پانی بند کرنے والا ۔

excommunication, n. تکفیر ؛ کلیسا بدری یا دین بدری کا عمل ؛ برادری سے اخراج ؛ کلیسا کے ساتھ تعلّقات سے انقطاع اور اس کے امتیازی و خصوصی حقوق اور فوائد سے محرومی ۔

excommunicative, excommunicatory, a. کلیسائی حقوق یا تعلقات سے محروم کرنے والی وجہ یا بات ؛ باعثِ دین بدری یا اس سے متعلّق ۔

excoriate, v.t. اُدھیڑنا ؛ کُھرچنا ؛ گِھسنا ؛ چھیلنا ؛ چمڑا اُدھیڑنا ؛ کھال کھینچنا ؛ پوست کَنی کرنا ؛ پوست یا چھال کو توڑنا یا رگڑ ڈالنا ؛ جلد کے کسی حصّے کو گوشت تک کُھرچ ڈالنا ؛ شدید مذّمت کرنا ۔

excoriation, n. پوست کَنی ؛ جلد تراشی ؛ زبانی مذمت ؛ پھٹکار ۔

excrement, n. براز ؛ فُضلہ ؛ گوبر ؛ گو ؛ انہضام کے بعد جسم سے خارج ہونے والا فُضلہ ؛ غلاظت ۔

excremental, excrementitious, a. فُضلے کا یا اس سے متعلّق ۔

excrescence, n. غیر طبعی نمو یا افزایش ؛ بُربالیدگی ؛ قدرتی اور بدنُما بُربالیدگی جو کسی جانور کے جسم یا درخت کی چھال وغیرہ پر نمودار ہو ؛ شکل کو مسخ کرنے والی کوئی بالیدگی یا روئیدگی ؛ بد گوشت ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ۔

excrescent, a. حشو ؛ بربالیدہ ؛ خارجی ؛ کسی اور چیز سے نمو پانے والا ، خصوصاً کسی اور شے سے غیر طبعی طور پر پیدا ہونے والا ؛ زائد ۔ (صوتیات) محض خوش آہنگ یا خوش آواز اضافی عُنصر کے طور پر پیدا ہونے والا ، جیسے لفظ against میں t کی آواز ۔

excreta, n. خارج شُدہ مادّہ ؛ جسم کے فضلات وغیرہ ، جیسے پیشاب ، پسینہ یا فُضلہ ۔

extretal, a. فُضلاتی ۔

excrete, v.t. کسی جسم نامی سے علیحدہ کرنا یا نکالنا ؛ خُون یا نسیجوں سے علیحدہ کرنا یا خارج کرنا ، جیسے غلاظت یا ضرر رساں مادوں کو ۔

excretion, excrescency, n. ابراز ؛ اخراج ؛ خارج کرنے کا عمل ؛ خارج کردہ مادہ ، جیسے پسینہ ، پیشاب یا بعض پودوں کا رس وغیرہ ۔

excretive, a. خارج کرنے والا ؛ مُمِدِ اخراج ۔

excretory, a. اخراج سے متعلّق ؛ اخراجی وظیفے کا حامل ۔

excruciate, v.t. دُکھ دینا ؛ آزار دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ ستانا ؛ (کسی کے لیے) شدید ذہنی اذیت کا باعث ہونا ۔

excruciating, a. انتہائی تکلیف دِہ ؛ شدید ذہنی کوفت کا باعِث ؛ آزار رساں ؛ کرب آمیز ؛ اذیت ناک ۔

excruciatingly, adv. اذیت سے ۔

excruciation, n. دُکھ ؛ آزار ؛ اذیت ؛ کرب ۔

exculpate, v.t. چُھڑانا ؛ کسی الزام یا جُرم سے بری کرنا ؛ بے گُناہ یا بے قصور ٹھہرانا ۔

exculpation, n. چھٹکارا ؛ بریّت ؛ برائت ؛ بے قصور ٹھہرانے کا فعل ۔

exculpatory, a. ایسی شہادت کا حامل جو بنائے بَرائت ہو ؛ بَریّتی

excurrent, a. بروں رو ؛ یک ساق ؛ شمسادہ ؛ باہر کی جانب بہتا ہوا ۔ (حیوانیات) جس کے بہاؤ کا رُخ باہر کی جانب ہو ، عموماً اسفنج کے جسم کے سوراخوں کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔ (نباتیات) جس کی جڑ اس قدر طویل ہو کہ واحد یا غیر منقسم تنے کی شکل اختیار کر لے ، جیسے صنوبر کا تنا ؛ راس کے اوپر نکلا ہوا ، مثلاً بعض پتّوں کی وسطی نس ۔

excursion, n. تفریحی سفر ؛ سیر سپاٹا ؛ کسی خاص مقصد کے لیے جلد واپسی کی نیت سے کیا گیا سفر ؛ سفر جو خصوصی رعایتی کرائے پر کیا جائے ؛ اس طرح سفر کرنے والوں کی جماعت ؛ انحراف یا اختلاف ۔ (طبیعیات) کسی شے کا اپنی طبعی حالت یا صحیح راستے سے تجاوُز ۔ (میکانیات) کسی متحرّک پُرزے کے دھکّے کی حد ۔ (فعل لازم) جلد واپسی کی نیت سے سفر کرنا ؛ تفریحی سفر پر جانا ۔ (صفت) تفریحی سفر سے متعلّق یا اس کے دوران استعمال کے لیے ۔

excursional, excursionary, a. تفریحی سفر سے متعلّق ۔

excursionist, n. تفریحی مسافر ؛ تفریحی سفر کرنے والا ۔

excursive, a. پراگندہ ؛ بے ربط تقریر یا پراگندہ خیالی سے متعلّق ؛ بھٹکتا یا بہکتا ہُوا ؛ آوارہ ؛ جہاں گشت ۔

excursively, adv. پراگندہ طور پر ۔

excursiveness, n. پراگندہ خیالی ؛ آوارگی ؛ سرگشتگی ۔

excursus, n. تتِمہ توضیحی ؛ تفصیلی ضمیمہ ؛

ضمیمہ ؛ کسی کتاب کا تتمۂ توضیحی ؛ کسی کتاب میں شامل ضمیمہ یا تتمّہ جس میں کسی ایسی مجمل بات یا اہم نکتے پر تفصیلی بحث کی جائے جس کی متن میں گنجایش نہ ہو۔

excusatory, a. عُذر دارانہ ؛ اعتذاری ؛ معذرت خواہانہ ۔

excuse, v.t. معافی چاہنا ؛ (غلطی کوتاہی وغیرہ پر) معافی معانگنا ؛ عذر پیش کرنا ؛ معذرت کرنا ؛ برائت کے لیے عذر پیش کرنا ؛ معافی یا جواز کا کام دینا ؛ معاف کرنا ؛ استثنا یا گلوخلاصی حاصل کرنے کی کوشش کرنا یا اسے حاصل کرنا ؛ کسی فرض یا ذمّہ داری سے سبکدوش کرنا ؛ بَری کرنا ؛ مُستثنیٰ کرنا ؛ غیر ضروری سمجھ کر چھوڑ دینا ۔

excusable, a. قابلِ معافی ۔

excusably, adv. عُذر کے طور پر ۔

excuser, n. خطا بخش ؛ در گزر کرنے والا ؛ بہانہ باز ۔

excuse, n. معافی ؛ معذرت خواہی ؛ عذر ؛ معذرت ؛ معذرت طلبی ؛ کسی ناکامی ، کوتاہی یا کسی بات پر معذرت خواہی ؛ غیر حاضری کا عذر یا توجیہہ ؛ چھٹکارا ؛ برّیت ۔

excuseless, a. بے عُذر ۔

excusingly, adv. معذرت خواہانہ انداز میں ۔

exeat, n. رُخصت ؛ کسی پادری کو اسقف کی جانب سے اپنے علاقے سے غیر حاضر رہنے کی منظوری ۔ (برطانوی) کسی طالب علم کو یونیورسٹی سے مقررہ مدّت تک باہر رہنے کی باضابطہ اجازت ۔

exec., n. ایگزیکٹیو افسر ؛ انتظامی افسر ؛ عامل ؛ عمل درآمد کرنے والا ۔

execrable, a. مردُود ؛ ملعُون ؛ لعین ؛ مطعون ؛ کریہہ ؛ ناپاک ؛ قابلِ نفرت ؛ گھناؤنا ؛ مکروہ ؛ انتہائی بد ۔

execrableness, n. نفرت ؛ حقارت ؛ کراہت ؛ لعنت ۔

execrate, v.t. مطعُون کرنا ؛ بُرا یا قابلِ نفرت قرار دے کر مذّمت کرنا ؛ لعنت بھیجنا ؛ سخت نفرت کرنا ؛ گِھن کھانا ؛ کراہت کرنا ؛ نفرین کرنا ؛ بَد دُعا دینا ۔

execrative, a. قابلِ نفرت ۔

execrator, n. لعنت بھیجنے والا ۔

execration, n. نفرین ؛ لعن طعن ؛ تنفُر ؛ کلمۂ لعنت ؛ بد دعا ؛ شدید نفرت ؛ وہ شے یا شخص جس سے نفرت کی جائے ؛ مکروہ ؛ کریہہ ۔

execute, v.t. عملدرآمد کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ قانون کے مطابق سزائے موت کے حکم کی تعمیل کرنا ؛ خُوش اسلوبی و مہارت سے انجام دینا ؛ نافذ کرنا ؛ انتظام کرنا ؛ معاملہ طے کرنا یا مقررّہ قانُونی طریقے سے پُورا کرنا ؛ کسی منصوبے یا ڈیزائن کے مطابق تیّار کرنا ۔

executable, a. قابلِ تعمیل ؛ قابلِ عمل ؛ قابلِ نفاذ ۔

executer, n. عمل درآمد کرنے والا ؛ تعمیل کُنندہ ۔

execution, n. پھانسی ؛ تعمیل ؛ عملدرآمد ؛ تکمیّل ؛ تکمیل یا تعمیل کی حالت ؛ انجام دہی کا طریقہ یا انداز ؛ کمالِ فن یا فنکارانہ مہارت ، جیسے موسیقی میں ؛ سزائے موت ، پھانسی یا کسی بھی سزا کے قانونی حُکم کی تعمیل ؛ مؤثر استعمال یا بکار آوری ، خصوصاً ہتھیاروں کی ؛ تباہ کاری یا اثر بربادی ۔ (قانون) عدالتی حکمنامہ یا پروانہ جس میں کسی فیصلے یا ڈگری کی تعمیل کی ہدایت کی گئی ہو۔

executioner, n. جَلاد ؛ عدالت کے حکم کی تعمیل میں سزائے موت دینے والا اہل کار۔

executive, a. مُختار کار ؛ عامِل ؛ تعمیل یا نفاذ سے متعلّق یا اس کے لیے موزوں ؛ قوانین کی تعمیل یا امور کی انجام دہی کا ذِمّہ دار یا ان کے بارے میں ۔ (اسم) کسی حکومت کی انتظامیہ ؛ وہ شخص یا اشخاص جنھیں حکمرانی کا اختیارِ اعلیٰ حاصل ہو ؛ حکامِ اعلیٰ ؛ کوئی شخص یا مجلس جِسے انتظامی کام سونپا گیا ہو ؛ اس کام کا ماہر۔

executively, adv. انتظامی طور پر ؛ عاملانہ طور پر۔

executive agreement, n. انتظامی سمجھوتا ؛ عاملانہ سمجھوتا ؛ سمجھوتا جو ریاستہائے متحدہ امریکا اور کسی غیر ملک کے درمیان صدر امریکا ، سینیٹ کی منظوری کے بغیر، طے کرے اور جس کا تعلّق ایسے امور سے نہ ہو جو باضابطہ میثاق کے مُقتضی ہوں۔

executive council, n. مجلسِ منتظمہ ؛ مجلسِ عاملہ جسے اختیارِ اعلیٰ حاصل ہو ؛ انتظامی کونسل ؛ مجلس جو سربراہِ حکومت کی مشاورتی معاونت کے فرائض انجام دیتی ہو۔

Executive Mansion, executive mansion, n. (امریکا) ریاستہائے متحدہ امریکا کے صدر کی سرکاری قیام گاہ : وہائٹ ہاؤس واقعِ واشنگٹن ڈی سی ؛ کسی ریاست کے گورنر کی سرکاری قیام گاہ ۔

executive officer, n. (عسکری) ایگزیکٹیو افسر ؛ کمانڈنگ آفیسر کا معاون ؛ مددگار کماندار ؛ بحریہ یا فوج کا افسر جو دوسرے نمبر کے کماندار کی حیثیت رکھتا ہے۔

executive order, n. (بالعموم بڑے E سے) انتظامی حُکم ؛ عاملانہ حکم ؛ صدرِ امریکا یا کسی اور سربراہِ مملکت کی طرف سے جاری ہونے والا حُکمنامہ جو قانون کا درجہ رکھتا ہے۔

executive session, n. قانون ساز اجلاس جو عموماً خفیہ ہوتا ہے ۔

executor, n. مختار ؛ تکمیل کُنندہ ؛ تعمیل کُنندہ ؛ تعمیل کرنے ، نافذ کرنے ، انجام دینے یا تکمیل کرنے والا ۔ (قانون) وصی ؛ تعمیل کُنندۂ وصیت ؛ وہ شخص جسے کوئی مؤصّی اپنی وصیت کی تعمیل کے لیے مُقرّر کرے۔

executorial, a. تعمیل کنندہ کے متعلّق ۔

executorship, n. عامل کا منصب یا عہدہ ۔

executory, a. عاملانہ ؛ نافذ ؛ مؤثر ۔ (قانون) تعمیل شُدنی ؛ تعمیل طلب ۔

exegesis, n. تفسیر ؛ تشریح ؛ تاویل ؛ ناقدانہ تشریح یا تفسیر ، خصوصاً کسی صحیفے یا سماوی کتاب کی ۔

exegetic, exegetical, a. تشریحی ؛ تفسیری ؛ تاویلی ۔

exegetically, adv. تفسیراً ؛ تاویلاً ؛ مفسرانہ طور پر۔

exegete, exegetist, n. ماہرِ تفسیر ؛ مُفسّر۔

exegetics, n. (صیغہ واحد میں مستعمل) اصولِ تفسیر ؛ عِلم التّفسیر ؛ فنِ تفسیر ؛ صحائف آسمانی کی تفسیر و تعبیر کے اصول اور فن ۔

exemplar, n. مثالی ؛ مثالی شخص ؛ اُسوہ ؛ کوئی مثال ؛ اصل یا بطورِ نمونہ ، جو قابلِ تقلید ہو ؛ وہ شخص جس کی ذات نمونہ ہو ؛ نمونہ جو مثالی ہو ؛ نمونہ یا نُسخہ جیسے کتاب کا ۔

exemplary, a. مثالی ؛ جو نمونے ، مثال یا نظیر کا کام دے ؛ قابلِ تقلید ؛ لائقِ ستایش ؛ پسندیدہ ؛ سبق آموز ؛ عبرتناک یا انتباہی (جیسے : an exemplary punishment) ؛ توضیحی ؛ خُوش اسلوب ؛ قابلِ نظیر ۔

exemplarily, adv. بطورِ عبرت ؛ مثالی طور پر ؛ نظیری انداز میں ۔

exemplariness, n. جو قابلِ تقلید ہو ؛ نظیریت ؛ مثالی پن ۔

exemplify, v.t. نظیر پیش کرنا ؛ مثال لانا ؛ مثال دے کر دکھانا یا وضاحت کرنا ؛ نظیر کی حیثیّت رکھنا یا مثال ہونا ۔ (قانون) سرکاری مُہر کے ساتھ باضابطہ مصدقہ نقل بنانا یا ہاتھ سے نقل کرنا ۔

exemplifiable, n. نظیر پیش کرنے کے قابل ؛ مثال بننے کا اہل ۔

exemplification, n. توضیح بہ مثال ؛ مثال کے ذریعے توضیح ؛ نظیر کا کام دینے والی مثال ۔

exemplum, n. تمثیلی قِصّہ کہانی ؛ قصہ یا کہانی جو کسی دعوے کی تائید میں یا سبق آموز تمثیل کے طور پر بیان کی جائے ؛ مثال ۔

exempt, v.t. مُبرّا کرنا ؛ مُستثنیٰ کرنا ؛ خلاص کرنا ؛ بَری کرنا ؛ کسی کو دوسروں پر عائد ہونے والی ذمّہ داریوں ، بوجھ اور فرائض سے سبکدوش کرنے یا سبکدوش ہونے کی اجازت دینا ۔ (صفت) مستثنیٰ ؛ غیر مستوجب ؛ غیر مشمولہ ؛ سبکدوش یا آزاد کیا گیا ۔

exemption, n. اِستثنا ؛ مستثنیٰ کرنے کا فعل ؛ تحفُّظ یا مامُونیت ۔ (امریکا) وہ شخص یا شے جو محصول آمدنی کے فارم میں منہائی کے زمرے میں آتا ہو ۔

exenterate, v.t. عملِ جَرّاحی کے ذریعے جسم کے کسی جوف، مثلاً پیڑو کے حوض کے مافیہ کو قطع کرنا ۔ (صفت) امعاکش ؛ احشا برآر ۔

exenteration, n. حشابرآری ؛ اِمعاکَشی ۔

exequy, n. رسمِ تجہیز و تکفین ؛ مراسمِ عزا ۔ (جمع) جنازہ ۔

exercise, n. کسرت ؛ مشق ؛ ریاضت ؛ ریاض ؛ تربیت کی غرض سے جسمانی ساخت یا ذہنی ورزش یا ریاضت ؛ بروئے کار لانے کا عمل ؛ کوئی کام جو مشق یا تربیت کے طور پر کیا جائے ؛ اہلیت یا استعداد کا مظاہرہ یا آزمایش ؛ مظاہرہ ، طریقۂ کار یا تقریب کے انعقاد کی مشق (جیسے : graduation excercises) ۔

exercise, v.t. مشق کرانا ؛ سدھانا ؛ تربیت دینے ، نشوونما کو فروغ دینے یا چاق و چوبند رکھنے کے لیے ریاضت کرانا ؛ استعمال کرنا یا بروئے کار لانا (جیسے : He exercised his rights) ؛ اثرو رسوخ استعمال کرنا ؛ زور یا دباؤ ڈالنا (جیسے : to exercise influence) ؛ فوجیوں وغیرہ کو تربیت دینا (جیسے : to exercise troops) ؛ (کسی کی) توجُّہ مرتکز کرانا ؛ پریشان یا دِق کرنا ۔ (فعل لازم) مشق کرنا ؛ کسرت یا ورزش کرنا ۔

exerciser n. ورزش کرنے والا ؛ مشق کرنے والا ۔

exercisable, a. استعمال کے قابل ؛ مشق کے قابل ۔

exercitation, n. (قدیم) صلاحیتوں یا قُوتوں وغیرہ کو استعمال کرنے یا بروئے کار لانے کا عمل ؛ تربیت یا مشق ؛ کوئی مشق یا مہارت کا مظاہرہ ؛ مظاہرۂ کمال ، خصوصاً تحریر یا تقریر کی صورت میں ۔

exergue, n. (مسکوکیات) کسی سِکّے یا تمغے کے اصل حصّے کے نیچے چھوڑی ہوئی خالی جگہ ؛ اس جگہ منقوش کوئی چیز ۔

exert, v.t. جدوجہد کرنا ؛ تگ و دو کرنا ؛ مقدور بھر کوشش کرنا ؛ زور مارنا ؛ قوت ، زور یا صلاحیت کا بھرپور استعمال کرنا ؛ زور سے رو بہ عمل لانا ؛ ذہنی یا جسمانی قُوتوں کو پُوری طرح بروئے کار لانے کی کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ مشقت کرنا ۔ (فعلِ معکوس) کوشش سے کام لینا ؛ پُوری قُوّت صرف کرنا ۔

exertion, n. سرگرمی ؛ جانفشانی ؛ محنت ؛ سعی ؛ تندہی ؛ مشقّت ؛ قُوّت ؛ زور ؛ کوشش ؛ قُوّتوں کو بروئے کار لانے کا عمل ؛ جدوجہد ؛ آزمایش ۔

exeunt, v.i. منظر سے ہٹ جانا ؛ باہر جانا ؛ باہر نکلو! (اسٹیج چھوڑنے) کی ہدایت دینا جس کا تعلّق دو یا دو سے زیادہ اداکاروں سے ہو ۔

exfoliate, v.i., v.t. چِھلکا یا پرت اُتارنا ؛ پھٹ کر پرتوں میں بٹ جانا ؛ بڑھنا یا پھیلنا جیسے شاخوں کا پتّے پیدا کر کے ؛ پرتیں ، چھپٹیاں یا چِھلکے صاف کرنا ؛ سطح کو صاف کر کے پرتیں ہٹانا ؛ پتّے پیدا کر کے بڑھنا یا پھیلنا ۔

exfoliation, n. پت جھڑ ؛ برگ ریزی ۔

exfoliative, a. برگ ریز ؛ پرت دار ؛ چھلکے دار ۔

exhalation, n. دم برآری ؛ سانس چھوڑنے کا فعل ؛ دم برکَشی ؛ سانس کے ذریعے خارج کردہ شے ؛ بھاپ ؛ صدور ؛ تبخیر ؛ بھپکا ۔

exhale, v.i. سانس چھوڑنا ؛ سانس یا بھاپ خارج کرنا ؛ بخارات کی طرح اُٹھنا اور اُڑ جانا ۔ (فعلِ متعدی) پھیپھڑوں سے نکالنا یا نکلنے دینا ؛ ابخرے بنانا ؛ تبخیر کرنا ؛ بھاپ ، آواز یا بُو خارج کرنا ۔

exhalant, a. سانس نکالنے یا خارج کرنے کی خاصیّت رکھنے والا ؛ دم برکَش ؛ دم برآر ۔ (اسم) دم برکشِ نالی ؛ سانس خارج کرنے والی نالی ۔

exhaust, v.t. صرف کرنا ؛ تمام کرنا ؛ کھینچ نکالنا یا سب کا سب خرچ کر دینا یا استعمال کر لینا ؛ کلیتاً صرف کر دینا ؛ (کسی ظرف وغیرہ کو) مافیہ سے خالی کر لینا ؛ (کسی چیز میں) خلا پیدا کرنا ؛ محللات کو کام میں لا کر اجزائے ترکیبی سے محروم کر دینا جیسے دوا کو ؛ مفید یا بُنیادی خواص سے محروم کر دینا ، جیسے مٹّی کو ؛ کسی شخص یا مُلک کی املاک یا وسائل کو ختم کر ڈالنا ؛ تھکا کے چور کر ڈالنا جیسے کسی شخص کو ؛ کسی موضوع کے تمام بُنیادی نکات اخذ کر لینا ؛ کسی موضوع پر سیر حاصل بحث کرنا یا اس کا مکمّل مطالعہ کرنا ۔ (فعلِ لازم) بچ جانا یا محفوظ رہنا جیسے سلنڈر سے استعمال شدہ بھاپ کا ؛ مافیہ کو خارج کرنا (جیسے : an engine which exhausts directly into the air) ۔ (اسم) خلا کار (پنکھا ، نلکی) وغیرہ ۔

exhauster, n. تمام کرنے والا ؛ کھینچ نکالنے والا ؛ خالی کرنے والا ۔

exhaustibility, n. خاتمیت ؛ خاتمہ ۔

exhaustible, a. ختم ہو جانے والا ؛ ختم ہو جانے کے قابل ۔

exhaust, n. (انجینئری) بھاپ نکاسی ؛ دُودکشی ؛ اخراج کا عمل ، جیسے ظرف سے ہوا کا اخراج ؛ استعمال شُدہ بھاپ یا فعّال مائع کا اپنا کام مکمّل کرنے کے بعد انجن کے سلنڈر سے نکاس ؛ بھاپ نکاس آلہ یا اخراجی نلی ، جیسے کسی عمارت سے ہوا کو خارج کرنے والا پمپ ؛

راستہ جس سے بھاپ وغیرہ جیسی استعمال شدہ یا از کار رفتہ شے خارج ہوتی ہے ؛ دود کش ؛ استعمال شدہ شے ، جیسے ازکار رفتہ بھاپ۔

exhausted, a. صرَف شدہ ؛ جو سارے کا سارا استعمال ، صرف یا خارج کر لیا گیا ہو ؛ بے حد تھکا ہوا ؛ خستہ ؛ ماندہ ۔

exhaustedly, adv. تھکاوٹ سے ؛ خستگی سے ؛ ماندگی سے ۔

exhaustless, a. نہ تھکنے والا ؛ ان تھک ؛ خستگی ناپذیر۔

exhaustlessly, adv. خستگی ناپذیرانہ ؛ ان تھک انداز میں ۔

exhaustlessness, n. ان تھک پن ؛ ازکار نارفتگی ۔

exhaustion, n. ناتوانی ؛ خستگی ؛ تحلیلِ قُوّت ؛ تھکن ، ضُعف ؛ کمزوری ؛ خالی ہونے کا عمل یا کیفیت ؛ از کارِ رفتگی ؛ شدید کمزوری یا تکان ؛ سلبِ قُوّت ۔

exhausting, a. تھکا دینے والا ؛ تھکن ظاہر کرنے والا ۔

exhaustive, a. کسی موضوع کی سیر حاصل تحقیق یا جائزے میں ممدومعاون ؛ جامع ؛ ہر لحاظ سے مکمّل ؛ وسائل یا قُوّت کو ختم کرنے والا ۔

exhaustively, adv. جامع طور پر ؛ کامل طور سے ۔

exhaustiveness, n. جامعیت ؛ کاملیت ۔

exhibit, v.t. دکھانا یا ظاہر کرنا ؛ نمایش ، مقابلے ، معائنے کے لیے پیش کرنا ؛ نمایاں علامتوں سے اظہار کرنا (جیسے : to exhibit anger) ۔ (قانون) کوئی دستاویز عدالت میں داخل کرنا یا باضابطہ غور کے لیے پیش کرنا ، جیسے کوئی عرضی دعویٰ وغیرہ ۔ (طِب) دوا کے طور پر دینا ۔ (فعل لازم) ظاہر کرنا یا نمایش کرنا ؛ کوئی چیز منظرِ عام پر لانا یا نمایش کے لیے رکھنا ۔

exhibitable, a. قابلِ نمایش ۔

exhibitor, exhibiter, n. نمایش کنندہ ۔

exhibitory, a. نمایشی ۔

exhibit, n. نمایش ؛ دکھاوا یا دکھائی جانے والی چیز ؛ کوئی شے یا اشیا کا مجموعہ جو نمایش یا میلے میں پیش کیا جائے ۔ (قانون) کوئی دستاویز یا دیگر شے جو عدالت میں پیش کی جائے یا شہادت کی حیثیت سے جس کا حوالہ دیا گیا ہو یا نشاندہی کی گئی ہو ؛ سند ؛ وجۂ ثبوت ؛ دستاویز ۔

exhibition, n. نمایش گاہ ؛ نمایش ؛ شو ؛ فن پاروں یا مصنوعات کی عام نمایش یا کرتبوں کا مظاہرہ ۔ (کینیڈا) کوئی بڑا میلا یا نمایش ۔ (برطانوی) کسی کالج کے طالبِ علم کو ملنے والا وظیفہ ، جو عموماً مقابلے کے امتحان کے نتیجے میں دیا جاتا ہے ۔

exhibitioner, n. (برطانوی) کالج یا یونیورسٹی کا وظیفہ یاب طالبِ علم ۔

exhibitionism, n. عِلّت خود نمائی ؛ مبالغہ آمیز خود نُمائی کا رجحان ؛ اپنی خصوصیات یا صلاحیتوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنے یا دوسروں کو اپنی طرف متوجہ کرنے کا میلان ۔ (طبِّ نفسی) اعضائے تناسُل کی اضطراری نمایش جو جنسی کج روی کی ایک صورت ہے ۔

exhibitionist, n. خود نُما ۔

exhibitionistic, a. خودنُمایانہ ۔

exhibitive, a. ظاہر کرنے والا ؛ مائل بہ نمایش (عموماً of کے ساتھ) ۔

exhilarate, v.t. فرحت بخشنا ؛ مسرُور کرنا ، نِشاط بخشنا ؛ شگفتہ کرنا ۔

exhilarant, a., n. مفرّح ؛ فرحت بخش ؛ سرور بخش ؛ نشاط آور ۔

exhilarating, a. نشاط آور ؛ فرحت بخش ؛ محرّک ۔

exhilarative, exhilaratory, a. شگفتگی پیدا کرنے والی (کوئی چیز) ؛ جان آور ؛ قوت آفریں ۔

exhilaration, n. فرحت بخشی ؛ مسرّت انگیزی ؛ شادمانی ؛ فرحت کا احساس ؛ خوشی ؛ شگفتگی ؛ فرحت ؛ خُرّمی ۔

exhort, v.t. نصیحت کرنا ؛ نصیحت یا فہمایش کے ذریعے اپیل اور حوصلہ افزائی کرنا ؛ مشورہ دینا یا متنبہ کرنا ۔ (فعل لازم) تعمیری یا مثبت تنقید کے ذریعے حوصلہ افزائی کرنا یا ترغیب دینا ۔

exhortative, exhortatory, a. حوصلہ افزا ۔

exhorter, n. حوصلہ افزائی کرنے والا ۔

exhortingly, adv. حوصلہ افزائی کے طور پر ۔

exhortation, n. موعظت ؛ پندوعظ ؛ نصیحت ؛ تلقین ؛ ایسی زبان کا استعمال جس کا مقصد اُبھارنا یا حوصلہ افزائی کرنا ہو ؛ ترغیبی یا اثر انگیز تقریر ؛ فہمایش ۔

exhume, v.t. دفنانے کے بعد قبر کھودنا ؛ مدفون کو قبر کھود کر نکالنا ؛ ایسی شے کی تجدید کرنا جو غفلت کا شکار رہی ہو ؛ ازسرنو قائم کرنا ۔

exhumation, n. قبر کھود کر مدفون کو نکالنے کا عمل ۔

exhumer, n. مدفون کو قبر کھود کر نکالنے والا ۔

exigency, exigence, n. ہنگامی حالت ؛ شدید ضرورت ؛ حالت شدید ؛ ایسی صورتِ حال جو فوری توجہ اور بلا تاخیر حل کی مقتضی ہو ؛ ناگہانی/ہنگامی صورتِ حال ۔ (عموماً جمع) لازمی مقتضیات یا ناگہانی ضروریات ۔

exigent, exigeant, a. اشد ضروری ؛ فوری طور پر توجُہ طلب یا فوری کارروائی کا مقتضی ؛ زیادہ توجہ کا خواہاں ؛ بے حد اہم یا متقاضی ۔

exigently, adv. مقتضیانہ ۔

exigible, a. وصول طلب ؛ قابلِ مطالبہ ؛ طلب شُدنی ۔

exiguous, a. ذرا سا ؛ معمولی ؛ ادنیٰ ؛ کم ؛ خورد ؛ حقیر ؛ تھوڑا ؛ قلیل ؛ خفیف ؛ ناکافی بلحاظ تعداد یا مقدار ۔

exiguity, exiguousness, n. قِلّت ؛ کمی ؛ عدم کفایت ۔

exiguously, adv. قلیل طور پر ۔

exile, n. جلاوطنی ؛ اپنے دیس سے رضاکارانہ طور پر علیحدگی یا جبری اخراج ؛ حاکمِ مجاز کی طرف سے دیس نکالا ؛ مُلک بدری ؛ مُلک بدر یا جلاوطن شخص یا وہ شخص جو کسی اور ملک کا توطّن اختیار کر لے ۔ (فعل متعدی) جلا وطن کرنا ؛ جلاوطن بنانا ۔

exilable, a. قابلِ مُلک بدری ۔

exiler, n. مُلک بدر کرنے والا ۔

exilic, a. مُلک بدری سے متعلّق ۔

eximious, a. (قدیم) نمایاں ؛ مُمتاز ؛ عُمدہ ۔

exist, v.i. موجود ہونا ؛ حقیقی وجود یا ہستی کا مالک ہونا ؛ ہونا ؛ زندہ ہونا ؛ زندہ رہنا ؛ ہستی رکھنا ؛ جیتے رہنا ؛ خاص مقامات یا حالات میں واقع ہونا ۔

existence, n. وجود ؛ ہستی ؛ تکوُّن ؛ وجود کی صورت جو دوسری اشیا

کے ساتھ تعامل سے عبارت ہوتی ہے ؛ حقیقی طور پر ہونا ؛ معروضیت ؛
زندگی ؛ زندگانی ؛ موجودِ حقیقی ۔

existent, a. موجود ؛ ہستی کا مالک ؛ جو موجود ہو ۔
(اسم) شے موجود ؛ ہستئ موجود ۔

existential, a. وجود کا یا اس سے متعلّق ؛
نظریۂ وجودیت سے متعلّق ۔

existentially, adv. وجودی طور پر ۔

existentialism, n. نظریۂ وجودیت ؛ مختلف فلسفیانہ نظریات
کے لیے استعمال ہونے والی اصطلاح جو اس تصوُّر پر مبنی ہے کہ فرد
کلیتاً آزاد ہے ، لہٰذا اُسے ایک غیر یقینی اور بے مقصد عالم میں اپنی
وابستگیوں ، اپنے اعمال اور فیصلوں کی مکمّل ذمہ داری قبول کرنی
چاہیے ۔

existentialist, n., a. نظریۂ وجودیت کا پیرو ؛ وجودی ۔

existential quantifier, existential operator, n.
(فلسفہ) وجودی مقداریہ ؛
صُوَری منطق کی اصطلاح جس کا مفہوم یہ ہے کہ کسی خاص حد کے
اندر ، آزاد متغیرہ ''لا'' (x) کے ساتھ ، معینّہ فارمولا ایک یا ایک سے
زائد قدروں پر تو صادق آتا ہے لیکن ''لا'' (x) کی تمام قدروں پر صادق
نہیں آتا۔ دیکھیے : Universal quantifier ۔

exit, n. باہر نکلنے کا راستہ ؛ خروج ؛ اسٹیج سے کسی
اداکار کی ، اپنا کردار ادا کرنے کے بعد ، رخصتی ؛ روانگی ؛
ترکِ عمل ؛ موت ۔ (فعل لازم) رخصت ہونا ؛ چھوڑنا ۔

exlibris, n. کتابی لوح ؛ ''کے کتب خانے سے'' ؛
کتاب میں یا کتاب پر مالک کے نام سے پہلے کا اندراج ؛ مالک کے نام ،
کی چٹ جو کتاب پر چسپاں ہوتی ہے ۔

Exmoor, n. ایکس مور ؛ جنوب مغربی انگلستان کی کاؤنٹی
ڈیون شائر کا بنجر علاقہ ؛ ڈیون شائر کی سینگوں والی بھیڑ کی ایک
نسل جس کا گوشت استعمال کیا جاتا ہے ؛ یابُو (ٹٹّو) کی ایک نسل جو
ڈیون شائر کے ایکس مور علاقے میں پیدا ہوتا ہے ۔

exobiology, n. (فضائیات) بروں حیاتیات ؛ حیاتیات کی
وہ شاخ جس میں زمین کے باہر ذِی حیات نامیوں پر ماحول کے اثرات
کا مطالعہ کیا جاتا ہے ؛ بالائے ارض وجود میں آنے اور پائی جانے والی
ذی حیات اشیا کی تلاش ؛ بالائی حیاتیات ۔

exocarp, n. (نباتیات) برثمرہ ۔

exocrine, a. بروں افراز ؛ نالی کے ذریعے باہر کی جانب
مادّہ خارج کرنے والا خصوصاً بعض غدودوں کے حوالے سے ۔

exodermis, n. (نباتیات) بروں اَدَمہ ؛ ایسی جڑوں کے خلیوں
کی عارضی اور حفاظتی پرت جن میں ثانوی تہ نہیں ہوتی ، مثلاً ثعلب
مصری کی جڑوں کی پرت ؛ جڑوں کی خارجی قشر ۔

exodontia, exodontics, n. عِلمِ اَخراجِ دندان ؛ طِبّ الاسنان کی وہ شاخ
جو دانتوں کے اخراج سے تعلّق رکھتی ہے ۔

exodus, n. ہجرت ؛ خروج ؛ انخلا ؛ کسی مقام سے لوگوں کی کثیر
تعداد کا خروج ؛ وسیع پیمانے پر ہجرت ۔ (بڑے E سے) حضرت موسیٰ اور
بنی اسرائیل کا مصر سے خروج ۔

exoenzyme, n. (حیاتی کیمیا) بر خامرہ ؛ ایک خامرہ جو اپنا وظیفہ
اس خلیے کے باہر ادا کرتا ہے جو اسے پیدا کرتا ہے ۔

exoergic, a. اخراج توانائی کے ساتھ ردِّعمل کا یا اس سے متعلّق ۔

ex officio, adv., a. بلحاظ /بربنائے عہدہ ؛
به حیثیت عہدہ (جیسے : ex officio authority) ۔

exogamy, n. بروں زواجیت ؛ قبیلے سے باہر شادی ؛
بروں ازدواجی ؛ غیر متعلّق اجسامِ نامی کے ساتھ تولید کا عمل ۔

exogamous, a. بروں ازدواج ؛ بروں زوّاج ۔

exogen, n. (نباتیات) بررونندہ ؛ برنمو (پودا) ؛ ناکارہ نوع (Exogenae)
بشمول دو فلقے (dicotyledons) سے تعلّق رکھنے والا کوئی پودا جس کا
ڈنٹھل باہر کی طرف مسلسل ہم مرکز پرتوں میں نمو پاتا ہے ۔

exogenous, a. باہر کی طرف اضافوں سے نمو پانے والا ؛
برنمو ؛ بروں روئندہ ۔ (نباتیات) برنمو یا بروں روئندہ پودوں سے متعلّق ؛
دو فلقی برگ برار پودوں (dicotyledons) کی قسم کا پودا جس کے
ڈنٹھل باہر کی جانب بڑھتی ہوئی چھال کے نیچے کی لکڑی کی سالانہ
تہ کے اضافے کے ساتھ نمو پاتے ہیں ؛ اس قسم کے ڈنٹھل والے پودوں
سے متعلّق ۔

exogenously, adv. بروں روئندہ طور پر ۔

exonerate, v.t. بے خطا ٹھہرانا ؛ بری کرنا ؛ سبک بار کرنا ؛
الزام سے بری کرنا ؛ بے قصور ٹھہرانا ؛ ذمہ داری ، فرض یا بار سے
سُبکدوش کرنا ۔

exoneration, n. سُبکباری ؛ برائت ۔

exonerative, a. خلاص ، بری یا رہا کرنے والا ؛ بری کُنندہ ۔

exophthalmos, exophthalmus, exophthalmia, n. (امراضیات) خروج چشم ؛
غدّۂ درقیہ کی فعلیت میں حد سے زیادہ اضافے کے باعث کاسۂ چشم
سے آنکھ کے ڈھیلے کا اُبھار ۔

exophthalmic, a. خروج چشم سے متعلّق ۔

exorable, a. مِنّت پذیر ؛ عُذر پذیر ؛ مِنّت سماجت سے متأثّر
ہونے والا ؛ جسے مِنّت سماجت کے ذریعے ترغیب دی جا سکتی ہو ۔

exorbitance, exorbitancy, n. تجاوُز ؛ اسراف ؛ گرانی ؛
معمول کی حدود سے تجاوُز ؛ زیادتی ؛ غیر معقول اضافہ (جیسے :
exorbitance of demands of prices) ۔

exorbitant, a. مُسلّمہ حق یا حدودِ معقولیت سے متجاوز ؛
بہت زیادہ ؛ مُسرفانہ ؛ بے تحاشا ۔

exorcise, exorcize, v.t. جھاڑ پھونک کرنا ؛ جِن نکالنا ؛
دم کرنا ؛ جھاڑ پھونک یا دعا ، وظیفے ، عملیات کے ذریعے بھوت پریت
کو دفع کرنا یا آسیب اُتارنا ؛ (کسی آسیب زدہ شخص کو) دعا ، منتر یا
عملیات ، کی ادائیگی وغیرہ کے ذریعے بدروح سے پاک کرنا ؛
مُضرّت رساں اَجِنّہ یا بھوت پریت کے سائے سے نجات دلانا ۔

exorciser, exorcist, n. عامِل ؛ جھاڑ پھونک کرنے والا ؛ سیانا ۔

exoricism, n. جنتر منتر ؛ جھاڑ پھونک ؛ جادُوئی عمل جو
بھوت پریت اُتارنے یا بدرُوح سے نجات دلانے کے لیے کیا جائے ؛ دعا یا
منتر جو جنوں یا بھوت پریت اتارنے کے لیے کیا جائے ۔

exorcistic, a. جھاڑ پھونک سے متعلّق ؛ جنتری منتری ۔

exordium, n. سرنامہ ؛ تمہید ؛ شُروع ؛ مقدّمہ ؛ پیش لفظ ؛
کسی چیز کا آغاز ؛ خصوصاً کسی گفتگو کی ابتدا ۔

exordial, a. تمہیدی ؛ ابتدائی ۔

exoskeleton, n. (حیوانیات) برکالبُد ؛ کالبُد ظاہری ؛
کھال یا جلد کا بیرونی اور حفاظتی غلاف ، خصوصاً قشری حیوانات کے

خول جیسا سخت غُلاف ، جیسے کچھوے کا کھپرا اور فلسِ ماہی ؛ کالبد بروں بمقابل کالبدِ دروں ۔

exoskeletal, a. برکالبدی ۔

exosmosis, exosmose, n. بروں وُلُوج/سرایت ؛ وُلُوج میں زیادہ ارتکاز سے کم تر ارتکاز کے حصّے میں منتقل ہونے والے مائع کا عمل یا بہاؤ ؛ مقابل دروں وُلُوج یا درسرایت ۔ (endosmosis)

exosmotic, a. بروں وُلُوجی ۔

exosphere, n. فضائے بالا ؛ فضا کا بالا ترین طبق جو سطحِ زمین سے دو سو سے چار سو میل تک پھیلا ہوا ہے ۔

exospore, n. (نباتیات) بِروں بذرہ ؛ تخمک کی بیرونی پرت ۔

exosporal, exosporous, a. بروں بذری ۔

exostosis, n. (امراضیات) بروں تُعظّم ؛ ہڈّی یا دانت کا غیر طبعی اُبھار ؛ بڑھاؤ ۔

exoteric, a. عامیانہ ؛ عامی ؛ جہری ؛ خارجی ؛ عوامی ؛ جس کا تعلّق اندرونی یا منتخب حلقے سے نہ ہو ؛ بمقابل خفی یا سِرّی ؛ عوام الناس کے لیے موزوں ؛ عیاں ؛ کُھلا ہوا ؛ عام ؛ سادہ ۔

exoterics, exoterica, n. عام فہم عقائد ، تقریریں ، تحریریں یا تصانیف ؛ عوامی عقائد ، تقاریر یا تصانیف

exoterically, adv. عوامی فہم کے مطابق ؛ عامی طور پر ؛ جہری طور پر ۔

exothermic, exothermal, a. (کیمیا) حرارت زا یا حرارت آمیز ، بمقابل endothermic (جاذبِ حرارت ؛ حرارت گیر) ۔

exotic, a. بدیسی ؛ بیگانہ ؛ غیر ملک سے لایا ہُوا مگر ملک میں پوری طرح رسا بسا نہ ہُوا؛ نمایاں طور پر خوبصورت اور غیر معمولی نظر آنے والا (جیسے : an exotic woman) ؛ پُراَسرار ؛ مختلف ؛ عجیب و غریب ؛ کسی تفریحی پروگرام میں تماشائیوں کو لبھانے کے لیے بتدریج برہنہ ہونے سے متعلّق (جیسے : an exotic dancer) ۔ (اسم) کوئی بدیسی شے ، جیسے غیر ملک سے لایا ہوا پودا ۔

exotically, adv. بدیسی طور پر ؛ اجنبیانہ ۔

exoticness, n. بدیسی پن ۔

exoticism, n. برائے کو اپنانے کا رُجحان ؛ بدیسی خصوصیت ؛ اجنبیت ؛ کوئی بدیسی شے ، مثلاً کوئی دخیل لفظ یا محاورہ ۔

exotoxin, n. (حیاتی کیمیا) بروں سَم ؛ سَمِ خارجی ؛ کسی غیر مُسمّم خورد نامیے کے اندر بننے اور اس سے نکلنے والا حل پذیر زہر ۔

expand, v.t. پھیلانا یا کھولنا ؛ کھول کر نظر کے سامنے لانا یا دکھانا (جیسے : A peacock expands his feathers) ؛ تشریح کرنا یا زیادہ تفصیل کے ساتھ بیان کرنا ؛ کھول کر بیان کرنا ؛ کُشادہ کرنا ؛ وُسعت دینا ؛ بڑھانا یا کُشادہ کرنا؛ شرح و بسط کے ساتھ بیان کرنا ؛ پھیلانا ؛ بڑا کرنا ؛ زیادہ جامع بنانا یا گنجایش میں اضافہ کرنا ۔ (فعل لازم) پھیلنا ؛ کِھلنا ؛ کُھلنا ؛ بتدریج بڑھنا یا ترقی پانا ؛ تفصیل کے ساتھ اظہار کرنا (اس معنی میں بالعموم on یا upon کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ حجم یا جسامت میں بڑھنا ؛ کُشادہ ہونا یا وُسعت پانا ؛ گنجایش میں بڑھنا ۔

expanded, a. پھیلا ہُوا ؛ بَسیط ؛ زیادہ علاقے پر محیط ؛ جسامت و حُجم میں بڑھا ہوا ۔

expandable, a. قابلِ توسیع ؛ وُسعت پذیر ۔

expandability, n. وسعت پذیری ؛ وُسعتیت ۔

expandingly, adv. بڑھنے کے انداز میں ؛ وُسعت پذیرانہ طور پر ۔

expanded type, n. (طباعت) ایک قسم کا ٹائپ جو اپنی معمول کی اونچائی سے قدرے چوڑا ہوتا ہے ۔

expander, n. پھیلنے والا ۔ (طِب) کوئی گداختہ مادّہ جو خون کے حجم کو پھیلانے کے لیے پلازمہ کے بدل کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

expanse, n. کُشادگی ؛ وُسعت ؛ پھیلاؤ ؛ وہ شے جسے پھیلایا جائے ؛ غیر منقطع رقبہ یا علاقہ جو خاص طور پر وسیع و عریض ہو ؛ کسی شے کا پھیلاؤ یا بسط ؛ وُسعت یا کُشادگی ۔

expansible, a. پھیلواں ؛ وُسعت پذیر ؛ قابلِ توسیع ۔

expansibility, n. توسعیت ؛ توسیع پذیری ۔

expansile, a. توسیع پذیر ؛ توسیع سے متعلّق ؛ قابلِ وُسعت ۔

expansion, n. پھیلاؤ یا پھیلاؤ کی حالت؛ وُسعت؛ بَسیط؛ توسیع ؛ حجم یا جسامت میں اضافہ ؛ کُشادگی ؛ انتفاخ ؛ بڑائی ؛ بستار ؛ توسیع کا درجہ یا مقدار ؛ پھیلی ہوئی کوئی شے ؛ بسط ؛ کسی شے کا بڑھا ہوا حصّہ ؛ وسیع رقبہ ۔ (ریاضی) مختصر رقم کی تفصیل یا اتساع ۔ (مشین) چلنے والے انجن کے عامل عُنصر میں اضافہ ، مثلاً اُسطوانے (سیلنڈر) میں بھاپ کا بڑھنا ؛ توسیعِ زر ۔

expansionism, n. توسیع پسندی کی قومی پالیسی ، مثلاً علاقائی توسیع یا کرنسی میں اضافے کا قومی مسلک یا حکمتِ عملی ؛ توسیعیت ۔

expansionist, n. توسیع پسند ۔

expansionary, expansional, a. توسیعی ۔

expansive, a. توسیعی ؛ پھیلانے والا ؛ پھیلنے والا ؛ مائل بہ توسیع یا توسیع پذیر ؛ متعلّق بہ اتساع یا اتساعی ۔ (مجازاً) پُرجوش جیسے اشخاص ، الفاظ یا احساسات و جذبات ؛ وسیع علاقے پر محیط ؛ وسیع و عریض ؛ بسیط ؛ جامع ۔ (طِبِّ نفسی) توہمّات یا ذاتی بڑائی کے فریب میں مبتلا ۔

expansively, adv. وسیع طور پر ۔

expansiveness, expansivity, n. پھیلنے کی صلاحیت ؛ توسعیت ؛ پھیلنے کا میلان ۔

ex parte, a. یک طرفہ ؛ طرفدارانہ ۔ (قانون) (کارروائی) جو کسی مقدمے کے ایک فریق نے کی ہو یا اس کی طرف سے کی گئی ہو ۔

expatiate, v.i. آوارہ پھرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ طول دینا ؛ تشریح کرنا ؛ تفصیل پیش کرنا ؛ بلا رُکاوٹ گھومنا یا آوارہ پھرنا ؛ تقریر یا تحریر کو طُول دینا ؛ سیر حاصل بحث یا استدلال کرنا ۔

expatiation, n. وضاحت ؛ طوالت ؛ پُرگوئی ؛ مُفصّل نویسی ۔

expatiator, n. مُفصّل نویس ؛ پُرگو ؛ تشریح کُنندہ ۔

expatriate, v.t. مُلک کے کسی شہری کو جلاوطن کرنا ؛ ترکِ وطن کرنا ۔ (فعل لازم) وطن کے حقوقِ شہریت سے دستبردار ہو کر کسی اور ملک کی شہریت اختیار کرنا ۔ (صفت) جلا وطن ؛ ملک بدر ۔ (اسم) جلا وطن شخص ۔

expatriation, n. جلاوطنی ؛ مُلک بدری ؛ دیس نکالا ؛ ترکِ وطن ۔

expect. v.t., v.i. توقُّع کرنا ؛ امید رکھنا ؛ کسی واقعے یا بچّے کے

expectancy, n. ہونے کی پیش بینی کرنا ؛ اُمّید سے ہونا ؛ کسی واقعے کے امکان کا اندازہ لگانا ؛ فرض کرنا یا قیاس کرنا ؛ اغلب ، جائز یا صحیح تصوُّر کرنا ؛ حاملہ ہونا ؛ انتظار کرنا ۔

expectable, a. متوقّع ۔

expectably, adv. متوقّع طور پر ۔

expecter, n. توقُّع کرنے والا ۔

expectingly, adv. مُتوقّع طور پر ۔

expectancy, n. اُمّید ؛ توقُّع ؛ انتظار ؛ انتظار کیے جانے کی حالت ؛ شے منتظر ؛ متوقّع چیز ۔

expectant, a. متوقّع ؛ اُمّیدوار ؛ مُنتظر ؛ توقُّعات رکھنے والا ؛ حاملہ ۔ (اسم) مُنتظِر شخص ؛ توقُّع کرنے والا ۔

expectantly, adv. منتظرانہ ؛ انتظار کرتے ہوئے ؛ متوقعانہ ؛ امیدوارانہ ۔

expectation, n. توقُّع ؛ انتظار ؛ اُمیّد ؛ آس ؛ پیش بینی ؛ انتظار کی کیفیت ؛ متوقع چیز یا وہ شے جس کا انتظار ہو ؛ کسی واقعہ کے رونما ہونے یا کسی شے کے وصول ہونے کا امکانی درجہ ۔

expectation of life, n. متوقّع عمر ، جیسا کہ جدولِ اموات سے ظاہر ہو ؛ اوسط عمر ۔

expectative, a. متعلّق بہ انتظار یا توقُّع ؛ جس میں انتظار کی کیفیت ہو ۔

expected value, expectation value, mean value, n. (شماریات) متوقع قیمت ؛ تخمینی رقم یا بے ترتیب متغیروں کی اوسط ، جو متناہی یا لامتناہی سلسلۂ اعداد میں ہو سکتی ہے ۔

expectorant, a. مُنفِث ؛ مخرجِ بلغم ؛ دافع بلغم ؛ پھیپھڑوں کی مخاطی جھلّی یا سانس کی نالی سے بلغم کے اخراج میں معاون ۔ (اسم) ایک دوا جو بلغم کے اخراج میں مُمِدومعاون ثابت ہوتی ہے ۔

expectorate, v.t. بلغم نکالنا ؛ تھوکنا ؛ سانس کی نالی یا پھیپھڑوں سے خارج کرنا ؛ بلغم یا کوئی اور مادّہ کھانس کر ، کھنکار کر یا تُھوک کر خارج کرنا ۔ (فعل لازم) کھانس کر یا تُھوک کر بلغم نکالنا ؛ تُھوکنا ۔

expectoration, n. نفث ؛ بلغم کا اخراج ؛ بلغم یا کسی اور مادّے کا اخراج ؛ خارج شُدہ مادّہ ۔

expediency, expedience, n. مصلحت ؛ حِکمت ؛ ضرورت ؛ مناسبت ، لزوم ؛ مناسبتِ حال ؛ مقصد کے پیشِ نظر قرینِ مصلحت صورت ؛ اصول کو قربان کر کے فوری فوائد کے حصول کی خودغرضانہ کوشش ۔

expediential a. لزوم کی خصوصیات کا حامل ؛ مناسبت کی خصوصیت کا حامل ؛ مصلحت آمیزانہ ۔

expedient, a. مُفید ؛ قرینِ مصلحت ؛ براہ راست بلکہ بعض اوقات بے رحمانہ طریقے سے مطلوبہ نتائج حاصل کرنے والا ؛ مناسب حال ؛ مصلحت آمیز ؛ خودغرضانہ مقاصد کے حصول میں مُمِد ؛ مصلحت کوش ۔ (اسم) کسی مقصد کے حصول کے لیے استعمال کیے جانے والے ذرائع ؛ ناگہانی صورتِ حال میں اختیار کی جانے والی تدابیر ؛ ترکیب ۔

expediently, adv. مصلحت آمیزانہ ۔

expedite, v.t. شتابی کرنا ؛ جلدی کرنا ؛ (کسی چیز کی) حرکت یا پیش رفت میں سہولت پیدا کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ کسی کام یا کاروبار وغیرہ کی تکمیل میں جلدی کرنا ؛ روانہ کرنا ؛ جاری کرنا ، جیسے کسی دستاویز کا ۔

expediter, expeditor, n. تعجیل سے کام لینے والا ، خصوصاً کسی سرکاری یا کاروباری ادارے کا اہل کار جس کا کام حسبِ ضرورت سامان کی فوری فراہمی کو یقینی بنانا ہوتا ہے ؛ تعجیل کار ؛ عجلت کار ۔

expedition, n. معرکہ ؛ مُہم ؛ برّی یا بحری سفر جو کسی خاص مقصد کے لیے ہو ، جیسے جنگ یا کسی خِطّے وغیرہ کی تلاش کے لیے ؛ اُن اشخاص کی جماعت یا جہاز جو اس قسم کی مہم میں مصروف ہوں ؛ اقدام میں مستعدی ۔

expeditionary, a. مہماتی ؛ کسی مہم سے متعلّق یا جس پر کوئی مہم مشتمل ہو (جیسے : an expeditionary force) ۔

expeditious, a. پُھرتیلا ؛ مُستعِد ؛ تیز رفتار ؛ چالاک ؛ پُھرتی اور خوش اسلُوبی سے انجام دیا گیا (کام) ؛ تیز رَو ؛ عجلت پسند ؛ زود پسند ۔

expeditiously, adv. عجلت سے ۔

expeditiousness, n. عجلت ؛ تعجیل ۔

expel, v.t. نکال باہر کرنا یا دفع کرنا ؛ خارج کرنا (جیسے : to expel air from the lungs) ؛ کسی مقام کو چھوڑنے پر مجبور کرنا (جیسے : to expel a traitor or an invader from a country) ؛ رکنیت ختم کرنا یا تعلُّق منقطِع کر دینا (جیسے : to expel a student from a college) ؛ راندہ کرنا ۔

expellable, a. قابلِ اخراج ۔

expellant, expellent, a. نکالنے والا ؛ معاونِ اخراج ۔ (اسم) مُسہل ؛ کوئی دافع دوا ۔

expeller, n. نکال باہر کرنے والا ؛ خارج کرنے والا ۔

expellee, n. جس کا اخراج کیا گیا ہو ؛ مُخرَج ۔

expend, v.t. ادا کرنا ؛ خرچ کرنا ؛ استعمال کرنا ؛ تصرُّف میں لانا ؛ صَرف کرنا ، جیسے وقت اور توانائی ؛ برتنا ؛ کھپانا ۔

expendability, n. تصرُّفیت ؛ صَرف ہونے کی خاصیت ۔

expender, n. خرچ کرنے والا ؛ صارِف ؛ استعمال کُنندہ ۔

expendable, a. صَرف شُدنی ؛ جسے بلا نقصان استعمال کیا جا سکتا ہو ؛ بدل پذیر ۔ (عسکری) فوجی مقصد کے لیے قربان کیے جانے کے قابِل ، جیسے سپاہ ، رسد ، سازوسامان ۔

expenditure, n. اخراجات ؛ مصارف ؛ ادائی ؛ خرچ ؛ صَرف ؛ خرچ کردہ شے ؛ لاگت ۔

expense, n. لاگت ؛ خرچ ؛ خرچ یا صَرف کردہ رقم یا شے ؛ مصرف ؛ صرفہ، خصوصاً صرفۂ زر ؛ خرچ کا باعث یا موقع ۔ (جمع) مصارِف جو کسی شخص نے اپنے فرائض کی انجام دہی میں برداشت کیے ہوں ؛ کسی شخص کو ایسے مصارف کی باز ادائی کے لیے دی جانے والی رقم ۔

at the expense of, کسی شے کی قربانی کے عوض یا اس کے نقصان کے بدلے (جیسے : quantity at the expense of quality) ۔

expense account, n. اخراجاتی حساب کتاب ؛ اُن مصارف کا حساب جو کسی اجیر نے برداشت کیے ہوں اور آجر سے واجب الوصول ہوں ؛ حساب مصارف ؛ خرچ کھاتہ ۔

expensive, a. مہنگا ؛ گراں ؛ گراں بہا ؛ بیش قیمت ۔

expensively, adv. بڑی لاگت سے ؛ بڑے دام سے ؛ بہ صرف کثیر ۔

expensiveness, n. مہنگا پن ؛ گراں بہائی ؛ اسراف ۔

experience, n. تجربہ ؛ جانچ ؛ امتحان ؛ کسی چیز کے ذاتی مشاہدے ، مقابلے اور آزمائش کا عمل (جیسے : to have had experience in teaching) ؛ کسی چیز سے سابقہ پڑنے یا اسے آزمانے کی خاص مثال (جیسے : to have a strange experience) ؛ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ رونما ہونے والے واقعات یا سانحات کا عمومی مشاہدہ کرنے ، سامنا کرنے یا جھیلنے کا فعل (جیسے : the range of human experience) ؛ علم یا عملی بصیرت جو کسی نے ذاتی مشاہدے ، تجربے یا آزمائش سے حاصل کی ہو (جیسے : men of ripe experience) ؛ واردات قلبی ۔

experience, v.t. کسی شے کا تجربہ ہونا ؛ سابقہ پڑنا ؛ جھیلنا یا آزمانا ؛ محسوس کرنا ؛ تجربے سے سیکھنا ۔

experience religion, v.t. مذہب قبول کرنا ۔

experienced, a. تجربہ کار ؛ پُختہ کار ؛ تجربہ رکھنے والا یا تجربے سے سیکھنے والا ؛ تجربے سے بصیرت یا مہارت حاصل کرنے والا ؛ جھیلا ہوا ؛ جہاندیدہ ، دانا ۔

experiential, a. تجربے سے متعلّق یا ماخوذ ؛ تجربی ؛ تجرباتی ۔

experientially, adv. بطور تجربہ ؛ تجربے کے طور پر ۔

experiment, n. تجربہ یا آزمائش ؛ پرکھ ؛ جانچ ؛ امتحان ؛ اختبار ؛ آزمائشی طریقۂ کار ؛ کسی مفروضے کو ثابت کرنے یا معلومہ کُلیّے یا اثر کو واضح کرنے یا نامعلوم کلیے یا اثر کو دریافت کرنے کے لیے کوئی منضبط مَنصوبہ ؛ اس قسم کے منصوبوں پر عمل درآمد ۔ (فعل لازم) آزمانا ؛ تجربات کرنا ۔

experimentation, n. تجربے کا عمل ۔

experimenter, n. تجربہ کرنے والا ۔

experimental, a. تجربے سے متعلّق ؛ اُس سے ماخوذ یا اُس پر مبنی ؛ تجربے کی نوعیت کا ؛ آزمایشی ؛ تجربی ؛ اختباری ؛ عملی ۔

experimentally, adv. امتحاناً ؛ بطریقِ امتحان ؛ آزمایش کے طور پر ۔

experimentalism, n. تجربیّت ۔

experimentalist, n. تجربیت پسند ؛ آزمایش کار ۔

experiment station, n. تجربہ گاہ ؛ مرکز جہاں تحقیق یا عمل کے کسی خاص شُعبے میں منظّم بُنیادوں پر تجربات کیے جاتے ہوں ۔

expert, a. ماہر ؛ متخصِّص ؛ تجربہ کار ؛ جس نے تجربے یا مشق سے مہارت حاصل کی ہو ؛ ہنر مند ؛ مشّاق ؛ سُبک دست ؛ پُختہ کار ۔ (اسم) ماہرِ فن ؛ ہُنر مند شخص ؛ کسی خاص شعبے کا مسلّم الثبوت ماہر/استاد ؛ سائنس دان یا پیشہ ور شخص جو اپنے پیشے سے متعلق امور کے بارے میں شہادت دے ۔ (فعل لازم و متعدی) ماہر ہونا/بننا ۔

expertly, adv. چستی و مستعدی سے ؛ چترائی سے ؛ مہارت سے ۔

expertness, n. مہارت ؛ ہوشیاری ؛ مستعدی ؛ چابک دستی ۔

expertise, n. مہارت ؛ ماہر فن کا تبصرہ یا رائے ؛ اختصاصی عِلم ۔

expertize, (Brit.), expertise, v.t., v.i. غائر مُطالعے کی بنیاد پر رائے پیش کرنا ۔

expertism, n. کسی خاص شعبے کا مفصل علم یا تجربہ ؛ تخصّص ۔

expiate, v.t. کفارہ ادا کرنا ؛ تلافی کرنا یا ہرجانہ دینا ؛ توبہ کرنا ؛ بدلہ دینا ۔

expiable, a. قابلِ کفارہ ؛ قابلِ تلافی ۔

expiator, n. کفارہ ادا کرنے والا ؛ تلافی کرنے والا ۔

expiation, n. تلافی ؛ کفارہ ؛ صدقہ ۔

expiatory, a. کفارہ ادا کرنے یا تلافی کرنے پر قادر ۔

expiration, n. سانس چھوڑنا یا نکالنا ؛ دَم برکشی ؛ اخراجِ نفس ؛ خاتمہ ؛ انجامْ ، انقضا ؛ اختتام ؛ دمِ واپسیں ؛ موت ؛ وفات ۔

expiratory, a. اخراجِ نفس سے متعلّق ؛ زفیری ۔

expire, v.t. ختم ہو جانا ؛ ہو چکنا ؛ بُجھ جانا ، سانس چھوڑنا ؛ تنفُّس کے ذریعے پھیپھڑوں سے خارج کرنا : سانس لینے کی ضد ؛ مرنا ؛ دم نکلنا ؛ گُزرنا ؛ بھپکا چھوڑنا ۔ (فعل لازم) سانس نکلنا ؛ دم نکلنا ؛ فوت ہونا ؛ اختتام کو پہنچنا ؛ نکلنا یا منقضی ہونا ، جیسے کسی طے شدہ مدت کا ۔

expiry, n. دم نکلنا ؛ خاتمہ ؛ اختتام ؛ انقضا ۔

explain, v.t. حل کرنا ؛ سمجھانا ؛ وضاحت کرنا ؛ قابلِ فہم بنانا ؛ ابہام دُور کرنا ؛ واضح کرنا ؛ شرح یا تفسیر کرنا ؛ جوابدہی کرنا یا توجیہہ کرنا ؛ تشریح کرنا ۔ (فعل لازم) وضاحتی بیان دینا ۔

explainable, a. قابل توجیہہ ۔

explainer, n. وضاحت کرنے والا ؛ مُوضح ۔

explanation, n. وضاحت ؛ تفہیم ؛ تشریح یا تفسیر ؛ شرح ؛ وضاحت جو غلط فہمی دُور کرنے کے لیے کی جائے ؛ تعبیر ؛ جواب طلبی ؛ صفائی ؛ وجہ موجہ ؛ تصفیہ ۔

explanatory, explanative, a. توضیحی ؛ تشریحی ؛ وضاحتی ؛ تمثیلی ۔

explanatorily, explanatively, adv. تشریحی طور پر ۔

explant, v.t. کسی پودے کے اجزا یا حیوان کی نسیج کو کسی مُغذّی شے میں منتقل کرنا ۔ (اسم) نسیج کا جُزو جو امتحان ، مطالعے یا جائزے کے لیے زندہ رکھا گیا ہو ۔

explantation, n. نسیج پروری ؛ عُضوی کِشت ۔

expletive, expletory, a. سطحی ؛ زائد ؛ فضول ؛ حشووزوائد سے پُر جیسے کوئی جُملہ ؛ بھرتی کا ۔ (اسم) کوئی کلمہ ، جُزوِ کلمہ یا فِقرہ جو جُملے میں خانہ پُری کے لیے استعمال کیا جائے لیکن جس سے جُملے کا مفہوم تبدیل نہ ہو ؛ فُحش یا بے حرمتی کا کلمہ یا فِقرہ ؛ کوئی غیر ضروری یا ندائیہ لفظ ۔

explicable, a. قابلِ توضیح ؛ تشریح پذیر ۔

explicate, v.t. صراحت کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ کسی جُملے وغیرہ کی سادہ اور واضح الفاظ میں تعبیر کرنا ؛ مضمرات کو منطقی یا مدلّل طور پر مرتّب کرنا ؛ شرح کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ واضح کرنا ؛ کھولنا ؛ واکرنا ۔

explication, n. تصریح ؛ توضیح ؛ تشریح ۔

explicative, explicatory, a. توضیحی یا تصریحی ۔

explicator, n. توضیح کرنے والا ؛ تشریح کرنے والا ؛ صراحت کرنے والا ؛ مُشرّح ؛ مُوضّح ۔

explicit, a. قطعی ؛ واضِح ؛ مفصّل ؛ صریح ؛ عیاں ؛ غیر مُبہم ؛ جامع و مانع ؛ کھرا ؛ صاف گو ۔

explicitly, adv. صریحاً ؛ صراحتاً ؛ وضاحتاً ؛ غیر مبہم طور پر ۔

explicitness, n. صراحت ؛ وضاحت ۔

explode, v.i. پھٹنا ؛ تیز رفتار کیمیائی تبدیلی یا تحلیل کے باعث زور و شور سے پھٹنا ، جیسے بارود یا نائٹروگلیسرین کا دھماکا ؛ پھٹنا اور ریزہ ریزہ ہو کر اُڑ جانا ؛ بھک سے اُڑنا ؛ دھماکے کے ساتھ پھٹ جانا ، جیسے بائلر بھاپ کے حد سے زیادہ دباؤ سے پھٹ جاتا ہے ؛ جذبے کی شدت کا اظہار کرنا ۔ (جیسے : to explode with laughter) ۔ (فعلِ متعدی) بھک سے اڑا دینا ؛ زور شور سے دھماکا کرنا ؛ بطلان کرنا ، غلط قرار دینا یا ترک کرانا جیسے عقیدے کا ۔

exploder, n. دھماکا کرنے والا ۔

explosible, a. پھٹنے کے قابل ؛ دھماکو ؛ انفجاری ۔

explosibility, n. پھٹنے کی صلاحیّت ؛ انفجار ؛ دھماکہ خیزی ۔

exploded, a. عکسی تصویر یا ڈرائینگ میں پیش کردہ کسی نظام یا میکانیے کے الگ الگ اجزا جن کا باہمی تعلّق برقرار ہو (جیسے : an exploded view of an engine) ۔

explodent, n. دھماکا خیز یا بھک سے اُڑ جانے والا مادّہ ؛ کوئی آتش گیر شے یا دھماکو مادّہ ۔

exploit, n. معرکے کا یا قابلِ ذکر کارنامہ ؛ بہادری کا کام یا کارنمایاں ؛ مہم ۔ (فعل متعدی) فائدہ اٹھانا ؛ فائدہ اٹھانے کے لیے تصرُّف میں لانا ؛ استحصال کرنا یا ناجائز فائدہ اُٹھانا ؛ فروغ دینا ۔

exploitable, a. قابلِ استحصال ؛ کام لینے یا کام میں لانے کے قابل ؛ قابلِ استفادہ ۔

exploitative, exploitatory, exploitive, a. اِستحصالی ؛ انتفاعی ۔

exploiter, n. ناجائز فائدہ اٹھانے والا ؛ استحصال کرنے والا ۔

exploitation, n. استحصال ، جلب منفعت ؛ استفادہ ؛ قُدرتی وسائل وغیرہ سے فائدہ اٹھانے کا عمل ؛ خودغرضانہ یا ناجائز اِستفادہ ؛ کسی ادارے یا شخص کے مفاد کو فروغ دینے کے لیے تعلقّاتِ عامہ اور تشہیر کا استعمال ۔

exploration, n. تفتیش ؛ جُستجو ؛ تجسُّس ؛ تلاش ؛ کھوج ؛ تحقیق ؛ غائر معائنہ ؛ چھان بین ؛ سفر جس کا مقصد کھوج لگانا ہو ؛ وہ جو خصوصاً جغرافیائی اکتشاف یا قُدرتی وسائل کے لیے کیا جائے ؛ نامعلوم علاقوں میں تلاش و جستجو ۔ (طب) زخم یا عُضو کا معائنہ ۔

explorative, exploratory, a. تفتیشی ، کھوجی ؛ تحقیقی ؛ اکتشافی ۔

explore, v.t. چھان بین کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ تفتیش کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ کھوج لگانے کی غرض سے سفر کرنا یا گُھومنا ، خصوصاً جغرافیائی اکتشاف کی غرض سے ۔ (طِب) کسی عُضو وغیرہ کا بنظرِ غائر مطالعہ کرنا ۔ (فعل لازم) باقاعدہ تحقیقات میں مصروف ہونا ۔

explorable, a. قابلِ تحقیق و تفتیش ؛ چھان بین کے قابل ۔

exploringly, adv. تحقیقی طور پر ؛ تفتیشی طور پر ؛ کھوج لگانے کے انداز میں ۔

explorer, n. جُویا ؛ کھوجی ؛ متلاشی ؛ تلاش کار ؛ جوئیندہ ۔ وہ شخص جو علمی تحقیق و جستجو میں نامعلوم علاقوں کا سفر اختیار کرے ؛ بشریات ، جغرافیہ یا دُوسرے شعبوں میں تحقیق کی غرض سے سفر کرنے والا ؛ تحقیق و جستجو کے لیے وقف امریکی بوائے اسکاؤٹس پروگرام سے وابستہ لڑکا ۔ (جرّاحی ، دندان سازی) زخم کا کھوج لگانے یا معائنے کے لیے استعمال کیا جانے والا ایک اوزار ۔ (بڑے E سے) امریکی حکومت کے تیّار کردہ تحقیقاتی مصنوعی سیّاروں کے سلسلے کا کوئی سیارہ جیسے ایکسپلورر ۔ ۱ (Explorer-I) جس کا مقصد زمین کے گرد چکر کاٹنا تھا اور جو ۱۹۵۸ء میں چھوڑا گیا تھا ۔

explosion, n. دھماکا ؛ دھماکا کرنے کا فعل ؛ گھن گرج مثلاً بارود یا بائلر کے پھٹنے کا شور ؛ غُل غپاڑہ ؛ فرطِ طرب سے کِھل کِھلا کر ہنس پڑنے یا جوشِ غضب سے بھڑک اُٹھنے کا فعل ؛ وسیع پیمانے پر اچانک بڑھوتری یا اضافہ (جیسے : population explosion) ۔ (صوتیات) پی ، بی ، ٹی ، ڈی جیسے بعض صَامِت حروفِ صحیح کے تلفظ میں بے ربطی سے سانس کا اخراج ۔

explosive, a. انفجاری ؛ آتشگیر ؛ شُعلہ گیر ؛ دھماکو ؛ رنجکی ؛ پھٹنے والا یا دھماکا خیز ؛ دھماکے سے متعلّق یا دھماکے کی نوعیت کا ۔ (صوتیات) سانس کی گُونج جو پی ، بی ، ٹی ، ڈی جیسے بعض صَامِت حروفِ صحیح کے ادا کرنے سے پیدا ہوتی ہے ۔ (اسم) کوئی دھماکا خیز یا آتش گیر عُنصر یا مادّہ ، جیسے بارود ؛ رنجک ۔ (صوتیات) گونج دار حرفِ صَامِت ۔

explosively, adv. دھماکا خیز انداز میں وغیرہ ۔

explosiveness, n. دھماکا پن ؛ انفجار ؛ گونج ۔

exponent, n. شارح ؛ ترجمان ؛ تعبیر کُنندہ ؛ جو کسی چیز کی علامت ، نمائندے یا مُجوّز کی حیثیت رکھتا ہو ۔ (ریاضی) قُوّت نُما ؛ کسی مقدار میں اضافہ شُدنی قُوّت کو ظاہر کرنے والا عدد یا علامت ، مثلاً ڈ۲ میں ڈ دوگنی قُوّت کا حامل ہے ۔

exponential, a. توضیحی ؛ شارِحانہ ؛ قُوّت نُمایانہ ۔

exponentially, adv. شرحاً ؛ ترجمانی کے طور پر ۔

export, v.t. دساور بھیجنا ؛ برآمد کرنا ؛ مال کو خرید و صرف کی غرض سے بیرونِ مُلک بھیجنا ۔ (اسم) برآمد ؛ برآمدات ؛ برآمد کردہ اشیا کی مجموعی مقدار ؛ برآمدی مال ۔ (صفت) برآمدی ؛ برآمدگی ؛ برآمدی جنس سے یا اشیا سے متعلّق ۔

exportable, a. قابلِ برآمد ؛ برآمد شُدنی ؛ دساور بھیجنے کے قابل ۔

exporter, n. برآمد کنندہ ؛ برآمدکار ۔

exportation, n. برآمدکاری ؛ برآمد کرنے کا فعل ؛ تجارتی مال کی بیرونِ مُلک ترسیل ۔

expose, v.t. افشا کرنا ؛ بے نقاب کرنا ؛ فاش کرنا ؛ آشکار کرنا ؛ کُھلا چھوڑنا ؛ غیر محفوظ چھوڑ دینا ؛ خطرے میں ڈالنا ؛ کنارہ کَش ہونا ؛ کھولنا ؛ انکشاف کرنا یا ظاہر کرنا جیسے کسی جُرم کا ؛ دکھانا یا نمایش کرنا جیسے کسی متبرّک شے کی ؛ معائنے کے لیے کُھلا رکھنا ؛ کسی کے عیوب کو مُذّمت کے لیے افشا کرنا ۔ (عکّاسی ، طبیعیات) روشنی پہنچانا ؛ روشنی یا کسی اور شعاع ریز توانائی کے زیر اثر رکھنا ؛ کشف کرنا ۔

exposer, n. آشکار کرنے والا ؛ افشا کرنے والا ۔

expose, n. انکشاف ؛ کسی راز یا عیب کا افشا ۔

exposed, a. منکشف ؛ کُھلا ہوا ؛ جوکھوں میں ڈالا ہُوا ؛ معرض خطر میں ؛ غیر محفوظ ؛ جیسے ہوا یا سردی سے پناہ مُیّسر نہ ہو ؛ بے آسرا ؛ مخدوش ۔ (عکاسی) فلم یا پلیٹ سے متعلّق جسے روشنی یا کسی اور شعاع ریز توانائی کے زیر اثر رکھّا گیا ہو ۔

exposition, n. اظہار ؛ منظر عام پر لانے کا عمل ؛ منظر ؛ تشریح ؛ تعبیر ؛ توضیح ؛ نمایش یا شو ؛ پیانو کا پہلا سُر یا گتوں کا

ابتدائی حصّہ ؛ مکالماتی نغمے کا ابتدائیہ ۔

expositional, a. تشریحی ؛ توضیحی ؛ نمایشی ؛ انکشافی ۔

expositor, n. شارح ؛ مُفسّر ؛ مُنکشِف کرنے والا ؛ ترجمان ۔

expository, expositive, a. تشریحی ؛ تفسیری ؛ تمثیلی ۔

ex post facto, a. بعد وقوعی ؛ بعد اجرائی ؛ موضوعہ یا مرتبہ بعد از وقوع ؛ مقتضیاتِ ماقبل میں اضافہ یا تبدیلی کرنے والا جس کے باعث پہلے کی صورتِ حال بدل جائے ۔ (متعلّق فعل) بعد از وقوع ۔

ex post facto law, بعد وقوعی قانون ؛ موثر بہ ماضیع قانون ؛ بعد اجرائی قانون ؛ ارتکابِ جرم کے بعد وضع کردہ قانون جو اس جُرم پر لاگو ہو ؛ ایسا قانون جو اپنے نفاذ سے پہلے کے امور پر اثر ڈالے ۔

expostulate, v.i. تکرار کرنا ؛ رد و قدح کرنا ؛ شکوہ یا گلہ کرنا ؛ اصرار کرنا ؛ مُصر ہونا ؛ کسی شخص سے اس کے نازیبا رویّے پر تکرار یا حُجّت کرنا ۔

expostulation, n. حُجّت ؛ تکرار ؛ ردوکد ؛ ردّ و قدح ؛ خطاب جس میں معترضہ بیانات شامل ہوں ؛ گِلہ گزاری ۔

expostulator, n. حُجّت کرنے والا ؛ ردّ و قدح کرنے والا ؛ حُجّتی ۔

expostulatory, expostulative, a. تکراری ؛ حُجّتی ؛ گلہ گُزاری ۔

exposure, n. انکشاف ؛ تکشّف ؛ پردہ دری ، تشہیر ؛ افشا ؛ بے سہارا یا غیر محفوظ چھوڑ دینے کا عمل ؛ کسی نجی معاملے یا راز کی تشہیر ؛ افشائے راز ؛ کسی شے کے اثروعمل کے لیے کُھلا چھوڑ دینے یا منظر عام پر لانے کا عمل ؛ دھوپ اور ہوا کی رسائی کے تعلق سے محلِ وقوع ؛ کوئی شے جو نظر کے سامنے ہو ۔ (عکاّسی) نوری حسّاس فوٹو گرافی فلم پر تصویر لینے کا عمل ؛ کسی واحد تصویر کی فلم یا پلیٹ کا حِصّہ ؛ مطلوبہ تصویر اُتارنے کے لیے درکار وقفۂ روشنی ؛ روشنی ڈالنے کے لیے درکار وقت ۔

exposure meter, n. (عکاّسی) تکشّف پیما ؛ تعریہ پیما ؛ روشنی کی شدت ناپنے والا آلہ جو تکشُفِ عکس کے لیے شٹر کی رفتار اور وقفوں کی نشاندہی کرتا ہے ۔

expound, v.t. بیان کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ صفائی میں دلائل پیش کرنا ؛ ابہام کو دور کرنا ؛ تعبیر کرنا ۔

expounder, n. شارح ؛ بیان کرنے والا ۔

express, v.t. اعلان کرنا ؛ الفاظ میں اظہار کرنا ، خصوصاً اپنی آرا یا خیالات کا ؛ کسی علامت یا ضابطے کے ذریعے ظاہر کرنا یا ترجمانی کرنا؛ اطلاع دینا ، بتانا یا دلالت کرنا؛ پیلنا یا نچوڑ کر نکالنا ؛ کسی خاص تیز رفتار نظامِ نقل و حمل (گاڑی وغیرہ) کے ذریعے بھیجنا یا پہنچانا ؛ پیل کر یا دبا کر خارج کرنا یا نکالنا ۔

expresser, n. بیان کُنندہ ؛ اظہار کُنندہ ۔

expressible, expressable, a. قابل اظہار یا بیان ۔

express, a., n. صریح ؛ تعجیلی ؛ دو ٹوک الفاظ میں بیان کردہ ؛ بے کم و کاست ؛ واضح ؛ جامع ؛ صاف صاف ؛ غیر مُبہم ؛ معینہ اور واضح مقصد کا حامل ؛ مخصوص یا خصوصی، (جیسے : an express reason)؛ تقسیم کاری یا نقل و حمل کے لیے کوئی تیز رفتار یا براہ راست ذریعہ جیسے ریل گاڑی یا کُھلی شاہراہ؛ تیز رفتار جیسے گاڑی یا کُھلی شاہراہ ؛ ایکسپریس ڈاک یا کوئی اور ذریعۂ تقسیم ؛ تعجیلی مال برداری کا باضابطہ انتظام ؛ عام شرح سے زائد شرح پر تیز رفتار ترسیل مال کا باضابطہ بندوبست ؛ ذریعہ حمل و نقل بکارِ خصوصی ؛ تیز رفتار ریل گاڑی ؛ جو کچھ بہ تعجیل بھیجا جائے ؛ تعجیلی حمل و نقل یا ترسیل کا کاروبار کرنے والا ادارہ ۔ (برطانوی) قاصد جو خاص مقصد سے یا موقع پر بہ عجلت بھیجا جائے ؛ مُرسلہ شے جو خصوصی قاصد کے ہاتھ ارسال کی جائے ۔ (متعلّق فعل) بہ عُجلت (جیسے : Ship the goods express) ۔

expressage, n. تعجیلی ذرائع سے پارسلوں کی حمل و نقل یا ترسیل ؛ اس قسم کی ترسیل پر عائد ہونے والا خرچ ۔

expression, n. اظہار ؛ ترکیب ؛ کلمہ ؛ لفظوں میں بیان یا پیش کرنے کا عمل ؛ اُسلوبِ بیان ؛ کوئی خاص فِقرہ ، لفظ یا ترکیبِ الفاظ ؛ الفاظ بندی ؛ جُملہ سازی ؛ انکشاف ؛ احساس ، خیال ، رویّے یا انداز جس کا اظہار چہرے مُہرے یا لہجے کے ذریعے یا فنکارانہ طریقے سے کیا جائے ؛ احساسات یا ذاتی ردّعمل کو ظاہر کرنے والی نگاہ یا لہجہ ؛ جذبے کے اظہار کی قُدرت یا صلاحیّت ؛ اشاروں یا علامات وغیرہ کے ذریعے اظہار یا ترجُمانی ؛ ریاضی کی علامت یا علامات کا مجموعہ جو کسی قدر یا تعلق کو ظاہر کرتا ہو جیسے الجبرے کی کوئی مقدار ؛ نچوڑنے یا پیلنے کا عمل ، مثلاً پھل سے رس نچوڑنا ۔

expressionless, a. اظہارِ جذبات سے عاری ؛ لااظہار ؛ کورا ؛ سپاٹ ۔

expressionlessly, adv. لااظہارانہ ۔

expressionism, n. علامتیت ؛ اظہاریت ؛ باطِن نگاری ؛ فنونِ لطیفہ کی ایک تحریک جس میں اشیا و واقعات کی معروضی ترجمانی یا صورت گری کی بجائے فنکار کے داخلی اور جذباتی ردّعمل کے آزادانہ اظہار پر زور دیا جاتا ہے اور جس کی نمایاں خصوصیت قدرتی شکلوں کو مسخ کرکے یا بڑھا چڑھا کر پیش کرنا نیز اظہاری مقصد کے لیے شوخ رنگ استعمال کرنا ہے ۔

expressionist, n. اظہاریت پسند ؛ باطن نگار ۔

expressionistic, a. اظہاریت پسندانہ ۔

expressionistically, adv. اظہاریت پسندانہ طور پر ۔

expressive, a. مظہر ؛ عکاّس ؛ آئینہ دار ؛ بھرپور ترجمانی یا عکاسی کرنے والا ؛ جس میں مطلوبہ معنی یا احساسات کی واضح ترجمانی یا بھرپور صورت گری کی جائے ؛ معنی خیز ؛ اہم ؛ وقیع ؛ بامعنی ؛ بَھرپُور ۔

expressively, adv. بھرپور انداز سے؛ واضح طور پر؛ وضاحت سے ۔

expressiveness, n. قُوّتِ بیان ؛ فصاحت ؛ وضاحت ؛ صراحت ؛ بَھرپُور اظہار ۔

expressly, adv. صراحتاً ؛ واضح طور سے ؛ معیّن مقصد سے متعلّق ؛ دو ٹوک الفاظ میں ؛ صاف طور پر ۔

expressliness, n. اظہار پن ؛ صراحت پن ۔

expressman, n. تعجیلی کارکُن ؛ تعجیلی حمل و نقل یا ترسیل کا کاروبار کرنے والا ؛ تعجیلی کار ۔

express rifle, n. شکار کھیلنے والی رائفل جس میں ہلکی گولی اور بارود کی بھاری مقدار استعمال کی جاتی ہے اور جو قریب سے بڑے جانور کے شکار کے لیے موزوں ہوتی ہے ؛ توڑے دار رائفل ۔

express way, n. شاہراہ ؛ بڑی سڑک ؛ راہِ فراخ ؛ خیابان ؛ عموماً روشوں میں مُنقسَم ، محدود رابطہ سڑکوں والی کُھلی شاہراہ جو تیز رفتار گاڑیوں کے لیے ہوتی ہے ۔

expropriate, v.t. بے دخل کرنا ؛ ضبط کر لینا ؛

جائیدادِ غیر منقولہ کا مالک سے لے لینا یا منتقل کرا لینا ؛ خصوصاً حقِ حاکمانہ کی بنا پر مالک سے غیر منقولہ جائیداد کو سرکاری مقاصد کے لیے حاصل کرنا ۔

expropriator, n. ضابط ، بے دخل کرنے والا ؛ قابض ؛ مُتصرّف ؛ غاصِب ۔

expropriation, n. بے دخلی ؛ ضبطی ؛ قبضہ ؛ غصب ۔

expulsion, n. اخراج ؛ باہر کرنے کا فعل ؛ راندگی ؛ اندفاع ؛ بے دخلی ۔

expulsive, a. مُخرِج ؛ دافع ۔

expunction, n. قلم زدگی ؛ حذف ؛ محو کرنے کا فِعل ۔

expunge, v.t., v.i. محو کرنا ؛ مٹا دینا ؛ قلم زد کرنا ؛ نیست و نابود کر دینا ؛ خارج کرنا ۔

expunger, n. خارج کرنے والا ؛ قلم زن ؛ محو کرنے والا ؛ حاذِف ؛ مِٹانے والا ۔

expurgate, v.t. تطہیر کرنا ؛ خارج کرنا ؛ نظرثانی کر کے قابل اعتراض یا فُحش مواد سے پاک کر دینا (جیسے : to expurgate a novel) ؛ کسی فُحش ، ناگوار چیز یا غلطی کو نکال دینا یا حذف کر دینا ؛ تخریج کرنا (جیسے : They expurgated several scenes from the film.)

expurgation, n. تطہیر ؛ تخریج ۔

expurgator, n. تطہیر کُنندہ ۔

expurgatory, expurgatorial, a. تطہیری ؛ تخریجی ۔

exquisite, a. نادر ؛ لطیف ؛ نہایت اعلیٰ یا عُمدہ ؛ خُوب ؛ پاکیزہ ؛ نفیس، جیسے کھانا، شراب، کپڑا وغیرہ ؛ فن پارہ جو تخلیق یا صناعی کے اعتبار سے نادر یا اعلیٰ قسم کا ہو ؛ شُستہ و پاکیزہ، جیسے ذوق ؛ شایستہ ، جیسے اطوار یا اشخاص ؛ غیر معمولی حسن یا کشش کا مالک یا بے نظیر و دل آویز جیسے چہرہ یا پھول ، رنگ کاری، موسیقی یا شاعری ؛ بے حد عُمدہ یا قابل ستایش اور کامل، جیسے مہارت ، نزاکت ، تربیت ، شرافت ، پاکیزگی ؛ شدید تیز یا سخت ، جیسے مسرّت یا اذیت ؛ نہایت زود حس یا تأثُر پذیر (جیسے : an exquisite ear for music) ۔ (اسم) خصوصاً وہ شخص جو لباس کے معاملے میں انتہائی خوش ذوق ہو ؛ خوش پوش ؛ بانکا ؛ چھیلا ؛ البیلا ؛ نمودپسند ؛ خوش نُما ؛ دقیق ۔

exquisitely, adv. لطافت سے ، نزاکت سے ، نفاست سے وغیرہ۔

exquisiteness, n. لطافت ؛ نزاکت ؛ خوش ذوقی ؛ نفاست ۔

exsanguinate, v.t سارا خُون نکال دینا ؛ خون خارج کرنا ؛ دفع الدم کرنا ؛ کسی کا خُون لینا ۔

exsanguine, a. کم خون ؛ جس میں خون کم ہو ؛ فقرالدم ۔

exscind, v.t. قطع کرنا یا کاٹ ڈالنا ۔

exsect, v.t. قطع کر دینا یا کاٹ کر نکال دینا ۔

exsection, n. انقطاعِ عضو ؛ اِستِیصال ۔

exsert, v.t. دھکّا دے کر باہر کرنا ۔

exsertion, n. جبری اخراج ۔

exserted, a. (حیاتیات) برُوں آمدہ ؛ باہر کو نکلا ہوا جیسے زرریشہ محیطی حِصّے سے ۔

exsiccate, v.t. خشک کر دینا ؛ بہا بہا کر خشک کرنا ؛ نمی نہ رہنے دینا۔

exsiccation, n. (ارضیات) تجفیف ؛ خشکاؤ ۔

exsiccator, n. (کیمیا) خشکالہ ؛ ناشف ۔

exsiccative, a. (کیمیا) خُشکاندہ ؛ مجفّف ۔

exstipulate, estipulate, a. (نباتیات) بے گوشک ؛ بے پَتیّا ۔

extant, a. قائم ؛ اب تک محفوظ و موجود ؛ باقی جو تلف نہ ہوا ہو ؛ غیر تباہ شدہ ؛ مُرورِ ایام سے بچا ہُوا ۔

extemporal, a. (قدیم) برجستہ ؛ فی البدیہہ ۔

extemporaneous, extemporary, a. بلاتأمُّل ؛ برجستہ ؛ فی البدیہہ ؛ جو پہلے سے سوچے سمجھے یا غور کیے بغیر انجام دیا گیا ہو، بولا گیا ہو یا بنایا گیا ہو ؛ وقت کے وقت ؛ بے تأمُّل یا فی الفور تقریر، جس کے موضوع پر اچھی طرح غور کر لیا گیا ہو لیکن جو چند یاد داشتوں یا ان کی مدد کے بغیر ہی کی گئی ہو ؛ فی البدیہہ تقریر کرنے کا عادی یا تقریر کرنے کے قابل ؛ فوری ضرورت پوری کرنے کے لیے تیّار شُدہ ؛ کاربرآر ؛ وقت کے وقت مُہیّا کردہ ۔

extemporaneously, extemporarily, adv. فی البدیہہ ۔

extemporaneousness, n. برجستگی ؛ بدیہہ گوئی ۔

extempore, adv., a. بدیہاً ؛ برجستہ طور پر ؛ پہلے سے غور یا تیّاری کیے بغیر ؛ کسی یاد داشت کی مدد کے بغیر ؛ ارتجالاً ؛ برجستہ ۔

extemporize, v.i. فی البدیہہ تقریر کرنا ؛ پہلے سے غوروفکر یا تیّاری کیے بغیر خطاب کرنا ؛ ارتجالاً خطاب کرنا ۔ (فعل متعدی) پہلے سے سوچے بغیر وقت کے وقت تیّار کرنا یا ترکیب نکالنا ؛ موقع پر فراہم کرنا ؛ دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے انتہائی عُجلت سے تیّار کرنا (جیسے : to extemporize a speech) ۔

extemporizer, n. برجستہ یا فی البدیہہ تقریر کرنے والا ؛ فی البدیہہ گو۔

extemporization, n. بدیہہ گوئی ؛ برجستگی۔

extend, v.t. وُسعت دینا ؛ پھیلانا ؛ فاصلہ ، جگہ یا مُدّت بڑھانا ؛ لمبائی میں پورا پھیلانا ؛ پوری قُوّت سے کام لینا ؛ دراز کرنا یا پھیلانا ، جیسے ہاتھ یا اُنگلی کو ؛ علاقے میں پھیلنا ؛ ملاوٹ کر کے مقدار بڑھانا ؛ اثر وغیرہ کا دائرہ وسیع کرنا ؛ مزید جامع بنانا ، جیسے کسی لفظ کے مفہوم کو ؛ امداد یا پیش کش کرنا ؛ پیش کرنا ؛ مدد کرنا ؛ دینا ۔ (مالیات) مُقررّہ میعاد میں توسیع کرنا ، جیسے قرضے کی مدت میں ۔ (کھاتہ داری) اکائیوں کی تعداد سے اکائی کی قیمت کو ضرب دینا اور حاصلِ ضرب کو اس کے صحیح کالم میں درج کرنا ۔ (قانون) پروانۂ توسیع کے ذریعے ضبط کرنا یا محصول عائد کرنا ۔ (برطانوی) تشخیص مالیت کرنا ۔ (فعل لازم) پھیلنا یا دراز ہونا ؛ کسی خاص نقطے کی طرف بڑھنا ؛ طول ، رقبے یا وُسعت کا بڑھنا ؛ فراخ ہونا ۔

extendible, a. وُسعت پذیر ؛ قابل توسیع ۔

extendibility, n. وسعت پذیری ؛ پھیلنے کی خاصیت ۔

extended, a. دراز ؛ توسیع کردہ ؛ کشیدہ ؛ دراز شُدہ ؛ پھیلایا ہُوا ؛ مبسوط ؛ جاری یا اضافہ شُدہ ؛ وسیع یا عریض ؛ بسیط یا مکانی وسعت کا حامل ۔ (طباعت) ٹائپ سے متعلّق جو اپنی معمول کی اُونچائی کے مقابل زیادہ چوڑا ہو۔

extendedly, adv. پھیلے ہوئے انداز میں ؛ دراز شدہ طور پر ؛ توسیع کردہ طور پر۔

extendedness, n. توسیعیت ؛ پھیلاؤ۔

extended family, n. وسیع خاندان ؛ تین یا زائد نسلوں کا خاندان ۔

extender, n. آمیزہ ؛ ملاوٹ ؛ وہ شے جو مقدار میں اضافہ کرنے کے لیے شامل کی جائے ؛ وہ شے جس کی آمیزش کی جائے ۔

extensibility, n. وُسعت پذیری ۔

extensible, a. قابلِ توسیع ؛ وُسعت پذیر ۔

extensile, a. (تشریح الا عضا ، حیوانیات) وُسعت پذیر ؛ جو آگے بڑھایا جا سکے ۔

extension, n. فراخی ؛ گنجایش ؛ پھیلاؤ ؛ توسیع ؛ وُسعت ؛ توسیع شُدہ شے ؛ توسیعی حالت ؛ کسی چیز میں توسیع کی گنجایش ، بلحاظِ حد یا درجہ ؛ اضافہ شُدہ حِصّہ ۔ (تجارت) قرضے کی واپسی کی میعاد میں توسیع کے لیے قرضہ دینے والے کا اقرار نامہ ؛ زائد ٹیلی فون ، خصوصاً وہ جسے اصل ٹیلی فون کی لائن پر استعمال کیا جا سکتا ہو ۔ (طبیعیات) جسم کی وہ خاصیت جس کی بدولت وہ جگہ کا کوئی حصہ گھیرتا ہے ۔ (تشریح الاعضا) کسی عُضو کو سیدھا کرنے کا عمل ۔ (جرّاحی) کسی زخمی عضو کو طبعی حالت پر کھینچ کر اپنی جگہ بٹھانے کا عمل ۔ (منطق) تعمیم ؛ کسی لفظ یا تصوُّر کی حد جو اُن اشیا کی تعداد سے ظاہر ہوتی ہے جن کی وہ مظہر ہو یا جن پر مشتمل ہو ۔

extensional, a. پھیلاؤ سے متعلق ؛ توسیعی ۔

extensionality, n. پھیلاؤ ؛ توسعیت ۔

extensionally, adv. وُسعت پذیرانہ ؛ توسیعی طور پر ۔

extensity, n. وُسعت ؛ توسیعیت ؛ امتدادیت ۔ (نفسیات) حِس امتداد جس سے جگہ یا جسامت کا ادراک پیدا ہوتا ہے ۔

extensive, a. وسیع و عریض ؛ نہایت وسیع ؛ فراخ ؛ چوڑا ؛ بڑا ؛ جامع ؛ حاوی ؛ ایسے نظام سے متعلّق جس میں عمل کاری کے طریقوں سے بہت زیادہ مؤثر ہونے کی توقع نہ رکھی جاتی ہو ، مثلاً توسیعی زراعت یا زمین کے بڑے رقبوں پر کاشت کاری ، جبکہ زمین سستی ہو اور اسے کم سے کم محنت اور خرچ سے کام میں لایا جا سکتا ہو ، بمقابل intensive ۔

extensively, adv. وسیع طور پر ؛ جامع طور پر ۔

extensiveness, n. وُسعت ؛ توسیع ؛ فراخی ۔

extensometer, n. امتداد پیما ؛ ایک آلہ جس سے پھیلاؤ ، سکڑاؤ اور بگاڑ کے چھوٹے سے چھوٹے درجوں تک کی پیمایش کی جاتی ہے ۔

extensor, n. (تشریح الاعضا) عضلۂ باسطہ ؛ وہ پٹّھا جو جسم کے کسی حصّے مثلاً بازو یا اُنگلی کو پھیلانے یا سیدھا کرنے میں مُعین ہوتا ہے بمقابل flexor (عضلۂ قابضہ) ۔

extent, n. وُسعت ؛ کسی چیز کے پھیلنے کی حد یا درجہ ؛ طُول ، رقبہ ، مقدار یا گنجایش ؛ توسیع شُدہ رقبہ ؛ خاص لمبائی ، رقبہ یا حجم ؛ کوئی وسیع شے ؛ پھیلاؤ ؛ پہنائی ؛ بسط ۔ (امریکی قانون) عدالتی پروانہ جس کی بنا پر قرضخواہ ، قرضدار کی زمین کی مالیت کی تشخیص کراتا ہے اور اسے مقرّرہ میعاد کے لیے یا قطعی طور پر اپنے نام منتقل کرا لیتا ہے ۔ (برطانوی قانون) ریکارڈ میں مندرجہ حکومت کے واجب الوصول قرضوں کی بازیابی کے لیے حکمنامہ جس کے تحت اراضی بہ حقِ سرکار ضبط کی جا سکتی ہے ؛ ضبطی جو ایسے حکمنامے کے تحت عمل میں لائی جائے ۔

extenuate, v.t. (کسی چیز یا فعل کی) اہمیّت یا شِدّت کو کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ اصل سے کم اندازہ لگانا ؛ زیادہ اہمیت نہ دینا ۔

extenuating, a. شدّت/اہمیت کم کرنے والا ۔

extenuation, n. اہمیت یا شدت میں کمی کرنے کا فعل/عمل ؛ تخفیف ؛ ذریعۂ تخفیف ، مثلاً عُذر ۔

extenuator, n. اہمیت/شِدّت کم کرنے والا ؛ تخفیف کار ؛ عذر پذیر ۔

extenuatory, a. عذر پذیرانہ ؛ تخفیفانہ ۔

exterior, a. بیرونی ؛ خارجی ؛ باہر کی جانب ؛ ظاہری ؛ حدود کے باہر واقع یا رونما ہونے والا ؛ باہری حِصّہ ؛ خارجی استعمال کے لیے موزوں ۔ (اسم) بیرونی سطح ؛ باہر ؛ خارجی خصوصیات ۔

exteriorly, adv. بیرونی طور پر ؛ خارجی طور پر ۔

exterior angle, n. (جیومیٹری) زاویۂ خارجہ ؛ چار بیرونی زاویوں میں سے کوئی زاویہ جو متوازی خطوط کو ایک خطِ مستقیم کے قطع کرنے سے بنتے ہیں ؛ کثیرالاضلاع کے کسی ضلع اور اس کے توسیع شُدہ متصل ضلع کے درمیان واقع بیرونی زاویہ ۔

exteriorize, v.t. باہر نکالنا ؛ خارجی صُورت دینا ؛ نکالنا ، جیسے عملِ جرّاحی کے ذریعے جسم کے اندرونی عضو کو باہر نکالنا ۔

exteriorization, n. تجسیم ؛ برون آوری ۔

exterminate, v.t. مٹا دینا ؛ تباہ کر ڈالنا ؛ نیست و نابُود کر دینا ؛ بیخ کَنی کر دینا ؛ اُکھاڑ پچھاڑ کرنا ؛ خاتمہ کرنا ؛ اِستیصال کرنا ؛ قلع قمع کرنا ؛ نابُود کرنا ؛ جڑ کاٹ دینا ۔

extermination, n. استیصال ؛ بیخ کنی ؛ پامالی ؛ ناس ؛ ستیاناس ۔

exterminator, n. بیخ کَن ؛ استیصال کرنے والا ؛ قلع قمع کرنے والا ۔

exterminative, exterminatory, a. استیصالی ؛ بیخ کنی کی خاصیت رکھنے والا ؛ مٹا دینے والا ۔

extern, externe, a. (قدیم) خارجی ؛ بیرونی ۔ (اسم) کسی ادارے سے وابستہ شخص جو اُس ادارے میں مقیم نہ ہو ، جیسے کسی اقامتی اسکول کا طالب علم یا ہسپتال کے طِبّی عملے کا رُکن ۔

external, a. بیرونی ؛ خارجی یا بیرونی حصے کا یا اُس سے متعلّق ؛ خارجی ؛ باہر سے تعلّق رکھنے یا آنے والا ؛ غیر ذاتی ؛ ظاہری (جیسے : external acts of worship) ؛ اجنبی ؛ بیرونی شے خصوصاً غیر ممالک سے متعلق ؛ خارجی استعمال کے لیے ، جیسے کوئی مرہم وغیرہ ۔ (مابعدالطبیعیات) عالَمِ اشیا سے متعلّق جو حدِ ادراک سے ماورا ہے ۔ (اسم) بیرون ؛ خارجی شے ۔ (جمع) ظواہر یا خارجی احوال ۔

externally, adv. خارجی طور پر ۔

external-combustion engine, n. برون احتراقی انجن ؛ وہ انجن جِسے بیرونی سلنڈر کے باہر ایندھن کے احتراق سے حرارت ملتی ہے ۔

externalism, n. ظواہر پرستی ؛ خوارج یا ظواہر پر توجُّہ کا ارتکاز ؛ ظواہر کا غیر ضروری لحاظ ۔

externalist, n. ظواہر پسند ۔

externality, n. خارجیت یا ظاہریت ؛ ظواہر پر غیر ضروری توجُّہ ؛ کوئی خارجی شے ؛ خارجی خصوصیت یا حالات ؛ ظاہر داری ؛ اُوپری پن ۔

externalize, v.t. خارجی صُورت دینا ؛ ظاہری صُورت دینا ؛ بیرونی قالب میں ڈھالنا ؛ بیرونِ ذات تعلیل سے منسوب کرنا ۔

externalization, n. تجسیم ۔

exteroceptive, a. (فعلیات) مُحرّکاتِ خارجی کے بارے میں ، ان سے متعلّق یا ان سے اثرپذیر ؛ بِروں گیروں کے بارے میں یا اُن سے

متعلّق یا اُن کے ذریعے معلوم ہونے والے حِسّیاتی ردِّعمل کی بابت ۔

exteroceptor, n. (فعلیات) برآخذ ؛ برُوں گیر ؛ حاسّہ جو بیرونِ عضویہ مُحرّکات پر ردِّعمل ظاہر کرتا ہے یا اُن کا اثر قبول کرتا ہے ؛ برُوں گیر حاسّہ ۔

extinct, a. معدُوم ؛ نابُود ، ناپید ؛ جو معدوم ہو چکا ہو (جیسے : an extinct race) ؛ مقطُوع الوجود ؛ خارج از استعمال یا متروک (جیسے : an extinct custom) ؛ مُردہ شُدہ ؛ متروُک الاستعمال (جیسے : an extinct title) ؛ بُجھا ہوا ؛ گُل شُدہ یا زائل شدہ ۔

extinctive, a. نیستی ؛ نابُودی ؛ فنا کرنے یا مٹانے والا ۔

extinction, n. معدومی ؛ نیستی ؛ انطفا ؛ عدم ؛ فنا ؛ ناس ؛ نابودگی ؛ بُجھانے کا فعل ؛ بُجھنے یا سرد پڑنے کی حالت ؛ فنا پذیری ؛ خاتمہ ؛ ناپیدگی ، مثلاً کسی نوع یا نسل کی ۔

extine, exine, n. (نباتیات) زرابرا ؛ زردانے کی بیرونی تہ ؛ ابرا ۔

extinguish, v.t. بُجھانا ، آگ وغیرہ کا ؛ کسی جلتی ہوئی چیز کا شُعلہ بُجھانا ؛ جذبات کو ٹھنڈا کرنا یا اُمّیدوں پر پانی پھیرنا ؛ ماند کر دینا یا چراغ گُل کر دینا ؛ خاتمہ کرنا یا فنا کر دینا ؛ فرو کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ نیست و نابُود کر دینا ؛ کالعدم کر دینا مثلاً حق یا دعوے کو ؛ قرضہ بیباق کرنا ۔

extinguishable, a. بُجھائے جانے کے قابل ؛ فنا پذیر ۔

extinguisher, n. گُل گیر ؛ گُل تراش ؛ مطفا ؛ طفایہ ؛ بُجھانے والا شخص یا شے ؛ روشن شمع کو بُجھانے والی مخروطی ٹوپی یا ڈھکنا ؛ آگ بُجھانے والا نقل پذیر آلہ یا مشین ۔

extinguishment, n. فنا ؛ بُجھاؤ ۔

extirpate, v.t. فنا کر دینا ؛ جڑ سے اُکھاڑ ڈالنا ؛ بیخ کَنی کرنا ؛ خاتمہ کرنا ؛ نام و نشان مٹا دینا ؛ نیست و نابُود کر دینا ؛ غارت کر دینا ؛ تہس نہس کر دینا ۔

extirpation, n. بیخ کَنی ؛ قَلع و قَمع ؛ اِستیصال ؛ نیستی ؛ تہس نہس ؛ ستیاناس ؛ ناس ۔

extirpator, n. تہس نہس کر دینے والا ؛ نابُود کرنے والا ۔

extirpative, a. استیصالی ؛ نابود شُدنی ۔

extol, extoll, v.t. سراہنا ؛ ستایش کرنا ؛ توصیف کرنا ؛ ثنا کرنا ؛ تعریف کرنا ؛ مَدح سرائی کرنا ؛ تحسین و آفرین کرنا ؛ نعرۂ تحسین بلند کرنا ؛ تعریف کے پُل باندھنا ۔

extoller, n. مدح خواں ؛ ثناخواں ؛ سراہنے والا ۔

extollingly, adv. مدح سرائیانہ ۔

extolment, extollment, n. ثنا خوانی ؛ مدح خوانی ۔

extort, v.t. اینٹھ لینا ؛ کسی سے جبراً حاصل کرنا ؛ زبردستی یا اذیت دے کر چھین لینا یا حکماً وصول کرنا ؛ بزور لینا ؛ بالجبر لینا ؛ استحصال بالجبر کرنا ۔

extorter, n. اینٹھنے والا ؛ جبراً حاصل کرنے والا ؛ غاصب ۔

extortive, a. غاصبانہ ، تعَدّی آمیز ، جابرانہ ۔

extortion, n. اینٹھنے کا فعل ؛ استحصال بالجبر ؛ اختیارات کے ناجائز استعمال کے ذریعے اِستحصال زر کا دستُور ؛ رقم کی ادائی کے لیے ناجائز دباؤ ؛ وہ شے جو اینٹھی جائے ؛ غصب ۔

extortionary, extortionate, a. استحصال پسند ، استحصالی ؛ اِستِحصال کا خُوگر ؛ اِستحصالِ زر میں ظُلم سے کام لینے والا ۔

extortionately, adv. اِستحصالی طور پر ؛ غاصبانہ ۔

extortioner, extortionist, n. استحصال پسند ؛ غاصب ۔

extra, a. زائد ؛ اضافی ؛ سوا ؛ فالتو ؛ ازحد ؛ مُستزاد ؛ فاضِل ؛ معمول ، توقُّع یا ضرورت سے زیادہ ؛ معمول سے بڑا یا بہتر ۔ (اسم) شے زائد ؛ معمول کی اشاعت کے علاوہ کسی اخبار کا خصوصی ضمیمہ ؛ امدادی کارکُن ، جو کاروبار کی زیادتی کے دوران اُجرت پر رکھّا جائے ؛ امدادی اداکار جو کسی ہجوم کے منظر وغیرہ میں کوئی ضمنی کردار ادا کرنے کے لیے اُجرت پر لیا جائے ؛ اضافی لاگت ؛ کوئی اعلیٰ قسم کی شے ۔ (کرکٹ) وہ رن جو بَلّے سے اسکور نہ کیا جائے ۔ (متعلّق فعل) معمول کی یا مبیّنہ رقم پر مُستزاد ؛ معمولی درجے سے بڑھ کر ؛ خلافِ معمول ؛ غیر معمولی طور پر ۔

extra-base hit, n. (بیس بال) وہ ضرب جو کھلاڑی کو ایک بیس سے زیادہ آگے لے جاتی ہے ۔

extracellular, a. (حیاتیات) برُوں خلوی ؛ بدر خلوی ؛ خلیے یا خلیوں سے باہر ۔

extracellularly, adv. برُوں خلوی طور پر ۔

extract, v.t. اُکھیڑنا یا زور سے کھینچ نکالنا ؛ منبع سے اخذ کرنا ؛ مُرتّب یا مستنبط کرنا ؛ اَینٹھنا ؛ کسی سے زبردستی وصول کرنا ؛ کیمیائی یا میکانیکی عمل کے ذریعے کسی مادّے یا شے سے کَشید کرنا ؛ عرق وغیرہ نکالنا ؛ نقل کرنا یا اقتباس پیش کرنا ، جیسے کسی کتاب کا ؛ ست نکالنا ۔ (ریاضی) کسی عدد کا جذر نکالنا یا معیّن کرنا ۔ (اسم) کوئی شے جو کھینچ کر نکالی گئی ہو ؛ خُلاصہ ؛ نچوڑ ؛ کسی کتاب وغیرہ کا مُنتخَب حِصّہ یا اقتباس ؛ کسی چیز سے تیّار کردہ گاڑھا شیرہ یا شربت (جیسے : almond extract) ؛ سَت ؛ رُبّ ۔

extractable, extractible, a. قابلِ نقل ؛ قابلِ اقتباس ؛ قابلِ کشید ۔

extractability, extractibility, n. قابلِ اقتباس/قابلِ نقل ہونے کی کیفیت ۔

extraction, n. کشید ؛ استخراج ؛ اخذ ؛ تلخیص ، نچوڑنے یا اکھیڑنے کا عمل ؛ نچوڑے جانے کی حالت ؛ سلسلۂ نسب ؛ اصل ؛ نسل ۔ (ریاضی) کسی خاص عدد یا مقدار کے جذر نکالنے کا عمل ؛ نچوڑی یا نکالی ہوئی شے ؛ نکاس ۔

extractive, a. کشیدنی ؛ رس نکالے جانے کے قابل ؛ مائل بہ کشید ؛ مُمِد کشید ؛ استخراجی ۔ (اسم) کشید یا کشیدہ شے ۔

extractor, n. عصّار ؛ کھینچنے والا شخص یا شے ؛ عرق کَش ؛ مُقطّر ؛ کسی آتشیں ہتھیار یا توپ کی وہ کَل جو خالی گولی یا گولے کے خانے کو خارج کرنے کے لیے چیمبر سے کھینچ نکالتی ہے ۔ (دندان سازی ، طب) زنبور ؛ اخراجی چمٹی یا دیگر لوازمات جو دانت نکالنے یا کھینچ نکالنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں ۔

extracurricular, a. غیر نصابی ؛ زائد از نصاب ؛ بیرون نصاب ، خصوصاً اسکول کے طلبہ کی وہ منظور شدہ سرگرمیاں جو تحصیلِ علم کے علاوہ ہوں ، مثلاً نغمہ سرا طائفوں ، کھیلوں یا اسکول کی مطبوعات یا میگزین سے متعلق مشاغل ؛ ان سرگرمیوں کی بابت جو مقررہ معمول کے علاوہ ہوں ۔

extradite, v.t. غیر مُلکی پناہ گزیں ملزم کو اس کے مُلک کی حکومت یا حاکم کے حوالے کرنا یا تحویل میں دینا ؛ مُلزَم کو دوسرے مُلک یا حاکم مجاز سے تحویل میں لینا ؛ سپرد کرنا ؛ حوالے کرنا ۔

extraditable, a. قابلِ حوالگی یا سپردگی ۔

extradition, n. تحویلِ ملزمین ؛ سپردگیٔ مُجرمین ؛ کسی مُلک ، مملکت یا دیگر مقتدرہ کو معقول وجوہ پیش کیے جانے پر ملزم یا مفرور کی حوالگی ؛ تحویلِ مجرم بربنائے معقول ۔

extrados, n. (فن تعمیر) محراب یا چھت کا بیرونی خم یا سطح ۔

extragalactic, a. کہکشاں سے پرے ؛ ماورائے کہکشاں ۔

extrajudicial, a. غیر عدالتی ؛ غیر متعلّق مقدّمہ ؛ عام قانونی طریقۂ کار سے ہٹ کر ؛ عدالتی دائرۂ اختیار سے باہر ؛ قانوناً بلاجواز ۔

extrajudicially, adv. غیر قانونی طور پر ؛ غیر عدالتی طور پر ۔

extralegal, a. خارج از قانُون ؛ بیرونِ متنِ قانُون ؛ جِسے قانُونی تحفُّظ حاصل نہ ہو ؛ کسی ایسے اقدام سے متعلّق جس کے اختیار کی گُنجایش قانون میں موجود نہ ہو ۔

extralegally, adv. خارج از قانون طور پر ؛ دائرۂ قانون سے خارج انداز میں ۔

extramarital, a. شوہر یا زوجہ کے علاوہ کسی سے جنسی تعلّقات کی بابت ؛ ناجائز جنسی تعلقات کے بارے میں ۔

extramundane, a. ماورائے عالَمِ مادی ؛ غیر دنیاوی ۔

extramural, a. ایک سے زیادہ مدارس یا جامعات کی کھلاڑی ٹیموں یا خصوصی جماعتوں کے درمیان مقابلوں کے بارے میں ؛ بَیرونِ حدودِ شہر یا شہر پناہ کے باہر کسی چیز سے متعلّق ؛ متعلّق بہ بیرونِ فصیل

extraneous, a. خارج از ؛ غیر متعلّق ؛ زائد از ؛ پرایا ؛ بیرونی ؛ اجنبی ؛ خارجی ۔

extraneously, adv. بیرونی طور پر ۔

extraneousness, n. خارج ؛ غیر متعلّق ۔

extranuclear, a. ذی حیات خلیے کے اندر مگر مرکزے سے باہر ؛ بیرونِ نوات ؛ بیرونِ مرکزہ ؛

extraordinary, a. غیر معمولی ؛ خلافِ معمُول ؛ خلافِ دستور یا روشِ عام سے ہٹ کر ؛ عام درجے یا پیمانے سے متجاوز ؛ استثنائی ؛ نمایاں ؛ حیرت انگیز ؛ خاص ؛ خصوصی ؛ بے دستُور ؛ بے قاعدہ ؛ متعیّن بکار خاص (جیسے : an ambassdor extraordinary) ۔

extraordinarily, adv. غیر معمولی طریقے سے یا غیر معمولی حد تک ؛ نمایاں طور سے ؛ بیحد ؛ خاص انداز سے ؛ بدرجۂ اتم ۔

extraordinariness, n. غیر معمولی پن ۔

extrapoint, n. (فُٹ بال) فاضل پوائنٹ ؛ اضافی پوائنٹ ؛ گول کے کھمبوں کے درمیان ٹچ ڈاؤن کے بعد گیند کو کِک مار کر ایک اضافی پوائنٹ حاصل کرنے کا عمل ۔ (جمع) کسی ٹچ ڈاؤن کے فوراً بعد ایک ہی کوشش میں ، دوڑ کر یا گول میں گیند پھینک کر دو اضافی پوائنٹ حاصل کرنے کا عمل ۔

extrapolate, v.t., v.i. (ریاضی) ورائی ادراج کرنا ؛ کسی متغیّر مقدار کی قیمتوں کا اس حد کے ماورا قریبی تخمینہ لگانا جس کے لیے قیمتوں کا حساب لگایا گیا ہو ؛ معلومات یا تجربے کو بربنائے اِستنباط عالَمِ نامعلوم میں متشکّل کرنا اور اس طرح نامعلوم کا قیاسی عِلم حاصل کرنا ، مثلاً قرینِ حقیقت یا اغلب سائنسی افسانہ لکھنے کی غرض سے مصنّف کے لیے معلوم سے نامعلوم کا قیاس کرنا لازمی ہے ؛ معلوم سے بربنائے اِستنباط نامعلوم کا قیاس کرنا ۔

extrapolation, n. ورائی اِدراج ۔

extrapolative, a. وراء ادراجی ۔

extrapolator, n. ورائی ادراج کرنے والا ؛ معلوم سے نامعلوم کا قیاس کرنے والا ۔

extrasensory, a. خارج از حواس ؛ طبعی حواس کی حد سے باہر ۔

extrasystole, n. (امراضیات) انکماشِ مُستزَاد ؛ غیر طبعی انقباضِ قلب جس سے مختصر وقفے کے لیے طبعی حرکتِ قلب میں ناہمواری پیدا ہوتی ہے ؛ مُستزَادِ انقباضِ قلب ۔

extraterrestrial, a. جس کی ابتدا یا وجود بیرونِ ارض ہو ؛ خارج الارض ؛ غیر ارضی ۔

extraterritorial, exterritorial, a. غیر عِلاقائی ؛ علاقائی حدود سے باہر ؛ اس مُلک کے دائرۂ اختیار سے باہر جس میں کوئی رہتا ہو ؛ بیرون دائرۂ اختیارِ مُلکی ؛ بیرونِ مُلکی ۔

extraterritoriality, exterritoriality, n. کسی مُلک کے قوانین کے اطلاق سے استثنا ، مثلاً سفارتی مامُونیت ؛ کسی مُلک کے دائرۂ اختیار کی اُن شہریوں پر وُسعت پذیری جو کسی دوسرے مُلک میں مقیم ہوں ۔

extrauterine, a. خارجُ الرِّحم ؛ بیرون رحمی ؛ بیرونِ رِحم واقع یا وقوع پذیر (جیسے : extrauterine pregnancy) ؛ بیرونِ رِحم حمل ۔

extravagance, extravagancy, n. فضول خرچی ؛ شاہ خرچی ؛ اَسراف ؛ تجاوُز ؛ زیادتی ؛ افراط ؛ بے اعتدالی ؛ کثرت ؛ غیر محتاط یا حدِّ معقولیت سے متجاوز افعال یا آرا وغیرہ ؛ نامعقول دَلیل یا عمل ؛ فضول خرچی کی مثال ۔

extravagant, a. فضول خرچ ؛ مُسرف ؛ نہایت گراں قیمت ؛ مُتجاوز ؛ لُٹاؤ ؛ اُڑاؤ ؛ لکھ لُٹ ؛ خرّاج ، حدِّ معقولیت یا ضرورت سے زیادہ خرچ کرنے والا ؛ غیر محتاط ؛ نہایت مفصّل یا وافر ۔

extravagantly, adv. اسراف یا بے احتیاطی سے ۔

extravaganza, n. عظیم الشان شو ؛ پرتکلّف نغماتی یا تمثیلی پیش کش جو اپنے آزادانہ اُسلوب ، ہیئت اور دروبست کے باعث نمایاں حیثیت رکھتی ہو ؛ کوئی نظر فریب نمایش یا عجیب و غریب واقعہ ۔

extravagate, v.i. (قدیم) بھٹکنا یا مارے مارے پھرنا ؛ حدِّ معقولیت یا آداب سے تجاوُز کرنا ۔

extravasate, v.t. (امراضیات) رگوں سے بزور بہانا یا بہنے دینا جیسے خون ۔ (ارضیات) کوہ آتش فشاں وغیرہ کا پھٹنا ؛ توڑ کر نکل پڑنا یا اُبل پڑنا ، جیسے لاوے کا ۔ (فعلِ لازم) رسنا ؛ پُھوٹ نکلنا یا رِس کرِ بہ کر آس پاس پھیل جانا ۔

extravasation, n. خون براری ؛ قنات بدری ؛ جسم کی نالیوں سے اخراج ؛ تراوش ؛ ریزش ۔

extravascular, a. دموی نالیوں یا عُروقی نظام سے باہر ۔

extravehicular, a. متعلق بہ بیرونِ خلائی جہاز ؛ مدار پر گردش کرنے والے خلائی جہاز کے خارجی یا بیرونی حِصّے کا یا اس سے متعلّق ؛ بَیرُونی خلا میں پرواز کرنے والے خلائی جہاز سے باہر ۔

extravehicular activity, n. بیرون خلائی جہاز سرگرمی ۔

extreme, a. انتہائی ؛ نہایت یا انتہائی درجہ ؛ بعید ترین ؛ شدید ؛ آخر ؛ کسی خصوصیت کی بابت جو اوسط یا معمول سے بعید ترین ہو ؛ انتہا کو پُہنچ جانے یا حد کر دینے والا ؛ مرکز سے بعید ترین حد پر واقع ؛ کسی بھی جانب انتہائی دُور دراز ؛ آخر یا سِرے پر ؛ حدِّ اعتدال

سے متجاوز ؛ آخری یا انتہائی ۔ (اسم) درجۂ غایت یا انتہا ؛ ضدّین
میں سے کوئی ایک جو دُوسرے سے بحدِّ مُمکنہ بعید یا مختلف ہو ؛ زیادہ
طوالت جو اَوسط یا عام لمبائی سے بڑھ کر ہو ، مثلاً انتہا کو پہنچنے والی ۔
(ریاضی) تناسب یا سلسلے کی ابتدا یا انتہا ؛ انتہائی عدد ۔ (منطق)
قیاسی نتیجے کا موضوع و محمول ؛ دو میں سے کوئی حد جنھیں
مقدّمے میں الگ کر کے نتیجے میں ملا دیا جاتا ہے ؛ حدِّ اصغر و اکبر ۔

extremely, adv. انتہا درجہ ؛ بے حد ۔

extremeness, n. نہایت ؛ انتہائی پن ؛ غُلو ۔

extremely high frequency, n. انتہائی بُلند تعدُّد ؛
انتہائی بُلند فریکوینسی ؛ ریڈیائی نشریے کا تعدُّد جو تیس ہزار سے تین
لاکھ میگا سائیکل فی ثانیے (سیکنڈ) کے مابین ہوتا ہے ۔

extreme unction, Anointing of the Sick, n. (رومن کیتھولک کلیسا)
شعار مُتبرّک روغن ؛ ایک رسم جس میں مُتبرّک روغن سے موت کے
وقت بیمار کی مالش کی جاتی ہے ۔

extremism, n. رُجحانِ انتہا پسندی ، خصوصاً سیاست میں ؛ نہابت ۔

extremist, n. انتہا پسند؛ سیاست میں انتہا پسندانہ اصول یا
اقدامات کا حامی ۔ (صفت) متعلّق بہ انتہا پسند ؛ انتہا پسندانہ ؛ غالی ۔

extremity, n. انتہا ، کنارا ، سرا ، حد یا کسی چیز کا حصّہ ؛
مفلوک الحالی یا پریشانی کی انتہا ؛ خطرے یا آنے والی موت کا لمحہ ؛
درد یا کسی اور احساس کی شِدّت ؛ آخری یا کوئی اور بعید ترین
درجہ ؛ انتہائی تدبیر ؛ مجبوری میں کیا جانے والا کام یا فیصلہ ۔ (عموماً
جمع) کسی عضُو کا آخری سِرا یا خود سرے کا کوئی عضُو ، خصوصاً
انسان کا ہاتھ یا پاؤں ۔

extremum, n. (ریاضی) اعظم یا اقّل قیمتِ تفاعُل ۔

extricable, a. سُلجھاؤ کے قابل ؛ جو سُلجھ سکے ؛ جسے
سلجھایا جا سکے ۔

extricate, v.t. مشکل یا دشواری سے نجات دلانا ؛
چھڑانا یا گلوخلاصی کرانا ؛ سُلجھانا ۔

extrication, n. گلو خلاصی ۔

extrinsic, extrinsical, a. ظاہری ؛ خارجی ؛ بیرونی ؛ غیر ذاتی ؛
غیر خِلقی یا غیر طبعی ؛ خارجی یا غیر ضروری ؛ اِکتسابی یا تکمیلی ؛
خارج الاصل ۔ (تشریح الاعضا) خصوصاً بیرونی عُضلے سے متعلّق جس
کی ابتدا جسم کے اُس عُضو کے باہر ہوتی ہے جس پر وہ واقع ہوتا ہے یا
جسے متاثّر کرتا ہے ۔

extrinsically, adv. غیر خِلقی طور پر ؛ خارجی طور پر ۔

extrorse, a. (نباتیات) برُوں رُویہ ؛ بالا رُخ ؛ محور کی طرف سے
پلٹا ہوا ؛ خم سے باہر ۔

extrorsely, adv. برون رُویانہ ؛ بالارُخانہ ۔

extroversion, extraversion, n. (نفسیات) برُوں بینی ؛
شغف خارجی ؛ بُنیادی طور پر خارجی اشیا سے دلچسپی رکھنے کا
رُجحان یا خصوصیّت ؛ برُوں گردیدگی ؛ برُوں بینی، بمقابل درُوں بینی ۔
(امراضیات) شغف خارجی (پیدائشی طور پر کسی اندرونی عضو کا
باہر اخراج) ؛ کسی عُضو کی پیدائشی برون گردیدگی ۔

extroversive, extraversive, a. برون بینی سے متعلّق ؛ شغفِ خارجی
کے بارے میں ۔

extroversively, extraversively, adv. برون بینی کے طور پر ؛
شغفِ خارجی کے طور پر ۔

extrovert, extravert, n. (نفسیات) معروضی ؛ برُوں بیں ؛
برُوں شغف فرد؛ وہ شخص جس کی غالب دلچسپی و توجُّہ اپنی ذات
سے خارج اشیا سے ہو ؛ وہ فرد جو معروض سے نسبت رکھتا ہو ؛
اصطلاحِ عام یا عام مفہوم میں ، جہاں گشت ، چُست ، لفاظ اور ملنسار
آدمی ، بمقابل introvert ۔ (فعل متعدی) اشیائے خارجی سے دلچسپی
لینا ۔ (صفت) برُوں شغف ؛ برون بیں ؛ معائنۂ باطن سے قاصر ۔

extroverted, extraverted, a. برون بینی سے متاثّر ؛
برون شغفی کا شکار ۔

extrude, v.t. نکال پھینکنا ؛ دھکا دے کر نکال دینا ؛
نکال باہر کرنا ؛ سانچے کے ذریعے دھات یا پلاسٹک کو ڈھالنا یا خاص
شکل دینا ۔ (فعل لازم) باہر یا آگے کو نکلنا ۔

extrusion, n. برون اندازی ؛ برون انداختگی ؛ اخراج ؛
آگے کو نکلا ہوا حصّہ ۔

extrusive, a. برآمدہ ؛ مخرجہ ، باہر نکلنے والا ؛
باہر نکلنے سے متعلق ۔ (ارضیات) گداختہ حالت میں سطح زمین پر
گری ہوئی یا برآمدہ چٹانوں کی بابت ۔

exuberance, exuberancy, n. بہ افراط ہونے کی کیفیّت یا حالت ؛
افراط؛ ریل پیل؛ کثرت؛ بُہتات ؛ وَفُورِ جذبات ؛ پُرجوش کیفیّت ؛ تقریر
یا عمل میں وفُور جذبات یا جوش کا اظہار ۔

exuberant, a. پُر جوش یا سرخوشی سے مملو ؛ زندہ دِل ؛ بے قابو ؛
لبریز ؛ وافر ؛ مالا مال ؛ کثیر یا مفرط ؛ کثرت زا ۔

exuberently, adv. کثرت سے ؛ افراط سے ؛ زندہ دلانہ ۔

exuberate, v.i. وافر ہونا ؛ باافراط ہونا ۔

exude, exudate, v.i. رِسنا ؛ تراوش کرنا ؛ ٹپکنا یا بتدریج نکلنا ،
جیسے پسینے کا مساموں سے ۔ (فعلِ متعدی) اس طریقے سے خارج
کرنا ؛ بکھیرنا یا مُنتَشر کرنا (جیسے : to exude an odor) ۔ (مجازاً)
پورے شدومد سے اظہار کرنا (جیسے : to exude hostility) ۔

exudation, n. رساؤ ؛ تراوش ؛ بکھیرنے کا فعل ؛ بھرپور اظہار ؛
ریختہ یا تراوش کردہ شے ۔

exult, v.i. شاداں و فرحاں ہونا ؛ شادماں ہونا ؛ مسرُور ہونا ؛
خوش ہونا ؛ باغ باغ ہونا ؛ پھولے نہ سمانا ؛ فخر کرنا ؛ اترانا ۔

exultingly, adv. مسرورانہ ؛ فرط انبساط سے ؛ فخرومباہات سے ۔

exultant, a. نہایت خوش ؛ شاداں و فرحاں ؛ فخر کناں ۔

exultantly, adv. وفورِ مسرّت سے ؛ فخر و مباہات سے ۔

exultation, exultance, exultancy, n. فَرطِ انبساط ؛ وفور مَسرّت ؛ فخرومباہات ؛
انتہائی خُوشی ؛ نشاط ؛ شادی ؛ خُرّمی ؛ شادمانی ۔

exurbanite, n. سابق شہری ؛ شہر کا سابق باشندہ جو نواحِ شہر
سے باہر نیم دیہی علاقے میں منتقل ہو گیا ہو، لیکن جو عام طور پر
شہر میں کام کرتا ہو اور شہری طرز زندگی کو برقرار رکھّے ہوئے ہو ۔

exurb, n. محولہ بالا معنی میں ؛ شہر سے باہر کی کوئی بستی یا
علاقہ جہاں شہر کے سابقہ باشندے آباد ہوں ۔

exurbia, n. محولہ بالا معنی میں ، مجموعی طور پر شہر کی ایسی
مضافاتی بستیاں ۔

exuviae, n. انسال ؛ حیوانات کی اُتری ہوئی کینچلیاں، خول ،
پوست وغیرہ ۔

exuvial, a. انسالی ۔

exuviate, v.t., v.i. اُتارنا یا اتار پھینکنا جیسے سانپ کا کینچلی کو ۔

exuviation, n. کینچلی چھوڑنا ؛ عملِ انسال ۔

eyas, n. لیدا؛ گیدا؛ پرندے کا بے بال و پر بچّہ جو گھونسلے سے نکلنے کے قابل نہ ہو ۔ (بازبانی) سدھانے کے لیے گھونسلے سے حاصل کیا جانے والا باز کا بچّہ ۔

eye, n. آنکھ ؛ چشم ؛ عین ؛ دیدہ ؛ عضوِ باصرہ ؛ انسان اور دوسرے فقاری حیوانات کی آنکھوں کی جوڑی میں سے ایک جو کُروی شکل کی ہوتی ہے اور ایک قرنیے ، قزحیے ، مَردُم چشم ، عدسے ، پردۂ شبکی اور کئی ایک عضلات ، نسوں اور خون کی شریانوں پر مشتمل ہوتی ہے اور جو حلقے یا کاسے کے اندر کھوپڑی میں پیوست ہوتی ہے ؛ اس عُضو کا نظر آنے والا حصّہ ؛ کاسۂ چشم کے اندر یا اُس کے قریب کا خارجی حصّہ اور جس میں پپوٹا اور دوسرے امدادی و حفاظتی ساختیں شامل ہیں ؛ قزحیہ ، رنگ کے حوالے سے (جیسے : blue eyes) ؛ بصارت ؛ باریک و تیز نگاہ (جیسے : an eagle eye) ؛ فہم و شعور اور قدرشناسی کے ساتھ دیکھنے کی قُوّت (جیسے : a discerning eye) ؛ نگاہ یا نظر (جیسے : Run your eye over these figures) ؛ منظر ؛ لحاظ ؛ گہری دلچسپی (جیسے : an eye to ones future ، an eye for the girls) ؛ کڑی نگرانی ؛ دیکھ بھال ۔ (اکثر صیغہ جمع) رائے یا فیصلہ ؛ کوئی چیز ، شکل ، وضع یا وظیفے وغیرہ کے اعتبار سے آنکھ کے مشابہ ، جیسے غُنچہ یا پیاز کی کونپل ، سوئی کا ناکا ، تکما ، مور کی دُم کے پروں کا داغ ، کوئی فوٹو الیکٹرک سیل یا کیمرے کا عدسہ ؛ کسی شے یا سرگرمی کا مرکز ۔ (موسمیات) شدید طوفانی ہوا کے مرکز میں نسبتاً پُرسکون علاقہ ۔ (عوامی) سُراغرساں ۔

an eye for an eye, آنکھ کے بدلے آنکھ ؛ اَلعینُ با لعَین ؛ منصفانہ انتقام ۔

catch some one's eye, کسی کی نظر کے لیے باعث کشش ہونا ؛ کسی کی نظر میں چڑھنا ۔

eye of the wind, (جہاز رانی) ہوا کے رخ کی مخالف سمت ۔

in a pig's eye, (عوامی) کسی طرح نہیں ؛ کبھی نہیں ۔

see eye to eye, کسی سے اتفاق کرنا؛ کسی کے ہم رائے ہونا ۔

eyed, a. دیدہ؛ دیکھا ہُوا ۔

eyeless, a. بے چشم؛ نابینا ۔

eyelike, a. مانند چشم ۔

eye, v.t. دیکھنا ؛ کسی پر نگاہ جمانا یا کسی کو ٹِکٹِکی باندھ کر دیکھنا ؛ جائزہ لینا ؛ مُشاہدہ کرنا ؛ کسی شے میں آنکھ جیسا شگاف ڈالنا ۔

eyeable, a. قابل مشاہدہ ۔

eyeball, n. آنکھ کا ڈھیلا ؛ دیدہ ؛ مَردُمک چشم ۔

eye bank, n. قرنیہ بینک ؛ وہ مقام جہاں متوفی اشخاص کی تازہ لاشوں سے نکالے جانے والے قرنیے ذخیرہ کیے جاتے ہیں تا کہ ضرورت پڑنے پر ناقص قرنیوں والے اشخاص کی آنکھوں میں پیوند کاری کے لیے فراہم کیے جا سکیں اور اِن کی بصارت بحال ہو جائے ۔

eyebolt, n. ناکا ؛ کُنڈا ؛ لوہے کی چٹخنی جس کے سرے پر آنکڑے وغیرہ کے لیے آنکھ جیسا سوراخ ہو ۔

eyebrow, n. اَبرو ؛ بھَوں ؛ وہ محراب یا طاق جو حلقۂ چشم کے بالائی حصّے پر ہوتی ہے یا اُس پر اُگی ہوئی بالوں کی جھالر ۔

eye catcher, n. دیدہ کَش ؛ مَرکزِ نگاہ ؛ کوئی چیز یا شخص جو نگاہ کے لیے باعثِ کشش ہو یا جس پر نگاہ اٹھ جائے ؛ دِلکَش دلفریب ؛ نظر فریب ؛

eye-catching, a. دیدہ کَشی سے متعلق ۔

eyecup, n. آنکھ کاسہ ؛ چشم شو کاسہ ؛ آئی کپ ؛ پیالہ یا گلاس جو آنکھ میں عرق ڈالنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور جس کا کنارہ حلقۂ چشم پر اچھی طرح جم جاتا ہے ؛ کاسۂ چشم شو ۔

eye dialect, n. صوتی اعتبار سے الفاظ کے غلط ہجے جو جہلا کی بولی کی عکاسی کرتے ہیں (جیسے 'dunno' برائے don't know) ۔

eyedropper, n. آئی ڈراپر ؛ قطرہ ریز ؛ ایک آلہ جس سے آنکھ میں دوائی کے قطرے ڈالے جاتے ہیں ۔

eyeful, n. کسی چیز کا مکمّل ، بھرپور یا سیر حاصل منظر ؛ کوئی پرکشش ہستی ، جیسے حسین عورت ؛ آنکھوں میں پڑے ہوئے کسی خارجی مادّے کی مِقدار ۔

eyeglass, n. یک چشمہ ؛ بینائی کو تقویت پہنچانے کے لیے آنکھ پر لگایا جانے والا واحد عدسہ ، مثلاً مونوکل ؛ دُوربین کا شیشہ ۔

eyeglasses, glasses, spectacles, n. (جمع) عینک ؛ چشمہ ؛ بینائی کی کمزوری یا نقص کو دُور کرنے والی یا آنکھوں کی حفاظت کرنے والی ایجاد جو فریم میں جڑے ہوئے دو عدسوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

eyehole, n. کاسۂ چشم یا حلقۂ چشم ؛ پردے یا نقاب وغیرہ میں سے جھانکنے کا سُوراخ ؛ پن ، آنکڑا یا رسّی ڈالنے کا گول سوراخ ؛ روزنہ ؛ مَنظرہ ۔

eyelash, n. پلک ؛ پلک کا بال ؛ مژگاں ؛ پپوٹے کے کنارے کے تمام بال ۔

eyelet, n. روزن ؛ فیتہ ، رسّی یا ڈوری ڈالنے یا آرایشی مقاصد کے لیے استعمال کیا جانے والا چھوٹا سوراخ ؛ اس قسم کے سوراخ میں لگایا جانے والا دھاتی چھلا ؛ نقاب وغیرہ میں سے جھانکنے کا سوراخ ؛ روزنِ دیوار ۔ (فعل متعدی) سوراخ کرنا ؛ روزن بنانا ۔

eyelid, n. جفن ؛ پپوٹا ؛ متحرّک جلد کا وہ حصّہ جو آنکھ کے ڈھیلے پر غلاف کا کام دیتا ہے ۔

eyeopener, n. چشم کُشا ؛ آنکھیں کھولنے والا یا غفلت سے چونکا دینے والا تجربہ ، واقعہ وغیرہ ۔ (عوامی) صبوحی ؛ صبح کی شراب ۔

eye-opening, a. چشم کشائی ۔

eyepiece, n. چشمی عدسہ ؛ چشمیہ ؛ آنکھ پر لگائے جانے والے کسی بصری آلے کا عدسہ یا عدسے ؛ دُوربین کا شیشہ ۔

eye rhyme, n. کوئی لفظ جو اگرچہ دیکھنے میں کسی اور لفظ کا ہم قافیہ ہو لیکن صوتی اعتبار سے مختلف ہو ؛ صُوری قافیہ جو تلفُّظ میں تبدیلی کے سبب صوتی حیثیت سے ہم قافیہ نہ ہو ، مثلاً gone, lone ۔

eyeshot, n. حدِ بصر ؛ حدِ نگاہ ؛ حدِ نظر ؛ منظر جو نگاہ کی زد میں ہو ۔

eyesight, n. بصارت ؛ بینائی ؛ قُوّتِ باصرہ ؛ حدِ نظر ؛ منظر ۔